# Download Imamia Jantri 2025 – PDF

**Imamia Jantri 2025** is a widely used Islamic calendar and annual guide that provides important religious information, events, dates, and duas for followers. It includes essential content such as Islamic months, special prayers, important occasions, astrological details, and daily guidance for spiritual and practical life.

## This PDF includes:

- **The complete Imamia Jantri 2025 in digital format**

Perfect for students, teachers, researchers, and anyone who wants quick access to Imamia Jantri 2025 for daily reference, planning, and spiritual learning.

# امامیہ جنتری (رجسٹرڈ)

# 2025




## Imamia Jantri®

03 111 888 668

WWW.IMAMIAJANTRI.COM

Trademark # Print 43197-Copr

Trademark # Web 43196-Copr

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) 43 مین بازار اسلام پورہ لاہور 54000

43 Main Bazar Islampura Lahore. Ph: +92 42 37223686

Email: iftikharbookdepot@gmail.com,

Reg # 43198-Copr

WWW.IFTIKHARBOOKDEPOT.COM

Iftikhar®
BOOK DEPOT
ESTB 1955

ISSN 2707-4595

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاعلی(ص)مدد

# بَابُ العِلم لائبریری




منجانب

## شہروز علی مولائی

WHATSAPP:
03306284348

جو مؤمنین ہمارے گروپ میں ایڈ(شامل) ہونا چاہتے ہیں۔
تو دیئے گئے نمبر پر رابطہ (میسج) کریں۔

# عظیم نورانی نقش




سیّدعلی اس عظیم نورانی نقش کو حضرت امام رضا علیہ السّلام سے روایت کرتے ہیں کہ شکل عین ہر روز دیکھیں یعنی اس کی زیارت کریں اور بوقت زیارت آیت الکرسی کی تلاوت کریں۔ آپ دنیا میں کسی کے محتاج نہ رہیں گے۔ لوگوں میں عزت کا مقام حاصل ہوگا۔ رزق میں اضافہ ہوگا۔

imamiajantriofficial | imamiajantriofficial | imamiajantriofficial | @imamia_jantri | imamia-jantri

www.shiaqurantutors.com

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Original) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق محفوظ ہیں

اللہ جل جلالہ

پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا (القرآن)

اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حضرت امام علی علیہ السلام | حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا | حضرت امام حسن علیہ السلام | حضرت امام حسین علیہ السلام | حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام | حضرت امام محمد باقر علیہ السلام |
| حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام | حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام | حضرت امام علی رضا علیہ السلام | حضرت امام محمد تقی علیہ السلام | حضرت امام علی نقی علیہ السلام | حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام |

حضرت امام مہدی آخر الزماں علیہ السلام

2025 عیسوی

۱۴۴۶-۱۴۴۷ ھجری

# امامیہ جنتری





TM Reg # Print 553920

TM Reg # Digital 553921

امامیہ جنتری کاپی ایکٹ رجسٹریشن نمبر 553920 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ کوئی ناشر کا اسکا جعلی ایڈیشن شائع کرے گا تو اسکے خلاف قانونی کاروائی ہوگی۔

**زیر نگرانی** الحاج مولانا فیاض حسین جعفری، مولانا حسن ظفر نقوی
**مدیران** علی فرزاد، آمنہ علی
**قانونی مشیر** اکبر لا ایسوسی ایٹس

**معاونین خصوصی** اطہر خان، سلمان نعیم
**تقویم** سید عباس سلطان
**زائچہ، کوائف سیارگان** غلام رضا عسکری

**مجلس مشاورت** کیپٹن مظہر حسن زیدی، پروفیسر اقبال احمد، بابر حسین رضوی، رضا احسن مرزا، علی سلطان رومی
**کمپوزنگ** سید علی عمران کاظمی

**پیسٹنگ** مستنصر حسین
**مطبع** عامر یونس پرنٹر، فارما پیکیجز
**بائنڈنگ** ملک بک بائنڈنگ
**ڈیجیٹل پارٹنر** ٹرانس ڈیٹا لاہور

**پرنٹ میڈیا**
صابر عباس، محمد عباس، مونس رضا، محمد علی، محمد اشرف،
محمد اکرم، محمد جاوید، صادق علی

**ڈیجیٹل میڈیا**
سید حسام زیدی، ایمن فاطمہ
ایمن فاطمہ، سیدہ مادحہ بتول، کنزہ وسیم

Iftikhar BOOK DEPOT ESTD 1955

STAMP

رعایتی قیمت -/320
علاوہ ڈاک خرچ

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) 43 مین بازار اسلام پورہ لاہور 54000 فون: 37223686 42 92+

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Original) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Original) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

www.shiaqurantutors.com

جملہ حقوق بحق ناشر پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ نمبر 553920 کے تحت محفوظ ہیں

# ترتیب مضامین


| ترتیب مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ایڈیٹر کے قلم سے | 3 |
| اسمائے باری تعالیٰ | 4 |
| حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مولا علیؑ، بی بی فاطمہؑ کے القابات | 5-7 |
| استغاثہ بحضور رب کائنات (اکبر ترابی) | 8 |
| ہدیہ نعت (حسن ظفر نقوی) | 9 |
| مدرسہ امام صادقؑ کی تشکیل (حسن ظفر نقوی) | 10 |
| فضیلت وخواص درود (صلوٰۃ) (سید مبارک حسین کاظمی) | 13 |
| نفس کا کٹہرا (علی سلطان) | 14 |
| انسان، نفس اور روح (آغا حسنین احمد) | 15 |
| عورتوں کے صاحب اولاد نہ ہونے کے اسباب (سید مبارک علی شمسی) | 17 |
| مرگی کا علاج (عابس شبیب) | 18 |
| طب قدیم میں علم نجوم کی اہمیت (سائرہ ممتاز) | 19 |
| تیل ایک کرشمہ (مریم علی) | 20 |
| عدد 9 کے اثرات (آغا جعفر) | 21 |
| 2023 اور عدد 7 کی حکومت (قاری منیر حسین محمدی) | 22 |
| علم رمل کی افادیت (محمد مہدی قنبری) | 24 |
| خزائن حب وتسخیر (محمد اکمل خان) | 26 |
| لوح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ظہیر عباس) | 27 |
| لوح فتح نامہ (ڈاکٹر سید افضال حسن) | 28 |
| لوح امام رضاؑ (گلفام علی حسینی) | 30 |
| لوح غنا اسمائے حسنیٰ بمعہ موکلات (سید ندیم حیدر زیدی الوسطی) | 30 |
| نوروز عالم افروز۔ عالمی پیشن گوئیاں ملکی وعالمی (غلام رضا عسکری) | 32-38 |
| قرآن اور نعمتوں کا حصول (فیاض حسین جعفری) | 38 |
| تعقیبات کے فضائل وآداب (سیدہ صوفیہ نقوی) | 40 |
| تقویم کیفیت سیارگان ونظرات سیارگان | 42-66 |
| بارہ مہینے اور آپ کا پتھر (سید ذیشان حیدر علی) | 67 |
| تعلقات طالعین (رانا تراب رضا) | 69 |
| انسانی جذبات پر قمری مراحل کے اثرات (مزمل محی الدین) | 71 |


# ترتیب مضامین


| ترتیب مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| بچوں کے اسلامی نام (سید قمر حسین نقوی) | 72 |
| سیارہ زحل کی نحوست (ریاض حسین جعفری) | 75 |
| زائچہ قسمت (سائیں عبدالطیف دامانی) | 76 |
| اسرار آلمٓ (راجہ افتخار حسین) | 79 |
| عمل تسخیر محبت (سیدہ زہرا بتول کاظمی) | 81 |
| شادی اور نکاح کی بندش کا شرطیہ توڑ (سید مبارک علی شمسی) | 82 |
| قرآن پاک سے مسائل کا حل (حکیم ثناء اللہ) | 83 |
| کامل عملیات (خضر عباس پیاسی) | 84 |
| عمل سورہ اخلاص (اکرام عباس کاظمی) | 86 |
| قرآن مقدس میں سے مجرب عملیات (امیر حیدر) | 87 |
| قرآن سے مسائل کا حل (حیدر شاہ شیرازی) | 88 |
| دنیاوی مسائل اور زرداری (علی احمد کاشف) | 89 |
| مجرب ومقبول عمل (مسز نقوی) | 90 |
| خاص الخاص ورد حیرت انگیز تاثیر (محمد علی کمیلی) | 91 |
| تحفہ امامیہ برائے جمیع حاجات (زاہد حسین جعفری) | 92 |
| ہفتہ وار اسم اعظم (جابر علی المعروف شایان علی) | 93 |
| بارگاہ لم یزل تاثیر بے مثل (سید تجمل حسین شیرازی) | 96 |
| حروف تہجی کے اسرار وفوائد (سید علی رضا رضوی) | 97 |
| یک سالہ زائچے 2023۔ نظرات قمر (غلام رضا عسکری) | 99-132 |
| فہرست کتب۔ اشتہارات | 133-144 |


IMAMIA JANTRI
2023 AB
*COLOURED PDF*
MAIN BHI
DASTIYAB!



NEW
Imamia Jantri
2025PDF
SCAN ME
*App dowload karen, Aur abhi parhen!*

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Orignal) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

قارئین امامیہ جنتری کو نیا سال مبارک ہو

# ایڈیٹر کے قلم سے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! ہم ذاتِ پروردگارِ عالم کے سپاس گزار ہیں جس نے بصدقۂ پنجتن پاک علیہم السلام ہمیں ایک مرتبہ پھر ہمت و توانائی عطا فرمائی کہ گزشتہ سالوں کی مانند امسال بھی آپ قارئین کی خدمت میں امامیہ جنتری ۲۰۲۵ء کی اشاعت لئے حاضر ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ امامیہ جنتری کو عالمِ دنیا میں مقبول و معروف مقام دینے آپ معزز قارئین کا جامع کردار ہے جس کے لئے ادارہ آپ قارئین کا تہہ دل سے مشکور ہے کہ آپ کے بھروسے اور تعاون کی بدولت آج امامیہ جنتری بلاشبہ مومنین وشائقین کی بے حد پسندیدہ جنتری ہے۔ علم جفر، علم الاعداد، علم روحانیت، ولادت وشہادت آئمہ معصومین علیہم السلام کی حقیقی ترجمان ہے اور ہر ذی شعور جو علم روحانیت سے دلچسپی رکھتا ہے اس کی اولین پسند ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اس جنتری سے مومنین کی بہتر رہنمائی اور اسے جدید تقاضوں کے مطابق عوام الناس میں متعارف کروانے کی غرض سے گزشتہ برس ہم نے جو بیڑہ اٹھایا تھا کہ جو امامیہ جنتری آفیشل کی صورت میں منظر عام پر آیا جس میں ادارے نے امامیہ جنتری کی موبائل اپلیکیشن اور ویب سائٹ کے ذریعے امامیہ جنتری کو ڈیجیٹل دنیا سے ہم آہنگ کرواتے ہوئے دنیائے عالم تک اس کی رسائی کے راستے ہموار کئے اس ضمن میں ادارہ آپ قارئین کے تعاون اور اس جریدے کو کامیابی کے اس منبع پر پہنچانے کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہے۔ محترم قارئین! ہم آپ کو یہ یاددہانی کروانا چاہتے ہیں کہ امامیہ جنتری کے متعلق کسی بھی قسم کی تفصیلات، روحانی مشیران سے مشاورت، مسائل کے حل، پتھروں کے خریداری یا مزید برآں کسی بھی صورت میں رابطہ کرنے کے لئے ہمارے آفیشل نمبر **03 111 888 668** پر رابطہ قائم کیجیے اس نمبر پر رابطہ قائم کرنے کی صورت میں ادارہ ہر قسم کے معاملات کا ذمہ دار ہے برخلاف اس صورت کے کسی اور نمبر پر رابطہ کرنے کی صورت میں ادارہ کسی بھی دھوکے، فریب یا مالی لین دین میں نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

لہٰذا قارئین اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ہمارے آفیشل نمبر **03 111 888 668** پر رابطہ قائم کر رہے ہیں اور اس دیئے گئے نمبر پر آپ ہم سے بلا جھجک رابطہ کر سکتے ہیں امامیہ جنتری کی عوام میں بڑھتی مقبولیت اور بڑھتی پزیرائی کو دیکھتے ہوئے موثر ذرائع سے یہ بات سامنے آرہی ہے کہ مارکیٹ میں چند افراد کا گروہ اس جنتری کے معیار کو گرانے کے مقصد سے جعلی اور غیر معیاری جنتری شائع کر کے مارکیٹ میں عام کر رہے ہیں جو ہمارے قارئین کے لئے پریشانی کا باعث ہے۔ ہم گزارش کرتے ہیں کہ ایسے افراد سے ہوشیار رہیں اور جنتری خریدتے وقت سرورق چمکنے والی Original کی مہر اور چھپائی کے معیار کا ضرور معائنہ کریں، جعلی جنتری کی نشاندہی کی صورت میں ادارے کو اس کے مطلق آگاہ کریں تاکہ ایسے افراد کو قانونی شکنجے میں لایا جاسکے۔ رواں برس امامیہ جنتری آفیشل کی ٹیم امامیہ جنتری آفیشل اپلیکیشن میں قارئین کی خدمت میں امامیہ جنتری 2025 کا کلرڈ ایڈیشن لئے حاضر خدمت ہے جس میں آپ امامیہ جنتری کو دلفریب رنگین صورت میں مطالعہ فرماسکیں گے جس کے لئے افتخار بک ڈپو کی جانب سے لانچ کی جانے والی اپلیکیشن امامیہ جنتری آفیشل کو ڈاؤنلوڈ کیجئے اور اپنے عزیز واقرباء سے شیئر بھی کریں تاکہ وہ بھی اس سے بھرپور فائدہ اٹھاسکیں۔

حرف آخر یہ کہ ہم امامیہ جنتری پر آپ کے بھروسے اور پیار کے بے حد مشکور ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ہماری جانب سے کی جانے والی تمام کاوشیں آپ کے لئے تسلی بخش ہونگی۔ اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کریں اور اسی طرح امامیہ جنتری کا ساتھ دیتے رہیں۔

**آغا علی فرزاد**



www.shiaqurantutors.com

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا، آرزوؤں کی آفت ان کے جلد پورا ہونے کی تمنا ہے۔



# اسمائے باری تعالیٰ جَلَّ جَلَالَہٗ

## جدول بقاعدہ جفر معہ حروف باطن

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَللّٰہُ — خدا کا نام — ا.ی.ص — ۶۶ | اَلرَّحْمٰنُ — جمالی — ر.ص.و — ۲۹۸ | اَلرَّحِیْمُ — جمالی — ر.و.ت — ۲۵۸ | | | |
| اَلْمَلِكُ — مشترک — م.و.ت — ۹۰ | اَلْقُدُّوْسُ — جمالی — ق.ب.ض — ۱۷۰ | اَلسَّلَامُ — جمالی — س.ق.ع — ۱۳۱ | اَلْمُؤْمِنُ — جمالی — م.خ.ل — ۱۳۶ | | |
| اَلْمُهَیْمِنُ — جمالی — م.ه.ث — ۱۴۵ | اَلْعَزِیْزُ — جلالی — ع.ی.ص — ۹۴ | اَلْجَبَّارُ — جلالی — ج.ی.ص — ۲۰۶ | اَلْمُتَکَبِّرُ — جلالی — م.ص.و — ۶۶۲ | اَلْخَالِقُ — جمالی — خ.ج.ذ — ۷۳۱ | اَلْبَارِئُ — مشترک — ب.ف.خ — ۲۱۳ |
| اَلْمُصَوِّرُ — جمالی — م.غ.ر — ۳۳۶ | اَلْغَفَّارُ — جمالی — غ.ش.ر — ۱۲۸۱ | اَلْقَهَّارُ — جلالی — ق.ض.ع — ۳۰۶ | اَلْوَهَّابُ — جمالی — و.ن.ت — ۱۴ | اَلرَّزَّاقُ — جمالی — ر.غ.ر — ۳۰۸ | اَلْفَتَّاحُ — جمالی — ف.م.ل — ۴۸۹ |
| اَلْعَلِیْمُ — جمالی — ع.ی.ص — ۱۵۰ | اَلْقَابِضُ — جلالی — ق.ز.ش — ۹۰۳ | اَلْبَاسِطُ — جمالی — ب.ع.ن — ۷۲ | اَلْخَافِضُ — جمالی — خ.ذ.غ — ۱۴۸۱ | اَلرَّافِعُ — جمالی — ر.ص.د — ۳۵۱ | اَلْمُعِزُّ — جمالی — م.ه.ک — ۱۱۷ |
| اَلْمُذِلُّ — جلالی — م.ع.ن — ۷۷۰ | اَلسَّمِیْعُ — جلالی — س.ل.ب — ۱۸۰ | اَلْبَصِیْرُ — جمالی — ب.ت.ج — ۳۰۲ | اَلْحَکَمُ — جمالی — ج.ل.ب — ۶۸ | اَلْعَدْلُ — مشترک — ع.ر.د — ۱۰۴ | اَللَّطِیْفُ — جمالی — ل.ف.خ — ۱۲۹ |
| اَلْخَبِیْرُ — جمالی — خ.غ.ر — ۸۱۲ | اَلْحَلِیْمُ — جمالی — ح.ذ.خ — ۸۸ | اَلْعَظِیْمُ — جمالی — ع.ل.ب — ۱۰۲۰ | اَلْغَفُوْرُ — جمالی — غ.ض.ع — ۱۲۸۶ | اَلشَّکُوْرُ — جمالی — ش.ت.ح — ۵۲۶ | اَلْعَلِیُّ — جلالی — ع.ض.ع — ۱۱۰ |
| اَلْکَبِیْرُ — جمالی — ک.ج.ر — ۲۳۲ | اَلْحَفِیْظُ — جمالی — ح.ص.د — ۹۹۸ | اَلْمُقِیْتُ — جلالی — م.ص.و — ۵۵۰ | اَلْحَسِیْبُ — مشترک — ح.ح.ل — ۸۰ | اَلْجَلِیْلُ — جلالی — ج.ف.خ — ۷۳ | اَلْکَرِیْمُ — جمالی — ک.ص.د — ۲۷۰ |
| اَلرَّقِیْبُ — جمالی — ر.د.خ — ۳۱۲ | اَلْمُجِیْبُ — جلالی — م.ظ.د — ۵۵ | اَلْوَاسِعُ — جمالی — و.ذ.ع — ۱۳۷ | اَلْحَکِیْمُ — جمالی — ح.ت.ح — ۷۸ | اَلْوَدُوْدُ — جمالی — و.ر.د — ۲۰ | اَلْمَجِیْدُ — جمالی — م.ا.ظ — ۵۷ |
| اَلْبَاعِثُ — مشترک — ب.م.ل — ۵۷۳ | اَلشَّهِیْدُ — جمالی — ش.ک.ف — ۳۱۹ | اَلْحَقُّ — مشترک — ح.غ.ل — ۱۰۸ | اَلْوَکِیْلُ — جمالی — و.ی.ص — ۶۶ | اَلْقَوِیُّ — جلالی — ق.ذ.خ — ۱۱۶ | اَلْمَتِیْنُ — جمالی — م.خ.ل — ۵۰۰ |
| اَلْوَلِیُّ — مشترک — و.ص.و — ۴۶ | اَلْحَمِیْدُ — جمالی — ح.و.ت — ۶۲ | اَلْمُحْصِیْ — جلالی — م.ح.ر — ۱۴۸ | اَلْمُبْدِئُ — جلالی — م.غ.ر — ۵۶ | اَلْمُعِیْدُ — جلالی — م.ل.ب — ۱۲۴ | اَلْمُحْیِیْ — جلالی — م.ل.ب — ۶۸ |
| اَلْمُمِیْتُ — جلالی — م.ن.ت — ۴۹۰ | اَلْحَیُّ — جلالی — ح.ی.ذ — ۱۸ | اَلْقَیُّوْمُ — جلالی — ق.ع.ن — ۱۵۶ | اَلْوَاجِدُ — جلالی — و.ن.ت — ۱۴ | اَلْمَاجِدُ — جلالی — م.ر.د — ۴۸ | اَلْوَاحِدُ — مشترک — و.ط.ق — ۱۹ |
| اَلْاَحَدُ — جلالی — ا.م.ل — ۱۳ | اَلصَّمَدُ — جلالی — ص.ت.ح — ۱۳۴ | اَلْقَادِرُ — جلالی — ق.ذ.غ — ۳۰۵ | اَلْمُقْتَدِرُ — جلالی — م.ع.ن — ۷۴۴ | اَلْمُقَدِّمُ — مشترک — م.ن.ع — ۱۸۴ | اَلْمُؤَخِّرُ — مشترک — م.و.ت — ۸۴۶ |
| اَلْاَوَّلُ — مشترک — ا.ط.ق — ۳۷ | اَلْاٰخِرُ — مشترک — ا.ف.خ — ۸۰۱ | اَلظَّاهِرُ — مشترک — ظ.ن.ت — ۱۱۰۶ | اَلْبَاطِنُ — مشترک — ب.و.ت — ۶۲ | اَلْوَالِیْ — جمالی — و.ق.ع — ۴۷ | اَلْمُتَعَالِیْ — مشترک — م.ق.ع — ۵۵۱ |
| اَلْبَرُّ — جمالی — ب.و.ت — ۲۰۲ | اَلتَّوَّابُ — جمالی — ت.ف.خ — ۴۰۹ | اَلْمُنْتَقِمُ — جلالی — م.ن.ت — ۶۳۰ | اَلْعَفُوُّ — جمالی — ع.ع.ن — ۱۵۶ | اَلرَّءُوْفُ — جمالی — ر.ت.و — ۲۸۷ | مَالِكُ الْمُلْكِ — جلالی — م.ع.ن — ۲۱۲ |
| ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ — جلالی — ذ.ج.ر — ۱۱۰۰ | | اَلْمُقْسِطُ — جلالی — م.م.ل — ۲۰۹ | اَلْجَامِعُ — مشترک — ج.ب.ض — ۱۱۴ | اَلْغَنِیُّ — مشترک — غ.خ.ل — ۱۰۶۰ | اَلْمُغْنِیْ — جمالی — م.ح.ر — ۱۱۰۰ |
| اَلْمَانِعُ — جلالی — م.د.ش — ۱۶۱ | اَلضَّارُّ — جلالی — ض.ش.ر — ۱۰۰۱ | اَلنَّافِعُ — جمالی — ن.ه.ث — ۲۰۱ | اَلنُّوْرُ — مشترک — ن.د.خ — ۲۵۶ | اَلْهَادِیْ — جمالی — ه.ح.ج — ۲۰ | اَلْبَاقِیْ — جلالی — ب.ا.ظ — ۱۱۳ |
| اَلْوَارِثُ — جلالی — و.ز.ش — ۷۰۷ | اَلرَّشِیْدُ — مشترک — ر.ی.ص — ۵۱۴ | اَلصَّبُوْرُ — جلالی — ص.ص.و — ۲۹۸ | اَلْبَدِیْعُ — جلالی — ب.ب.ض — ۸۶ | اَلسَّتَّارُ — جمالی — س.ف.خ — ۶۶۱ | اَلْمُنْعِمُ — جمالی — م.د.خ — ۲۰۰ |

اپنے نام کے اعداد کے مطابق اسم اعظم تلاش کر کے نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں

جعلی ایپلی کیشن سے ہوشیار رہیں اصلی امامیہ جنتری کی ایپ انسٹال کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کا مونوگرام ضرور دیکھیں امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔



www.shiaqurantutors.com

# اسمائے مبارکہ و القابات حضور پرنور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## مع حروف باطن و اعداد

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحَمَّدٌ | اَحْمَدُ | حَامِدٌ | مرتبہ: راجہ افتخار حسین جفار (کراچی) 03 111 888 668 | | مَحْمُوْدٌ | قَاسِمٌ | عَاقِبٌ |
| م،ح،د ۹۲ | ا،ذ،غ ۵۳ | ح،ذ،غ ۵۳ | | | م،ن،ت ۹۸ | ق،ہ،ث ۲۰۱ | ع،ہ،ث ۱۷۳ |
| فَاتِحٌ | شَاهِدٌ | حَاشِرٌ | رَشِيْدٌ | مَشْهُوْدٌ | بَشِيْرٌ | نَذِيْرٌ | دَاعٍ |
| ف،م،ل ۴۸۹ | ش،ب،ض ۳۱۰ | ح،ہ،ث ۵۰۹ | ر،ی،ص ۵۱۴ | م،ق،ع ۳۵۵ | ب،ح،د ۵۱۲ | ن،س،د ۲۶۷ | د،ق،ع ۷۵ |
| شَافٍ | هَادٍ | مَهْدٍ | مَاحٍ | مُنْجٍ | نَاهٍ | رَسُوْلٌ | نَبِيٌّ |
| ش،ف،خ ۳۸۱ | ہ،ص،و ۱۰ | م،ش،ر ۴۹ | م،ش،ر ۴۹ | م،ط،ق ۹۳ | ن،غ،ر ۵۶ | ر،ع،ن ۲۹۶ | ن،و،ت ۶۲ |
| اُمِّيٌّ | تِهَامِيٌّ | هَاشِمِيٌّ | اَبْطَحِيٌّ | عَزِيْزٌ | عَارِفٌ | رَءُوْفٌ | رَحِيْمٌ |
| ا،ث،خ ۵۱ | ت،ح،د ۴۵۶ | ہ،ر،د ۳۵۶ | ا،ب،ب ۳۰ | ع،ی،ص ۹۴ | ع،س،د ۳۵۱ | ر،و،ت ۲۸۶ | ر،د،خ ۲۵۸ |
| طٰهٰ | مُجْتَبٰى | طٰسٓ | مُرْتَضٰى | حٰمٓ | مُصْطَفٰى | يٰسٓ | اَوْلٰى |
| ط،ن،ت ۱۴ | م،ز،ش ۴۵۵ | ط،م،ل ۴۹ | م،ت،ح ۱۴۵۰ | ح،ر،د ۴۸ | م،ہ،ث ۲۲۹ | ی،ن،ت ۷۰ | ا،ق،ع ۴۷ |
| مُزَمِّلٌ | وَلِيٌّ | مُدَّثِّرٌ | مَتِيْنٌ | مُصَدِّقٌ | طَيِّبٌ | نَاصِرٌ | مَنْصُوْرٌ |
| م،ہ،ث ۱۱۷ | و،ص،و ۴۶ | م،ع،ن ۴۴۷ | م،خ،ل ۵۰۰ | م،ی،ص ۲۳۴ | ط،ز،ش ۲۱ | ن،ہ،ث ۳۴۱ | م،ت،ح ۳۸۶ |
| مِصْبَاحٌ | مَامُوْرٌ | حِجَازِيٌّ | عَالِمٌ | قُرَشِيٌّ | صَابِرٌ | اَلتَّقِيُّ | حَافِظٌ |
| م،ا،ظ ۱۴۱ | م،ز،ش ۲۸۷ | ح،ا،ظ ۲۹ | ع،ا،ظ ۱۴۱ | ق،ت،ح ۴۱۰ | ص،م،ل ۲۹۳ | ت،و،ت ۵۱۰ | ح،ط،ق ۹۸۹ |
| كَامِلٌ | صَادِقٌ | اَمِيْنٌ | عَبْدُاللهِ | كَلِيْمُ اللهِ | حَبِيْبُ اللهِ | نَجِيُّ اللهِ | صَفِيُّ اللهِ |
| ک،ز،ش ۹۱ | ص،ظ،د ۱۹۵ | ا،ف،خ ۱۰۱ | ع،ب،ض ۱۴۲ | ک،ض،ع ۱۶۶ | ح،د،خ ۸۸ | ن،ف،خ ۱۲۹ | ص،ت،ح ۲۴۶ |
| خَاتِمُ الْاَنْبِيَاءِ | حَسِيْبٌ | مُجِيْبٌ | شَكُوْرٌ | مُبَلِّغٌ | رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ | قَوِيٌّ | حَفِيٌّ |
| خ،ع،ن ۱۱۳۶ | ح،خ،ل ۸۰ | م،ظ،د ۵۵۰ | ش،ت،ح ۵۲۶ | م،ح،ر ۱۰۷۲ | ر،ث،خ ۹۷۵ | ق،د،خ ۱۱۴ | ح،ن،ت ۹۸ |
| مَامُوْنٌ | مَعْلُوْمٌ | حَقٌّ | مُبِيْنٌ | مُطِيْعٌ | رَسُوْلُ الرَّاحَةِ | اَوَّلٌ | اٰخِرٌ |
| م،ذ،غ ۱۳۷ | م،ص،و ۱۸۶ | ح،خ،ل ۱۰۸ | م،ص،و ۱۰۲ | م،ف،خ ۱۲۹ | ر،ل،ب ۹۳۶ | ا،ط،ق ۳۷ | ا،ف،خ ۸۰۱ |
| ظَاهِرٌ | بَاطِنٌ | نَبِيُّ الرَّحْمَةِ | يَتِيْمٌ | كَرِيْمٌ | حَكِيْمٌ | خَاتِمُ الرُّسُلِ | سَيِّدٌ |
| ظ،ن،ت ۱۱۰۶ | ب،و،ت ۶۲ | ن،ذ،غ ۱۴۱۷ | ی،ل،ب ۴۶۰ | ک،ص،ر ۲۷۰ | ح،ت،ح ۷۸ | خ،خ،ل ۱۳۶۸ | س،ص،د ۷۴ |
| سِرَاجٌ | مُنِيْرٌ | اَلْحَقُّ | مُكَرَّمٌ | مُبَشِّرٌ | مُذَكِّرٌ | مُطَهَّرٌ | قَرِيْبٌ |
| س،ل،ب ۲۶۴ | م،ر،د ۳۰۰ | ا،ظ،د ۱۳۹ | م،ر،د ۳۰۰ | م،ی،ص ۵۴۲ | م،ن،ت ۲۶۷ | م،ب،ض ۲۵۴ | ق،د،خ ۳۱۲ |
| خَلِيْلٌ | مَدْعُوٌّ | جَوَّادٌ | خَاتِمٌ | عَادِلٌ | شَهِيْرٌ | شَهِيْدٌ | مَبْعُوْثٌ |
| خ،ض،ع ۶۷۰ | م،ح،ر ۱۲۰ | ج،ن،ت ۱۴ | خ،ہ،ث ۱۰۴۱ | ع،ش،ر ۱۰۵ | ش،ک،ح ۵۱۵ | ش،ک،ح ۳۱۹ | م،ب،ض ۶۱۸ |

جعلی ایپلی کیشن سے ہوشیار رہیں! اصلی امامیہ جنتری کی ایپ انسٹال کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کا مونوگرام ضرور دیکھیں امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔



www.shiaqurantutors.com



یا اللہ

یا محمدؐ یا علیؑ یا فاطمہؑ یا حسنؑ یا حسینؑ

# القابات امامت امیرالمومنین
# علی ابن ابی طالب علیہ السلام



امامُ المتقین
امامُ المسلمین
امامُ العارفین
امامُ الواصلین
امامُ الموحدین
امامُ المحققین
امامُ السالکین
امامُ المحسنین
امامُ الصادقین

امامُ الاوّلین
امامُ العٰلمین
امامُ المتعبدین
امامُ السّابقین
امامُ المسبوقین
امامُ المخلوقین
امامُ العادلین
امامُ المتعلّمین

امامُ المرشدین
امامُ المبشّرین
امامُ المنذرین
امامُ المقسطین
امامُ العاشقین
امامُ المقرّبین
امامُ الرّاشدین
امامُ المتوکّلین
امامُ الشّاهدین

امامُ المتکلّمین
امامُ الطّاهرین
امامُ المبارزین
امامُ المعظّمین
امامُ الاجودین
امامُ القارئین
امامُ المالکین
امامُ المفلحین

امامُ الرّاکعین
امامُ السّاجدین
امامُ المحکومین
امامُ المتاخّرین
امامُ المحبّبین
امامُ الرّاسخین
امامُ الواصفین
امامُ الخاشعین
امامُ المکبّرین

امامُ الفاتحین
امامُ المقدّسین
امامُ الافصحین
امامُ الباذلین
امامُ المکمّلین
امامُ الکاملین
امامُ الحافظین
امامُ المشفعین

امامُ المکرّمین
امامُ القانتین
امامُ المهاجرین
امامُ الشّاهدین
امامُ المطهّرین
امامُ المخدومین
امامُ الصّامتین
امامُ الرّافعین
امامُ الاطهرین

امامُ الائمّة
امامُ الملهمین
امامُ المقاتلین
امامُ الاشجعین
امامُ الاعلمین
امامُ الامنین
امامُ الزّکیّین
امامُ الاورعین

امامُ المجتهدین
امامُ الامرین
امامُ المجاهدین
امامُ الخطیبین
امامُ المطیعین
امامُ المبرّئین
امامُ المقارنین
امامُ الخاضعین
امامُ الافضلین

امامُ الغالبین
امامُ المخبرین
امامُ المتقدّمین
امامُ المعلّمین
امامُ الصّائمین
امامُ المظفّرین
امامُ النّاظرین
امامُ العالمین

امامُ المحتسبین
امامُ المعطوفین
امامُ الشّهیدین
امامُ الوارثین
امامُ المطیّبین
امامُ الاکملین
امامُ الکاظمین
امامُ المسبّحین
امامُ المعشوقین



Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally
www.shiaqurantutors.com

# حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

## کے اسمائے صفات و القابات (بقاعدہ جعفر مع حروف باطن اعداد)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاطِمَةٌ<br>ف ض ع ۵۳۰ | جَلِيلَةٌ<br>ج ذ غ ۴۷۳ | بَتُولٌ<br>ب ف خ ۴۶۵ | تَقِيَّةٌ<br>ت غ ر ۵۶۰ | حَبِيبَةٌ<br>ح ب ض ۴۲۲ | نَقِيَّةٌ<br>ن غ ر ۵۶۰ | طَاهِرَةٌ<br>ط ظ د ۶۱۵ | حُرَّةٌ<br>ح ر د ۶۰۸ | حَوْرَآءٌ<br>ح ق ع ۲۱۵ |
| رَاكِعَةٌ<br>ر ق ع ۶۹۱ | رَاضِيَةٌ<br>ر ک ح ۱۳۱۱ | زَهْرَآءٌ<br>ز ف خ ۲۱۳ | رَشِيدَةٌ<br>ر ص و ۹۱۶ | رَضِيَّةٌ<br>ر ی ص ۱۴۱۰ | رَيْحَانَةٌ<br>ر ذ غ ۶۶۹ | سَاجِدَةٌ<br>س ر د ۴۶۸ | سَعِيدَةٌ<br>س ل ب ۵۴۴ | سَيِّدَةٌ<br>س ض ع ۴۷۴ |
| شَهِيدَةٌ<br>ش ق ع ۷۱۹ | صَابِرَةٌ<br>ص ش ر ۶۹۳ | صَادِقَةٌ<br>ص ز ش ۵۹۵ | صَدُوقَةٌ<br>ص ل ب ۶۰۰ | صِدِّيقَةٌ<br>ص ع ن ۶۰۳ | طَيِّبَةٌ<br>ط ا ظ ۴۳۱ | عَارِفَةٌ<br>ع ش خ ۷۵۱ | عَالِيَةٌ<br>ع ز ش ۵۱۱ | عَدِيلَةٌ<br>ع ی ص ۵۱۴ |
| عَذْرَآءٌ<br>ع ض ع ۴۷۸ | عَزِيزَةٌ<br>ع ص و ۴۹۴ | عَلِيمَةٌ<br>ع ص و ۵۵۰ | فَاضِلَةٌ<br>ف ش خ ۱۳۱۱ | فَرِيدَةٌ<br>ف ت ح ۶۹۴ | كَرِيمَةٌ<br>ک ش خ ۲۷۵ | كَوْثَرٌ<br>ک ض خ ۷۲۶ | كَوْكَبٌ<br>ک ر د ۴۸ | مُبَشَّرَةٌ<br>م ص و ۹۴۲ |
| مَحْمُودَةٌ<br>م ت ح ۴۹۸ | مُطَهَّرَةٌ<br>م ب ض ۶۵۴ | مَعْصُومَةٌ<br>م ب ض ۶۴۶ | مُلْهَمَةٌ<br>م ک ح ۵۱۵ | مُمْتَحَنَةٌ<br>م ن ت ۹۳۸ | مَنْصُورَةٌ<br>م ب ض ۷۸۶ | مُوَفَّقَةٌ<br>م ی ص ۶۲۶ | مَهْدِيَّةٌ<br>م ک ح ۴۵۹ | مُؤْمِنَةٌ<br>م د خ ۵۳۶ |
| نَاعِمَةٌ<br>ن ا ظ ۵۶۱ | زَكِيَّةٌ<br>ز ف خ ۴۳۷ | مَرْضِيَّةٌ<br>م ت ح ۱۳۵۰ | مُحَدِّثَةٌ<br>م غ ر ۹۵۲ | وَحِيدَةٌ<br>و ح ر ۴۲۸ | وَالِهَةٌ<br>و ت ح ۴۴۲ | رَضِيعَةٌ<br>ر د خ ۷۶۰ | صَفِيَّةٌ<br>ص ر د ۵۸۰ | حَلِيمَةٌ<br>ح ل ب ۴۸۸ |
| جَمِيلَةٌ<br>ج ز ش ۴۸۳ | مُصَلِّيَةٌ<br>م ی ص ۵۷۰ | قَائِمَةٌ<br>ق ط ق ۵۴۱ | قَارِئَةٌ<br>ق ا ظ ۷۰۱ | صَائِمَةٌ<br>ص ظ د ۵۳۱ | وَجِيهَةٌ<br>و د خ ۴۴۴ | حَكِيمَةٌ<br>ح ب ض ۴۷۸ | زَاهِدَةٌ<br>ز ذ غ ۴۱۷ | عَابِدَةٌ<br>ع ا ظ ۴۷۷ |
| مُخَدَّرَةٌ<br>م ل ب ۱۴۴۴ | قَادِرَةٌ<br>ف م ل ۶۸۵ | نَاصِحَةٌ<br>ن ف خ ۵۴۹ | عَامِلَةٌ<br>ع ط ق ۵۴۱ | وَلِيَّةٌ<br>و ض ع ۴۴۶ | صَالِحَةٌ<br>ص ذ غ ۵۴۹ | وَاضِيَةٌ<br>و م ل ۱۳۱۷ | فَصِيحَةٌ<br>ف غ ر ۵۸۸ | مُنْجِيَةٌ<br>م ظ د ۵۰۳ |

**ضروری وضاحت** کیونکہ شہزادی کونین کے نام و القابات عربی زبان میں ہیں۔ عربی زبان میں ہر اسم صفاتی کے آخر میں حرف "ت" بول رہا ہے۔ مثلاً اگر اردو زبان میں میں فاطمہ لکھتے ہیں تو اس میں حرف "ت" نہیں ہے اور یہی نام اگر ہم عربی زبان میں لکھتے یا بولتے ہیں تو یوں ہوگا "فاطمۃ" اس لیے میں نے ہر اسم کے آخر میں حرف "ت" کو لیا ہے اور ت کے اعداد 400 ہیں اسی طرح تمام القابات کے اعداد میں حرف ت کو شامل کر کے اعداد و حروف باطن قارئین امامیہ جنتری کے لیے جدول تیار کر دیا ہے

**مرتبہ** راجہ افتخار حسین جفار (کراچی) 03 111 888 668

**تسبیح اسمائے حسنیٰ** شر جنات کے خوف و اذیت سے محفوظ رہنے کے لئے وقتاً فوقتاً 70 مرتبہ ان اسماء کا ورد کرنا ڈھال کا درجہ رکھتا ہے

يَا حَافِظُ يَا حَفِيظُ يَا رَقِيبُ يَا مُهَيْمِنُ يَا نَاصِرُ يَا قَوِيُّ



جعلی ایپلی کیشن سے ہوشیار اصلی امامیہ جنتری ایپ انسٹال کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کا مونوگرام ضرور دیکھیں امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔
www.shiaqurantutors.com

# استغاثہ بحضور رب کائنات

اکبر ترابی

یہ دور بُرا دور سب سے بُرا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

خلقت کو طلب معجزہ رب عُلا ہے
اس دور کی خاطر ہی ہے جسے تونے چُنا ہے
ہر سمت خرابی ہے بُرائی کی فضا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

اب مہدیؑ موعود پر عالم کی نظر ہے
بے چین بدیدار ہر اک فرد بشر ہے
یا ربّ وہ میرا سید و سردار کدھر ہے
کب آئیں گے وارث میرے بس تجھ کو خبر ہے
اب بھیج دے ہادی کو جو اس دور کا شاہ ہے

ٹی وی ہے جسے دیکھ کے دل ہوتا ہے پاشا
ہر وقت ہے سکرین پہ عورت کا تماشا
بے پردہ ہے مستور صدا جگر خراشا
غیرت کا میرے سامنے بے کفن ہے لاشہ
خاموش غضب تیرا، تیرے عدل کو کیا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

ہے ہے کہ بُرے ذکر کو پتھر کا جگر ہو
اے کاش جوانوں پہ نصیحت کا اثر ہو
افسوس کہ بابا پہ پسر، شوخ نظر ہو
ماں بیٹی کی سوداگر عصمت پئے زر ہو
کیا باپ ہے سب جرم و گناہ دیکھ رہا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

خواہر کہ برادر ہو، پسر، پدر کہ مادر
رشتوں سے نہیں آج نئی نسل شناور
نئے ادب بزرگوں کا نہ کچھ خوف نہ کچھ ڈر
فتنوں میں وہ پل بڑھ کے ہوئے شجر تناور
اس دور نے درس اُن کو تکبر کا دیا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

اس دور میں عام گناہ کبیرہ
غیبت، کہ زنا، چوری قتل اپنا وطیرہ
عصیان کی دلدل میں ہیں افراد کثیرہ
ایکٹر بنی پھرتی ہے یہاں نسل صغیرہ
لڑکا ہے کہ لڑکی ہے خدا جانے کیا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

اپنوں کی مساجد میں اقامت نہ اذاں ہے
روزہ ہے نماز اور نہ کچھ خمس، گراں ہے
تسبیح نہ مصلیٰ کہ پس طاق قراں ہے
گھر اے سی ہے ٹی وی ہے فریج سارا ساماں ہے
قرآن پہ ہے دھول چمک ٹی وی رہا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

مجلس میں مدارس میں کہ ماتم یا عزا میں
بہتات ریاکاری ہے اب ذکر خدا میں
کچھ تاش یا شطرنج کہ مے حرص و ہوا میں
ڈوبی ہے میری قوم فحاشی و غنا میں
اس دور میں جینا بھی شریفانہ سزا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

الغرض بُرا دور ہے یہ الٹا جہاں ہے
کیا بولوں ترابی میری لرزے میں زباں ہے
یا ربّ! وہ میرا سید و سردار کہاں ہے
کیوں پردۂ غیبت میں میرا شاہ زماں ہے
اس دور کہ ہر موڑ پہ شیطان کھڑا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے

العجل کی تسبیح ہو ترابی کی زباں پر سو بار
وظیفہ پڑھو جب سجدے میں ہو سر
قائمؑ کے لیے مانگو دعا اشک بہا کر
یہ ذکر چہل روز رہے لب پر برابر
اس ورد مناجات سے حاجت بھی روا ہے
اے ربّ جہاں آمد مہدیؑ کی دُعا ہے



Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally
www.shiaqurantutors.com



# ہدیہ نعت

مولانا سید
حسن ظفر نقوی

بزم اُن کے ذکر کی کچھ ایسے برپا کیجئے
سنگ کو لعل و گوہر، قطرے کو دریا کیجئے

کیجئے عہد ابوطالبؑ پورا کیجئے
نعت میں ہو خونِ دل شامل تمنا کیجئے

بے خبر ہو جایئے عشق نبیؐ میں ڈوب کر
اور اسی عالم میں کھو کر ایک سجدہ کیجئے

سجدہ ھائے بیخودی میں کیجئے راز و نیاز
بات بن جائے اس عالم میں کچھ ایسا کیجئے

یا تو راہ عشق میں ہو جایئے از بس فنا
یا وفا کے نام کو للہ نہ رسوا کیجئے

ہاں مدینے سے چلے تو آئے با چشم نم
دل انھیں گلیوں میں رہتا ہو تو پھر کیا کیجئے

ہر کڑے میدان میں جس کو بلاتے تھے رسولؐ
آپ بھی مشکل میں اس کو ہی پکارا کیجئے

فاطمہؑ، حسنینؑ و حیدرؑ نور چشم مصطفےٰؐ
جب سمجھ میں کچھ نہ آئے یہ تو سمجھا کیجئے

اے ظفر گھر میں ہی جنت کی فضا مل جائے گی
حمد و نعت و منقبت کا گھر چرچا کیجئے

یہ کلام جنت البقیع کے دامن میں بیٹھ کر لکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔
اکتوبر 2012 کے سفر حج کے دوران۔

سر زمین حرم سی کہاں ہر گلی ہر گلی ہر گلی
آ یہاں آ کے مٹ جائے گی بے کلی بے کلی بے کلی

اس نے سیراب پھر کر دیا پیاس کہنے کو پھر بجھ گئی
کوئی اندر سے کہتا رہا تشنگی تشنگی تشنگی

تخت و تاج و شہنشاہیاں خاک ہو گئیں سب نہاں
سدرۃ المنتہیٰ تک گئی بندگی بندگی بندگی

ہے اسی دل میں مسکن ترا اور صنم بھی ہیں کچھ دلنشیں
پھر بھلا کس طرح سے ملے آگہی آگہی آگہی

شور دریا سے مت خوف کھا ڈوب جا ڈوب جا ڈوب جا
ڈوب کر پار اتر جائے گی زندگی زندگی زندگی

یہ جو رکھتا ہوں میں کچھ بھرم سب ترے ذکر کا ہے کرم
دل میں تیرے ہی جلوؤں کی ہے روشنی روشنی روشنی

ہو مدینہ یا کرب و بلا عشق کی جلوہ سامانیاں
عاشقوں کے لئے ہے یہاں بے خودی بے خودی بے خودی

جذبۂ شوق نے گیا کیا میں کہاں سے کہاں آ گیا
میری ہر سانس کہتی رہی یا نبیؐ یا نبیؐ یا نبیؐ

دشت و صحرا و کوہ و دمن سرنگوں سب کو کرتا گیا
ہر قدم پر جو کہتا رہا یا علیؑ یا علیؑ یا علیؑ

ایسا بس کربلا میں ہوا موت قاتل کا حصہ بنی
زیر خنجر کسی کو ملی زندگی زندگی زندگی

## چلو کربلا چلیں

آغا مسعود رضا خاکی مرحوم

احباب کو بلاؤ چلو کربلا چلیں — اک قافلہ بناؤ چلو کربلا چلیں
زادِ سفر امامِ زمانہ سے مانگ لو — پڑھ کر درود آؤ چلو کربلا چلیں
سائے کی طرح موت ہے پیچھے لگی ہوئی — بڑھ کر علم اٹھاؤ چلو کربلا چلیں
اب کوئی ملک فتنہ سے خالی نہیں رہا — دنیا سے ہاتھ اٹھاؤ چلو کربلا چلیں
قدموں میں ہے حسینؑ کے چشمۂ حیات کا — مولا سے لو لگاؤ چلو کربلا چلیں
مولائے کائنات بھی ہیں انتظار میں — اب دیر مت لگاؤ چلو کربلا چلیں

خاکی بلا رہے ہیں تمہیں شاہِ کربلا
جلدی قدم بڑھاؤ چلو کربلا چلیں

## فضیلت ذکر حسینؑ

طاہرؔ ناصر علی

ہر اک قدم پہ راہِ صداقت دکھائی ہے
ذکر حسینؑ نے میری عزت بڑھائی ہے
طاہرؔ مجھے ہے ناز کہ دنیا میں روز و شب
میں نے غمِ حسینؑ کی دولت کمائی ہے

اقوال زریں اور احادیث پڑھنے اور دوست احباب کو بھیجنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔



# مدرسۂ امام صادقؑ کی تشکیل اور تاریخ پر اثرات

مولانا سید حسن ظفر نقوی
imamiajantriofficial@gmail.com

مولائے عارفان علی ابن ابی طالبؑ کی شہادت کے بعد **تشیع** تاریخ کے بدترین مظالم کا سامنا کر رہا تھا اور واقعۂ کربلا کے بعد تو یہ حال ہو گیا تھا کہ اگر کسی پر شیعہ ہونے کا شبہ بھی ہو جاتا تھا تو اُسے بدترین انجام کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ ایسے میں اہل بیتؑ کے افراد نے خاص طور پر چوتھے امام زین العابدینؑ نے تقریباً پینتیس (۳۵) سال تک دو طریقوں سے مکتب کا دفاع کیا۔

ایک تو آپؑ نے ہر ممکن کوشش کی کہ کربلا کو زندہ رکھا جائے کیونکہ آپؑ جانتے تھے کہ کربلا ہی اسلام کی بنیاد بنے گی اور کربلا کو فراموش کر دینے میں اسلام کا اصل چہرہ اور تشخص تاریخ کے گرد و غبار میں گم ہو جائے گا۔ اس لئے آپؑ ہر موقع پر لوگوں کے سامنے واقعۂ کربلا بیان کرتے تھے اور اس واقعے کی جزئیات تک سے لوگوں کو آگاہ کرتے تھے۔ کربلا کے مصائب میں وہ تاثیر اور سحر تھا کہ لوگ جب یہ مصائب و آلام سے آگاہی حاصل کرتے تھے تو ایک طرف ان کے دلوں میں اہل بیتؑ کی محبت اور قربانی کی وجوہات گھر کر جاتی تھیں دوسری جانب بنی امیہ کے مظالم اور سفاک حکمرانوں کے خلاف نفرت کا لاوا پکنے لگتا تھا۔

امام سجادؑ نے دوسرا طریقہ **دعا** کا اختیار کیا اور دعاؤں کے ذریعے لوگوں کو معارفِ الٰہی اور اللہ سے قربت کے طریقوں سے آشنا کیا۔ آپؑ سے منقول دعائیں معارف کا خزانہ لیے ہوئے ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ آپؑ نے اُسی حبس اور گھٹن کے دور میں مکتبِ اہل بیتؑ جو اسلام کا حقیقی چہرہ ہے، اسے پوری طاقت کے ساتھ زندہ رکھنے کی کوشش کی کیونکہ آپؑ کے زمانے میں ایسا ماحول ہی نہیں تھا کہ آپؑ باقاعدہ کوئی ''مدرسہ'' یا ''دانشگاہ'' تشکیل دیتے حتیٰ کہ ''مساجد'' میں بھی کوئی اہل بیتؑ کا نام تک نہیں لے سکتا تھا بلکہ اس کے برعکس سارے عالمِ اسلام میں اہل بیتؑ پر خاص طور پر ''امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ'' پر ''سب و شتم'' کیا جاتا تھا لیکن چوتھے امامؑ کی مسلسل جد و جہد کا نتیجہ اُسی وقت سامنے آیا جب بنی امیہ کی حکومت کمزور پڑنے لگی اور وہ اپنی حکومت بچانے کے لئے بنی عباس سے جنگوں میں گرفتار ہو گئے۔ خاص طور پر ہجری ۱۱۰ سے لے کر ہجری ۱۴۰ تک یہ وہ زمانہ ہے جب بنی امیہ کی حکومت کمزور ہو کر ختم ہونے کی طرف جا رہی تھی اور بنی عباس تخت پر قبضہ کرنے کے بعد اپنی حکومت مضبوط کرنے کی فکر میں لگے ہوئے تھے۔

بس یہی وہ مختصر زمانہ تھا جس میں پانچویں امامؑ اور چھٹے امامؑ نے ''مکتبِ اہل بیتؑ'' (جس کی بنیادیں کربلا میں رکھ دی گئیں تھیں) کی عالیشان عمارت کو اس طرح تعمیر کیا کہ اب قیامت تک آنے والے آندھی طوفان اس عمارت کو تباہ کرنے میں ناکام رہے۔ دوسری صدی ہجری کے آغاز میں جب عالمِ اسلام میں خانہ جنگی کا آغاز ہوا اور اقتدار پر بنی امیہ کی گرفت کمزور پڑنا شروع ہوئی تو امام محمد باقرؑ نے مسندِ درس بچھا دی اور ظاہر ہے کہ جب امامِ معصومؑ کے درس کا آغاز ہوا تو دنیائے اسلام سے لوگ کھنچ کھنچ کر مدینے آنے لگے اور یوں اس مدرسے کی شہرت سارے عالمِ اسلام میں پھیلتی چلی گئی۔ ہجری ۱۱۲ تک یہ حالات یہ ہو گئے تھے کہ تقریباً ''اسّی (۸۰)'' سال بعد اہل بیتؑ کی کوئی شخصیت ''مسجد نبوی'' میں درس دے رہی تھی لیکن بنی امیہ خانہ جنگیوں میں مشغول ہونے کے باوجود اس طرف سے غافل نہ تھے اور ''سازشِ زہر'' کے ذریعے امام محمد باقرؑ کو شہید کر دیا جاتا ہے۔

اب ہجری ۱۱۸ سے امام جعفر صادقؑ کے اس سنہری دور کا آغاز ہوتا ہے جب آپؑ نے دنیا بھر کے ''مذاہب'' کے مقابلے میں ''اسلامِ حقیقی'' کے چہرے کو آشکار کیا اور پانچویں امامؑ کے قائم کردہ مدرسے کو باقاعدہ ایک ''یونیورسٹی'' میں تبدیل کر دیا جہاں صرف عالمِ اسلام نہیں بلکہ ساری دنیا سے علم کی پیاس بجھانے کے لئے لوگ اس طرح آرہے تھے جیسے شمع کے گرد پروانے ہجوم کرتے ہیں۔ اور یہ اس زمانے کی پہلی ''دانشگاہ'' تھی جہاں اس وقت کے رائج تمام علوم کی تعلیم دی جاتی تھی۔ آپؑ کے معلوم شاگردوں کی تعداد ''پانچ ہزار'' سے زائد ہے۔ آیۃ اللہ کاظم قزوینیؒ نے جو انسائیکلوپیڈیا ترتیب دیا ہے اس میں تفصیل سے ان شاگردوں کا تذکرہ ہے۔

دنیا کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایسی ''یونیورسٹی'' وجود میں آئی جہاں فقہ، حدیث، تفسیر، تاریخ ، منطق، فلسفہ سے لے کر طبیعیات (فزکس) کیمیا (کیمسٹری) ریاضی، جغرافیہ، ہندسہ، فلکیات، نجوم سمیت



Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally

www.shiaqurantutors.com

تمام علوم ایک ہی چھت کے تلے پروان چڑھ رہے تھے۔ اس سے پہلے ہمیں یونان میں افلاطون، ارسطو اور بقراط کی قائم کردہ فلسفہ اور طب کی دانشگاہیں مل جائیں گی مگر امام جعفر صادق ہی وہ پہلی ہستی ہیں جنہوں نے تمام علوم کا حصول ایک ہی عمارت تلے ممکن بنایا۔

ہم یہاں پر آپؑ کے اگر مشہور شاگردوں کی بھی فہرست لکھنا چاہیں تو درجنوں صفحات درکار ہوں گے لیکن اتنا کافی ہے کہ آپؑ سے علم کا فیض حاصل کرنے والوں میں ابوشاکر دیصانی اور ابن ابی العوجا جیسے ملحدین کے پیشوا اور رہنما بھی شامل ہیں جو امامؑ سے مناظرہ کرنے آتے تھے اور ''انت الصادق'' (آپ سچے ہیں) کہتے ہوئے جاتے تھے۔ جابر ابن حیان جیسا نابغۂ تاریخ، کیمیا دان جسے ''ابوالکیمیا'' کہا جاتا ہے، دنیا آج تک اسی کا جواب لانے سے قاصر ہے۔ یہ جابر ابن حیان امامؑ کے خاص شاگردوں میں تھا اور آپؑ نے اسے کیمیا میں متخصص (Specialist) بنایا تھا۔ اسی طرح مختلف شاگردوں کی صلاحیت کے مطابق انھیں تخصص (Specialization) کراتے تھے۔ ہشام ابن حکم کو تو نوجوانی ہی میں علم کلام وعقائد پر اتنی مہارت عطا کردی تھی کہ اُس زمانے کے بڑے بڑے علما ہشام کا سامنا کرنے سے گھبراتے تھے۔ اسی طرح فقہ کے میدان میں ابوبصیر کو اس درجے تک پہنچا دیا تھا کہ انہیں خود امامؑ نے حکم دیا کہ:

اِجْلِسْ فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ وَاَفْتِ النَّاسَ

مسجد نبوی میں جا کر بیٹھو اور لوگوں کے لئے فتویٰ دو۔

یہ امام جعفر صادق کا انسانیت پر احسان ہے کہ آپؑ نے باقاعدہ علوم کی طبقہ بندی کی اور ایسا یونیورسٹی سسٹم قائم کیا کہ علم کے پیاسوں کو ہر علم کے حصول کے لئے الگ الگ اداروں، شہروں اور ملکوں کا سفر نہ کرنا پڑے بلکہ ایسے ادارے اور یونیورسٹیاں قائم کی جائیں جہاں تمام رائج علوم کا حصول ممکن ہو سکے۔

ہم عرض کر چکے کہ بے شک یونان، مصر اور چین میں تعلیمی ادارے بلکہ یونیورسٹیاں موجود تھیں مگر ہر تعلیمی ادارہ ایک یا دو مخصوص علوم کی تعلیم تک محدود تھا۔ یہ کارنامہ ''صادق آلِ محمدؐ'' کے ہی کارناموں میں سے ایک ہے کہ آپؑ نے ''علوم محمدیؐ وعلویؑ'' کا وارث ہونے کی حیثیت سے اس وقت اور اس زمانے کا بھرپور فائدہ اٹھایا اور پچیس تیس سال میں ایسا کام انجام دے دیا کہ اب قیامت تک مکتبِ محمدؐ وآلِ محمدؐ ''مکتبِ صادقؑ'' کے نام سے جانا جائے گا۔ وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

**طالبِ دعا:** مولانا سید حسن ظفر نقوی

# مومنین کی صفات

**مومنین کی صفات:** ایمان کی کاملیت کا دارومدار کسی بھی انسان کے صرف مسلمان ہونے پر منحصر نہیں ہے بلکہ اس سے مراد اپنے اندر موجود ان صفات کو پروان چڑھانا ہے جو قربت الٰہی کا سبب بنتی ہیں۔ اصل مومن وہی ہے جس کا دل معرفت الٰہی سے بھرپور ہو اور ان کے دن اور رات صرف خدا کی رضایت حاصل کرنے میں صرف ہوتے ہیں۔ ہم مومنین کی کچھ صفات قرآن کی روشنی میں بیان کر رہے ہیں۔

## اللہ سے محبت کرنے والے

ترجمہ: اور جو مومن ہیں اللہ سے شدید محبت کرتے ہیں (سورۂ بقرہ)۔

## آلِ محمدؐ سے مودت کرنے والے:

ترجمہ: یہی وہ (انعام) ہے جس کی خدا اپنے بندوں کو خوشخبری دیتا ہے، جو ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے (اے رسولؐ) تم کہہ دو میں اس (تبلیغ رسالت) کا اپنی قرابت دار (فاطمۃ الزہرؑا) کی مودت کے سوا تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا، اور جو شخص (یہ) نیکی حاصل کرے، ہم اسکے لئے اس کی خوبی میں اضافہ کردیں گے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا قدردان ہے (سورۃ الشوریٰ)۔

**سچے ایمان والے:** ترجمہ: سچے ایماندار تو بس وہی لوگ ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل دہل جاتے ہیں اور جب ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو ان کے ایمان کو اور بھی زیادہ کردیتی ہیں، اور وہ لوگ بس اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں، نماز کو پابندی سے ادا کرتے ہیں، اور جو ہم نے انہیں رزق دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں، یہی لوگ تو سچے ایماندار ہیں، انھی کیلئے ان کے پروردگار کے ہاں (بڑے بڑے) درجے ہیں، اور بخشش، اور عزت وآبرو والا رزق ہے (سورۃ الانفال)

## اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے

ترجمہ: (اے رسول) میرے وہ بندے جو ایمان لاچکے ان سے کہہ دو کہ پابندی سے نماز پڑھا کریں، اور جو کچھ ہم نے انہیں روزی دی ہے اس میں سے (اللہ کی راہ میں) چھپا کر، یا دکھلا کر خرچ کیا کریں، اس دن (قیامت) کے آنے سے پہلے جس میں نہ تو (خرید) وفروخت (ہی کام آئے گی) نہ دوست ومحبت۔

اپنے علاقے کے اوقاتِ نماز جاننے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔



www.shiaqurantutors.com

# غیبت امام زمانہؑ اور ہماری ذمہ داریاں

مادحہ بتول

سورۃ القدر میں اللہ رب العزت ارشاد فرماتا ہے،"اور تمہیں کیا معلوم شب قدر کیا ہے یہ ہزار مہینوں سے بہتر ہے اور اس میں اترتے ہیں فرشتے اور روح القدس اپنے رب کے حکم سے ہر کام کے انتظام کیلئے۔

آخر یہ فرشتے کس پر اترتے ہیں کس کے پاس آتے ہیں؟ سب کچھ کس کے سپرد کرتے ہیں؟ وہ مقدس مطلع نور آستانہ کون سا ہے؟ جب محققین سے یہ سوال کیا گیا تو پتہ چلا یہ تو وہ امام مہدی علیہ السلام کی ذات پر نور ہے جہاں فرشتے حجت خدا کی خدمت میں پیش ہوتے ہیں اور مطلع الفجر تک رہتے ہیں اور ان سے احکامات خدا وصول کرتے ہیں۔

امام صاحب العصر والزمان عجل اللہ فرجہ کا اسم مبارک اور کنیت پیغمبر اکرم ﷺ کے نام و کنیت پر ابو القاسم ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا تھا کہ میرے خلفاء میں آخری مہدیؑ ہوگا۔ امام مہدی علیہ السلام شکل و شباہت، صورت و سیرت، خصال و اقوال میں بالکل سرور کائنات محمد ﷺ کے مشابہ ہوں گے۔ بوقتِ ظہور آپ کا سن مبارک چالیس برس ہوگا۔ زمانہ غیبت کبریٰ میں حضرتؑ کا مقام "جزیرہ خضراء" بتایا گیا ہے۔ آپؑ کے ظہور سے قبل کی جو نشانیاں روایت کی گئی ہیں، علماء دین کے مطابق ان میں سے بیشمار نشانیاں پوری ہو چکی ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے کوئی وقتِ ظہور نہیں فرمایا جو مقرر کر کے اس نے علمِ غیب کا دعویٰ کیا اور کافر ہوا۔ آپ خانہ کعبہ پر عبائے رسولؐ اوڑھے ہوئے ظاہر ہوں گے۔ زرد عمامہ فرقِ اقدس پر، نعلین حضرت پائے مبارک میں، عصائے حضرت ہاتھ میں، چند گوسفند آگے، سفید پوشاک زیب تن، دو انگشتریاں زیب تن، ایک امام حسن علیہ السلام کی جس پر "انی واثق برحمتك" اور دوسری امام حسین علیہ السلام کی جس پر انی مستجیر بك یا امان الخائفین" کندہ ہوگا۔

امام کا ظہور یقیناً بہت قریب ہے۔ امامؑ کا ظہور جمعہ کے دن، عصر کے وقت اور ایک روایت کے مطابق عاشور کے دن ہوگا۔ آپ کے 313 ناصرین ہوں گے۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرتؑ کی غیبت کے زمانے میں ہماری کیا ذمہ داری ہے۔ امام تقی علیہ السلام نے فرمایا۔ "قائم ہم میں سے ہوگا وہ مہدیؑ ہوگا، جس کی غیبت میں اس کا انتظار اور اس کے ظہور اور غیبت کے دوران اس کی اطاعت واجب ہوگی۔ غیبت میں ہمارے شیعوں کا بہترین عمل انتظار ظہور امام مہدیؑ ہے"۔

معصومین علیہم السلام نے امام مہدی علیہ السلام کی عادلانہ حکومت کے قیام کے انتظار کرنے کی ضرورت اور اہمیت کو بیان کیا ہے۔ بعض روایات میں انتظار کے عمل کو افضل عبادت قرار دیا ہے۔ امیر المومنین علیؑ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمام عبادات میں افضل عبادت انتظار فرج ہے۔

لیکن یہ بات غور طلب ہے کہ کیا صرف انتظار کرنا کافی ہے؟ اس سلسلے میں ابو بصیر نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے اس طرح نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا، "جس کو اس امر سے خوشی ہوتی ہے کہ وہ قائمؑ کے اصحاب میں سے ہو تو اس پر لازم ہے کہ وہ انتظار کرے، گناہوں کو چھوڑ دے، اچھے اخلاقیات سے آراستہ ہو جائے، ایسا شخص ہی منتظر ہوگا۔ اور اگر ایسا شخص امامؑ کے قیام فرمانے سے پہلے مر جائے تو اس شخص کو ایسا اجر دیا جائے گا۔ جس نے قائمؑ کے زمانہ کو یاد کیا ہوگا"۔ پس سنجیدگی سے کوشاں رہو اور انتظار کرو۔

ہمارا دوسرا اہم فریضہ امامؑ کی خدمت میں کوتاہی نہ کرنا اور خود کو امامؑ کی خدمت کیلئے مخصوص رکھنا۔ ہمارا تیسرا اہم فریضہ امامؑ نے فرمایا، ہمارے لئے فکر کرنے والا، ہماری خاطر غم زدہ رہنا، ہمارے لئے فکر مندی کی سانسیں تسبیح ہیں اور ہمارے امر کی خاطر فکر مند رہنا عبادت ہے اور ہمارے راز کو پوشیدہ رکھنا اللہ کی راہ میں جہاد ہے۔

ہمارا چوتھا اہم فریضہ امام زمانہؑ کی نیابت میں صدقہ دینا ہے۔

ہمارا پانچواں اہم فریضہ امام کی نصرت کیلئے اہتمام کرنا، امام کیلئے اپنے باطن کو پاک کرنا، دل اور دماغ سے امام کی نصرت پر آمادہ ہونا اور آپؑ کے ظہور کی تعجیل کیلئے دعا کرنا۔

مومن کو چاہیے کہ اپنے امام کی اقتداء کرے اور اپنے امام کی اخلاقیات کو اپنائے اپنی مشکلات میں آپؑ سے مدد طلب کرے، تمام حالات و واقعات میں آپ کو مددگار مانے اور آپؑ سے فریاد کرے۔ غرض یہ کہ مومن کو چاہئے کہ اپنے ایمان کی تکمیل اور دنیاوی اور اخروی زندگی میں کامیابی کیلئے اپنے امام سے متوسل رہے۔ اللہ سبحان و تعالیٰ نے ہمارے لئے تمام امور کائنات امام وقت کے سپرد کر دیئے ہیں ان کی ذات سے دوری میں انسان کیلئے خسارہ ہے۔



جعلی ایپلی کیشن سے ہوشیار! اصلی امامیہ جنتری کی ایپ انسٹال کرنے کے لئے امامیہ جنتری کا آفیشل موبائل ایپ سرچ کریں۔ امامیہ جنتری کا آفیشل موبائل ایپ پلے اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

www.shiaqurantutors.com

# فضیلت وخواص درور (صلواۃ)

سیّد مبارک حسین کاظمی
R-31 فیز II ڈیلکس گارڈن،
ابوالحسن اصفہانی روڈ کراچی

## اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

☆ قرآن پاک میں سورہ احزاب آیت نمبر 55 میں ایمان والوں کو رب کائنات نے حضرت محمد ﷺ پر درود پڑھنے کا حکم صادر فرمایا ہے۔

☆ قرآن مجید میں ہے کہ خدا اور فرشتے رسول خدا ﷺ پر درور بھیجتے ہیں۔ اے مومنین تم بھی ان پر درود بھیجو۔ ☆ جناب رسول خدا ﷺ فرماتے ہیں کہ جو کوئی مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جو کوئی مجھ پر 100 مرتبہ درود بھیجتا ہے پروردگار عالم اس پر کبھی جہنم میں عذاب نہیں کرے گا۔ ☆ جناب رسول خدا ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ قیامت کے دن زیادہ قرب مجھ سے اس شخص کا ہوگا جو دنیا میں مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہوگا۔

☆ ارشاد فرمایا رسول خدا ﷺ نے جو شخص روزانہ 100 مرتبہ درود پڑھے اسکی سو حاجتیں پوری کی جائیں گی جس میں 30 دنیا میں باقی آخرت میں ہوں گی۔ ☆ حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ جب دو مسلمان مصافحہ کرتے وقت درود پڑھتے ہیں تو انکے جدا ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ ان کے سب گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ ☆ حضور ﷺ نے فرمایا بڑا بخیل ہے وہ جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔

☆ رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا جمعہ کے روز مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو وہ مجھے بطور خاص پیش ہوتا ہے۔ ☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک روز جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ علیؑ جبرائیل نے تعجب کے ساتھ مجھ کو ایک خبر دی کہ میرا امتی جب مجھ پر درود بھیج کر میرے اہلبیت علیہم السلام پر بھی درود بھیجتا ہے تو حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اسکے لیے آسمان کے دروازے کھول دیتا ہوں اور فرشتے اس پر 70 مرتبہ درود بھیجتے ہیں۔ ☆ درود شریف پڑھنے والے کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائیگا، ☆ درود شریف ہر مرض کی دوا ہے۔ ☆ درود شریف کا ورد گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ اور انسان رنج و غم سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ جمعے کے دن 200 مرتبہ درود پڑھنے سے 200 سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ ☆ فرمایا حضرت محمد ﷺ نے آگ اثر نہ کر سکے گی اس پر جو مجھ پر درود بھیجے گا۔ ☆ فرمایا حضرت محمد ﷺ نے مجھ پر جو درود بھول گیا اس نے جنت کی راہ گم کر دی۔

☆ درود شریف پڑھنے والے قیامت کے دن حوض کوثر سے پانی پئیں گے۔ ☆ درود شریف پڑھنے والے پل صراط سے آسانی سے گزر جائیں گے۔ ☆ اگر کوئی رات کو 14 مرتبہ درود پڑھ کر سوئے گا اسکو خوب نیند آئے گی۔ ☆ اگر کوئی شخص جب صبح بیدار ہو تو 100 مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجے تو اسکو اس دن کوئی پریشانی نہ ہوگی اور کسی موذی مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔ ☆ اگر کسی کے کان میں درد ہو تو 5 مرتبہ درود پڑھ کر مریض کے کان پر دم کریں ان شاء اللہ درد ختم ہو جائیگا۔ ☆ درود کے بغیر کسی بھی فرقے کی نماز مکمل نہیں ہوتی۔ ☆ درود پاک روزی کی چابی ہے اور دعا قبول ہونے کا ذریعہ ہے۔ ☆ درود سے انکار کرنے والا دوزخ کے پست ترین مقام کا حقدار ہے۔ ☆ درود بیماریوں کا علاج ہے۔ ☆ جب تک دعا کے اول و آخر میں درود نہ پڑھا جائے تو دعا زمین اور آسمان کے درمیان معلق رہتی ہے۔ ☆ فرمایا رسول خدا ﷺ نے جو شخص صبح و شام 10-10 مرتبہ مجھ پر درود بھیجے قیامت کے روز اس شخص کے لیے میری شفاعت واجب ہوگی۔ ☆ دنیا اور آخرت کی تکلیفوں سے نجات پانے کے لیے درود شریف سے بڑھ کر کوئی علاج نہیں۔ ☆ درود شریف پڑھنے والے قیامت کے روز حضور ﷺ کے ساتھ مصافحہ کریں گے۔

☆ اگر کوئی شخص 11 مرتبہ درود پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرے گا تو اسکو آنکھوں کی بیماری نہ ہوگی۔ ☆ جب کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھؐ پر درود پڑھو ان شاء اللہ یاد آجائے گی۔ ☆ انس سے مروی ہے کہ حضرت رسول خدا ﷺ نے فرمایا جو کوئی مجھ پر ایک مرتبہ صلواۃ بھیجے گا اس پر ملائکہ صلواۃ بھیجیں گے اور اس پر خدا بھی صلواۃ بھیجے گا اور جس پر خدا صلواۃ بھیجے گا اس پر تمام آسمانوں کی مخلوق صلواۃ بھیجے گی۔



Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally

www.shiaqurantutors.com

خود آگاہی

# نفس کا کٹہرا

علی سلطان
(لائف کوچ)

03 111 888 668 —— imamiajantriofficial@gmail.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دین اسلام کیا ہے؟ وہ دین جو تمام انسانیت کیلئے آیا تھا، اس کے اندر ہم مسلمانوں کو اصول دین اور فروع دین بتائے گئے ہیں اور مسلمان نماز کے اندر دعا کرتا ہے۔ اھد النصراط مستقیم" اے میرے رب مجھے سیدھے راستے کی ہدایت دے۔ تو اس حقیر کی دعا قبول ہوئی اور پھر جو ماحاصل تھا وہ ہے تزکیہ نفس۔ پارہ نمبر 30 سورۃ الاعلیٰ 87 یقیناً فلاح اُس نے پائی جس نے اپنا تزکیہ کیا (14)۔ اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرتا ہے اور پابند صلوٰۃ رہا (15)۔ مگر تم تو حیات دنیا ہی کو ترجیح دیتے ہو (16) حالانکہ آخرت بہتر ہے اور باقی رہنے والی ہے (17) بے شک یہی بات یقیناً پہلے صحیفوں میں بھی ہے (18) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں بھی ہے (19) ذرا اس آیت کا مطالعہ کریں۔ پارہ نمبر 18، سورۃ المومنون (23) مگر لوگوں نے اپنے دین کو آپس میں ٹکرے ٹکرے کر دیا (فرقے بنالئے) ہر فرقہ نازاں ہے جو کچھ اس کے پاس ہے۔ 53 اس آیت کا اطلاق ہر مذہب اور ہر فرقہ کے لوگوں پر ہوتا ہے جو شخص جس مذہب اور جس فرقہ میں پیدا ہوا ہے وہ اس میں مر جاتا ہے۔ اس آیت کا اطلاق ہم مسلمانوں پر بھی ہوتا ہے۔ جب آپ کسی سے پوچھیں کہ ہمارے اندر وسوسے کون ڈالتا ہے تو سب لوگوں کا ایک ہی جواب ہوتا ہے "شیطان" مگر جناب پارہ نمبر 26، سورۃ ق 50 اور بے شک ہم نے انسان کو خلق کیا ہے اور ہم خوب علم رکھتے ہیں جو کچھ اس کا نفس اُس کے (دل) میں وسواس ڈالتا رہتا ہے (16)

پارہ نمبر 5 سورۃ النساء 4 جو بھی بھلائی تجھے پہنچتی ہے وہ اللہ کی طرف سے ہوتی ہے، اور جو بھی برائی تجھے پہنچتی ہے وہ تیرے نفس کی طرف سے ہوتی ہے۔ (79) پارہ نمبر 20 سورۃ القصص 28

اور اس سے زیادہ گمراہ کون ہے جو اللہ کی طرف سے ہدایت کے برعکس اپنے ہوائے نفس کی پیروی کرتا ہے (50) پارہ نمبر 28 سورۃ الحشر 59

اور جو اپنے نفس کے لالچ (وحرص) سے بچائے گئے۔ پس وہی تو فلاح پانے والے ہیں۔ (9) پارہ نمبر 6 سورۃ المائدہ 5

اور تو ان میں سے اکثر کو گناہ اور سرکشی کی جانب لپک کر جاتے ہوئے اور حرام خوری کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ اور کیا ہی برے اعمال ہیں جو وہ کرتے ہیں۔ (62) اُن کو اللہ والوں نے اور عالموں نے ان کے گناہوں کے قول سے، اور ان کی حرام خوری سے کیوں منع نہ کیا؟ اور کیا ہی بری کارکردگی تھی جو انہوں نے کی (63)

اور جب ہم حرام خوری یا کوئی اور دوسرا گناہ کرتے ہیں تو ہم لوگوں کے نفس پر غفلت ولاشعوری کے حجاب پڑ جاتے ہیں اور ہر گناہ کے کرنے پر وقت کے ساتھ ساتھ وہ حجاب دبیز ہو جاتے ہیں اور پھر ہمیں کچھ دکھائی نہیں دیتا اور ہم اس دلدل میں پھنستے چلے جاتے ہیں۔ جناب ہم اس معاشرے کو ٹھیک نہیں کر سکتے مگر ہم خود اس لعنت سے پرہیز کر سکتے ہیں۔ ہمیں طرح طرح سے یقین دلایا جاتا ہے کہ ماشاءاللہ ہم تو اللہ پر اس کے رسولؐ پر اور قرآن پر یقین رکھتے ہیں اور جنت ہماری جاگیر ہے۔ ذرا ہم جنت بنانے والے سے پوچھتے ہیں کہ جنت میں کون جائے گا۔

پارہ نمبر 13 سورۃ الرعد 13۔ اور جو برائیوں کا دفاع نیکیوں سے کرتے ہیں (یعنی برائیوں کا بدلہ نیکیوں سے دیتے ہیں) وہی تو ہیں جن کیلئے آخرت کا گھر ہے (22) پارہ 16 سورۃ طٰہٰ 20

وہ ہمیشگی والے باغات میں رہیں گے، جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور یہ جزا ان کی ہے جنہوں نے اپنا تزکیہ کیا (76) پارہ 18 سورۃ الفرقان 25۔ یا ہمیشہ کی جنت جس کا وعدہ متقین سے کیا گیا ہے (15)

پارہ نمبر 19، سورۃ الشعراء 26۔ سوائے اس کے جو اللہ کے پاس قلب سلیم لے کر آئے گا۔ (89) پارہ نمبر 20 سورۃ القصص 28۔

پارہ نمبر 22 سورۃ الاحزاب 33 اس آیت میں لمبی فہرست ہے آپ خود پڑھ لیں مگر جس خاص بات کی طرف اشارہ ہے وہ یہ ہے۔ "اور منکسر المزاج مرد اور منکسر المزاج عورتیں اللہ نے ان کیلئے مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے"۔ (35) پارہ نمبر 30 سورۃ النازعات 79 اور وہ جو اپنے رب کے آگے کھڑا ہونے سے ڈرا۔ اور اپنے نفس (امارہ) کو خواہشات سے ٹوکا۔ (40) پس بالتحقیق اس کا ٹھکانہ جنت ہے۔ 41

آپ حضرات کیلئے آیات پیش کر دی گئی ہیں آپ خود دیکھ لیں کہ آپ کس آیت کے تحت جنت میں جا رہے ہیں۔



www.shiaqurantutors.com

روشنی

# انسان، نفس اور روح

آغا حسنین احمد
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم !22 سال کی تحقیق کے بعد میں یہ مضمون قارئین امامیہ جنتری کی نظر کر رہا ہوں۔ امامیہ جنتری میں میرے شائع ہونے والے مضامین کی وجہ سے آج میرا رابطہ پاکستان، سعودی عرب، دوبئی، امریکہ، کویت، عمان، جنوبی افریقہ کینیڈا، فرانس، انگلینڈ، ڈنمارک، جرمنی، اٹلی، ناروے ہالینڈ، اور ایران کے ہزاروں کرم فرماؤں سے ہے۔ جن کی فرمائش مختلف موضوعات پر لکھنے کی ہوتی ہے مگر میں امامیہ جنتری کے لیے اسی مضمون پر قلم اٹھاتا ہوں جس کا تعلق روحانیت سے ہو، اور اپنے ہر مضمون میں شان محمدؐ وآل محمدؐ اجاگر کرنے کی سعی کرتا ہوں جس کی جزا رب رحمٰن ورحیم مجھے اسی جہان میں عطا کر چکا ہے۔

اہل سخن واہل قلم کے لیے انسان نفس اور روح ہمیشہ سے مشکل ترین موضوعات رہے ہیں اور یہ موضوعات چند صفحات جنتری کی حدود سے بالا ہیں۔ جب بھی لفظ انسان کا ذکر ہو تو لازماً آدمی، بندہ بشر اور فرد کے الفاظ بھی مفکرین کے ذہن میں ضرور آتے ہیں اور ان الفاظ کے مراتب پر ضرور نظر کرتے ہیں۔

انسان کا مصدر انس ہے یعنی محبت رکھنے والا، اخلاق سے آراستہ، انسان کی جمع اناس جیسے یَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ (القرآن)

ایک دن بروز محشر ہم تمام انسانوں کو بلائیں گے اُن کے اماموں کے ساتھ۔ انسان کی دو اقسام مشہور ہیں ☆انسان ناقص ☆انسان کامل۔۔۔۔ آدمی کا مصدر آدمؑ ہے لہٰذا حضرت آدمؑ کی جملہ اولاد آدمی کہلاتے ہیں ان میں اچھے بھی ہیں اور بُرے بھی۔ ان میں سے کچھ احترام آدمیت میں مست ہیں اور کچھ تذلیل آدمیت میں بدمست ہیں۔ آدمی ہمیشہ خاکی انسان کو کہتے ہیں جس میں کئی عیب ہو سکتے ہیں اسکو بہشت کا شجر ممنوعہ راس نہ آیا۔ کچھ آدمی وحشی کی مثل بن جاتے ہیں، آدمی مطلب میں اندھا ہو جاتا ہے آدمی اناج کا کیڑا کہلاتا ہے، آدمی پانی کے بلبلے کی مثل ہے یعنی کئی دم کی زندگی رکھتا ہے آدمی ہمیشہ ٹھوکر کھا کر سنبھلتا ہے۔ آدمی ہی آدمی کی صحبت میں خراب ہوتا ہے آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے آدمی کے ساتھ محاورۃً (الو، جانور، اور گھن چکر) جیسے بُرے الفاظ اسکے کردار کے مطابق استعمال ہوتے آئے ہیں۔

**لفظ بندہ** غلام، نوکر، ملازم، نیازمند، خاکسار انسان، بشر، آدمی، عابد، زاہد، سر جھکا دینے والا، حکم ماننے والا کے لیے ہیں، محاورتاً بندہ بشر ہے کا مفہوم یہ ہے کہ سہو اور خطا انسان کی فطرت میں ہے یعنی بشر، خطاکار انسان کے لیے مخصوص لفظ ہے۔

**بشر** بشرۃ کھال کی ظاہری سطح کو کہتے ہیں اور ارمۃ باطنی سطح کو!

بشرۃ کی جمع بشر اور ابشار آتی ہے انسان کو بشر اسی لیے کہتے ہیں کہ حیوانات میں کسی کی کھال اون سے ڈھکی ہوتی ہے اور کسی کی بالوں سے۔ مگر انسان کی کھال سب حیوانات کے برخلاف کھلی ہوتی ہے اسی لیے قرآن نے انسان کے ظاہری جسم اور جثہ کو بشر سے تعبیر کیا ہے چودہ صدیاں گزر جانے کے باوجود اہل اسلام اپنی آنکھ کے ڈھیلے میں موجود ایک سینٹی میٹر کے ہزاویں حصہ دائرہ نور اور اپنے بشری وجود کی ماہیت تو جان نہ جا سکے البتہ لائق درود محمد مصطفیٰ ﷺ احمد، مجتبیٰ حامد، قاسم، عاقب، فاتح، رشید، منیر، بشیر، نذیر، ہادی، رسول، نبی، طٰہٰ، مزمل، مدثر، شفیع خلیل، کلیم، حبیب، مختار، ناصر، منصور قائم، حافظ، شہید، عادل، حکیم، نور، حجۃ، برہان، مومن، مطیع، واعظ، امین، صادق، ، مصدق، ناطق، مکی، مدنی، عربی، ہاشمی، حجازی، قریشی، امی، عزیز، روف، رحیم، یتیم، غنی، جواد، فتاح، عالم، طیب، طاہر، مطہر، خطیب، فصیح، سید، متقی، امام، متوسط، سابق، مہدی، حق، مبین، اول، اور قریب، منیب طٰسٓ حٰمٓ، حسیب، شاہد، مبشر، ولی، متین، مصباح، مکرم، کریم، عبداللہ، رسول الراحت، نبی رحمت، خاتم النبیینؐ رحمۃ للعالمین کو اپنے جیسا بشر کہہ ڈالا اور دلیل میں قرآن کی آیت لائے۔ القرآن پارہ نمبر 16 سورۃ کہف آیت نمبر 110

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ

ترجمہ: اے میرے رسول ﷺ کہہ دیجئے ماسوا اسکے نہیں کہ میں تمہاری مثل بشر ہوں؟ مگر میری طرف تو وحی آتی ہے بجز نہیں کہ تمہارا معبود یکتا معبود ہے۔

آیت میں لفظ مِثْلُكُمْ استعمال ہوا ہے مَثَلُكُمْ بھی قرآن میں آیا ہے چند صفحات جنتری میں مِثْلُكُمْ اور مَثَلُكُمْ کی وضاحت ممکن نہیں البتہ آیت مذکورہ میں مِثْلُكُمْ نہیں ہے یعنی میں تم میں سے بشر ہوں،



Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally
www.shiaqurantutors.com

نہیں ہے مثل کسی چیز کا عین ہوتا مثلاً پارہ نمبر 6 سورۂ مائدہ 31 کی آیت میں کوے کو مثل کہا گیا ہے تو کیا قابیل کوے کی طرح چونچ اور کالے پر رکھتا تھا؟ ہر گز نہیں ۔ پارہ 28 سورۂ جمعہ کی آیت میں توریت کا علم نہ اٹھانے والوں کو گدھے کی مثل کہا گیا حالانکہ وہ تو نہ گدھے جیسے کان، جسم کھال رکھتے تھے نہ گدھے کی طرح ڈھینچوں ڈھینچوں کرتے تھے۔ پارہ نمبر 6 سورۂ اعراف آیت 22 کی آیت میں بلعم باعور کو کتے کی مثل کہا گیا حالانکہ وہ انسان تھا۔ پارہ 16 سورۂ مریم کی آیت 17 حضرت مریمؑ کے پاس جبرائیل مثل بشر آئے ان فرشتوں کو بھی آج تک بشر نہ کہا گیا۔

نفسیات قرآن یہ ہے کہ جہاں جہاں بھی لفظ قل استعمال ہوا ہے وہاں خدا کی غیرت گوارہ نہیں کرتی وہ کافرین، مشرکین منافقین، مفسدین، منکرین سے خود خطاب کرے بلکہ وہاں نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہا جاتا ہے قُل ان سب سے آپ کہہ دیں تو غیرت خداوندی کس طرح گوارا کرے گی کہ وہ بزبان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔۔۔۔۔ کافرین، مشرکین، منافقین کو کہلوائے کہ میں تمہاری طرح کا بشر ہوں ۔ بلکہ یہاں یوں ہے کہ اے میرے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہہ دیجئے ماسوائے اس کے نہیں کہ میں تمہاری طرح بشر ہوں؟ میری طرف تو وحی آتی ہے یعنی میں تمہاری طرح بشر ہوں استفہامیہ ہے امید قوی ہے عمیق غور کرنے سے علمائے حق میری اس تشریح تک ادراک کریں گے۔ عبد بندہ، غلام، عبدیت، بندگی، اطاعت، بندگی، خدا کی، نماز پڑھنا، اطاعت کرنا، عبد کی جمع عباد ہے اور عابد کی جمع عُباد ہے

پارہ نمبر 29 سورۂ جن آیت نمبر 19 **وانه لما قام عبد الله يدعوه كادو يكونون عليه لِبَدًا** اور یقیناً جب اللہ کا عبد (محمدؐ) کھڑا ہو کر اسے پکارتا ہے قریب ہے کہ وہ ہجوم کر کے اسے گھیر لیں اور یہیں کی آیت نمبر 26 کا ترجمہ: وہ غیب کا جاننے والا ہے پس وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا۔ سوائے اس کے جسے اپنے رسولؐ میں سے مرتضیٰ کی پس وہ یقیناً اس کے آگے اور اسکے پیچھے نگہبان چلا دیتا ہے۔

پارہ سبحٰن الذی 15 سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر 1 سبحٰن الذی تا بصیر پاک ہے وہ ذات خدا جس نے سیر کرائی اپنے عبد (محمدؐ) کو رات کے ایک حصہ میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جن کا ماحول ہم نے بابرکت بنایا تا کہ اس عبد کو اپنی نشانیوں میں سے کچھ دکھائیں یقیناً وہ بہت سننے والا ہے (معراج النبیؐ) ۔۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے جیسا بشر کہنے والوں! ذرا تم زمین سے دو سو میل اوپر جا کر دیکھو کہ سانس بند ہو کر دھڑام سے نیچے گرو گے تو ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے ایک بشر کی کیا مجال کہ سدرۃ المنتہیٰ سے آگے تک جا پہنچے جہاں جبرائیل کی پرواز بھی رک جائے۔ لہٰذا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے عبد تو ہیں مگر ان کو بشر نہ کہو نہ سمجھو البتہ آپ اور ہم بشر ہیں اور بشری تقاضوں کے حامل ہیں۔

**روح** اے رسول لوگ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں آپؐ کہہ دیجئے کہ روح میرے رب کا ایک امر ہے اور تم کو اسکے متعلق بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔ (پارہ 15 سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر 85)۔۔ انتہائی کم علمی کی وجہ سے ہم روح کی حقیقت بیان کرنے سے قاصر ہیں لیکن اس قدر ضرور جاننا چاہیئے کہ روح بدن مادی اور بدن نفسی کی طرح کوئی صورت نہیں رکھتا ہے جس کے تمام تر اثرات وجود نفسی پر ہوتے ہیں پورے قرآن میں روح کی جمع ارواح صرف دو مقامات پر مذکور ہے ورنہ ہر جگہ روح ہی مذکور ہے۔ روح سورج سے زیادہ روشن برف سے زیادہ پاکیزہ ایتھر سے زیادہ لطیف ہوتی ہے کائنات کے اسرار میں روح تا حال سب سے مخفی راز ہے جس کے ادراک سے عقل انسانی قاصر ہے فلاسفروں نے تو کیا کہنا تھا انبیاء علیہم السلام اور راسخون فی العلم بھی صرف اتنا فرما کر خاموش ہو گئے کہ روح امر ربی ہے۔ چونکہ یہ کائنات کبھی بھی امر الٰہی سے خالی نہیں رہی۔ اسی لیے موالیان حیدر کرارؑ کے بارھویں امام صاحب الامر کا ظہور امر ربی تک بقایا ہے حضرت جبرائیل کو روح الامین امانت دار روح کا لقب ہے اور روح القدس خدا پاک کی وہ پاک روح یا پاک امر جو بی بی مریمؑ میں پھونکی گئی حضرت عیسیٰؑ ہیں۔ حضرت عیسیٰؑ کو روح اللہ بھی کہا جاتا ہے۔ صاحب الامر کا بین ثبوت یہ ہوگا کہ روح القدس اور روح اللہ حضرت عیسیٰ ہمارے امام آخر الزمانؑ کی اقتداء میں نماز پڑھیں گے۔ پاک صاف مقدس روح سے متعلق علوم کو روحانی کہتے ہیں اور روحی قوت یا خاصیت سے متعلق امور کو روحانیت کہا جاتا ہے۔

**نفس** (القرآن)۔ تمام سانسوں نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے یہ نہیں کہا کہ تمام انسانوں، آدمیوں، بندوں، جسموں، بشر یا عباد نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے بلکہ ذائقہ موت ہر سانس کے لیے مخصوص کیا گیا۔ پانی کے بھرے گلاس میں سے چکھنا اور پانی کا بھرا گلاس پورا پی جانے میں بہت فرق ہے۔ ہر سانس کا موت کا ذائقہ چکھنے سے یہ مفہوم عیاں ہوتا ہے کہ ہم نے پھر بھی زندہ ہونا ہے جس کو محشر کہتے ہیں اور محشر ہی کے متعلق خالق کائنات نے فرمایا کہ ہم بلائیں گے تمام انسانوں کو ان کے اپنے اپنے امام کے ساتھ (القرآن) محبان محمدؐ و آل محمدؐ کو یہ فخر حاصل ہے کہ ان کا ایمان ایسے اماموں پر ہے جو معصوم اور مخصوص من اللہ ہیں۔

04237155253 ✦ 0300-5411734



www.shiaqurantutors.com

# مسئلہ کیا ہے؟

# عورتوں کے صاحب اولاد نہ ہونے کے اسباب

مخدوم
سید مبارک علی شمسی
(روحانی سکالر)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک روز حضرت سلیمان علیہ السلام تخت پر براجمان تھے کہ دریں اثنا عقمیہ عورتیں باہم اکٹھی ہو کر آپؑ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ اے پیغمبر خدا! اللہ کے واسطے ہمیں بتائیں کہ ہمارے ہاں اولاد کیوں نہیں ہوتی، تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ پریوں سے پوچھا جائے جب پریاں حاضر ہوئیں تو اُن سے پوچھا گیا (سوال کیا گیا) کہ عقمیہ (بانجھ عورت) عورتوں کے ہاں اولاد کیوں نہیں ہوتی تو پریوں نے دست بستہ عرض کی کہ اے اللہ کے پیغمبرؑ مذکورہ بالا خواتین کے ہاں اولاد نہ ہونے کی 7 وجوہات ہیں جن کی بنا پر ان کے ہاں حمل قرار نہیں پاتا اور اولاد جیسی نعمت سے محروم رہتی ہیں۔ وہ سات وجوہات درج ذیل ہیں۔ ① عورت کے رحم کا منہ پھرا ہوا ہوتا ہے جس کی وجہ سے نطفہ اپنی جگہ پر نہیں رہتا۔ ② عورت کے رحم میں ہوا بھری ہوتی ہے جس کی وجہ سے نطفہ کو اپنی جگہ کا راستہ نہیں ملتا۔ ③ عورت کے رحم کے منہ میں گوشت زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کے رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے تخم اندر نہیں جاتا۔ ④ عورت کے رحم میں کیڑے پڑے ہوتے ہیں جو تخم کو نگل جاتے ہیں ⑤ عورت کے رحم میں گرمی (Heat) ہوتی ہے جس کی وجہ سے خون رحم میں مل جاتا ہے جس کے باعث نطفہ ٹھہر نہیں پاتا۔ ⑥ عورت کے رحم میں سردی ہوتی ہے جس کی وجہ سے تخم مکمل طور پر نشوونما نہیں پا سکتا۔ ⑦ عورت پر آسیب، دیو، بھوت، پریت اور ڈائن وغیرہ کا سایہ ہوتا ہے۔ جو تخم کو ضائع کر دیتے ہیں اور عورت کو دوروں کی صورت میں بےہوش کر دیتے ہیں۔

جب پریوں نے اپنی بات مکمل کر لی یعنی بتا چکیں تو حضرت سلیمانؑ نے فرمایا کہ کس طرح پتا چلے گا کہ کون سی علامات ہے تو پریوں نے عرض کیا کہ جس وقت مرد عورت سے ہمبستری کرتا ہے تو اس دوران اگر عورت کا سر درد کرے تو رحم پھرا ہوا ہوتا ہے، اگر اس وقت عورت کا منہ کانپے تو جان لینا کہ عورت کے رحم میں ہوا بھری ہوئی ہے۔ اگر مجامعت کے دوران ہڈیوں میں درد ہو تو محسوس کر لیجئے کہ رحم کا گوشت زیادہ ہے۔ اگر پاؤں کی پنڈلیاں درد کریں تو سمجھ لینا کہ عورت کے رحم میں کیڑے پڑے ہوئے ہیں۔ اگر میاں بیوی کے ملاپ کے دوران کسی بھی جگہ درد نہ ہو تو پھر عورت کو دیو، پری، بھوت، پریت، ڈائن اور آسیب ہوگا **علاج** بانجھ عورتوں کی مندرجہ بالا سات وجوہات کا علاج بہت ہی توجہ طلب ہے۔ کیونکہ ایسی خواتین کو روحانی علاج کیساتھ ساتھ جسمانی (طبی) علاج کی اشد ضرورت ہوتی ہے لہٰذا ان سات علامات کی مرتکب خواتین اگر اپنا علاج کروانے کی خواہش مند ہیں تو فوری طور پر رابطہ کریں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ بحق محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمد علیہم السلام انہیں اولاد نرینہ عطا فرمائے۔ آمین

## طبی علاج درج ذیل ہے

: اگر رحم کا منہ الٹا ہو تو دانہ پنبہ زہرہ مرغابی دونوں کو ایک جگہ پر گھسائیں اور شافہ بنا کر تین یوم تک شافہ رکھیں اور پھر خاوند کے ساتھ مجامعت کریں۔ ☆ اگر رحم میں ہوا بھری ہو تو انگوزہ یعنی ہینگ خالص کو تلوں کے ساتھ ملا کر حیض کے بعد تین روز تک شافہ بنا کر رحم میں رکھیں۔ ☆ اگر رحم کا گوشت زیادہ ہو تو زیرہ سفید اور ہاتھی کے ناخن روغن زرد میں ملا کر حیض کے بعد تین روز تک بطور شافہ استعمال کریں ☆ اگر عورت کے رحم میں کیڑے پر گئے ہوں تو صابن کا پانی بچی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لاز | و | لا | د | د | د |
| د | ر | ده | روپ | ب | و |
| ر | ت | دو | ساھی | ب | ت |
| و | لاد | دط | ع | ط | ے |

اور ہلیلہ بلیلہ کا شافہ بنا کر تین دن تک رحم میں رکھیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم حمل قرار پائے گا۔ ☆ اگر آسیب، دیو۔ پری بھوت، اور پریت وغیرہ حاوی ہوں تو یہ نقش مشک وزعفران سے لکھ عورت کی کمر میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حامل ہوگی۔ **نوٹ** نقش خود تیار کرنے سے پہلے اسکی زکوۃ دینا لازم ہے ورنہ یہ کارگر نہ ہوگا۔ اگر کوئی یہ نقش اور شافہ جات خود تیار نہ کر سکتا ہو تو وہ ہدیہ بھیج کر دونوں چیزیں ہم سے منگوا سکتا ہے۔، ہدیہ نقش 2250۔ قیمت ہمہ شافہ جات مارکیٹ میں ادویہ کی قیمتوں کے مطابق بتائی جائے گی

03 111 888 668

شہادت امام حسن عسکریؑ امام بارگاہ قصر ابوطالبؑ ونڈ شاہ بلاول ضلع چکوال۔ کیپٹن سید علی اصغر شاہ ہمدانی 0543-482053



www.shiaqurantutors.com

انکشاف

# مرگی کا علاج

عابس شعیب (ایڈووکیٹ)
(ماہر روحانیت)
03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! قارئین آپ کی خدمت میں مرگی کے علاج کے لیے چند مجرب اور آزمودہ عمل لیکر حاضر ہوں۔ مرگی کے مریض استفادہ حاصل کریں اور مجھ حقیر اور ٹیم امامیہ جنتری کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

❁ 3 بار پڑھ کر مرگی والے کے کان میں دم کریں
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ المص طسم المص يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ حمعسق نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ

❁ پیشانی پر 5 بار لکھے ن و ر

❁ مرگی والے کو چاہیے اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر آیت الکرسی پڑھے

❁ (i) مرگی والے پر سورہ حمد، فلق، الناس پڑھ کر پانی چھڑکیں۔
(ii) آیت شفا پڑھ کر دم کریں وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا (۸۲)

❁ سفید مرغ کے خون میں لکھ کر بروز منگل مریض کے گلے میں ڈالیں

طلسم



❁ دائیں ہاتھ میں باندھیں۔ طلسم



❁ موم جامہ کرکے گلے میں پہنے۔
رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ o رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (۸۳) رَبِّ اَنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ (۹۷) وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ (۹۸)

❁ تانبے کی تختی پر طلوع سورج کے نصف گھنٹہ تک بروز اتوار ساعت شمس ایک طرف یہ عبارت کندہ کریں
(i) يَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَهَّارُ
دوسری طرف یہ عبارت کندہ کریں
(ii) يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ

**پرہیز** مچھلی، انڈہ، دودھ، دہی، گوشت بڑے سے پرہیز کریں۔

**نوٹ** جس روز پہنے حسب طاقت کھانا پکا کر غریبوں مسکینوں کو کھلائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ❁ | ۱۰ | ۳ | ۸ |
| یا قوی العزیز | ۵ | ۷ | ۹ |
| | ۶ | ۱۱ | ۴ |

❁ نیل کی ڈلی سے نقش لکھیں ان شاءاللہ مریض کو صحت ہوگی۔ موم جامہ کرکے بازو پر باندھیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَثْبُوْتًا ثُبُوْتًا سَعْيًا هَمًّا يَدُّوْسُ قُدُّوْسُ اَنَّهٗ عِلْمُوْنَ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

❁ بے داغ سفید مرغ ذبح کرکے خون چینی کے پیالے میں نکال کر کانے کی نئی قلم بنا کر سورج نکلنے سے پہلے تعویذ لکھے اور اسی وقت تانبے کے تعویذ میں بند کرکے نابالغ لڑکی سے چودہ تار سوت کے کٹوا کر گلے میں ڈال دیں۔ (مکمل پرہیز کرے جو اوپر درج ہے) تعویذ لکھنے والا بیمار نہ ہو روزہ سے ہو تانبے والا سب روزہ سے ہوں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا غَيَاثِیْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَيَا مُجِيْبِیْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ يَا رَجَائِیْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيْلَتِیْ ط

**دیسی علاج** بعد از ختم دورہ۔ امرت دھار سر پر لگائیں، خمیرہ گاؤ زبان عنبری۔ عود صلیب جدوار 1/2 چمچ صبح شام۔ اطریفل اسطخدوس 1/2 چمچ صبح شام۔ قبض کی شکایت میں اطریفل زمانی ایک چمچ ہمراہ شیر گاؤ

**پرہیز** چمک بجلی، پانی وغیرہ۔ بادلوں کی گرج کی آواز نہ سننے پائے، زیادہ بلندی والی عمارت۔ پہاڑ پر جانے سے پرہیز۔ آگ یا نہر دریا کے نزدیک سے نہ جائے۔ گرم سرد چیزوں دواؤں سے پرہیز۔ کافی اور چائے بہت ہی کم پیئے وغیرہ وغیرہ۔

0344-4514572 ... ✦ ... 29



www.shiaqurantutors.com

زندگی خوبصورت ہے

# طب قدیم میں علم نجوم کی اہمیت

سائرہ ممتاز
(ایسٹرو ہربلسٹ)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

طب کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنی کہ انسانی تاریخ قدیم ہے۔ زمانے کی بڑھتی ضروریات اور روز بروز ترقی کرتی عقلِ انسانی نے زندگی کو ارتقاء کے راستے پر گامزن کیا ہے اور باقی علوم وفنون کے ساتھ ساتھ علم طب نے بھی بتدریج ترقی کے مدارج طے کیے ہیں۔ تاریخ طب اسی ارتقائی تسلسل کا نام ہے ہر انسان کے بدن میں عناصر کی ترتیب وتعمیر مختلف رکھی گئی ہے۔ انسان جنس اور قوم کی بنیاد پر بھی الگ الگ اقوام اور مزاج رکھتے ہیں، اب ان عناصر خمسہ کی تھیوری کا ماخذ سمجھ لیتے ہیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ خدا نے کُن کہہ کر یہ کائنات خلق کی ہے اور اسی کُن کو سائنسی زبان میں بگ بینگ کہا جاتا ہے۔ اس بگ بینگ نے جس مادے کو جنم دیا آج یہی مادہ اس کائنات کی رگوں سمیت انسان کے گوشت پوست کا حصہ ہے۔ وہی نائٹروجن، آکسیجن، فاسفورس، یعنی ہمہ اقسام عناصر جو مختلف سیارگان کا حصہ ہیں وہی انسانی بدن میں بھی پائے جاتے ہیں آپ کے سامنے ایک بہترین مثال سورج کی روشنی سے حاصل ہونے والا وٹامن ڈی ہے جو ہمارے استخوانی نظام کی مضبوطی کا اہم ذریعہ ہے اسی طرح دیگر اجسام فلکی بھی زمین اور زمین زادوں پر اپنی شعاعوں کے اثرات بہ حکم خدا مرتب کرتے ہیں اور اسی سے زندگی کا سلسلہ دراز ہوتا چلا جاتا ہے۔ ان اثرات کی کواکب کی پوزیشن اور ڈگریز کے فاصلے وغیرہ دیکھنے اور اثرات کا مشاہدہ کرنے کا علم ایسٹرولوجی یا علم نجوم کہلاتا ہے۔ آیورویدا کی تاریخ ویدک دور کے زمانے سے شروع ہوتی ہے اور دھنونتری دیوتا کو اس کا سب سے پہلا عالم تسلیم کیا گیا ہے۔ اس سے قبل لکھے جانے والے رگ وید میں بھی بیماریوں کی اقسام اور مختلف نباتات کے متعلق منتروں میں تفصیلات بتائی گئی ہیں۔ طب یونانی میں قبض اور نظام انہضام کی خرابی کو اُم الامراض کہا گیا ہے تو شاید یہ اتنا غلط بھی نہیں ہے۔ آج ہم آپ کو ویدک ایسٹرولوجی کی رو سے ان بیماریوں کی وجوہات بتائیں گے۔ ویدک ایسٹرولوجی اور آیورویدک طب لازم وملزوم ہیں۔

تیزابیت یا ایسڈ ریفلکس یا اس سے ملتے جلتے ناموں والے کئی امراض اس وقت دنیا بھر کے لوگوں کو متاثر کر رہے ہیں۔ یہ امراض پیٹ اور معدے یا نظام انہضام سے تعلق رکھتے ہیں۔ دنیا بھر میں غذائی عادات کے بگاڑ نے انسانیت کو جو سب سے بڑا "تحفہ" دیا ہے وہ خراب نظام انہضام، ایسڈ ریفلکس، ڈائریا، قبض، بلوٹنگ، السر، تیزابیت اور سینے میں جلن ہے۔ معدے کی بہت سی تکالیف کا سبب وات دوش ہوتا ہے یعنی بدن میں ریح اور گرمی کا بڑھ جانا۔ ابھی تک ان کی دو ہی وجوہات سامنے آئی ہیں ان میں بادی عناصر کا بڑھ جانا یا آتشی عناصر کا بدن میں بے قابو ہو جانا ہے۔ ان کا سیارگان کے اثرات کے ساتھ ڈائریکٹ تعلق ہوتا ہے کیونکہ سیارگان کے اثرات انسان کے بدن پر ہوتے ہیں اس لیے دراصل یہ بیماریاں انسان اوپر سے لکھوا کر لایا ہوتا ہے لیکن ان کا بروقت علاج نہ کروا کر انھیں اپنے ساتھ ہمیشہ کے لیے منسلک کر لیتا ہے۔ سیارگان آتشی آبی، خاکی اور ہوائی اثرات رکھتے ہیں لہٰذا زائچے کے مختلف گھروں میں ان کی موجودگی سے یہ طے کیا جاتا ہے کہ فلاں مریض کو بیماری کس عنصر کے بڑھنے یا کم ہونے کی وجہ سے لاحق ہوئی ہے اور اس کا تدارک کیا ہوگا۔

مریخ اور کیتو، السر تیزابیت اور سینے کی جلن کی بڑی وجہ ہیں۔ جب کہ عموماً ہمارے ہاں شمس کو اس کی وجہ سمجھا جاتا ہے۔ شمس اچھی صحت اور حرارت غریزی کا سبب ہے۔ جب کہ سیارہ مشتری ہوائی اور بادی اثرات رکھتا ہے لہٰذا بلوٹنگ اور flatulence جیسے امراض کا سبب بنتا ہے۔ اسی طرح قمر اور زہرہ ڈائریا، متلی، ہیضہ کا سبب ہو سکتے ہیں۔ عام طور پر برج ثور، جدی، سنبلہ اور حوت کے حامل افراد ڈائریا اور متلی ایسڈ ریفلکس جیسے امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ برج جوزا، میزان، اور دلو قبض اور اس کے باعث ایسڈ ریفلکس کا سبب بنتے ہیں برج حمل، اسد اور قوس سب سے کم امراض معدہ میں مبتلا ہوتے ہیں۔ لیکن انھیں بھی السر، جلن اور نظام ہضم سے متعلق بیماریاں پریشان کر سکتی ہیں۔

ان سب کا تدارک کرنے کے لیے ادویات اور نبض شناسی کے ساتھ ساتھ اگر زائچہ پیدائش سے بھی مدد لی جائے تو ہولسٹک ہیلنگ میں بہت مدد مل سکتی ہے۔ اگر آپ مجھ سے کسی قسم کی رہنمائی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری آفیشل پر دیئے گئے نمبر کے ذریعے رابطہ کریں۔

تسبیح برائے رہائی: یَا اللّٰہُ یَا رَبِّیْ یَا عَلِیُّ یَا وَکِیْلُ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب
قیدی درج ذیل اسمائے حسنیٰ کو ہر روز 100 مرتبہ پڑھا کرے تو اسے رہائی نصیب ہوگی

13 رجب جشن مولود کعبہ ... 0307 3394931 ✦ ... 0300-5290020



www.shiaqurantutors.com

# جان ہے تو جہان ہے
# تیل ایک کرشمہ

مریم علی (ہربل کنسلٹنٹ)
03 111 888 668

دورِ حاضر میں مصروفیت کے باعث لوگوں نے اپنے سر کے بالوں کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے اس کے نتیجے میں ان کے بال بے جان اور بے رونق ہو گئے ہیں اور پھر بالوں کو صحت مند بنانے کیلئے لوگ نت نئے طریقے دریافت کرتے ہیں۔ یہ جانے بغیر کہ آخر بال گرنے کی کیا وجوہات ہیں، بالوں کے گرنے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں جن میں آئرن اور وٹامن کی کمی، تھائیرائیڈز (Thyroids) کی خرابی، ہارمونز کا غیر متوازی پن (Hormonal Imbalance)، کوئی بڑا صدمہ یا کسی بڑی بیماری کا حملہ شامل ہیں۔ آج کل دیکھنے میں آیا ہے کہ بالوں کی خوبصورتی برقرار رکھنے کیلئے مختلف نوعیت کے شیمپو اور دیگر آرٹیفیشل اشیاء کا استعمال عام ہو چکا ہے لیکن ان میں موجود کیمیکلز بالوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں جبکہ لوگوں نے خالص تیل کے استعمال کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے سر کے بالوں کی خوبصورتی برقرار رہے تو آپ اپنے بالوں کو آرٹیفیشل اشیاء کا سہارا لئے بغیر قدرتی اور خالص اشیاء استعمال کریں اور اس کیلئے ہم اپنے قارئین کی خدمت میں کچھ صحت بخش تجاویز پیش کر رہے ہیں۔

سب سے پہلے تو اپنے بالوں کے گرنے کی وجہ دریافت کریں اور اپنا طبی معائنہ کروائیں۔ اس کے علاوہ پروٹین کو اپنی غذا کا لازمی حصہ بنائیں۔ گوشت، دالیں، سبزیاں اور انڈے پروٹین اور دیگر اہم غذائیتوں سے بھرپور خوراک تصور کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کو چاہیے کہ اپنے بالوں کی صفائی کا خاص خیال رکھیں، انہیں ایک دن چھوڑ کر شیمپو کریں یاد رہے روزانہ شیمپو کا استعمال آپ کے بالوں کیلئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے اس لئے شیمپو کا استعمال ہفتے میں دو سے تین مرتبہ کریں، اور شیمپو کرنے سے پہلے کسی بھی خالص تیل سے اپنے سر کے بالوں کی مالش کو بھی اپنے معمول کا حصہ بنائیں۔ تیل کی مالش سے نہ صرف آپ کے سر میں خون کی روانی بہتر ہوتی ہے بلکہ اس سے آپکے سر کی خشکی کا مکمل طور پر خاتمہ ہوتا ہے اور آپ کے بال لمبے، گھنے اور خوبصورت ہو جاتے ہیں۔ بالوں کی خوبصورتی میں معاون خالص اجزاء سے تیار کردہ تیل اور شیمپو خریدنے کیلئے آپ امامیہ جنتری آفیشل پر دیئے گئے نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں

# جدید حکمت
# سرکہ ایک معجزہ

03 111 888 668

امامیہ جنتری 2023 کے اس مضمون میں ہم اپنے قارئین کی خدمت میں سیب کے سرکے کے فوائد پیش کر رہے ہیں جنہیں آپ اپنی روزمرہ روٹین میں شامل کر کے نہ صرف صحت مند رہیں گے بلکہ اپنے جسم کی اضافی چربی سے بھی چھٹکارہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکیں گے۔

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ آج کے دور میں سفید سرکہ تقریباً ہر گھر میں موجود ہوتا ہے لیکن یہ مصنوعی طریقے سے حاصل کیا جاتا ہے جو صحت کیلئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ جبکہ اس مصنوعی سرکے کی نسبت خالص کشید کئے گئے مختلف پھلوں اور اجناس کے سرکے انسانی صحت کیلئے بہت مفید ہیں۔ سیب کا سرکہ ان تمام اقسام میں سب سے زیادہ فائدہ مند ہے خاص طور پر طبی مقاصد کے لیے اس کا استعمال بہت اہمیت کا حامل ہے جن میں عارضہ قلب کا علاج، کولیسٹرول میں کمی، بلڈ پریشر اور ذیابطیس میں بہتری، بالوں کی خشکی کا خاتمہ، کیل مہاسوں کا خاتمہ، جلد کو بہتر بنانا، گلے کی سوزش کا علاج، خارش سے نجات، معدے کی تیزابیت کا خاتمہ، جسمانی توانائی میں اضافہ جیسے فوائد شامل ہیں۔ ہم اس بات سے بخوبی باخبر ہیں کہ آج کل پروسس فوڈ کے بے جا استعمال کی وجہ سے لوگوں میں موٹاپے کی شرح میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جس کی وجہ سے انہیں بیشمار مسائل کا سامنا درپیش ہے۔ جہاں سیب کے سرکے کے استعمال کے بیشمار فوائد ہیں وہیں اس کا باقاعدہ استعمال وزن میں کمی کے لیے بھی بے حد مفید ہے۔ آج ہم آپکو اپنے اس مضمون کے ذریعے بتائیں گے کہ بے شمار بیماریوں کی جڑ یعنی موٹاپے سے کیسے چھٹکارہ حاصل کیا جائے۔

سیب کے سرکے میں موجود ایسٹک ایسڈ بھوک کو کم کر کے میٹابولزم کو تیز کرتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق سیب کے سرکے کا استعمال جسم کے نظام ہاضمہ کو بہتر بناتا ہے اس کے نتیجے میں وزن میں واضح کمی واقع ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی آپکو چاہیے کہ صبح کی چہل قدمی کو بھی اپنی روزمرہ کی روٹین میں شامل کریں اور مرغن غذاؤں کے استعمال سے پرہیز کریں۔ ان شاء اللہ ان تدابیر پر عمل پیرا ہو کر آپ بہت جلد موٹاپے سے چھٹکارہ حاصل کر لیں گے امامیہ جنتری کا خالص سیب کا سرکہ آرڈر کرنے کیلئے امامیہ جنتری آفیشل کے دیئے گئے نمبر پر رابطہ کریں۔ 03 111 888 668

18 رمضان المبارک سالانہ خصوصی مجلس بمقام اعوان چک 39 ... 0300-9430948 ... 23 مارچ 2020ء ... (0320-4429410)



www.shiaqurantutors.com

دستور العمل

# عدد 9 کے اثرات

آغا جعفر
(روحانی مشیر)
03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

محترم قارئین! امامیہ جنتری کے لئے عدد ۹ کے بارے میں ایک مضمون نظر کر رہا ہوں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آغا نثار حسین اور آغا افتخار حسین مرحومین کی مغفرت فرمائیں اور ان کی روح کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

ہر شخص کے نام کا اپنا ذاتی مفرد عدد ہوتا ہے۔ اور اس کی شخصیت پر اثرات بھی ہوتے ہیں۔ اس مضمون میں عدد ۹ کے متعلق لکھ رہا ہوں۔ ویسے میرے پاس اس طرح کی معلومات عدد ۱ تا ۹ تک موجود ہے جو کرم فرما مجھ سے رابطہ کر کے منگوا سکتے ہیں۔ آپ کے ذاتی عدد ۹ کا تعلق سیارہ مریخ سے ہے۔ جو نحس درجہ دوم ہے۔ نہایت مضبوط قوت کا حامل ہے۔ اور یہ قربانی دینے والا عدد ہے اس عدد کا ستارہ جھگڑے فساد اچانک حادثہ سے متعلق ہے۔ حامل عدد کا عزم مستحکم اور طاقتور قسم کا ہوتا ہے۔ اس کی قوت ارادی کے آگے پہاڑ ہل سکتا ہے۔ یہ اپنی ذات اور فیصلہ پر بھروسہ کرنے والا ہوتا ہے۔ چنانچہ اس کا یہی طرز عمل اس کو اپنے مقصد میں کامیاب بھی بناتا ہے۔ یہ مذہبی خیالات کو اپنانے میں رہتا ہے۔ اور دوسرے عدد کو ختم کر دیتا ہے۔ مثلاً ۹x۵=45=9 اتنا یہ پاور والا عدد ہے۔ اور اگر آپ اس محبت کریں گے تو خود قربان ہو جائے گا اور دوسرے نمبر کو قائم رکھے گا۔ مثلاً ۹+۷=۱۶= ۷ خود قربان ہو گیا اور ۷ کو قائم رکھا۔

**فطرت:** ۹ عدد والے لوگوں کی زندگیاں کامیاب ہوتی ہیں۔ دوست ان کی بہت مدد کرتے ہیں۔ اور ان لوگوں کے لئے سب کچھ قربان کر دیتے ہیں۔ جو ان کی مدد کرتے ہیں۔ مگر ان کی قربانی کی کوئی قدر نہیں ہوتی۔ آزاد خیال ہوتے ہیں اچانک واقعات ہونے کی وجہ سے بلا وجہ کام شروع کر دیتے ہیں۔ اور کئی قسم کے کاموں میں آمدنی کا ذریعہ رکھتے ہیں۔ ان کی یہ عادت ہوتی ہے کہ ایک کام کو چھوڑ کر اچانک دوسرا کام شروع کر دیتے ہیں۔ یہ بات ان کے لئے نقصان کی وجہ بنتی ہے۔ یہ گرمی کم برداشت کر سکتے ہیں۔ سورج کی روشنی ان پر جلد اثر انداز ہوتی ہے۔ ان کی رہائش سرد جگہ پر اچھی اور گرم جگہ پر صحت کے لئے خراب ہوتی ہے۔ ان لوگوں کی اچھی یا خراب حالات کی اچانک تبدیلی ہی اچھی یا بری قسمت کو پلٹ دیتی ہے۔ اچانک حادثے ان کی زندگی کا حصہ ہیں۔ ان میں غصہ بہت پایا جاتا ہے۔ مگر اصولی غصہ ہوتا ہے بلا وجہ نہیں ہوتا، البتہ مزاج میں تلخی رکھتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی قسمت کو بہتر بنانے کے لئے خون پسینہ ایک کر دیتے ہیں۔ مشکلات کا مقابلہ اچھی طرح کرتے ہیں اور آخر کار کامیاب ہوتے ہیں جلد بازی بہت پائی جاتی ہے۔ ان کے گھر میں روز لڑائی ہوتی ہے۔ اس چیز کی ان کو احتیاط کرنی چاہیے۔

**شخصیت:** جن افراد کا عدد ۹ ہوتا ہے وہ فطرتاً مشغول رہتے ہیں۔ ہر قسم کی دلچسپیوں میں سرگرمی سے حصہ لینا ہی ان کا مشغلہ ہوتا ہے۔ یہ لوگ اپنی شکست تسلیم نہیں کرتے اور اس لئے اس تکلیف دہ تصور سے بچنے کے لئے ہمیشہ اپنی کامیابی کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ اور دوسروں کے مفاد کو کوئی اہمیت نہیں دیتے اور صرف اپنی کامیابی کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ اس لئے اکثر طور پر یہ لوگ ملنے والوں کی اپنی قابلیت سے متاثر کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں اور پھر کسی حد تک کامیاب ہو جاتے ہیں۔ ان کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ مقدر ان کا محتاج رہے۔ مگر بہت کم ہی لوگ اس تصور کو شرمندۂ تعبیر کر پاتے ہیں۔ بہر حال بحیثیت دوست یہ لوگ قابل اعتماد، وفادار، ہر وقت اپنے دوست کی دل جوئی کرنے کے لئے حاضر ہوتے ہیں۔ بحیثیت دشمن خونخوار ذہنیت رکھتے ہیں۔ جس کسی سے دشمنی کا آغاز کرتے ہیں تو پھر اپنی جان کی بازی لگا دیتے ہیں اور پیچھے نہیں ہٹتے۔

**محبت اور شادی:** محبت کے معاملہ میں یہ لوگ بے وفا ہوتے ہیں۔ بھنورے کی طرح فطرت ہوتی ہے۔ آج ایک سے وعدہ کر لیا مگر دوسرے دن وعدہ فراموش کر کے دوسرے محبوب میں مصروف ہو جائیں گے۔ چنانچہ عورت ہو یا مرد اس عدد کے زیر اثر جتنے بھی افراد ہوں گے ان کے نزدیک محبت آنکھ مچولی سے بڑھ کر کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ فطرتاً یہ لوگ جذباتی ہوتے ہیں اور جہاں بھی جاتے ہیں اپنے مقصد کی بات کرتے ہیں کیونکہ یہ خاص طور پر پتہ چلا ہے کہ اس نمبر والے افراد خصوصاً مرد اپنی مخالف پر جلد اثر انداز ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ وہ ہر لمحہ نیا دوست بنانے میں ماہر ہوتے ہیں۔ البتہ ان مردوں پر اگر کسی عورت کا فریب چل جائے تو بہت جلد مغلوب ہو جاتے ہیں۔

باقی صفحہ نمبر 23 پر

0300-9556472


عمران کمپنی خالد مارکیٹ اُردو بازار لاہور فون: 0300-4950065
خزینہ علم وادب الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور فون: 37314169

www.shiaqurantutors.com

# الف ابجد 2025 اور عدد 9 کی حکومت

قاری
منیر حسین محمدی
(ماہر عملیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

سب سے پہلے سب مل کر دعا کریں وارث زمان قائم آل محمد ؑ کا ظہور ہو دنیا سے ظلم و ستم ختم ہوں اور اہل بیتؑ کے گھرانے میں خوشیاں آئیں اور ساتھ آغا افتخار حسین مرحوم کے درجات بلند ہوں، جنت میں اعلیٰ مقام حاصل ہو۔

تمام قارئین کا جنہوں نے پچھلے مضمون کو 2024 عدد 8 کی حکومت پسند کیا بے حد مشکور ہوں اس مرتبہ کیونکہ 9 عدد کی حکومت تھی تو قارئین کے لئے 9 عدد پر روشنی ڈالی جائے گی وہ خواتین و حضرات جن کا 9 عدد بنتا ہے تو یہ سال ان کا ہے علم الاعداد میں 9 عدد بہت ہی اہمیت کا حامل ہے اور روحانی عدد ہے جسکی تفصیل شاید بعد میں کہیں ذکر کی جائے گی ابھی آتے ہیں کہ 9 عدد والے مردوں و خواتین کی خصوصیات کیا ہیں۔

## عدد 9 کے مرد

✪ یہ لوگ اچھی خصوصیات کے مالک ہوتے ہیں۔ ✪ یہ لوگ بہت خوددار ہوتے ہیں جلدی سے کسی کے آگے اپنا ہاتھ نہیں پھیلاتے۔ ✪ یہ کوشش کرتے ہیں کسی مصیبت کا شکار نہ ہوں اگر کسی ناگہانی مصیبت کا شکار ہو جائیں تو صبر و ضبط کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ✪ یہ بہت کم آمدنی میں گزارا کر لیتے ہیں۔ ✪ یہ لوگوں کے معاملات میں از خود دخیل نہیں ہوتے، بہت ہوشیار ہوتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگ جلدی سے کسی کی رائے سے متفق نہیں ہوتے ہر معاملے میں اپنی رائے کو مقدم رکھتے ہیں۔ ✪ دوست بنانے میں بہت محتاط ہوتے ہیں۔ ✪ جلدی ہر کسی پر اعتبار نہیں کرتے۔ ✪ بہت ہوشیار ہوتے ہیں۔ ✪ بہت جلد باز ہوتے ہیں اور جس کے باعث نقصان اٹھاتے ہیں۔ ✪ یہ لوگ پیٹ کے کچے ہوتے ہیں اپنے راز کو ان میں چھپانے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔ ✪ ایسے لوگ ہنر مند ہوتے ہیں اور ہنر سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگ لڑائی سے دور رہتے ہیں مگر جب لڑتے ہیں تو جم کے لڑتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگوں کو کسی سے نفرت ہو جائے تو میل ملاپ مشکل سے ہوتا ہے۔ ✪ ایسے لوگ ٹیکنیکل شعبوں میں اعلیٰ مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگ کسی قدر لاپرواہ ہوتے ہیں مگر انتظامی امور میں قابل اعتبار ہوتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگوں کی طبیعت دوسروں سے میل نہیں کھاتی۔ ✪ ایسے لوگ کسی کی سفارش جلدی قبول نہیں کرتے۔

✪ ایسے لوگ دوسروں کے بارے میں جلد خوش گمانی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگ اپنے خیالات جلد بدل لیتے ہیں اور معمولی دلیلوں سے متاثر ہو جاتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگ رحم دل ہوتے ہیں۔

✪ ایسے لوگ آزادی کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگ جس سے متاثر ہوتے ہیں ہر وقت اس کے گن گاتے ہیں۔ ✪ اچھے کاریگر ٹھکیدار بن سکتے ہیں۔ ✪ دھوکہ فریب سے دور رہتے ہیں۔ ✪ محنتی ہوتے ہیں۔ ✪ طبیعت میں لاپرواہی ہونے کی وجہ سے کئی کام ہاتھ سے چھوٹ بھی جاتے ہیں۔ ✪ گھریلو اور عورتوں کے مسائل میں دلچسپی لیتے ہیں۔ ✪ گھومنے پھرنے کا شوق رکھتے ہیں۔ ✪ جلدی بدگمان ہو جاتے ہیں شکی بھی ہوتے ہیں۔ ✪ ایسے لوگوں کے خیالات میں زبردست پختگی ہوتی ہے۔

## عدد 9 کی خواتین

✪ ایسی خواتین بہت معصوم ہوتی ہیں۔ ✪ ایسی عورتیں ضدی ہوتی ہیں ✪ ایسی عورتیں شوہر پرست ہوتی ہیں لیکن عشق و محبت میں دلچسپی بھی رکھتی ہیں۔ ✪ ایسی عورتیں اپنی سہیلیوں کی قدر کرتی ہیں۔ ✪ سینے پرونے اور کڑھائی بنائی سے دلچسپی ہوتی ہے۔ ✪ ایسی عورتیں کھانے پکانے میں ماہر ہوتی ہیں۔ ✪ شوہر کے ہر حکم کی تعمیل کرتی ہیں لیکن شکی مزاج ہوتی ہیں۔ ✪ ایسی عورتیں دل کی صاف ہوتی ہیں اور صاف گو ہوتی ہیں۔ ✪ ایسی عورتیں شوہر کو اپنا بنا کر رکھنا چاہتی ہیں اور ذرا سی بے رخی برداشت نہیں کر سکتیں۔ ✪ ایسی عورتوں کو بہت جلد غصہ آتا ہے اور اسی طرح ان کا غصہ اور بدگمانی ختم بھی جلد ہی ہو جاتی ہے۔ ✪ ایسی عورتیں حساب میں کمزور ہوتی ہیں۔ ✪ ایسی عورتیں اپنے ماتحت لوگوں پر سختی نہیں کر سکتیں۔ ✪ ایسی عورتیں نرم دل ہونے کی وجہ سے انتظامی امور میں ناکام ہوتی ہیں۔ ✪ ایسی عورتیں اپنے کام کو بروقت انجام دیتی ہیں۔ ✪ ایسی عورتیں جلدی سے کسی سے متاثر نہیں ہوتیں۔

0302-5609091



www.shiaqurantutors.com

ایسی عورتیں دوسروں کے کام کے لئے اثر و رسوخ استعمال کرتی ہیں۔ ایسی عورتیں نیکی کی تبلیغ اچھے انداز سے کرتی ہیں۔ ایسی عورتیں نمایاں ہونے سے گریز کرتی ہیں۔ ایسی عورتیں تنہائی پسند ہوتی ہیں مخلوق سے جان چھڑاتی ہیں۔ ایسی عورتیں اپنا راز نہیں رکھ پاتیں۔ اگر ان پڑھ ہوں تو بہت جذباتی ہوتی ہیں۔ شوہر کو نخرے دکھاتی ہیں۔ ضد اور من مانی کرتی ہیں۔ انتہا پسند ہوتی ہیں بہت جلدی دل شکستہ ہو کر بدگمان ہو جاتی ہیں۔ کثیر العیال ہوتی ہیں بچوں کی تربیت کرنے میں ناکام ہوتی ہیں۔ ایسی عورتوں کا خیال زیادہ میکہ کی طرف رہتا ہے انکا خیال رکھتی ہیں۔ فضول خرچ ہوتی ہیں پیسہ کی حفاظت نہیں کر سکتیں۔ گانے کا بھی شوق ہوتا ہے۔

اب ہم بتاتے ہیں کہ عدد 9 کا تعلق ستارہ قمر اور بُرج سرطان سے ہے ان کے لے مبارک دن اتوار، پیر اور ہفتہ ہے جبکہ انکے لئے موافق رنگ سنہرا، پیلا اور زرد ہے۔ 21 جون سے 12 جولائی تک کا وقت بہت اہم ہے یہ عدد منطقی عدد ہے جنہیں دلائل دینے کا بہت شوق ہوتا ہے اور سیر و تفریح کے بھی شوقین ہوتے ہیں انہیں اکثر باتوں کا پہلے سے اندازہ ہو جاتا ہے۔ 9 عدد والے افراد کیلئے موافق اعداد کون سے ہیں۔ ان افراد کیلئے 2 اور 6 عدد والے افراد بہترین ہوتے ہیں۔ 9 عدد والے افراد عدد 9 کے افراد کے لیے بہتر نہیں لہٰذا بچنا چاہیے البتہ 9 عدد 9 عدد والی سے شادی کر لے تو بہت اچھا ہوتا ہے

**عدد 9 والے افراد کیلئے مشورہ:** عدد 9 والے افراد کے مزاج میں استقلال اور استحکام کی کمی دیکھی گئی ہے اس پر غور کریں اور اپنے اندر استقلال پیدا کریں۔ سات عدد کے حامل افراد اپنا راز محفوظ نہیں رکھ سکتے انہیں چاہیے کہ اپنے راز کو محفوظ رکھا کریں۔ عدد 9 والے افراد کے لے وظیفہ۔ یَا حَلِیمُ 88 اور یَا کَبِیرُ 232 مرتبہ ان اسماء الحسنیٰ کا ورد روزانہ جاری رکھیں۔ 9 عدد والے افراد کیلئے موافق نگینہ **سنگ سلیمانی، یاقوت اور ہیرا** ہے اگر آپ کا عدد سات ہے اور آپ مشکلات کا شکار ہیں تو نماز عشا کے بعد اول و آخر درود شریف اور 304 مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کریں۔ نماز کی پابندی کریں، باقائدگی سے صدقات کی ادائیگی کریں اور اس کے ساتھ اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ مزید عملیات تعویزات معلومات اور اپنا زائچہ بنوانے اور ہاتھ چیک کروانے کے لے فون پر رابطہ کریں زائچہ فیس 300 اور ہاتھ کے ساتھ 500 شکریہ قاری منیر حسین محمدی **03 111 888 668**

## بقیہ عدد 9 کے اثرات

اگر اس عدد والے کی ۴ یا ۷ یا ۹ والے عدد سے شادی ہو جائے تو ان کی زندگی سکون سے گزر سکتی ہے۔ ایسی شادیاں ایک دوسرے کے دل کی کیفیت کو سمجھ سکتے ہیں۔

**مالی حالات:** یہ شخص جس چیز کو چھوئے گا سونا بن جائے گی ان لوگوں کو دولت کی بہت خواہش ہوتی ہے۔ نتائج نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ یہ لوگ لاکھوں کماتے ہیں اور لاکھوں خرچ کر ڈالتے ہیں۔ ان کے لئے سرمایہ جمع کرنا مشکل ہوتا ہے لیکن یہ کنجوس نہیں ہوتے بلکہ شاہ خرچ ہوتے ہیں۔ بخل ان میں نہیں پایا جاتا۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں بہت خرچ کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے لوگ بے حد سرمایہ دار ہو سکتے ہیں۔ یہ جواری بھی ہوتے ہیں لیکن اچھی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں جو اس سے معقول سرمایہ بھی بنا سکتے ہیں۔ اکثر یہ لوگ اپنے خاندان والوں اور بیوی سے پیسے کے معاملے میں نہایت سختی سے پیش آتے ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں روپیہ کس طرح کمایا جاتا ہے۔ اور کیسے خرچ کیا جاتا ہے۔ تفریح کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ عدد ۹ والے لوگ اپنے تمام کام اور کاروبار کسی بھی ماہ کی یعنی ۹، ۱۸ تا ۲۷ تاریخوں میں شروع کریں خصوصاً ۲۱ مارچ سے ۲۰ اپریل تک یا ۲۴ اکتوبر سے ۲۲ نومبر کے درمیان ان تاریخوں میں ابتداء کریں تو خوش نصیبی اور کامیابی نصیب ہوگی ہمارے پاس تمام اعداد کی انگشتریاں اور تمام ستاروں کی الواح خصوصاً لوح مشتری، لوح زحل اور لوح تسخیر اکبر مکمل ورد شدہ اور ہاتھ سے کندہ شدہ مناسب ہدیہ میں دستیاب ہیں۔ کسی بھی روحانی مسئلہ کے حل کے لئے رابطہ کریں۔

خاص کشید کیا ہوا سیب کا سرکہ!




NATURAL - HALAL - 250ML - NATURAL - HALAL - 250ML

3 جمادی الثانی سالانہ مرکزی مجلس عزا و جلوس شہادت بی بی فاطمہ الزہرا ہر سال زیر اہتمام: جرار حسین جعفری ڈھوک رتہ راولپنڈی 0321-5513892

رمل کی دنیا

# علم رمل کی افادیت

ماہر علم رمل
محمد مہدی قنبری
اوقات رابطہ
صبح 10 بجے سے شام 4 بجے
ہدیہ فی سوال 300 روپے
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

ظہور حجت عجؒ سے قریب ترین زمانے کی مشکلات کے ساتھ ہم لوگ جی رہے ہیں۔ شیطانیت اپنے عروج پر ہے، عریانیت اپنی حد کراس کر چکی ہے، ہمارے رسم و رواج میں یہود و ہندو کی تہذیب عیاں ہے اور ہم نام کے مسلمان ہیں، تمام ہندوانی رسوم کو شادی بیاہ میں پورا کرنے کے، بعد مکس گیدرنگ کرنے کے، بعد اپنے آپ کو مومن ثابت کرنے کے لیے حدیث کساء ضرور پڑھائیں گے خدا کے لیے اپنے آپ کو بدلو، قول وفعل میں ایماندار نظر آؤ، ایک دوسرے سے عتراض کرنے سے پہلے اپنے حصے کا کام کرلو، تو شاید کچھ نہ کچھ معاشرہ ٹھیک ہوجائے۔ نام کے مومن نہیں بلکہ کام کے مومن نظر آو، ہم تو کہہ رہے ہیں مولا ہمارے ہیں کمال یہ ہے کہ کل وہ بھی کہیں کہ یہ ہمارے ہیں۔ حسد، بغض، کینہ کی آگ سے نکل کر ایک دوسرے کے لیے نظر بد، جادو، بندش رکاوٹیں کروانے سے بالاتر ہوکر محنت سے کام کریں۔ پنجگانہ نماز کے ساتھ ساتھ اگر کہیں نماز تہجد کے عادی ہوجائیں۔ تو ان عاملوں، نجومیوں، کاہنوں اور جادوگروں کے پاس جانے کی ضرورت ہرگز نہ پڑے گی۔ مولا امیر المومنینؑ نے نہج البلاغہ میں نجومیوں کی مذمت فرمائی ہے۔ لہٰذا ہم سب کو چاہیے ان دنیادار لوگوں کو چھوڑ کر چہاردہ معصومینؑ کے علوم کی طرف توجہ کریں، اور جو تم کو معصومینؑ نے ان چیزوں کا حل بتایا ہے ان پر عمل کریں ان شاء اللہ سب معاملات ٹھیک ہوجائیں گے۔ جو بھی ان گزارشات پر عمل کرے گا تو یہ ایک صدقہ جاریہ ہے۔ جس کے ثواب کا حق بیگم و آغا نثار احمد مرحوم، بیگم و آغا افتخار حسین مرحوم بانی امامیہ جنتری و میرے مرحومین کے لیے ہے۔ قارئین سے سورہ فاتحہ کی درخواست ہے۔

امسال قارئین امامیہ جنتری کو علم رمل کا ایک اہم کلیہ یعنی مدت نکالنے کا طریقہ بتانا چاہتا ہوں، یہ واضح رہے کہ یہ علم الغیب نہیں ہے بلکہ بزرگوں کے اعداد شمار اور مشاہدات کا نتیجہ ہے۔ سو فیصد تو صحیح نہیں ہوسکتا لیکن قریب ترین جواب ضرور ہوا کرتا ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل سوال آتے ہیں۔ میرے حالات کب بہتر ہونگے؟، مجھے تعلیم میں کب تک کامیابی حاصل ہوگی؟، مجھے نوکری کب ملے گی؟ جائیداد کب میرے ہاتھ آئے گی؟ بیماری سے کب نجات حاصل ہوگی؟ میری شادی کب ہوگی قرضے سے کب نجات ملے گی؟، حج وزیارات کی سعادت کب ملے گی؟، دوست سے ملاقات کب ہوگی؟، گمشدہ مال کب ملے گا؟، گریختہ کب واپس آئے گا۔ مدت نکالنے سے قبل زائچہ صرف اتنا دیکھ لینا ضروری ہے کہ آیا جس کام کیلئے مدت دیکھی جارہی ہے وہ ظہور پزید بھی ہوگا یا نہیں۔ ظہور الگ ثابت ہوجائے تو جس زمانے کے متعلق سوال ہو اس خانے کی شکل موجودہ زائچہ میں اسی خانے کی شکل ہے۔ از اوئے دائرہ سکن ضرب دے کر شکل نتیجہ یا مستحصلہ پیدا کرو۔ دائرہ سکن درج ذیل ہے۔

| نام خانہ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۸ | ۷ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شکل دائرہ سکن | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| سعد و نحس / خارج و ثابت | سعد خارج | نحس ثابت | سعد خارج | سعد ثابت | خارج نحس | سعد ثابت | نحس خارج | نحس داخل | نحس منقلب | سعد داخل | سعد منقلب | سعد داخل | نحس منقلب | سعد داخل | سعد منقلب | ممتزج |

اب دیکھو کہ شکل نتیجہ زائچہ کے اندر امہات، بنات اور متوالات میں کسی جگہ پر ہے اور قوی ہے یا ضعیف۔ اگر قوی تو اندر معیار مندرجہ ذیل جدول کے اور اگر ضعیف ہو تو بعد انقضائے معیاد یعنی معیاد ختم ہونے کے بعد حصول مراد کا حکم لگانا چاہیے اگر شکل نتیجہ امہات میں ہو تو دن بنات میں ہو تو ماہ اور الگ متوالات میں ہو تو سال بمطابق جدول ذیل مدت لگے گی۔

## جدول مدت

| نام کواکب | زحل | مشتری | زہرہ | عطارد | مریخ | شمس | قمر | راس ذنب |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اشکال زائچہ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امہات | یوم | ۲۹ | ۸ | ۶ | ۱۲ | ۹ | ۶ | ۱ | ۴ |
| بنات | ماہ | ۵ | ۱ | ۰ | ۳ | ۵ | ۱۰ | ۱۰ | ۶ |
| متوالات | سال | ۴ | ۱ | ۱ | ۱۲ | ۵ | ۱ | ۴ | ۱½ |

شکلیں چار قسم کی ہوتی ہیں۔ (لیحان) جس کا شکل نقطہ باہر ہو اسے خارج کہتے ہیں۔ (انکیس) جس کا شکل نقطہ اندر کی طرف

0333-6351214, 0300-8686012

Presented By: https://jafrilibrary.com



ہوا سے داخل کہتے ہیں۔ (فرح) جس کے شکل نقطے اوپر نیچے ہوں اسے منقلب کہتے ہیں۔ (عقلہ) جس شکل کے اوپر نیچے خط ہو اس کا نام ثابت ہے۔ داخل سے مراد ہے قبضہ کا ہے یا حصول کا ہے۔ خارج سے مراد ہے سوال دہائی یا ہاتھ سے چاہت کا ہے ثابت سے مراد ہے حالت بدستور قائم ہے منقلب سے مراد کچھ مراد حاصل ہو کچھ نہ ہو لیکن سعد و نحس اشکال کو مدنظر رکھیں مثلاً داخل شکل ہو تو بآسانی حاصل ہو اگر نحس ہو تو پھر دشواری سے حاصل ہو خارج سعد ہو تو بیماری ہو تو مشکل سے دور ہو نحس خارج سے جلدی دور ہو ثابت سعد سے مراد حالت اچھی نہ ہو منقلب سعد سے مراد بآسانی کچھ حاصل ہو منقلب نحس سے مراد پریشانی اٹھا کر کچھ حاصل ہو۔




**نوٹ:** آتش اور باد میں دوستی ہے آب اور خاک میں دوستی، آب و آتش فی لغت، مواقف میں آب و باد ممکن ہیں اسی طرح خاک و آتش ممکن ہی خاک و دشمن ہیں۔

> سوال کیا گیا میری بیوی سے اولاد ہوگی؟ اور فون پر چار نمبر 15,14,8,9 لکھوائے۔




شکل خانہ پنجم اور خانہ نہم کو ضرب دے کر نتیجہ برآمد کریں اور اگر شکل سعد و مذکر ہو تو دلیل فرزند کی ہے مبارک قدم پیدا ہوگا اگر شکل مونث کی ہے تو لڑکی پیدا ہوگی۔ اگر زائچہ رمل میں غلبہ اجتماع کا ہو تو فرزند زیادہ پیدا ہونگے اور اگر زائچہ میں غلبہ جماعت شکل کا زیادہ ہو تو بیٹیاں زیادہ پیدا ہونگی اور ایک اور کلیہ کے مطابق اگر خانہ پانچ اور سات کو ضرب دیں تو شکل مذکر آئے تو لڑکا اور شکل مونث آئے تو لڑکی اگر طالع اور تمیم ساتھ ہوگی تو دلیل ہے کہ اولاد ہوگی اور اگر نحس شکل ہو تو حکم برعکس لگے گا۔ خانہ پنجم اور نہم کو ضرب دی تو جواب اجتماع آیا جو مونث شکل ہے لہٰذا لڑکی پیدا ہوگی۔ اور خانہ پنجم اور ہفتم کو ضرب دی تو جواب نقی آیا جو مونث شکل ہے لہٰذا لڑکی پیدا ہوگی ویسے رمل میں اجتماع شکل دو دفعہ ہے اور جماعت ایک دفعہ ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سائل کے ہاں فرزند زیادہ ہونگے واللہ العلم بالثواب۔

> سوال کیا گیا 2 جون 2017 کو میری تقدیر کب بدلے گی؟ اور فون کے ذریعے چار نمبر 3,11,12,14 لکھوائے۔




شکل خانہ نمبر 1 عتبۃ الداخل ہے برج ثور اور ستارہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے نیک داخل شکل باد ہے اور زند ہے اس شکل کو قانون کے مطابق دائرہ سکن خانہ اول لیحان سے ضرب دیں۔ زائچہ خانہ نمبر (۱) عتبۃ الداخل ضرب دائرہ سکن کے خانہ نمبر (۱) لیحان کے ساتھ ضرب دی نتیجہ طریق نکلا یہ شکل زائچہ مذکورہ میں تلاش کی زائچہ بنات میں دکھائی دی اس متصلہ شکل کو ہم نے جدول مدت میں دیکھا تو قمر کی سیدھ میں دس ماہ بنات کے خانے میں ظاہر ہوا لہٰذا سائل کو جواب دیا بحکم خدا طفیل محمدؐ و آل محمدؐ آپ کا کام دس ماہ کے اندر اندر ہو جائے گا۔

> سوال کیا گیا کہ میرا کب تک بہن بھائیوں سے میل جول رہیگا؟ اور فون پر چار نمبر 3,1,14,6 لکھوائے۔




اصول و قواعد: ضرب خانہ اول و سوم کی شکل کا نتیجہ اگر نیک شکل اور موجودہ رمل ہے اور اس کے عددوں کے مطابق برسوں تک میل رہے گا شکل اول اور دوم کے نقطے ملاؤ اگر آتشی نقطے مل جائیں تو دس برس اگر بادی مل جائیں تو بیس برس اگر آبی ملے تو تمام عمر اور اگر خاکی ملے تو چندروز تک میل رہے گا۔ خانہ اول میں شکل نحس اور خانہ سوئم میں نحس ہے جو میل جول کی دلیل نہیں ہو سکتے خانہ اول اور سوئم کو ضرب دی تو جواب انکیس آیا جو نحس شکل ہے اور رمل میں موجود نہیں۔ یہ دوسری دلیل ہے کہ میل جول نہیں ہو سکتا اور نقطہ خاک ملائے جو کہ چندروز تک میل رہنے کی دلیل ہے

**نوٹ** سوال کرنے والے حضرات دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر یہ نیت رکھ کر کہ اللہ سب کچھ جاننے والا ہے اور بندہ فقط کوشش کرنے والا ہے۔ اپنا مسئلہ ذہن میں رکھ کر 1 سے 16 کے درمیان کوئی بھی چار عدد اپنی مرضی سے لکھ کر پھر فون کریں۔

## برائے گمشدہ

درج ذیل آیت مع دعا چند مرتبہ تکرار کریں تو گمشدہ چیز مل جائیگی۔

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّاۤ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ یَا مُعِیْدُ رُدَّ اِلَیَّ (گمشدہ کا نام لیں)


مجید بک ڈپو ریل بازار جھنگ صدر
انجمن لائبریری ڈاکخانہ شیر کوٹ کوہاٹ
03009476110
www.shiaqurantutors.com

# خزائن حُب و تسخیر

باب رحمت

محمد اکمل خان
ماہر علومِ مخفی
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! معزز قارئین آج ہم شوگر، بلڈ پریشر، ڈپریشن جیسی مُوذی امراض کے ساتھ ساتھ بہت سے انفرادی اور معاشرتی مسائل کا ایک آزمودہ اور آسان حل پیش کررہے ہیں۔ اگر ہم اپنے بھائی سے مُسکرا کر ملیں اور منفی الفاظ کی جگہ مثبت الفاظ کا استعمال کریں تو یقین جانیے شوگر، بلڈ پریشر، ڈپریشن جیسی مُوذی اور دیگر لاتعداد بدنی ونفسیاتی بیماریوں سے نجات مل جائے۔ اسی سلسلے میں آپ کی روزمرہ زندگی کو آسان بنانے کے لیے یہ گوہرِ نایاب پیش خدمت ہے جس پر عمل کرنے سے ان شاءاللہ آپ کی زندگی محبت و پیار کی سوندھی خوشبو سے معطر ہوگی۔

**نمازِ حُب وتسخیر** حلال رشتوں میں محبت کے لیے دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات مرتبہ سورہ ممتحنہ کی ساتویں آیت عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۚ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۚ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

تلاوت کریں اور سلام کے بعد سات مرتبہ اس طرح کہیں:

اَللّٰهُمَّ لَيِّنْ قَلْبَ فُلَاں بِنْ /بِنْتِ فُلَاں كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ اس کے بعد تین ہزار مرتبہ کہیں:

يَاحَبِيْبَ الْمُدَّبِرِيْنَ حَبِّبْ مَحَبَّتِيْ عَلٰى قَلْبِ فُلَاں بِنْ فُلَاں۔

فُلاں بن فُلاں کی جگہ مطلوب اور اُس کی ماں کا نام لیں۔

**میاں بیوی میں محبت :** حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ سورہ نساء ایمان کے ساتھ، خُدا کی طرف توجہ کر کے باوضو ہوکر میاں بیوی کی آپس میں محبت کی نیت سے پڑھیں تو اُن کو ایک دوسرے سے شدید محبت ہوگی۔ (میاں بیوی یا اہل خانہ کے آپس میں پیار و محبت کے لیے بہتر ہے آپ کھانے پینے کی اشیاء بالخصوص میٹھی اشیاء پر تلاوت کر کے چند دن مُسلسل کھلا پلا دیں) ☆ اسی طرح آپ علیہ السلام سے یہ بھی روایت ہے میاں بیوی کی آپس میں محبت کے لیے پانچ بار سورہ جُمعہ تلاوت کریں ☆ حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ میاں بیوی کے درمیان اُلفت پیدا کرنے کے لیے اسم الٰہی **يَاوَدُوْدُ** ایک ہزار ایک بار (1001) کشمش یا کھانے کی دوسری اشیاء پر پڑھ کر انہیں کھلا دیں ان شاءاللہ اُن کے درمیان محبت کا رشتہ قائم ہوگا ☆ سورہ تحریم کو اکیس مرتبہ پڑھ کر بدزبان عورت کو کھلا پلا دیں تو وہ باحیا و باکردار بن جائے گی ☆ اگر میاں بیوی کے درمیان ناچاقی ہو تو تین مرتبہ سورہ مزمل شربت پر تلاوت کریں اور اُن کو پلا دیں ان شاء اللہ باہمی پیار و محبت کا رشتہ مضبوط ہوگا۔

**شہرت اور کاروبار میں ترقی:** طلوعِ آفتاب کے وقت سُورج کی طرف دیکھ کر سُورہ رحمن تلاوت کریں اور ہر بار فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر سُورج کی طرف اُنگشتِ شہادت سے اشارہ کریں اور دُعا کریں کہ الٰہی اس سورج کی طرح میرے کاروبار کو روشن کردے۔ متواتر چالیس دن کریں ان شاءاللہ خُوب شہرت و ترقی نصیب ہوگی۔

**سُورہ حجر سے شہرت وترقی:** رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ سُورہ حجر کو زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھیں/ جیب میں رکھیں اور خرید وفروخت کریں تو اُس میں اضافہ ہوگا، لوگ اس سے لین دین پسند کریں گے اور اُس کے رزق میں اضافہ ہوگا۔

**سُورہ نجم اور تسخیرِ خلائق** حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص سُورہ نجم کی تلاوت ہر روز یا ہر شب کرتا ہے تو وہ عام طور پر لوگوں میں محبوب بھی ہوگا اور لوگ اُس کی تعریف بھی بہت کریں گے اور اُس کے سب گُناہ بخش دیے جائیں گے




6 شعبان جشن ظہور شہزادہ قاسمؑ و رسم مہندی شام 6 بجے تا رات 11 بجے، بمقام دربار بی بی پاکدامن لاہور، خواتین مہندی لیکر آئیں گی۔ بیگم دبیر، بیگم سلیمان 0315-4188073

# لوحِ قلم

# لوح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ظہیر عباس
(ماہر عملیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں لوح محمد رسول اللہ کے عنوان سے حاضر ہوا ہوں۔ خالق کائنات نے تخلیق آدم سے چالیس ہزار سال قبل حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کو اپنے نور سے خلق کیا۔ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ مِّنْهُم مَّن كَلَّمَ اللَّهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ

**ترجمہ**: ان رسولوں میں سے بعض کو بعض پر ہم نے فضیلت دی ان میں سے (ایسے بھی) ہیں جن سے خدا نے کلام کیا اور بعض کے درجات اس نے بلند کئے۔ (سورۃ البقرہ آیت نمبر 253)

**حدیث قدسی**: کنت کنزاً مخفیاً فاحبت ان اعرف مخلقت خلقاً **ترجمہ**: میں ایک تخلیقی خزانہ تھا میں نے چاہا میں پہچانا جاؤں پس میں نے خلق کیا خلق کو۔ **حدیث نبویؐ**: اول ما خلق اللہ نوری۔۔۔ **ترجمہ**: اوّل نور تخلیق میں ہوں۔

آیت محمد رسول اللہ، سورۃ الفتح پارہ نمبر 26، آیت نمبر 29 میں نازل ہوئی اور لا الہ الا اللہ سورۃ محمد، پارہ نمبر 26 آیت نمبر 19 میں نازل ہوا ہے اور علیاً ولی اللہ 18 ذوالحج مقام غدیر خم میں نازل ہوا ہے۔ اب تمام اہل اسلام کا کلمہ طیب لا الہ محمد رسول اللہ علیاً ولی اللہ ہے۔ میرا یہ مضمون پورے کلمہ شریف پر نہیں ہے۔ صرف اور صرف محمد رسول اللہ پر ہے۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام گرامی محمد کا باطن اسلام بنتا ہے۔ بغیر حُب محمدؐ اسلام ملنا بہت مشکل ہے۔ رسول کا باطن (نبی اولی) بنتا ہے۔ اور اللہ کا باطن علی اماماً بنتا ہے۔ رسول کی جمع رسل ہے اور رسل کا باطن ایمان بنتا ہے۔ اس طرح مولائے کائنات امیر المومنین علی علیہ السلام ابن ابی طالب علیہ السلام کا باطن بھی ایمان بنتا ہے۔

| ظاہر | باطن | اعداد |
|---|---|---|
| م | ی م | 50 |
| ح | ا | 1 |
| م | ی م | 50 |
| د | ال | 31 |

اسلام 132

| ظاہر | باطن | اعداد |
|---|---|---|
| ر | ا | 1 |
| س | ی ن | 60 |
| و | ا و | 7 |
| ل | ا م | 41 |

نبی 62 109

| ظاہر | باطن | اعداد |
|---|---|---|
| ا | ل ف | 110 |
| ل | ا م | 41 |
| ل | ا م | 41 |
| ہ | ا | 1 |

علی اماما 193

| ظاہر | باطن | اعداد |
|---|---|---|
| ر | ا | 1 |
| س | ی ن | 60 |
| ل | ا م | 41 |

ایمان 102

اولی 47




پورے کلمہ لا الہ الااللہ محمد رسول اللہ کے تمام حروف صوامت ہیں۔ ان حروفوں میں (د) اور (و) کو چھوڑ کر تمام حروف (حروف نورانی) ہیں۔ حروف نورانی و حروف صوامت کے بارے میں الگ الگ علمائے جفار نے خاصیتیں بیان کی ہیں۔ اگر حروف نورانی یا حروف صوامت کے بارے میں بیان کیا جائے تو جنتری کے صفحات قلیل پڑھ جائیں گے۔ کیونکہ میں صرف لوح محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فوائد حاصل کرنے کے بارے میں لکھ رہا ہوں۔ ترقی رزق، ترقی کاروبار، شفاء، موذی امراض، حصول ملازمت، ترقی زراعت، اولاد کی مناسب و اچھی جگہ شادیاں ہوں، نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانے کیلئے، میاں بیوی میں ناچاقی اور خاص طور پر وہ بچیاں جن کی شادیوں میں رکاوٹیں درپیش ہو رہی ہوں اور وہ میاں بیوی جو ابھی تک صاحب اولاد نہیں ہو سکے، اور ان میں کوئی میڈیکل بیماری نہیں ہے، اس لوح کے صدقے سے صاحب اولاد ہو سکیں گے۔ یہ لوح برسوں سے میرے مجربات میں سے ایک ہے۔ یہ تمام فوائد اس لوح کے ادنیٰ کرشمات میں سے ہیں۔ لوح محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 32 خانوں پر محیط ہے اور اس لوح سے الگ الگ 8 عدد خاتم بھی تیار ہو سکتے ہیں۔ باقی صفحہ نمبر 29 پر

سالانہ مجلس 28 رجب 10 بجے صبح ڈھوک سیداں ڈاکخانہ تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی۔ مولانا اسد حسین نقوی 0300-9743014



www.shiaqurantutors.com

درسگاہ

# لوح فتح نامہ

ڈاکٹر
سید افضال حسن
(ماہر علوم روحانی)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

حمد کے لائق رب العالمین، انبیاء مرسلینؑ، شہدا و اولیا و خاتم المرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور وارثان علم اہل بیت پر درود و سلام

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! سال 2025 آپ کے لیے مبارک ہو ہمیشہ کی طرح اس سال بھی ایک حقیری کاوش آپ کرم فرماؤں کی نذر کر رہا ہوں۔ جب آفتاب برج حمل میں حرکت کرتا ہوا 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ شمس کو سیارگان فلکی میں شہنشاہ کا مقام حاصل ہے اس لیے فلکی اثرات کے لحاظ سے ایک پر تاثیر اور بلند ترین وقت ہوتا ہے اسکی طاقتور نورانی شعاعیں زمین پر ڈلتی ہیں۔ چنانچہ ان کی تاثیر مخصوص الفاظ، آیات اور اسماء الہیہ کے ذریعے مخصوص اشکال میں ماہرین نجوم و جفر منتقل کر لیتے ہیں اور وہ طلسم یا شکل جب اس مخصوص وقت میں مخصوص چیز یا دھات پر ابھرے گی تو اسکو (حامل لوح) یعنی جس کے پاس ہوگی ترقی، عروج اور بلند مرتبہ پر پہنچنے کے لیے اسباب پیدا کرے گی۔ اس لیے شمس کا شرف عاملین اور خصوصاً جفار حضرات کے لیے خصوصی اہمیت اور توجہ کا مرکز ہوتا ہے۔ لہٰذا عامل اور جفار حضرات اس موقع کی مناسبت سے ایسے سریع الاثر عملیات تیار کرتے ہیں اور تسخیر الخلائق جاہ و مرتبت، ترقی عہدہ اور عوام الناس میں مقبولیت حاصل کرنے کے لیے خصوصاً جو سیاست میں حصہ لینا چاہتے ہیں۔ فتح نامے کی تیاری یقیناً تھوڑا سا مشکل امر ضرور ہے مگر جو لوگ اسے درست اصول و قواعد کے مطابق تیار کر لیں گے وہ سمجھ لیں کہ انہوں نے دنیا فتح کر لی ہے، ہماری ہر ممکن کوشش ہوگی کہ مشکل طریقہ کار کو آسان الفاظ میں پوری وضاحت کے ساتھ بیان کر دیں اس کے بعد بھی اگر طریقہ کار کو سمجھنے میں کوئی دشواری پیش آئے تو براہ راست رابطہ کر کے سمجھ سکتے ہیں۔

**فتاح نامہ کے فوائد** کامیابی، حالات کی سختی سے نجات، ہر طرح کی نحوست سے چھٹکارہ، کاروبار میں ترقی، قرض کی ادائیگی، اعلیٰ افسران کے رویے میں نرمی، سحر و جادو سے نجات، اور آسیب و جنات سے نجات۔

سب سے پہلے اپنے نام کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں پھر اپنی والدہ کے نام کے اعداد بھی نکالیں۔ اس کے بعد 7 پیغمبروں کے نام لیں اور ان کے اعداد حاصل کریں ۔ مثلاً آدمؑ، نوحؑ، سلیمانؑ، موسیٰؑ، داودؑ، یوسفؑ اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ اسکے بعد آیات فتوحات کے اعداد لیں۔ آیات فتوحات یہ ہیں۔

اِفْتَحْ اَبْوابِ فَتْحَكَ لِیْ یَامُفَتِّحُ الْاَبْوَابِ
اِنَّافَتَحْنَالَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا (سورہ فتح)
رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ (سورہ اعراف)
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ (سورہ صف)

چاروں آیات کے اعداد کا مجموعہ سات ہزار دو سو پچھتر (7275) ہوا۔ آپ کی سہولت کے لیے سات انبیاء کے ناموں کے اعداد کا بھی مجموعہ لکھ رہے ہیں جو 679 ہے۔ اب آپکو صرف اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد ہی معلوم کرنا ہیں اور پھر تمام اعداد کو باہم جمع کرنا ہے۔ مثلاً آپ کے نام کے اعداد مع والدہ کے کل 343 برآمد ہوئے تو کل مجموعہ 8288 ہو جائے گا۔ اعداد آیت=7275، اعداد انبیاء=679، اعداد مفروضہ نام مع والدہ=343، مجموعہ=8288

اس مجموعہ اعداد کا 7×7 خانوں کا نقش تیار کریں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ کل مجموعہ اعداد میں سے 168 عدد کم کریں اور پھر باقی اعداد کو 7 پر تقسیم کر دیں۔ اب جو باقی حاصل قسمت آئے اُسے نقش کے خانہ اول میں رکھ کر باقی خانوں میں ترتیب وار ایک عدد کے اضافے سے نقش بڑھتے چلے جائیں۔ مثلاً مندرجہ ذیل مجموعہ اعداد 8288 میں 168 عدد کم کریں تو 8120۔ اس کو 7 پر تقسیم کیا تو جواب آیا 1160۔ سات در سات کی چال نقش ہم دے رہے ہیں اس میں پہلا خانہ وہ ہے جس پر نمبر ایک لکھا ہے اسی خانے سے نقش کی ابتدا ہوگی۔ 1160 اسی خانہ میں لکھے پھر جس خانے میں نمبر 2 ہے اس میں 1161 لکھیں پھر نمبر 3 میں 1162 الغرض اسی طرح ایک عدد کے اضافے سے 49 خانوں کا یہ نقش مکمل کر لیں۔ تمام کام وقت سے پہلے ہی تیار کرنا ہوگا۔

تا کہ شرف شمس کے اوقات میں ساعت شمس میں صرف نقل کرنا ہی باقی رہ جائے گا۔ نقش کے چاروں کونوں پر قوله الحق وله الملك لکھیں اور چاروں ملائکہ جبرائیل، عزرائیل، میکائیل، اسرافیل لکھیں۔ نقش کے دائیں بائیں کھیعص. حمعسق لکھیں اور نقش کے مکمل کرنے کے

0302 4270231

بعد پشت پر طلسم لکھیں۔ **نقش مبارک یہ ہے**

۷۸۶

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 32 ۱۱۹۱ | 38 ۱۱۹۷ | 44 ۱۲۰۳ | 1 ۱۱۶۰ | 14 ۱۱۷۳ | 20 ۱۱۷۹ | 26 ۱۱۸۵ |
| 40 ۱۱۹۹ | 42 ۱۲۰۱ | 3 ۱۱۶۲ | 9 ۱۱۶۸ | 15 ۱۱۷۴ | 28 ۱۱۸۷ | 34 ۱۱۹۳ |
| 48 ۱۲۰۷ | 5 ۱۱۶۴ | 11 ۱۱۷۰ | 17 ۱۱۷۶ | 23 ۱۱۸۲ | 29 ۱۱۸۸ | 46 ۱۲۰۵ |
| 7 ۱۱۶۶ | 13 ۱۱۷۲ | 19 ۱۱۷۸ | 25 ۱۱۸۴ | 31 ۱۱۹۰ | 37 ۱۱۹۶ | 43 ۱۲۰۲ |
| 8 ۱۱۶۷ | 21 ۱۱۸۰ | 27 ۱۱۸۶ | 33 ۱۱۹۲ | 39 ۱۱۹۸ | 45 ۱۲۰۴ | 2 ۱۱۶۱ |
| 16 ۱۱۷۵ | 22 ۱۱۸۱ | 35 ۱۱۹۴ | 41 ۱۲۰۰ | 47 ۱۲۰۶ | 4 ۱۱۶۳ | 10 ۱۱۶۹ |
| 24 ۱۱۸۳ | 30 ۱۱۸۹ | 36 ۱۱۹۵ | 49 ۱۲۰۸ | 6 ۱۱۶۵ | 12 ۱۱۷۱ | 18 ۱۱۷۷ |

نقش مکمل کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسم لکھیں

یاہوقیائیل

ابرثا ۔ صبرثا صادثا ۔ صودثا

و و و و

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ جَمِیْعَ خَلْقِکَ کَمَا سَخَّرْتَ لِسُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ علیہ السلام

اب ایک مسئلہ باقی رہ گیا ہے اسے بھی سمجھ لیں کل مجموعہ اعداد کو جب آپ 7 پر تقسیم کریں گے تو ضروری نہیں کہ وہ برابر تقسیم ہوجائے۔ برابر تقسیم ہونے کی صورت میں تو ایک بہترین بات ہوگی لیکن تقسیم کے بعد اگر کوئی عدد باقی بچے تو پھر نقش میں کسر دینا ہوگی تب ہی وہ درست ہوگا۔ اسکا طریقہ یہ ہے کہ تقسیم کرنے کے بعد اگر ایک عدد باقی بچے تو نقش کے خانہ 43 میں 1 عدد کا اضافہ کرنا ہوگا۔ 2 باقی رہیں تو خانہ نمبر 36 میں ایک اضافہ کریں۔ 3 باقی ہوں تو خانہ نمبر 29 میں 1 عدد بڑھادیں۔ 4 باقی رہیں تو 22 ویں خانہ میں 1 عدد بڑھادیں۔ 5 باقی ہوں تو خانہ نمبر 15 میں 1 عدد بڑھائیں اور اگر 6 باقی ہوں تو آٹھویں خانے میں 1 عدد کا اضافہ کریں۔ یہاں عدد کا اضافہ کرنے کا مطلب بھی سمجھ لیں۔ مثلاً آپ نقش کے خانہ میں ایک ایک عدد کے اضافہ سے بھرتے چلے جارہے ہیں تو جب کسر کا خانہ آئے تو اس میں ایک کے بجائے 2 کا اضافہ کردیں۔ باقی نقش اسی طرح بھرتے چلے جائیں۔ نقش کے درست بھرے جانے کی پہچان یہ ہوگی کہ نقش کے ہر سات خانوں کی میزان وہی آنی چاہیے جو آپ کے نام مع والدہ کے اعداد آیتوں کے اعداد، آیتوں کے اعداد اور اسمائے انبیاء کے اعداد کا مجموعہ ہوگا۔

اگر اس مجموعے کے مطابق نقش کے ہر سات خانوں کا مجموعہ نہیں ہے تو سمجھ لیں نقش غلط بھرا گیا ہے کہیں نہ کہیں آپ سے حساب میں غلطی ہوئی ہے۔ نقش کی تیاری کے لیے مزید اصول وقواعد بھی سمجھ لیں یہ نقش ہرن کی جھلی یا ایسے کاغذ پر لکھیں جو ایک طرف سے گولڈن کلر کا ہو روشنائی اگر مشک و زعفران سے سے تیار کی گئی ہو تو کیا کہنے مگر آج کے دور میں شاید یہ ممکن نہ ہو، ایسی صورت میں زرد یا سرخ رنگ استعمال کریں شرف کا وقت تقریباً 24 گھنٹے رہے گا اس تمام وعرصے میں صرف شمس کی ساعتیں نقش لکھنے کے لیے موثر ہوں گی، مقررہ وقت سے پہلے غسل کر کے پاک صاف لباس پہنیں اور زعفران یا مشک کے عطر کی خوشبو لگائیں، علیحدہ کمرے میں رجال الغیب کا خیال کر کے بیٹھیں کہ آپ کا رخ رجال الغیب کی طرف نہ ہو، کمرے میں عود لوبان کا بخور رجلا کر خوشبو کریں یہ میسر نہ ہو تو عمدہ خوشبو دار اگر بتیاں جلائیں۔ بہتر ہوگا کہ سرخ یا زرد لباس پہنیں یا پھر اس رنگ کا کوئی کپڑا نیچے بچھالیں، کوئی زرد رنگ کی مٹھائی مثلاً بیسن کے لڈو وغیرہ پاس رکھیں تا کہ کام ختم ہونے کے بعد فاتحہ دی جائے سکے۔ شرف شمس کی ساعتیں آپ امامیہ جنتری میں بھی دیکھ سکتے ہیں

Watch Us On Youtube
Imamiajantriofficial

**بقیہ لوح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**

یہ لوح ہر ستارے کے شرف واوج خاص طور پر ہر ماہ شرف قمر تثلیث زہرہ و مشتری قرآن السعدین میں تیار کی جاسکتی ہیں۔ اگر کسی دھات چاندی یا سٹیل وغیرہ پر کندہ نہ کرسکیں تو زعفران و عرق گلاب کی سیاہی تیار کر کے لوح تیار کر سکتے ہیں اور بعد میں 101 مرتبہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پڑھ کر لوح پر دم کریں۔ پلاسٹک کوڈ کروا کر اپنی جیب یا پرس میں رکھیں چلتے پھرتے درود پاک کا ورد کریں، انشاء اللہ تعالیٰ العزیز تمام جملہ مصائب و پریشانیوں سے آپ بہت جلد نجات پائیں گے۔

لوح محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وفق 454 بنتا ہے۔ اس لوح کو میں نے اسمائے حسنیٰ سے ترتیب دی ہے۔ جس طرف سے بھی باہر کے چار خانوں کا وفق لیا جائے گا تو 454 ہی برآمد ہوگا۔ کونوں پر جو چھوٹے ہندسے دیئے گئے ہیں یہ لوح کی چال کو ظاہر کرتے ہیں۔ اصل لوح لکھتے وقت یہ ہندسے ہرگز تحریر نہ کریں۔ اگر مضمون کی کوئی جز سمجھ نہ آئے تو امامیہ جنتری آفیشل پر دیئے گئے نمبر کے ذریعہ رابطہ کریں۔

03 111 888 668

25 محرم الحرام سالانہ مجلس عزا بسیدا نوار الحق شاہ جہلم ـ بانی ذاکر سید کاظم عباس کاظمی ● ہر سال مہر مظفر کا پہلا اتوار بعد جلوس ذوالجناح کربلا ۹ بجے صبح منتظم کاروان حسینؑ جنڈ وہیاں تحصیل و ضلع راولپنڈی۔



www.shiaqurantutors.com

# خزینہ علم

# لوح امام علی رضا علیہ السلام

گلفام علی حسینی
(جفار و عامل)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

**لوح امام علی رضا** علیہ السلام ہر درد و الم و میاں بیوی کی محبت، ادائیگی قرض، قوت باہ، رزق وشفائے امراض و بیرون ملک سفر کے لئے مجرب ہے۔ مندرجہ بالا مقاصد کے واسطے لوح مبارک کو تحریر کرنے کا بہترین وقت گیارہ ذیقعدہ ہے ۔ اگر گیارہ ذیقعدہ بروز جمعرات یا جمعہ کو ہو تو بہت خوب ہے۔ لوح امام علی رضاؑ کو کاغذ یا چاندی پر کندہ کریں۔ عورتیں سونے کی دھات پر تیار کروا سکتی ہیں۔ یاد رکھیے کہ لوح کی تیاری سے قبل اور بعد از نماز حضرت امام علی رضا علیہ السلام ضرور ادا کی جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
قرۃ اعین المومنین الرضا ابو الحسن

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۰۷ | ۸۶ | ۸۸۷ | علیؑ |
| ۸۸۵ | ۱۱۲ | ۱۰۰۵ | ۸۸ |
| ۱۱۴ | ضامنؑ | امام | ۱۰۰۳ |
| ۸۴ | رضاؑ | ۱۱۶ | ۸۸۹ |

کافی الخلق — نور الھدی

سکینۃ الملحدین

**ہلاکتِ اعداء:** لوحِ امام علی رضا علیہ السلام کو شہادتِ امام کے دن زوال کے وقت لکھ کر قرآن میں سورۃ ابی لہب (پارہ 30) میں رکھ کر تیرہ مرتبہ دشمن کا تصور رکھ کر تیرہ روز سورۃ ابی لہب پڑھیں۔ ان شاء اللہ دشمن ایسا مفلس ہوگا کہ مرتے دم تک نانِ شبینہ کو محتاج رہے گا۔ جلد منزلِ ہلاکت تک پہنچے۔ یہ عمل ناجائز امور کیلئے انجام دینے سے پرہیز کیا جائے۔

**نیند کا زیادہ آنا:** جس شخص کو نیند کا غلبہ ہر وقت رہتا ہو یا نیند زیادہ آتی ہو وہ لوح امام علی رضاؑ کو زعفران و مشک سے لکھ کر گلے میں لٹکائے۔ ایک اور تعویز سرخ رنگ کی روشنائی سے لکھ کر مہندی کے پتوں میں بند کر کے تکیہ کے نیچے رکھ کر سویا کرے۔ ان شاء اللہ نیند کا غلبہ کم ہوتے ہوتے ختم ہو جائے گا۔ بحار الانوار جلد نمبر 5 صفحہ 24 پر حضرت امام موسیٰ علیہ السلام بن جعفر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ نیند کی زیادتی مناسب نہیں ہوتی۔ یہ جسم میں شکر کی کمی کی علامت ہے۔

**ہر درد والم کا علاج:** ہر درد و مصیبت کے وقت لوح امام رضا علیہ السلام کو سفید کاغذ پر زعفران و مشک و عرق گلاب کی روشنائی سے رُجال الغیب کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائیں اور گیارہ ذیقعدہ کو تحریر کر کے صندل کی دھونی دے کر عطر سے معطر کر کے گلے میں لٹکائیں اور نماز حضرت امام علی رضا علیہ السلام پڑھیں۔ بعد از نماز یہ دعا اپنے نام کے اعدادِ قمری کے مطابق پڑھیں۔ اگر بیمار ہیں تو شفا مانگیں اور اگر تنگ دست ہیں تو روزی مانگیں اور اگر بے اولاد ہیں تو اولاد مانگیں۔ گویا جو بھی مقصد ہے اس مقصد کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر دعا قبول و منظور ہوگی۔ دعا کے بعد مولا امام علی رضا علیہ السلام کی آمد کی خوشی منائیں۔ **دعا یہ ہے:**

یامنزل الشفاء ومذھب الداء انزل علی وجعی الشفاء

وسائل الشیعہ جلد نمبر 2، صفحہ 111 پر زکریا بن آدم حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں۔ تمام علل واسقام پر مندرجہ بالا دعا پڑھیں آپ کو شفا حاصل ہو جائے گی۔

**زوجین کی محبت:** اگر شوہر و بیوی میں ناراضگی ہو تو لوحِ امام علی رضا علیہ السلام کے نیچے یہ عبارت لکھیں۔

یاودود الحی القیوم بحق نقش امام علی رضاؑ قَلِب فلاں بن فلاں (فلانہ بنتِ فلانہ) علیٰ حُب فلانہ بنت فلانہ (فلاں بن فلاں)

حب شدیدا مطیعا عاشقا دائما ابدًا ابدًا ابدًا . یامقلب القلوب والابصار .

اور لوح کو موم جامہ کر کے زوجین میں سے جس کو ضرورت ہو اپنے داہنے بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ تمام اختلافات دور ہو جائیں گے۔

## جادو سحر، بیماریوں اور پریشانیوں سے نجات کیلئے

بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور 7 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنا حصار کر لیں۔ اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود پڑھیں اور درمیان میں 313 مرتبہ چاروں قل پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں اور اپنے حق میں دعا کریں۔ یہ عمل 41 روز تک لگاتار کریں۔ عرق گلاب و زعفران سے چہار قل کا عددی نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔


محسن بک سنٹر PAF مارکیٹ لاہور کینٹ
اصغر اینڈ سنز۔ الحمد پلازہ اردو بازار لاہور 37320241
www.shiaqurantutors.com

# تاثیرِ قرآن

# لوح غنا اسمائے حسنیٰ
## بمعہ موکلات

سید ندیم حیدر
زیدی الواسطی
(ماہر عملیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

معزز و محترم قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! آج کل ہر انسان چاہے وہ امیر ہے یا غریب۔ ظاہری، باطنی، روحانی، جسمانی بیماریوں میں مبتلا ہے اور معاشی پریشانیوں میں گھرا ہوا ہے۔ اور اپنے ان مسائل کے حل کیلئے ہر قسم کے جتن کرنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ تو میرے معزز قارئین اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ پر جو قرآن مجید نازل فرمایا ہے اس میں اللہ تبارک تعالیٰ نے ایمان والوں کیلئے ہر طرح کی بشارتیں دی ہیں۔ اور ہر مسئلے کا حل اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں واضح بیان کیا ہے جب کوئی مضطرب اور پریشان حال اپنے رب کو عاجزی اور انکساری سے پکارتا ہے تو وہ ضرور اسکی پکار کو سنتا ہے۔ جو افراد تنگ دستی کا شکار ہوں یا انعامی بانڈ یا لاٹری یا سٹہ بازی میں اپنا پیسہ برباد کر چکے ہوں۔ ان کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ یہ عمل غنا پاکیزگی سے مکمل کریں۔ بے انداز فائدہ ہوگا۔ رب رحمٰن و رزاق ایسے اسباب سے دولت دے گا کہ جس کا گمان بھی نہ ہوگا۔

(1) **ترکیب!** صبح کو طلوع آفتاب کے وقت اول ساعت میں آفتاب کے سامنے باطہارت سفید لباس میں ملبوس کھڑے ہو کر 300 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور 300 مرتبہ درود پاک اللھم صل اللہ محمد و آل محمدؐ اور 300 مرتبہ اسم اعظم یا علی کا ورد کرے۔ یہ عمل ایسی جگہ پر کرے جہاں کسی انسان کی نگاہ نہ پڑے۔ اور کوئی حرام جانور بھی نہ دیکھ پائے۔

365 دن لگاتار با پرہیز جلالی و جمالی عمل کرے ان شاء اللہ اول سال میں ہی غنا حاصل ہوگا۔ ورنہ عمل تمام ہونے پر سلسلہ غنا بے انداز و بے گمان شروع ہو جائے گا۔ دوران عمل یکسوئی 100% قائم رہے بعد از تکمیل زکوۃ یومیہ 11 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ 11 مرتبہ دورد پاک 11 بار یا علی کا ورد نکرار گھر میں پاکیزہ جگہ پر جاری رکھے۔ یہ عمل میرا برسوں کا آزمودہ اور مجرب ہے۔

(2) مثلث آتشی میں اللہ تبارک تعالیٰ کے یہ نو نام پُر کریں

**یارحمٰن یارحیم یاعلیم یاحفیظ یاحیّ یاقیّوم**
**یافتّاح یارافع یاھادی۔**

بمع اعداد ابجد قمری ان کے ساتھ موکل خانہ ھائے بھی درج کریں۔ مثلث کی پشت پر اپنا نام بمع والدہ درج کریں۔ یہ نقش یا لوح بوقت شرف قمر لکھیں جو کہ ہر ماہ آتا ہے۔ باوضو قبلہ رُخ ہو کر نقش لکھیں اور نقش یا لوح کو معطر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ نقش ہو تو چاندی میں بنوالیں۔ اور لوح ہو تو چاندی کی پالش کروالیں دوسرے دن ان ناموں کو بمع موکل خانہ ھائے مثلث عزیمت بنا کر ایک سو ایک مرتبہ ورد کریں اکیس دن تک بعدہ ختم کر دیں۔ سارے سال میں فروانی رزق ترقی ملازمت اور عزت کے علاوہ بے شمار فوائد ملاحظہ کریں۔ غور سے قاعدہ سمجھ لیں۔ اس مثلث کی پشت پر اپنا (جسکے لیئے ہو) نام مع والدہ کے درج کریں ورد یہ ہوگا

**یارحمٰن یااطلائیل۔ یارحیم بحق یابطظائیل**
**یاعلیم بحق یاجططائیل یافتاح بحق یازطظائیل**
**یارافع بحق یاحططائیل یاحادی بحق ططائیل**

پڑھتے وقت مقصد کا خیال رہے۔ کسی قسم کا پرہیز اور پابندی وقت نہیں ہے روزانہ جو وقت مل سکے 101 بار پڑھیں۔ مندرجہ بالا عمل اول کو اگر چاند کی پہلی دوسری تاریخ چھوڑ کر 4 سے 14 تک روزانہ مسلسل قبل طلوع آفتاب باوضو با پرہیز جلالی و جمالی پڑھیں تو یہ مرض کینسر تک کیلئے شفایاب ہوسکتا ہے۔ اصل عمل یوں ہے 786 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ 110 بار یا علی ادرکنی فی سبیل اللہ اور 557 بار درود پاک اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پڑھیں۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۵۱ یارافع یاحططائیل | ۲۹۸ یارحمٰن یااطلائیل | ۱۵۶ یاقیوم وططائیل |
| ۱۵۰ یاعلیم یاجططائیل | ۱۸ یاحیّ یاھططائیل | ۴۸۹ یافتاح یازطظائیل |
| ۹۹۸ یاحفیظ یادططائیل | ۲۰ یاھادی یاططائیل | ۲۵۸ یارحیم یابطظائیل |

0300 3481487 علم نجوم کے زیر اہتمام جشن مولود کعبہ 14 رجب 9 بجے شب مرکزی امام بارگاہ

03 111 888 668
ایم غلام رضا عسکری (ماہر علوم فلکیات)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

1446 ھجری | 2025 عیسوی

# نوروز عالم افروز

عرض بلد 33-43N | تحویل آفتاب در برج حمل | طول بلد 73-04E

مورخہ 20 مارچ بروز جمعرات

رات 8 بج کر 33 منٹ 14 سکینڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بمطابق دارالحکومت اسلام آباد

## صدقات

سنہری اشیاء، چمکیلی اشیاء، کے صدقات دیے جائیں باجرہ، گندم موتی چور، بیسن کے لڈو، سونا پارہ، سنہرا کپڑا، سنہری دھاتیں، کنگنی، زرد چاول، سنگ ستارہ، زرق برق لباس، صدقہ کر سکتے ہیں۔ کپڑا الباس کھانے کی اشیاء، غریبوں میں تقسیم کریں۔ اناج پرندوں کو ڈال دیں۔ دھات صدقہ کرنا ہو تو نہر یا سمندر میں ڈالدیں۔ کوئی ایک صدقہ جو توفیق ہو کر لیں۔

## خوارک

بیسن کی روٹی، مکئی کی روٹی، موتی چورو بیسن کے لڈو، موسمی، چنے کی دال، مونگ کی دال، نارنگی، زرد سنہری مٹھائیاں، کیلا، انگور، انار بطور خوراک نذر و نیاز استعمال کی جا سکتی ہیں۔ بہترین صدقات غرباء و مساکین کو کھانا کھلانا ہے۔ اگر ہو سکے تو 10 افراد کو کھانا کھلا دینا بہتر ہوگا۔




## مراتب سیارگان برائے نوروز

| | |
|---|---|
| بادشاہ: | شمس |
| وزیر: | مریخ |
| سپہ سالار: | زہرہ |
| مشیر: | مشتری |
| رنگ: | پیلا |

**نوٹ** سواری، پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف اہل ہنود میں پائی جاتی ہے اسلام میں اسکا تصور نہیں ہے

تحویل کے وقت مولا مشکل کشاءؑ کی نذر دیکر ان کے وسیلہ سے دعا کریں اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔

**بین الاقوامی اوقات برائے نوروز** تہران ایران 07:03:15PM، بغداد عراق 06:33:15PM۔ جدہ سعودی عرب، دمشق شام 05:33:15PM، دبئی عرب امارات 07:33:15PM د۔ دہلی انڈیا 09:03:15PM۔ واشنگٹن، نیویارک کیلیفورنیا، امریکہ، اوتاوا کینڈا 11:33:15AM لندن برطانیہ 03:33:15PM کینبیرا آسٹریلیا 21 مارچ 02:33:15AM۔

**نوٹ** کچھ بڑے ممالک کے نوروز کے اوقات قارئین کی سہولت کے لیے دیئے جارہے ہیں۔ امریکہ، کینڈا کی ریاستوں میں مختلف ٹائم زون ہیں اپنے مقامی وقت کو جمع یا نفی کر کے درست وقت نکال لیں۔ قریب وجوار کے ممالک بھی درست وقت کے لیے مقامی وقت میں جمع یا نفی اپنے قریبی ملک کے مطابق درست وقت نکال لیں۔ پاکستانی وقت نوروز میں سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو گرین واچ ٹائم نکل آئے گا۔

Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally

# آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثلِ لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعدازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ ''یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ'' اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

**یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ط**

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ''قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ'' اور اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ ''اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ ''قُلْ یٰاَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ'' اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کرکے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس دس مرتبہ ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

**اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ نِ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَکَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْکُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ**

14 شعبان المعظم 8 بجے شب ... 0308-4952031

اس کے بعد، دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ وَّاَنْتَ مَلِكٌ قَدِيْمٌ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَافِيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَافِيْهَا وَاَسْتَكْفِيْكَ مَئُوْنَتَهَا وَشُغْلَهَا يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (زادالمعاد)

## نقش نوروز

اعداد ۵۰۴۶

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب وزعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض وبلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دُشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرب اور راز سربستہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

العلی العلی العلی العلی العلی

یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ یاعلیؑ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۶۱ | ۱۳۶۴ | ۱۳۶۷ | ۱۳۵۴ |
| ۱۳۶۶ | ۱۳۵۵ | ۱۳۶۰ | ۱۳۶۵ |
| ۱۳۵۶ | ۱۳۶۹ | ۱۳۶۲ | ۱۳۵۹ |
| ۱۳۶۳ | ۱۳۵۸ | ۱۳۵۷ | ۱۳۶۸ |

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

اور مدت حمل تک واسطے حفاظت حمل کے ایضاً اس شکل کو لکھ کر ران پر اندر کی جانب باندھے اور گرد کی عبارت کو چشم کشادہ لکھے اور بعد پیدائش بچے کے فوراً کھول دے۔

الشکور البکور

| | | |
|---|---|---|
| اربعہ | ثلثہ | اثنین |
| اربعہ | اثنین | ثلثہ |

لاحول

## سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک وزعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج ودرد اُس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ | 1 |
| سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ | 2 |
| سَلٰمٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ | 3 |
| سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ | 4 |
| سَلٰمٌ عَلٰى اٰلِ يَاسِيْنَ | 5 |
| سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ | 6 |
| سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (از حاشیہ زادالمعاد) | 7 |

مندرجہ ذیل نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے وبا وامراض جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کرکے پہنے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الا=۱۱۱۹ ۱۱۱۹=الا ۱۱۱=محطی

برائے دردِزہ سات مرتبہ اس آیت کو گڑ، شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ

Be aware of
FAKE APPS
Download Original Imamia Jantri Official App by Iftikhar Book Depot by scanning the given code.
SCAN ME

9 ربیع الاول جشن امیر مختار 9 بجے شب۔ قصر نوروز انصاری روڈ اسلام پورہ لاہور۔ پسران خواجہ نوروز مرحوم

# نوروز کے احکام اور شرعی حیثیت

اس سال بفضل پروردگار 20 مارچ 2025 بروز جمعرات 8 چیت بکرمی اور یکم حمل 1946 بوقت علی الصبح 2 بجکر 24 منٹ 15 سیکنڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بمطابق دارلحکومت اسلام آباد شمس درحمل کے صفر درجہ پر تحویل ہوگا۔

## نوروز کی شرعی حیثیت

عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو لکھا جاتا ہے وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ نیا دن اس لیے کے شمس برج حمل میں داخل ہو رہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہے جن کا دین اور شریعت سے کوئی تعلق نہیں 18 ذوالحجہ 10 ہجری چونکہ اتفاقاً 21 مارچ کو آ گیا اس لیے اس جشن کو دہرا منانے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کر دیا گیا۔ ہم جو اعمال بجالاتے ہیں وہ 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی اکیسویں مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں مگر سال ہائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں مثلاً یہ واقعات ایک نئے دن سے متعلق ہیں۔ اس لیے یاد خدا میں تشکر کے طور پر بجالائے جاتے ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمدؐ نے اپنا دن فرمایا ❶ اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں عہد لیا ہے کہ اس کی واحدنیت کیساتھ عبادت کریں ❷ یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی ❸ حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا ❹ رجعت آئمہ طاہرینؑ اور حضرت علیؑ کی خلافت ظاہرہ ❺ حضرت محمد ﷺ پر نزول وحی کا آغاز ❻ حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا ❼ حضرت علیؑ کا خوارج پر فتح پانا ❽ حضرت علیؑ کا تطہیر کعبہ کا عمل بجالانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں یہ اعمال نوافل دعائیں، اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ متذکرہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں جنکی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

## آب نیساں

نوروز سے 23 دن کے بعد جو مہینہ شروع ہوتا ہے جو 30 دن کا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے اسے آب نیساں کہتے ہیں امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے جو شخص اس پانی کو جمع کر کے اس پر سورۃ الحمد، آیت الکرسی، چاروں قل اور سورۃ انا انزلناہ کو 70، 70 مرتبہ پڑھے 70 مرتبہ اللہ اکبر 70 مرتبہ لا الہ الا اللہ اور پھر 70 مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اسے پئے تو خداوند عالم اس کے دل کو نور کی روشنی اور فہم وفراست اور بینائی سے بھر دے گا اور تمام آفات وبلیات سے محفوظ رکھے گا۔ جو شخص صبح وشام اس پانی کو پئے گا اسکی ہڈیوں اور رگوں سے ہر قسم کی کا درد اور بیماری ختم ہو جائیں گی۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو تو وہ آب نیساں کو اس نیت سے پئے تو خداوند عالم اس کو فرزند عطا کرے گا اور بانجھ عورت ہو تو بفضل خدا اسکی گود ہری ہوگی۔

## نماز حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

✺ یہ دو رکعت مستحب نماز حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا نے تعلیم فرمائی اور آپ کو حضرت جبرائیلؑ نے تعلیم فرمائی تھی ✺ یہ نماز دنیاوی و اُخروی تمام امور کی آسانی کے لیے انتہائی موثر ہے ✺ اسکی ترکیب یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد 100 مرتبہ سورۃ قدر اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد 100 مرتبہ سورۃ توحید پڑھے نماز کے بعد گھٹنے اور کہنیوں سے کپڑا اٹھا کر بحالت سجدہ یہ دعا پڑھے دعا کے بعد خضوع وخشوع سے بوسیلہ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجات طلب کرے تو اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

سُبْحَانَ ذِی الْعِزِّ الشَّامِخِ الْمُنِیفِ سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ الْبَاذِخِ الْعَظِیمِ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ الْفَاخِرِ الْقَدِیمِ

سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْبَهْجَةَ وَالْجَمَالَ سُبْحَانَ مَنْ تَرَدَّی بِالنُّورِ وَالْوَقَارِ سُبْحَانَ مَنْ یَرَی أَثَرَ النَّمْلِ فِی الصَّفَا

سُبْحَانَ مَنْ یَرَی وَقْعَ الطَّیْرِ فِی الْهَوَاءِ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ هٰكَذَا لَا هٰكَذَا غَیْرُهُ

3/4 ذی الحجہ ... آل محمد کا ماتم ... 12 بجے تا رات ... 0300-4396973

# عالمی حالات 2023
## زائچہ نوروز کی روشنی میں

ایم غلام
رضا عسکری
(ماہر علوم فلکیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

منگل کے دن کا نوروز آئے تو اس سال گرمی کی شدت زیادہ ہوگی خشک اور گرم موسم شدت سے اثر انداز ہوگا۔ سرخ آندھیاں چلنے اور مٹی و گرد کے طوفانوں کی کثرت ہوسکتی ہے۔ آسمانی بجلی گرنے کے امکانات ہوسکتے ہیں۔ بیجوں میں کیڑا لگنے اور بیج ضائع ہونے کی وجہ سے فصلوں کی پیداوار کم ہوگی۔ تاہم ٹماٹر انار لوبیا مکئی اور گندم کی پیداوار اچھی ہوگی اسکے ساتھ ہی خشک میوہ جات کی قیمتوں میں اضافہ اور پیداوار میں کمی کا امکان غالب ہوگا فساد قتل و غارت اور لڑائی جھگڑے کثرت سے ہوسکتے ہیں دہشت گردی میں یا ٹارگٹ کلنگ میں اضافہ ہوسکتا ہے مریخ چونکہ سول سروسز اور پولیس و دیگر دفاعی اداروں سے تعلق رکھتا ہے لہذا مذکورہ ادارے مضبوط ہونے کی توقع ہے۔

**پاکستان** اس سال کا حاکم سیارہ مریخ ہے طالع برج جدی ہوگا۔ پڑوسی ممالک خصوصاً ایران، افغانستان اور چین کے ساتھ تعلقات میں بہتری ہوگی اور اسکے ساتھ ہی نئے تجارتی و سماجی تعلقات بننے کی امید ہے۔ بھارت کے ساتھ تعلقات میں سرد مہری کا رویہ رہے گا۔ اپریل اور مئی میں گرمی کی شدت بڑھنے کے ساتھ ہی سمندری طوفان بننے کا امکان ہے تاہم پاکستان کے ساحلی علاقے محفوظ رہیں گے، شمس عطارد چھٹے آٹھویں اور نویں گھر کے مالک ہوکر چوتھے گھر میں ہونگے تعلیمی یونیورسٹیز کا قیام اور تعلیم معیار بلند ہونے کے سلسلے میں اہم کام کئے جائیں گے۔ مہنگائی میں کچھ کمی ہونے یا مزید مہنگائی نا ہونے کے امکانات ہوسکتے ہیں عوامی فلاح و بہبود کے کاموں میں اضافہ ہوسکتا ہے جبکہ مشتری اور شمس عطارد کی چوتھے گھر میں موجودگی کی وجہ سے افراط زر میں اضافہ ہونے کے امکانات ہوسکتے ہیں جسکی وجہ سے ملکی کرنسی دباؤ میں رہے گی۔ عدالتی معیار میں بہتری کی کوششیں کی جائیں گی یا چند ایسے فیصلے آسکتے ہیں جن کی وجہ سے عدلیہ کا معیار عوام کی نگاہ میں بہتر ہوگا۔ راہو اور زہرہ کا قران پانچویں گھر میں ہوگا ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری کے ساتھ اضافے کے امکانات اور اسٹاک مارکیٹ میں بہتری رونما ہوگی۔

**موسم** مشرقی سندھ اور پنجاب میں بارشوں کا سلسلہ اس سال جون کے آخر میں 25 یا 27 جون تک شروع ہوسکتا ہے اور ان علاقوں میں بارشیں جون میں اچھی ہوسکتی ہیں۔ بجلی گرنے اور تیز آندھی طوفان آسکتے ہیں۔ جنوب مشرقی علاقے بتدریج لپیٹ میں آسکتے ہیں۔ جولائی میں شمال مشرقی علاقے شدید بارشوں کی لپیٹ میں آسکتے ہیں جبکہ ان علاقوں میں ان دنوں سیلاب کے امکانات واضح ہیں۔

17 جولائی کا نیو مون چارٹ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ سندھ اور پنجاب کے میدانی علاقے ایک بار پھر سیلاب اور شدید بارشوں کی لپیٹ میں آسکتے ہیں 17 جولائی تا 14 اگست کے درمیان مسلسل بارشوں کی وجہ سے فصلوں کا نقصان اور آبادیوں کو نقل مکانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ مون سون کی آخری بارشوں کا اگست کے آخر تا ستمبر کے اوائل تک جنوب مغربی علاقوں میں زور ہوگا ممکن ہے کہ سندھ کے جنوب مغربی علاقے کراچی اور دیگر ساحلی پٹیاں ان دنوں متاثر ہوں۔ نومبر دسمبر شدید اور خشک سردی کا آغاز ہوجائے گا اس سال سردی بھی اچھی پڑنے کا امکان ہے۔

**انڈیا بھارت** انڈیا اور پاکستان کا زائچہ نوروز کم و بیش ایک جیسا ہی ہے تاہم پلوٹو کا اس سال طالع جدی سے نکلنا اور دلو میں داخل ہونا انڈیا کے زائچہ میں اہم ہوگا مذہبی انتہا پسندی اور اکھنڈ بھارت کے نعرے کو عالمی سطح پر تنقید کا سامنا ہوگا بھارت کو لبرل پالیسی اپنانا ہوگی ورنہ انسانی حقوق کی تنظیموں کی جانب سے بھارت کو سبکی کا سامنا ہوگا جبکہ بھارت کی کرنسی بھی رو بہ زوال ہوگی اس کے ساتھ ہی موسمی تغیرات اور تبدیلیوں کی وجہ سے انڈیا کی زرعی پیداوار میں کمی واقع ہوگی بھارت کے مشرقی علاقوں میں قدرتی آفات کی وجہ سے اموات ہوسکتی ہیں جب کہ سمندری طوفانوں اور بارشوں کی وجہ سے انڈیا کو خاصی مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ بھارت کی جانب سے افواج کو مضبوط کرنے اور نئے ہتھیاروں کے تجربات اور انڈین آرمی کو ہتھیاروں کی فراہمی میں تیزی خطے میں طاقت کے توازن کو بگاڑنے کا باعث بن سکتی ہے انڈیا اور چین کے سرحدی علاقوں میں لڑائی اور سرحدی علاقوں پر قبضہ ہونے کے امکانات ہوسکتے ہیں جبکہ انڈیا کی جانب سے عالمی عدالت میں جانے

0332-4009514

کے امکانات بھی ہو سکتے ہیں۔فحاشی عریانیت میں اضافہ کے ساتھ انڈیا کی فلم انڈسٹری میں نئے چہرے سامنے آسکتے ہیں۔علیحدگی پسند تنظیموں کی جانب سے انڈیا کے اندرونی معاملات خلفشار کا شکار رہیں گے،وزیر اعظم کے ملکی و بین الاقوامی وقار میں کمی آئے گی،۔کشمیر کے معاملہ میں فی الحال کسی پیش رفت کا کوئی امکان نہ ہوگا کرپشن اور مالی بدعنوانیوں کے کیسز سامنے آئیں گے۔انڈیا کے پڑوسی ممالک کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے خصوصاً بنگلہ دیش سالانہ ترقی کے معاملہ میں بھارت سے آگے نکل جائے گا۔بھارت عرصہ دراز سے دوسرے ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرتا رہا ہے اس سال بھی بھارتی ایجنسیز کی جانب سے دراندازی اور مداخلت کے امکانات بھی ہیں اور بھارت کے جاسوس یا جاسوسی نیٹ ورک پکڑے جانے کی وجہ سے بھارت کو مشکلات کا سامنا ہوگا۔بھارت بنگلہ دیش کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرسکتا ہے اپریل مئی اور اکتوبر،نومبر سمندری طوفانوں کی وجہ سے اہم ہونگے ساحلی علاقوں میں نقصانات ہو سکتے ہیں۔

**ایران**  شرح پیداوار میں اضافہ اور ایران کی کرنسی میں بہتر تبدیلی آنے کے امکانات ہیں۔مشتری کی پانچویں گھر سعد موجودگی اور زہرہ کی چھٹے گھر میں موجودگی کی وجہ سے ایران کی شرح نمو میں اضافہ ہوگا جبکہ ایران کی جانب سے عالمی سطح پر کئی ایک ممالک کے ساتھ معاہدے ہونے کے امکانات بھی ہیں۔فوجی سطح پر ایران کی جانب سے نئے اسلحہ یا فوجی قوت کا مظاہرہ اور اسلحہ کے تجربات بھی سامنے آئیں گے۔راہو زہرہ کی چھٹے گھر موجودگی بیرونی سازشوں کی وجہ سے ایرانی خواتین کی جانب سے حقوق نسواں کی آزادی کی کئی ایک تحریکوں کو ہوا دی جائے گی تاہم ایرانی حکومت ان معاملات کو کنٹرول کرنے میں کامیاب ہوجائے گی ایسا خصوصاً مارچ اور اپریل میں سامنے آسکتا ہے۔ممکن ہے کہ اقوام عالم کی رائے دو حصوں میں تقسیم ہوجائے اور امریکہ کو ناکامی کا سامنا ہو۔وبائی امراض یا قدرتی آفات کی وجہ سے ایرانی عوام کو نقصانات کا سامنا ہوسکتا ہے۔جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی کی جانب ایرانی حکومتی اقدامات نظر آئیں گے نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور دیگر ترقیاتی کاموں و کھیلوں کے معاملات میں بہتری لائی جائے گی۔مریخ کی ساتویں گھر میں موجودگی ایرانی افواج کو مضبوط کرنے اور عالمی سطح پر ایرانی افواج کا روس ترکی پاکستان یا دیگر ممالک کے ساتھ مشقوں کا امکان غالب نظر آتا ہے۔۔شمس کا پانچویں گھر شرفیاب ہونا ایرانی سپریم لیڈر و ایرانی سیاسی افراد کے لئے خوش آئند ثابت ہوگا۔تیل اور گیس کے منصوبوں کو وسعت دی جائے گی اسکے ساتھ ہی ممکن ہے کہ ایران کی جانب سے پیداوار میں اضافہ عالمی سطح پر تیل اور گیس کی قیمتوں میں کمی کا باعث بنے۔ایران شام اور عراق کی حمایت جاری رکھے گا جبکہ ایران کو روس ترکی اور دیگر آزاد مسلم ممالک خصوصاً روس کو آزاد مسلم ممالک کی جانب سے حمایت حاصل ہوگی۔مارچ تا مئی قدرتی آفات کی وجہ سے سیلاب یا زلزلہ کی وجہ سے تباہ کاریاں سامنے آسکتی ہیں۔

**عراق**  عراق کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کے قوی امکانات ہیں،عراق پر لگائی جانے والی معاشی پابندیوں میں نرمی حاصل ہوگی جبکہ عراق میں ترقیاتی کاموں میں تیزی عراق کی معاشی حالت میں بہتری کے قوی امکانات ہیں اندرونی معاملات پر عراق کی گرفت مضبوط ہوگی جبکہ سرحدی معاملات میں عراق کو اپنی فوجی قوت میں اضافہ یا مضبوط کرنے کی جانب جانا ہوگا،عراق کے شمال مغربی علاقوں میں دہشت گردانہ کاروائیوں میں اضافہ دیکھنے میں آسکتا ہے پڑوسی ممالک شام ایران اور افغانستان کے ساتھ تعلقات مستحکم ہوسکتے ہیں جبکہ مالی طور پر عراقی کرنسی میں استحکام کے امکانات کم ہیں،تاہم عراقی معیشت میں قدرے استحکام دیکھنے میں آئے گا۔ہمسایہ ممالک کے ساتھ عراق کے فوجی تعاون میں اضافہ ہوگا جبکہ دیگر عالمی پابندیوں میں اس سال عراق کو نرمی کے امکانات ہوسکتے ہیں امن و امان کی مجموعی صورتحال میں بہتری رونما ہوگی تاہم بغداد موصل اور تکریت کے علاقوں میں دہشت گردوں کی جانب سے کاروائیاں ہونے کے امکانات ہونگے۔عراق میں اندرونی سطح پر حکومتی تبدیلی کا امکان ہوگا۔عراقی عوام کی صورتحال میں بہتری کا امکان ہے شمس کا شرف اور عطارد کی موجودگی تعلیمی و سماجی سطح پر عراقی نوجوانوں کے لئے نئے منصوبوں کا آغاز ہوگا بے روزگاری کا خاتمہ اور نئے روزگار کے منصوبوں میں پیش رفت دیکھنے میں آئے گی۔

**سعودی عرب**  سعودی عرب کی جانب سے یمن بحرین میں مداخلت اور فوجی کاروائیاں عرب خطے میں بے چینی اور حالات کی خرابی کی وجہ بن سکتے ہیں تیل کی پیداوار کو محدود کرکے تیل کی قیمتیں بڑھانے کی کوششیں کی جائیں گی تاہم دیگر ممالک کا ساتھ ملنا عرب کے لئے مشکلات پیدا کرسکتا ہے۔بین الاقوامی سطح پر ڈالر کی مضبوطی ریال کی قدر میں کمی کا باعث بن سکتی ہے،شہزادہ محمد بن سلمان نئے وزیر اعظم کے طور پر سامنے آچکے ہیں اور مستقبل کے سعودی بادشاہ بھی بن سکیں گے تاہم شاہی خاندان میں اختلافات رونما ہوسکتے ہیں اور خاندان میں اختلافات سامنے آسکتے ہیں۔قدرتی آبی وسائل میں بہتری

جشن امام زمانہ ۱۵ شعبان بعد نماز مغرب بمقام ۸۹ بلال سٹریٹ پارک ابدالی چوک سنت نگر لاہور پنجاب: سید زوار حسین جعفری کی وپیر ان 042-37154026



www.shiaqurantutors.com

کی کوششیں کی جائیں گی جب کہ پچھلے چند سالوں سے سعودی عرب کو موسمی تبدیلیوں خصوصاً زیادہ بارشوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جسکی وجہ سے شہری نظام میں سعودیہ کو تبدیلیاں لانا ہونگی۔ غیر ملکی تارکین وطن کے لئے کچھ آسانیاں یا نرم قوانین بنائے جانے کا امکان ہوگا۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ اور اسٹاک مارکیٹس میں تیزی کے ساتھ سعودی معیشت مستحکم رہنے کا امکان ہے۔ ٹیکسز میں اضافے اور مہنگائی میں اضافے کے امکانات ہیں۔ ممکن ہے عرب اسرائیل کو کہ تسلیم کر لے اور باقاعدہ سفارتی یا خفیہ تعلقات قائم ہو جائیں۔ ایران کے ساتھ عرب کے تعلقات تناؤ کا شکار رہیں گے جبکہ پاکستان کے ساتھ عرب تعلقات میں مزید بہتری کے امکانات ہیں۔ یورپ اور امریکہ سے جدید ہتھیاروں کی خریداری کے ساتھ سعودیہ عرب خطے میں ایک مضبوط ملک بن کر سامنے آئے گا تاہم سعودیہ کی جانب سے ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کے امکانات کم ہیں۔

**شام** شام ترکی اور روس کی جانب سے شام کو حمایت حاصل رہے گی، شام پر عالمی پابندیوں کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے روس کی جانب سے مالی و فوجی تعاون دیکھنے میں آ سکتا ہے۔ اردن اور اسرائیل کے سرحدی علاقوں میں پرورش پانے والی داعش جیسی دہشت گرد تنظیم پر شام قابو پانے میں کامیاب ہو جائے گا جبکہ دیگر سورش زدہ علاقوں میں شامی افواج کو برتری حاصل رہے گی، شام میں فوجی کاروائیوں میں کمی آئے گی زیارات اور سیاحت کے ویزے کھلنے اور ان علاقوں میں امن و امان کی صورتحال بہتر رہنے کے امکانات ہیں۔ مالی طور پر شام کی صورتحال میں کچھ بہتری کا امکان ہے تاہم شام کو ملکی وسائل میں اضافہ کرنے کی کوششیں کرنا ہونگی۔ معدنی وسائل تیل گیس اور دیگر معدنیات دریافت ہونے اور نئے وسائل کی تلاش میں کامیابیاں ملنے کے امکانات ہونگے، ترکی اور روس کے ساتھ شام کے تعلقات میں بہتری کے ساتھ تجارت میں بھی اضافہ متوقع ہے جبکہ شام میں قائم بشار الاسد کی حکومت مضبوط ہوگی اور مخالفین کو پسپائی کا سامنا ہوگا۔ مالی طور پر شام کی کرنسی کمزور ہوتی نظر آتی ہے مہنگائی میں اضافہ اور تیل کی پیداوار پر عالمی پابندیاں شام کے لئے مالی وسائل میں بہتری کے کم امکانات ہونگے۔

**امریکہ** امریکہ کے زائچہ نوروز میں مالی توازن میں بگاڑ واقع ہونے کے ساتھ قرضوں میں اضافہ اور ادائیگیوں میں کمی مالی مشکلات پیدا کریں گی عطارد کا آٹھویں گھر میں قیام قرضوں میں اضافہ کو ظاہر کرتا ہے جبکہ مشتری کا آٹھویں گھر میں قیام بھی ادائیگیوں میں دباؤ آنے کے امکانات کو ظاہر کرتا ہے مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ امریکی معیشت کے لئے ایک چیلنج بن کر سامنے آئے گا۔ غیر ملکی تارکین وطن خصوصاً کولمبیا میکسیکو اور وینزویلا کے تارکین کے لئے سخت اقدامات یا قوانین بنائے جانے کے امکان ہیں یاد رہے امریکہ کی جانب سے پہلے ہی میکسیکو کی سرحد کو بند کیا جا چکا ھے لیکن کینیڈا کے ساتھ امریکہ کے تعلقات بہتر رہیں گے اس کے ساتھ ہی یاد رکھیں امریکہ اس وقت کینیڈا کی معیشت کا سہارا لے گا۔ امریکی کانگریس کی جانب سے دباؤ کا سامنا ہوگا جبکہ حزب اختلاف کی جانب سے بھی جو بائیڈن کی حکومت کو فیصلوں میں اختلافات کا سامنا ہو سکتا ہے ساتویں گھر میں زحل کی موجودگی امریکہ کی بین الاقوامی ساکھ میں کمی کا باعث بن سکتی ہے، عالمی طور پر امریکہ کی چوہدراہٹ میں کمی کا باعث بنے گا۔ عالمی طاقتوں کے درمیان اپنا توازن قائم رکھنا امریکہ کے لیے مشکل ہو سکتا ہے دوسری جانب راہو اور زہرہ کا نویں گھر میں قیام عالمی سطح پر امریکہ کی جانب سے اندرونی مداخلت میں اضافہ اور مداخلت کے ثبوت سامنے آنے کے واقعات حکومت کے لئے دردسر بن سکتے ہیں۔ قدرتی آفات خصوصاً سمندری طوفان اور برف باری سے کئی ایک امریکی ریاستیں متاثر ہو سکتی ہیں جانی مالی نقصان کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ جبکہ کئی ایک علاقوں میں ٹورنیڈو ہوا کے بگولوں کی وجہ سے تباہی سامنے آئے گی۔ تیل اور گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتیں اور وسائل میں کمی امریکی عوام کے لئے مشکلات پیدا کرے گی اسکے ساتھ ہی نسلی فسادات اور دہشت گردی کے واقعات بھی رونما ہو سکتے ہیں۔

## مجرب المجرب سریع التاثیر عمل جناب سیّدہ سلام اللہ علیہا

**عمل:** نوچندی جمعرات بعد نصف شب زیرِ آسمان جائے نماز بچھائیں نماز شب ادا کریں۔ دو رکعت نماز ہدیہ بحضور جناب سیدہؑ ادا کریں۔ بعد سلام و تسبیح سیدہ، ایک تسبیح درود کی پڑھیں۔ پھر 9 تسبیحات یہ کلمات پڑھیں **يَا مَوْلَاتِي يَا فَاطِمَةُ أَغِيثِينِي** اور اس کے بعد ایک تسبیح درود پڑھیں۔ اب زمین پر ننگے پاؤں کھڑے ہوں، آستین الٹ دیں قرآن مجید کو سر پر رکھیں اور یہ جملے گریہ کے ساتھ دہرائیں۔

(اے پروردگار تجھے جناب سیّدہ کے پہلوئے شکستہ کا واسطہ میری حاجت روا فرما) حاجت کا نام لیں۔ اس کے بعد سجدہ میں جائیں اور یہی جملے دہرائیں اور گریہ کریں۔ کہ یہ قبولیت دعا کی نشانی ہے۔ پھر کھڑے ہو کر زیارت جناب فاطمۃ الزہرہؑ پڑھیں۔ اگر مشکل سخت ہو تو تین دن لگاتار عمل کریں۔ انشاء اللہ 14 دن میں قبولیت کے آثار ظاہر ہوں گے۔ بہتر ہے کہ سخت ترین مشکلات کیلئے عمل کیا جائے۔

جشن مولودِ کعبہ حضرت علی علیہ السلام مورخہ 13 رجب بوقت شب بمقام امام بارگاہ ...

نعمتِ حیات

# قرآن اور نعمتوں کا حصول

مولانا
فیاض حسین جعفری
(ماہر علوم قرآنی و روحانی مشیر)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

45 **نعمتوں پر مشتمل جامع مضمون:** خداوند کریم قادر مطلق ہے سب کو رزق اور نعمتیں دینے والا۔ سورۂ نحل آیت 18 میں ارشاد رب العزت ہے "اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتیں گننے لگو تو گن نہ سکو گے وہ غفور رحیم ہے"۔ سورۂ رحمن میں 31 مرتبہ آیا ہے پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے"

ان تراجم سے پتا چلتا ہے کہ یہ نعمتیں کثیر التعداد ہیں جو ہمارے شمار سے باہر ہیں۔ موجودہ عنوان بالا کے مطابق جو سر نامہ کلام ہے اس میں سات نقطے ہیں تو ہم صرف 7 عظیم انعامات پر جنتری کے نقطہ نظر سے سیر حاصل بحث کریں گے۔ مثلاً صحت، دولت، عزت، الفت، طاقت، حفاظت، قبولیت۔ 7 ایک مبارک عدد ہے۔ سورۂ الحمد کی سات آیات ہیں، سات آسمانوں کو استوار کیا گیا ہے۔ سات مرتبہ **یاشافی یا کافی** پڑھ کر دوا کھائیں زیادہ اثر کرتی ہے۔ 7 مرتبہ **یارحمان** پڑھ کر درد والی جگہ پر دم کریں تو درد میں افاقہ ہوتا ہے۔

(1) **صحت:** صحت بہت بڑی نعمت ہے۔

صحت مند اور تنومند رہنے کے لیے امامیہ جنتری کے قارئین (مرد و زن) کے لیے چند ایک اصولی امور پیش خدمت ہیں۔

☆ صبح اٹھتے ہی چند لمبے سانس لیجئے اور جس طرف سے سانس آ رہی ہے وہ ہاتھ چہرے پر پھیریئے۔ ☆ 33 مرتبہ **ایاک نعبدو و ایاک نستعین** پڑھ کر مریض کو ہفتہ بھر دم کریں صحت یاب ہونے لگے گا۔

☆ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم** تین مرتبہ پڑھ کر اپنے آپ کو روزانہ دم کر دیا کریں تمام بلاؤں سے محفوظ رہیں گے۔

☆ ہمہ قسم کی پریشانی دور کرنے کے لیے **یاروءُف یارحیم** کھلا پڑھا کریں۔ ☆ دوپہر کے کھانے کے ساتھ کچا پیاز بطور سلاد استعمال کریں آخر میں تھوڑا سا گڑ کھا لیں قوت جسمانی بحال رہے گی۔ ☆ روغن کلونجی آٹے کے پیڑے میں ڈال کر روٹی تیار کریں اور کھائیں عمر بھر جوان رہیں گے۔ ☆ سہ پہر کے وقت ایک سیب اور دودھ کا کپ لیں صحت بخش زندگی سے لطف اندوز ہوں۔

**دولت** مایہ سرمایہ ہے Money Makes The Mare Go

☆ **دفینہ معلوم ہو۔** 40 مرتبہ 40 روز متواتر نادعلیؑ پڑھ کر دعا کریں۔ زمین کے اندر دفن خزانے کا علم ہو جائے گا۔

☆ اپنے نام کا اسم اعظم روزانہ باوضو پڑھا کریں دولت کی محتاجی نہیں ہوگی۔ ☆ رزق فراواں کے لیے **یامنعم** 21 مرتبہ ہر روز پڑھا کریں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے مالا مال رہیں گے۔ ☆ نماز عصر کے بعد چاروں کونوں میں 10-10 مرتبہ **یارزاقُ** اور دس مرتبہ سورۂ قدر پڑھا کریں۔

☆ تاجر حضرات نئے مال پر 100 مرتبہ **یانافع** پڑھ کر دم کریں۔ جلدی بکے گا اور منافع دے گا۔ ☆ صبح کی نماز کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر 70 مرتبہ یافتاح دو مرتبہ درود پڑھیں رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

☆ چودہ کا تعویذ اپنے ستارے کے مطابق نیک ساعت میں لکھ کر جیب یا پرس میں رکھیں ضروریات پوری ہوتی رہیں گی۔ نقش ←

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۱ |
| ۲ | ۵ | ۷ |
| ۸ | وھّاب | ۶ |

**عزت** Respect & Be Respected

انسان کی زندگی کی عظیم نعمت اس کی پروقار شخصیت ہے۔ جس کی بنیاد پر وہ خوش و خرم رہتا ہے اور باعزت طریقے سے بسر اوقات کر کے انسانیت کی خدمت کر سکتا ہے۔ ☆ اپنی عمر کے مطابق روزانہ **یاقوی یاعزیز** پڑھا کریں باعزت اور عمدہ زندگی بسر کریں گے۔ ☆ مقبول ہونے کے لیے 35 مرتبہ **الودود** سبز ریشمی کپڑے پر لکھ کر پاس رکھے۔ ☆ سلام کہنے میں پہل کرے اور سب کے ساتھ خندہ پیشانی سے کام آئے۔ اپنا کام بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر شروع کرے۔ ☆ case میں باعزت کامیابی کے واسطے 5 کلمات **یااللہ یاولی یاعلی یاوکیل یامُسب الاسباب** 10 مرتبہ روزانہ پڑھ لیں حالات سازگار رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔ ☆ **یامعز** ایک تسبیح روزانہ ورد کریں۔ ☆ اپنے نام کے حروف کے مطابق اس کے اعداد کے برابر اسم الٰہی پڑھیں۔ مثلاً عابد علی اپنے ع کے لحاظ سے 70 مرتبہ **یاعلیم** پڑھا کرے۔

☆ خدمت خلق، نیک کام، حسب توفیق صدقہ، ہمدردی اور ہر اچھا کام خوشنودی خدا کے لیے کرنا عزت اور سربلندی ہے۔ باقی صفحہ نمبر 41 پر



ہر سال 27,26,25 ... 0300-7730534 ✦ عرس مبارک ... 0300-8171412

www.shiaqurantutors.com

میری دعا قبول ہو

# تعقیبات کے فضائل و آداب

سیدہ صوفیہ نقوی
(روحانی مشیر)

03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

شروع اس بابرکت ذات سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔اے پروردگار محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے رحم کردے ان لوگوں، مومنوں اور مومنات پر جو زمین کے نیچے ہیں اور کرم کردے ان مومنوں اور مومنات پر جو زمین کے اوپر ہیں۔محترم آغا علی فرزاد صاحب شاد و آباد رہیں اور آغا افتخار حسین صاحب کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔آمین

## تعقیبات کے فضائل و آداب

جب نماز سے فارغ ہو جائیں تو اس کی تعقیبات میں مشغول ہو جائیں، خداوند عالم نے فرمایا: فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ اس آیت کی تفسیر ہوئی ہے کہ جب نماز سے فارغ ہو اپنے آپ کو دعا مانگنے کیلئے نصب کر اور اپنے پروردگار کی طرف رغبت کر اور اپنی حاجات کو اس سے طلب کر اور اپنی امیدوں کو اس کے غیر سے قطع کر دے۔امیر المومنینؑ سے منقول ہے جب نماز سے فارغ ہو جائے تو اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کر کے دعا مانگے، دعا مانگنے میں خوب رحمت ہے۔روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مومن کو چاہیے نماز سے فراغت کے بعد تعقیبات پڑھے اور جب تک مومن تعقیبات میں مشغول رہے گا اس کو نماز کا ثواب حق تعالیٰ عنایت فرمائے گا۔

## تعقیب مشترکہ

**تعقیب مشترکہ:** پہلی قسم وہ ہے جو ہر نماز کے بعد پڑھی جاتی ہے اور دوسری قسم ہر نماز کیلئے الگ ہے۔

① وحدت معتبر روایات میں ہے کہ فتح مکہ کے بعد رسولؐ خدا نے اپنے اصحاب کے ساتھ حجر اسود کے پاس نماز پڑھی تو نماز سے فارغ ہو کر تین مرتبہ تکبیر کہی اور اسکے بعد ہاتھ بلند کر کے یہ دعا پڑھی۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَ اَعَزَّ جُنْدَهٗ وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَيُمِيْتُ وَيُحْيِيْ وَ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

دعا پڑھنے کے بعد پھر آنحضرتؐ نے اصحاب کی جانب رخ کیا اور فرمایا کہ ان تکبیروں اور دعا کو ہر فریضہ نماز کے بعد ترک نہ کرنا کیونکہ جس شخص نے نماز کے سلام کے بعد ایسا کیا تو اس نے اللہ کی نعمت جو اسلام اور لشکر اسلام کی قوت ہے کا شکر یہ ادا کیا۔

② تسبیح جناب سیدہ سلام اللہ علیہا پڑھنا جسکی کیفیت اس طرح ہے۔

34 مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ۔امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ اللہ کی عبادت و تمجید تسبیح فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا سے بہتر نہیں کی گئی اور اگر اس سے کوئی اور عبادت بہتر ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہی فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کو عنایت کرتے تسبیح کے بعد ایک دفعہ استغفار اور ایک دفعہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھنے کا بہت ثواب ہے۔

③ تسبیح پڑھنے کے بعد بغیر حرکت کے دس دفعہ یہ پڑھیں۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا فَرْدًا صَمَدًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا خدا چالیس ہزار اسکے گناہ مٹا دے گا اور چالیس ہزار نیکیاں اسکے لئے لکھے گا اور وہ اسطرح ہوگا گویا اس نے 12 مرتبہ قرآن مجید مکمل کیا ہو۔

④ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا جو شخص واجب نماز کے بعد اپنا پہلو بدلنے سے پہلے یہ دعا تین مرتبہ پڑھیں تو خداوند متعال اس کے گناہ دریا کی جھاگ کی طرح ہوں تو بھی بخش دے گا، دعا یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔



www.shiaqurantutors.com

۵ جب نماز کے بعد فارغ ہوں تو یہ دعا پڑھنا سنت ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَجِرْنِي مِنَ النَّار وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ وَزَوِّجْنِي الْحُوْرَ الْعِيْنَ۔

۶ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! ہر واجب نماز کے بعد آیت الکرسی هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ تک ضرور پڑھنی چاہیے۔

۷ اَللّٰھُمَّ اهْدِنِي مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَنْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ

۸ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر نماز کے بعد تیس دفعہ یہ پڑھا کرو

سُبْحَانَ اللهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ، وَاللهُ اَكْبَرُ

۹ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص ہر فرض نماز کے بعد تین دفعہ یہ پڑھے يَا مَنْ يَّفْعَلُ مَا يَشَاءُ اَحَدٌ غَيْرُهٗ۔

۱۰ جو شخص ہر نماز کے بعد دائیں ہاتھ سے اپنی داڑھی کو پکڑ کر اپنا بایاں ہاتھ آسمان کی طرف کھول کر بلند کرے اور تین دفعہ یہ کہے

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اِرْحَمْنِي النَّار پھر تین دفعہ یہ کہے

اَجِرْنِي مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ پھر اپنے دائیں ہاتھ کو اپنی داڑھی سے ہٹائے اور دونوں ہاتھوں کو آسمان کی طرف کھول کر بلند کرے اور تین دفعہ یہ کہے يَا عَزِيْزُ يَا كَرِيْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ

پھر اپنے ہاتھوں کو الٹا کر کے ان کی پشت کو آسمان کی طرف بلند کر کے تین دفعہ یہ کہے اَجِرْنِي مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ پھر یہ کہے

وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ

۱۰ ہر نماز کے بعد 10 مرتبہ سورۃ توحید کی تلاوت کریں۔

۱۰ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ہر نماز کے بعد اس دعا کو پڑھو جو کہ توشۂ آخرت اور باعث قبولیت نماز و دعا ہے، باعث رحمت ونجات ہے اس کے پڑھنے سے ایمان کامل ہوتا ہے اور تادم مرگ زائل نہیں ہوتا۔

رَضِيْتُ بِاللهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ نَبِيًّا وَبِعَلِيٍّ اِمَامًا وَبِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيٍّ وَمُحَمَّدٍ وَجَعْفَرٍ وَمُوْسٰى وَعَلِيٍّ وَمُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَالْحَسَنِ وَالْخَلَفِ الصَّالِحِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَئِمَّةً وَسَادَةً وَقَادَةً بِهِمْ اَتَوَلّٰى وَمِنْ اَعْدَائِهِمْ اَتَبَرَّءُ۔

## بقیہ قرآن اور نعمتوں کا حصول

**الفت** محبت مجھے اُن جوانوں سے ہے ستاروں پہ جوڈالتے ہیں کمند

Love Begets Love

☆ کھانا کھانے والے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر شروع کریں الفت پیدا ہوگی۔ ☆ شقاوت کو الفت میں بدلنے کے لیے چار مرتبہ یا غفور پڑھ کر بسکٹ کھلا دیں۔ ☆ چودہ مرتبہ یاودود پڑھ کر میاں بیوی ایک دوسرے کو دم کریں۔ ☆ 786 مرتبہ تسمیہ بند ڈبے میں لکھ کر اونچا رکھ دیں گھر والوں میں محبت پیدا ہوگی۔ ☆ خلوص نیت سے مصافحہ کیا کریں الفت پیدا ہوگی۔ ☆ یا رؤف یا رحیم 100 مرتبہ روزانہ کے کرشمات آپ کے منتظر ہیں۔

**طاقت** علم عظیم طاقت ہے Knowledge is Power

☆ صبح سویرے چند مرتبہ یا مقتدر پڑھ لیا کریں طاقت بحال رہے گی۔ ☆ رب زدنی علما اپنی عمر کے مطابق روزانہ پڑھے علم میں اضافہ ہوگا۔ ☆ یا کریم بحق یا علی پڑھ کر تجربہ کریں علمی عجائبات رونما ہوں گے۔ ☆ علم، عمل سے ہے اور عمل طاقتور زندگی کا جزو لاینفک ہے۔ ☆

لو جان بیچ کر بھی جو علم و ہنر ملے
جب بھی ملے جس سے ملے اور جس قدر ملے

**حفاظت** اللہ حافظ و ناصر Security With Purity

☆ سفر پر جاتے وقت سورۂ قریش اور نادعلیؑ پڑھیں۔ ☆ شب جمعہ گھر میں آہستہ سے اذان دیں۔ غم، سحر جادو سے محفوظ رہیں گے۔ ☆ جادو کے اثرات سے محفوظ رہنے کے لیے معوذتین پڑھتے رہیں۔

☆ ااااطح ااااح ۱۲۱ ۱۱۵۱۵۲۵۲۱ سلامتی کے لیے لکھ کر پاس رکھے۔

☆ وبائی امراض سے بچنے کے لیے لی خمسة اطفی کا ورد جاری رکھیں۔

☆ مغربین کے بعد 110 مرتبہ یا دافع یا قابض یا فتاح ہر بلا دور۔

**قبولیت** دعا کرو اللہ قبول کرتا ہے۔ Acceptance need Attendance

☆ امام رضاؑ نے فرمایا 200 مرتبہ المجیب پڑھ کر دعا مانگیں قبول ہے

☆ اتوار کو دن چڑھے 70 مرتبہ یا حی پڑھ کر دعا کریں مراد پوری ہوگی

☆ جمعہ کے روز سورج کے غروب کا وقت استجاب دعا ہے۔ ☆ اپنی دعا کے اول و آخر درود پڑھیں قبولیت کی ضمانت ہے۔ ☆ اولاد اپنے نیک والدین کا چہرہ دیکھ کر دل میں دعا مانگے۔ ☆ چاند ہر ماہ جب برج ثور میں داخل ہو دعا قبول ہوتی ہے۔

20 صفر قدر کی مجلس ۲۰۲۴ء جلسہ و جلوس ذوالجناح بمقام امام بارگاہ موسیٰ کاظم معروف تحصیل ... 0300-5476561

# عمومی تقویم 2025 عیسوی

# اسلامی تقویم ۱۴۴۶ ہجری

ماہ رجب کا (☾) دیکھ کر سورۂ یٰسین (پارہ ۲۲) یا پھول یا ہتھیلی یا قرآن پاک دیکھیں

## جنوری 2025 | استخراج و کوائف سیارگان

## ۱۴۴۶ ہجری | جمادی الثانی | رجب المرجب

مطابق اہل برصغیر

ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام

| ایام 31 | عیسوی 2025 جنوری | بکرمی 2081 پوہ | شمسی 1945 جدی | قمر فی البروج | قمر فی المنازل | سیارگان فی البروج | جمادی الثانی | نیک / نحس | اسلامی معلومات | یادداشت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدھ | 1 | 19 | 11 | | دبران 14:20 | | ۸ | نیک | سفر کے لئے بد | |
| جمعرات | 2 | 20 | 12 | | ھقعہ 15:02 | | ۹ | نیک | | |
| جمعہ | 3 | 21 | 13 | جوزا ♊ 07:44 | ھنعہ 16:09 | زہرہ در دلو 07:09 | ۱۰ | نیک | | فتح جنگ جمل ۳۷ھ |
| ہفتہ | 4 | 22 | 14 | | ذراعہ 17:35 | | ۱۱ | نحس اکبر | | |
| اتوار | 5 | 23 | 15 | سرطان ♋ 19:15 | نثرہ 19:15 | | ۱۲ | نحس اکبر | | |
| پیر | 6 | 24 | 16 | | طرفہ 21:04 | | ۱۳ | نحس | شہادت ام البنینؑ والدہ حضرت عباسؑ | |
| منگل | 7 | 25 | 17 | | جبہ 23:01 | | ۱۴ | نیک | | |
| بدھ | 8 | 26 | 18 | اسد ♌ 07:40 | | | ۱۵ | نیک | | |
| جمعرات | 9 | 27 | 19 | | زبرہ 00:59 | | ۱۶ | نحس | تعمیر مکان کے لئے نیک | |
| جمعہ | 10 | 28 | 20 | سنبلہ ♍ 20:15 | صرفہ 02:58 | | ۱۷ | میانہ | قرض لینے دینے کے لئے بد | |
| ہفتہ | 11 | 29 | 21 | | عوا 04:52 | | ۱۸ | نیک | شہادت قاضی نور اللہ شوستری | |
| اتوار | 12 | 30 | 22 | | سماک 06:34 | | ۱۹ | نیک | | |
| پیر | 13 | ماگھ | 23 | میزان ♎ 07:56 | غفرہ 07:56 | | ۲۰ | نیک | میلاد مسعود بی بی فاطمۃ الزہراؑ | |
| منگل | 14 | 2 | 24 | | زبانہ 08:51 | | ۲۱ | نحس | | |
| بدھ | 15 | 3 | 25 | عقرب 17:08 | اکلیل 09:11 | | ۲۲ | نیک | منت دسترخوان امام حسن علیہ السلام | 17:08 قمر در عقرب شروع |
| جمعرات | 16 | 4 | 26 | | قلب 08:49 | | ۲۳ | نیک | | |
| جمعہ | 17 | 5 | 27 | قوس 22:33 | شولہ 07:42 | | ۲۴ | نحس | | 22:33 قمر در عقرب ختم |
| ہفتہ | 18 | 6 | 28 | | نعائم 05:51 | | ۲۵ | نحس | | |
| اتوار | 19 | 7 | 29 | | بلدہ 03:19 | | ۲۶ | نیک | نکاح و سفر کے لئے بد | |
| پیر | 20 | 8 | 30 | جدی ♑ 00:11 | ذابح 00:11<br>بلع 20:38 | شمس در دلو 13:29 | ۲۷ | نیک | | عرس عنایت قادری لاہور |
| منگل | 21 | 9 | دلو | دلو ♒ 23:29 | سعود 16:47 | | ۲۸ | نحس اکبر | | |
| بدھ | 22 | 10 | 2 | | اخبیہ 12:51 | | ۲۹ | نیک | نکاح کے لئے بد | |
| جمعرات | 23 | 11 | 3 | حوت ♓ 22:36 | مقدم 09:01 | | ۳۰ | نیک | نکاح کے لئے بد | |
| جمعہ | 24 | 12 | 4 | | موخر 05:27 | | رجب | نیک | میلاد مسعود امام محمد باقرؑ ۵۷ھ | |
| ہفتہ | 25 | 13 | 5 | حمل ♈ 23:48 | رشا 02:19<br>شرطین 23:48 | | ۲ | نیک | | |
| اتوار | 26 | 14 | 6 | | بطین 21:58 | | ۳ | نحس | شہادت امام علی نقیؑ ۲۵۴ھ | |
| پیر | 27 | 15 | 7 | | ثریا 20:54 | زہرہ در حوت 07:33 | ۴ | نیک | سفر کے لئے بد | |
| منگل | 28 | 16 | 8 | ثور ♉ 04:42 | دبران 20:35 | | ۵ | نیک | میلاد مسعود امام علی نقیؑ ۲۱۲ھ | |
| بدھ | 29 | 17 | 9 | | ھقعہ 20:58 | | ۶ | نیک | | |
| جمعرات | 30 | 18 | 10 | جوزا ♊ 13:35 | ھنعہ 21:58 | | ۷ | نیک | | |
| جمعہ | 31 | 19 | 11 | | ذراعہ 23:25 | | ۸ | نیک | سفر کے لئے بد | |

تاریخی مجلس عزا و شبیہ تابوت حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا 3 جمادی الثانی شب بمقام گلستان زہرا الیاس روڈ نواب شاہ۔ منتظم: حیدر مہدی 0321 8430095

# عمومی تقویم 2025 عیسوی

# اسلامی تقویم ۱۴۴۶ ہجری

ماہِ شعبان کا (●) دیکھ کر سورۂ جن (پارہ ۲۹) یا سبز و بار نگین کپڑا یا بزرگ چہرہ دیکھیں۔

## فروری 2025 — استخراج و کوائف سیارگان

مطابق اہل برصغیر

| ایام 28 | عیسوی 2025 فروری | بکرمی 2081 ماگھ | شمسی 1945 دلو | قمر فی البروج | قمر فی المنازل | سیارگان فی البروج |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہفتہ | 1 | 20 | 12 | | | |
| اتوار | 2 | 21 | 13 | سرطان 01:11 | نثرہ 01:11 | |
| پیر | 3 | 22 | 14 | | طرفہ 03:08 | |
| منگل | 4 | 23 | 15 | اسد 13:48 | جبہ 05:08 | |
| بدھ | 5 | 24 | 16 | | زبرہ 07:07 | |
| جمعرات | 6 | 25 | 17 | | صرفہ 09:02 | |
| جمعہ | 7 | 26 | 18 | سنبلہ 02:14 | عوا 10:48 | |
| ہفتہ | 8 | 27 | 19 | | سماک 12:25 | |
| اتوار | 9 | 28 | 20 | میزان 13:46 | غفرہ 13:47 | |
| پیر | 10 | 29 | 21 | | زبانہ 14:49 | |
| منگل | 11 | 30 | 22 | عقرب 23:34 | اکیل 15:28 | عطارد در دلو 16:22 |
| بدھ | 12 | پھاگن | 23 | | قلب 15:37 | |
| جمعرات | 13 | 2 | 24 | | شولہ 15:10 | |
| جمعہ | 14 | 3 | 25 | قوس 06:31 | نعائم 14:05 | |
| ہفتہ | 15 | 4 | 26 | | بلدہ 12:21 | |
| اتوار | 16 | 5 | 27 | جدی 09:59 | ذابح 10:00 | |
| پیر | 17 | 6 | 28 | | بلع 07:05 | |
| منگل | 18 | 7 | 29 | دلو 10:34 | سعود 03:46 | |
| بدھ | 19 | 8 | حوت | | اخبیہ 00:08 مقدم 20:24 | شمس در حوت 03:34 |
| جمعرات | 20 | 9 | 2 | حوت 09:56 | موخر 16:44 | زہرہ در حمل 12:55 |
| جمعہ | 21 | 10 | 3 | | رشا 13:16 | |
| ہفتہ | 22 | 11 | 4 | حمل 10:14 | شرطین 10:14 | |
| اتوار | 23 | 12 | 5 | | بطین 07:44 | |
| پیر | 24 | 13 | 6 | ثور 13:29 | ثریا 05:56 | |
| منگل | 25 | 14 | 7 | | دبران 04:51 | |
| بدھ | 26 | 15 | 8 | جوزا 20:47 | ہقعہ 04:34 | |
| جمعرات | 27 | 16 | 9 | | ہنعہ 05:01 | |
| جمعہ | 28 | 17 | 10 | | ذراعہ 06:06 | |

## ۱۴۴۶ ہجری — رجب المرجب | شعبان المعظم

ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام

| رجب المرجب | نیک / نحس | اسلامی معلومات | یادداشت |
|---|---|---|---|
| ۹ | نیک | میلاد مسعود شہزادہ علی اصغرؑ | |
| ۱۰ | نیک | میلاد مسعود امام محمد تقیؑ ۱۹۵ھ | |
| ۱۱ | نحس اکبر | | |
| ۱۲ | نحس اکبر | | |
| ۱۳ | نیک | ظہور پرنور حضرت علیؑ در خانہ کعبہ | یوم کشمیر |
| ۱۴ | نیک | | |
| ۱۵ | نحس | بروایت شہادت بی بی زینب سلام اللہ علیہا | عمل ام داؤد |
| ۱۶ | نحس | تعمیر مکان کے لئے نیک | |
| ۱۷ | میانہ | قرض لینے دینے کے لئے بد | |
| ۱۸ | نیک | | 11,10,9 فروری عرس حضرت سخی ... صاحب |
| ۱۹ | نیک | | 23:34 قمر در عقرب شروع |
| ۲۰ | میانہ | | |
| ۲۱ | نحس | | |
| ۲۲ | نیک | نیاز امام جعفر صادق علیہ السلام | عرس سخی سرور ڈیرہ غازیخان |
| ۲۳ | نحس | | |
| ۲۴ | نیک | فتح جنگ خیبر بدست حضرت علیؑ ۷ ہجری | |
| ۲۵ | نحس | شہادت امام موسیٰ کاظمؑ ۱۸۳ھ | |
| ۲۶ | نیک | نکاح و سفر کے لئے بد — شب معراج شریف | عرس بابا ولایت کراچی |
| ۲۷ | نیک | عید بعثت رسولؐ خدا — معراج شریف | |
| ۲۸ | نحس | امام حسینؑ کی مدینہ سے روانگی برائے کربلا ۶۰ھ | |
| ۲۹ | نیک | نکاح کے لئے بد | |
| شعبان | نیک | میلاد مسعود بی بی زینب سلام اللہ علیہا | |
| ۲ | نیک | ماہ رمضان کے روزے فرض ہوئے ۲ھ | |
| ۳ | نیک | میلاد مسعود امام حسین علیہ السلام ۴ھ | |
| ۴ | نیک | میلاد مسعود حضرت عباس علمدارؑ | |
| ۵ | نحس | | |
| ۶ | نیک | | |
| ۷ | نیک | میلاد مسعود شہزادہ قاسم ابن امام حسنؑ | |

عرس صوفی بابا کوئٹہ

19 صفر ... 0306-7879005

قمری تاریخوں کی سعادت و نحوست معتبر روایات سے ثابت نہیں ہے۔ لہٰذا انکی اہمیت اس درجہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ ضروریات دینی دنیاوی کو محض اس وجہ سے معطل کیا جائے۔ کام اہم ہو، تاریخ نحس ہو تو اس کام کو صدقہ دیکر کرلیا جائے۔ قمر در عقرب کے ایام نحس ہوتے ہیں۔ ان میں کوئی نیا کام، شادی، نکاح، یا کسی قسم کا معاہدہ ہرگز نہ کریں۔ (علامہ علی نقی مجتہد اعلی اللہ مقامہ)



www.shiaqurantutors.com

سالانہ جلسہ عید معراج النبیؐ 27,28,29,30 رجب المرجب بمقام محلہ خواجگان اوچ شریف ضلع بہاولپور۔ 0300-4386905

3-2 جمادی الثانی سالانہ مجلس عزا پنڈدادن خان، بانی ساجد میر ودیگر مومنین

سالانہ مجلس عزا 13 صفر المظفر بعد از نماز مغربین بمقام کربلا گامے شاہ لاہور۔ زیر انتظام: سید غلام قاسم نقوی و پسران

# اوقات شرعی برائے لاہور-کراچی

فروری | لاہور | کراچی

| تاریخ | طلوع فجر | طلوع آفتاب | زوال آفتاب | غروب آفتاب | طلوع آفتاب | غروب آفتاب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | 05:32 | 06:56 | 12:16 | 05:37 | 07:14 | 06:17 |
| 02 | 05:31 | 06:56 | 12:17 | 05:38 | 07:14 | 06:18 |
| 03 | 05:31 | 06:55 | 12:17 | 05:39 | 07:13 | 06:19 |
| 04 | 05:30 | 06:54 | 12:17 | 05:39 | 07:13 | 06:19 |
| 05 | 05:30 | 06:54 | 12:17 | 05:40 | 07:12 | 06:20 |
| 06 | 05:29 | 06:53 | 12:17 | 05:41 | 07:12 | 06:20 |
| 07 | 05:29 | 06:52 | 12:17 | 05:42 | 07:11 | 06:21 |
| 08 | 05:28 | 06:52 | 12:17 | 05:43 | 07:11 | 06:22 |
| 09 | 05:28 | 06:51 | 12:17 | 05:44 | 07:10 | 06:23 |
| 10 | 05:27 | 06:50 | 12:17 | 05:44 | 07:10 | 06:23 |
| 11 | 05:27 | 06:49 | 12:17 | 05:45 | 07:09 | 06:24 |
| 12 | 05:26 | 06:48 | 12:17 | 05:46 | 07:08 | 06:24 |
| 13 | 05:26 | 06:47 | 12:17 | 05:47 | 07:07 | 06:25 |
| 14 | 05:25 | 06:46 | 12:17 | 05:48 | 07:07 | 06:26 |
| 15 | 05:24 | 06:45 | 12:17 | 05:49 | 07:06 | 06:27 |
| 16 | 05:23 | 06:44 | 12:17 | 05:50 | 07:05 | 06:27 |
| 17 | 05:22 | 06:43 | 12:17 | 05:51 | 07:04 | 06:28 |
| 18 | 05:21 | 06:42 | 12:17 | 05:52 | 07:04 | 06:28 |
| 19 | 05:21 | 06:41 | 12:16 | 05:53 | 07:03 | 06:29 |
| 20 | 05:20 | 06:40 | 12:16 | 05:54 | 07:02 | 06:29 |
| 21 | 05:19 | 06:39 | 12:16 | 05:55 | 07:01 | 06:30 |
| 22 | 05:18 | 06:38 | 12:16 | 05:55 | 07:01 | 06:30 |
| 23 | 05:17 | 06:37 | 12:16 | 05:56 | 07:00 | 06:31 |
| 24 | 05:16 | 06:36 | 12:16 | 05:57 | 06:59 | 06:31 |
| 25 | 05:15 | 06:35 | 12:16 | 05:58 | 06:58 | 06:32 |
| 26 | 05:14 | 06:34 | 12:16 | 05:58 | 06:57 | 06:32 |
| 27 | 05:13 | 06:33 | 12:16 | 05:59 | 06:56 | 06:33 |
| 28 | 05:12 | 06:32 | 12:16 | 05:59 | 06:55 | 06:33 |

## ہدایات حضرت امام رضا علیہ السلام

ماہ فروری میں ٹھنڈی اشیاء کے استعمال سے پرہیز کرنا چاہیے۔
پودینہ، ادرک اور لہسن کا استعمال مفید ہے۔

## عمل برائے حل مشکلات

مکارم الاخلاق میں ہے کہ
تعلقاتِ طالعین کے سلسلے میں اس مضمون میں جو تحریر کیا گیا ہے اگر ان کے خلاف معاہداتِ نکاح ہو جائیں۔ مثلاً دو افراد جن میں شادی درست نہ تھی شادی ہو جائے تو ان کو موافق اسمائے الٰہی کی لوح بنوا کر پاس رکھنی چاہئے۔ یہ لوح دونوں میں سے کسی ایک فرد کے لئے حالات کو مدنظر رکھ کر تیار کر کے دی جاسکتی ہے تا کہ نکاح کا معاہدہ قائم رہے اور ہر دو عزت کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ اس وقت نام بدلنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ نام نکاح کے وقت بدلنے چاہئے۔ اگر اس مضمون کے مطابق دو افراد میں بھلائی اور موافقت لکھی ہے لیکن حالات اس کے خلاف ہوں تو یہ سمجھ لیں کہ یہ کسی دوسرے شخص کی ریشہ دوانی، غیبت، ارادۂ فساد یا جادو وغیرہ کی وجہ سے ہے۔ اس کا علاج اور تدابیر اختیار کرنے سے دونوں میں پھر محبت اور موافقت قائم ہو جائے گی۔ (از افادات محترم کاش البرنی صاحب)

**برائے محبتِ زوج:** جس بیوی کا شوہر ناراض ہو اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے شوہر کو کھلا دے تو ان شاء اللہ تعالیٰ شوہر مہربان ہو جائے گا۔ مگر خیال رہے کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ

(قرآن کریم سورۃ البقرہ آیت نمبر 165)

بخت کشادگی، شادی، خانہ آبادی کے لئے لوح بی بی پاک فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا حاصل کر کے گلے میں پہنیں۔ لوح بی بی پاک فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا ہمارے ہاں دستیاب ہے۔

# حیوانات کی تسبیح

**منقول از تہذیب السلام (علامہ مجلسیؒ)**

معتبر حدیثوں میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جتنے صحرائی دریائی جانور شکار ہوتے ہیں اتنی ہی تسبیحیں جو وہ اپنی زبان سے کرتے تھے ضائع ہو جاتی ہیں۔ حضرت امام حسین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب **گدھا** چیختا ہے کہ اے فرزند آدمؑ چاہے جس طرح کی زندگی بسر کرلے انجام ہر حالت میں موت ہے۔ پھر ایک آواز لگاتا ہے اس میں کہتا ہے کہ اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے اور اے بلاؤں کو دفع کرنے والے **مور** کہتا ہے کہ میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اپنے بناؤ سنگھار پر غرور کیا اب تو میرے گناہ بخش دے۔ **تیتر** کہتا ہے اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى **جنگلی مرغ** کہتا ہے جو شخص خدا کو پہچانتا ہے وہ اسکی یاد سے غافل نہیں ہو سکتا **خانگی مرغ** کہتا ہے خدایا تو برحق ہے اور تیرا قول حق ہے **شاھین** کہتا ہے سُبْحَانَ اللهِ حَقًّا حَقًّا **جنگلی کوا** کہتا ہے اے روزی دہندہ حلال روزی دے **چڑیا** کہتی ہے جو باتیں خدائے تعالیٰ کو غضب میں لاتی ہیں میں ان سب کی نسبت خدا سے مغفرت مانگتی ہوں **بلبل** کہتی ہے حق بات یہ ہے کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں **فاختہ** کہتی ہے يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا فَرْدُ **بھیڑ کا بچہ** کہتا ہے کہ نصیحت حاصل کرنے کے لیے موت کافی ہے۔ **شیر** کہتا ہے عبادت خدا کے کام میں بہت کچھ اہتمام کرنا چاہیے۔ **ھاتھی** کہتا ہے کوئی طاقت اور کوئی تدبیر موت کے دفیعہ میں کارگر نہیں ہوتی **چیتا** کہتا ہے يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا اَللهُ **گھوڑا** کہتا ہے ہمارا پروردگار منزہ اور مبرا ہے **ھرن** کہتا ہے مجھے آزار سے نجات دے **چکور** کہتی ہے حق نزدیک ہے **اونٹ** کہتا ہے خدائے تعالیٰ ظالموں اور زبردستوں کا ذلیل کرنے والا اور پاک و پاکیزہ ہے **بھیڑیا** کہتا ہے جس چیز کا خدا محافظ ہو وہ کبھی ضائع نہیں ہوتی **خرگوش** کہتا ہے اے خدا حقیقی تعریف تیری ہی ہے مجھے ہلاک نہ کر **گیدڑ** کہتا ہے ان گنہگاروں کے لیے بڑا افسوس اور سخت عذاب ہے جو اپنے گناہوں پر اصرار کرتے ہیں۔ **کبوتر** پالتو کبوتر ہے کہ اگر تو میرے گناہ نہ بخشے گا تو میں بدبخت و بےنصیب رہوں گا

از تہذیب الاسلام ترجمہ حلیۃ المتقین **مطبوعہ** افتخار بک ڈپو



www.shiaqurantutors.com

زیبِ حیات

# انسانی جذبات پر قمری مراحل کے اثرات

مزمل محی الدین
(ماہر فلکیات)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! قارئین کیا آپ نے مکمل چاند کے دنوں میں چڑ چڑے پن اور بے چینی کا تجربہ کیا ہے؟ یا مکمل چاند کے دنوں میں بے وقعت ہونے کا احساس اور نا امیدی کی کیفیت کو محسوس کیا ہے؟ اگرچہ یہ اثرات قلیل مدت پر محیط ہوتے ہیں لیکن یہ ہمارے جسم پر چاند کے اثرات کے مائیکرو کوزمز ہو سکتے ہیں۔ یہ ایک عام فہم بات ہے کہ چاند اپنے اثرات لہروں کا باعث بننے والے آبی ذخائر پر مرتب کرتا ہے، اور چونکہ انسانی جسم 70 فیصد پانی پر مشتمل ہوتا ہے لہذہ چاند اپنے مقناطیسی اثرات انسانی جسم پر بھی مرتب کرتا ہے۔ ہمارے جسم میں پانی کا یہ توازن چاند کے مرتب کردہ اثرات کے باعث ہمارے احساسات، ہمارے ذہن میں جذبات کی ہلچل پر اثر انداز ہوتا ہے۔

علم فلکیات کے مطابق چاند کو انسانی احساسات اور انسانی سوچ پر بہت گہرے اثرات کا حامل سمجھا جاتا ہے اور اسی وجہ سے اس کا اثر ہمارے جذبات پر پڑتا ہے، اور یہ ہماری گہری ضروریات، عادات اور ردعمل کی نمائندگی کرتا ہے اور ہمارے لاشعور اور شعور کو کنٹرول کرتا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آپ چاند/قمر کے مختلف مراحل یا اشکال سے کیا اخذ کرتے ہیں؟ مجموعی طور پر ایک قمری سائیکل تقریباً 29.5 دن میں مکمل ہوتا ہے اور اس مکمل دورانیے میں چاند کے سائیکل کی آٹھ اشکال/سٹیجز نمودار ہوتی ہیں۔ قمر کی ان آٹھ سٹیجز، فیزز یا اشکال میں نیا چاند، موم بطور چاند، پہلی سہ ماہی، ویکسنگ گبس، پورا چاند، آخری سہ ماہی اور وانگ کریسنٹ شامل ہیں۔ جیسا کہ یہ مانا جاتا ہے کہ چاند ہمارے لاشعور پر حکومت کرتا ہے، اکثر ہمارے کچھ جذبات اور احساسات ایسے ہوتے ہیں جو ہم اپنی ذات تک محدود رکھتے ہیں لیکن روحانی طور پر ہم انہیں محسوس کر سکتے ہیں۔

قمر کے نشان سے مراد یہ ہے کہ آپ کے زائچے میں آپ کی پیدائش کے وقت قمر کی کیا پوزیشن تھی اور قمر کی یہ پوزیشن آپ کی فطری خصوصیات، آپکی تصوراتی صلاحیتوں اور ضرورتوں کا تعین کرتی ہے۔ مگر روزانہ کی بنیاد پر چاند کے بدلتے ہوئے مراحل کا آپ پر زیادہ ٹھوس اثر ہوتا ہے۔

☆ چاند کو علم نجوم میں ملکہ کا خطاب دیا جاتا ہے چنانچہ یہ نسانی توانائیاں نمایاں کرتا ہے۔ قمر/ چاند چوتھے برج سرطان کا حاکم سیارہ بھی ہے۔

☆ چاند کی مثبت خصوصیات انسان کی زندگی میں خوشی، ذہنی سکون، امن اور اسے فطری طور پر صبر کرنے والا بناتی ہے ☆ چاند کی منفی خصوصیات انسان کو اضطراب اور غیر ضروری پریشانی کا شکار بناتی ہے۔ یہ افسردگی اور تناؤ کو لانے کا سبب بنتی ہے اور یہ تناؤ کی کیفیت کو اس قدر بڑھا دیتی ہے کہ انسان خودکشی جیسا خطرناک قدم بھی اٹھا سکتا ہے۔ ☆ چاند کی پوجا کی جاتی ہے تاکہ یہ ہمارے لاشعور کی بہتر طریقے سے رہنمائی کرے اور اس کی توجہ مثبت جذبات کی طرف مبذول کروائے۔ ☆ پورا چاند آپ کے دماغ پر مکمل عبور حاصل کر سکتا ہے اور آپ کو الوہیت اور روحانیت کے قریب لے کر جا سکتا ہے۔ ☆ چاند ہمارے دماغ میں پائے جانے والے پائنل غدود کو متاثر کرتا ہے یہ غدود ہمارے ہارمونز کو منظم کرنے میں معاون ہوتے ہیں۔ ☆ چاند ہمارے اندر بائیو الیکٹرک اور راز کو رسپونس کرتا ہے اور روحانیت حاصل کرنے میں ہمارا معاون ہوتا ہے ☆ چاند ہمارے دماغ میں موجود ہماری یادوں، تجربات، خیالات، شعور اور لاشعور کے نمونوں/ پیٹرنز کو جمع کرتا ہے جو غصہ، جلن، ناراضگی اور بے حسی جیسے جذبات کا باعث بنتے ہیں۔ ☆ مکمل چاند کی توانائیاں اور طاقتیں عروج پر ہوتی ہیں ان مکمل توانائیوں کے ساتھ ہمارے جذبات بھی بہتر طریقے سے کام کرتے ہیں اور ہم اپنے اردگرد کی چیزوں کو تسخیر کرنے میں زیادہ متحرک ہو جاتے ہیں۔ ☆ اگر چاند کی پوزیشن آپ کے زائچے میں آپ کیلئے بہتری کا باعث بن رہی تو بہت بہتر ہے لیکن اگر یہ آپ کے مخالف ہو تو اس صورت میں آپ صدقہ دیکر خود کو محفوظ کر سکتے ہیں۔ آپ کو چاہیے بروز پیر چاول یا پھر کسی بھی سفید چیز کا صدقہ دیں، اس کے علاوہ آپ مستحق بچوں کو دودھ اور چینی فراہم کر کے بھی چاند کے منفی اثرات کو ختم کر سکتے ہیں۔ اور اگر چاند کی پوزیشن آپ کے زائچہ میں مستحکم ہے تو آپ اس سے مزید فوائد حاصل کرنے کیلئے سفید موتی پہن سکتے ہیں۔ اگر آپ خود کو ایک شاندار شخصیت بنانے کے خواہاں ہیں اور ان چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں جو آپ کی شخصیت کو نمایاں کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں تو اس سلسلے میں آپ مجھ سے امامیہ جنتری آفیشل نمبر کے ذریعے رابطہ کر کے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔



پاکستان بک سنٹر لیہ 0333-7672078

ہادی بک سنٹر چک شراجہ نزد زرعی بینک ملتان روڈ عبدالحکیم 0333-8924932

0317-4086981

www.shiaqurantutors.com

# گلستان اسم

# بچوں کے اسلامی نام 2025

سید قمر حسین نقوی

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! صد شکر خالق اکبر کا جس نے اس سال بھی آپ سے ملاقات کا شرف بخشا۔ بچوں کے نام کے حوالے سے تمام تر معلومات نہایت محنت اور احتیاط سے آپ تک پہنچائی جاتی ہیں۔ تاہم غلطی کا احتمال ممکن ہے۔ جس کے لیے آپ کی مثبت آرا کے منتظر ہیں۔ بچوں کے نام رکھنے سے پہلے ان کا زائچہ لازمی بنوائیں۔ جن والدین کو بچوں کی شادی کے مسائل ہیں اور رشتہ نہیں ہوتے یا وہ قارئین امامیہ جنتری جو کسی بھی مسئلہ میں پریشان ہیں۔ مثلاً روزگار، بیماری، ملازمت، باہر کا سفر، شادی، اولاد وہ قارئین رابطہ کریں۔ ان شاء اللہ ساری زندگی آپ دعا دیں گے اور جن قارئین کے 2024 میں مسائل حل ہوئے، شادی ہوئیں وہ میرے مرحوم والدین اور بانی امامیہ جنتری بیگم و آغا نثار احمد مرحوم، بیگم و آغا افتخار حسین مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے سورۂ فاتحہ کی تلاوت فرما دیں۔ والسلام

## نقشہ ابجد قمری

| حروف | ا | ب پ | ج چ | د ڈ | ہ | و | ز | ح | ط | ے ی | ک گ | ل | م | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیمت | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 20 | 30 | 40 | 50 |
| حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر ڑ | ش | ت ٹ | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| قیمت | 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 |

## لڑکوں کے نام

| نمبر شمار | نام | مطلب | اعداد | مفرد عدد | عنصر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عبدالرحمن | اللہ کا بندہ | 37 | 1 | خاکی |
| 2 | عبداللہ محمد | اللہ کا بندہ | 49 | 9 | خاکی |
| 3 | عالیان حیدر | بلند، اونچا | 38 | 6 | خاکی |
| 4 | حسنین رضا | خوبصورت | 36 | 9 | خاکی |
| 5 | ابان علی | واضح، ظاہر | 20 | 2 | آتشی |
| 6 | ابراز حیدر | نیک | 28 | 1 | آتشی |
| 7 | ابوذر علی | پھیلانا | 29 | 2 | آتشی |
| 8 | ارمغان حیدر | تحفہ، نذر | 29 | 2 | آتشی |
| 9 | اریب حیدر | عقل مند، عالم | 21 | 3 | آتشی |
| 10 | اسیم حیدر | بلندی | 27 | 9 | آتشی |
| 11 | اطہر علی | پاک، پاکیزہ | 28 | 1 | آتشی |
| 12 | امتثال علی | اطاعت | 29 | 2 | آتشی |
| 13 | امتنان حیدر | مشکور ہونا | 35 | 8 | آتشی |
| 14 | انصر علی | مدد کرنے والا | 28 | 1 | آتشی |
| 15 | باقر علی | عالم دین | 17 | 8 | بادی |
| 16 | بازل علی | جوان، خوبصورت | 24 | 6 | بادی |
| 17 | باسق علی | اونچا، بلند | 21 | 3 | بادی |
| 18 | برھان علی | روشن دلیل | 26 | 8 | بادی |
| 19 | مبسام علی | مسکرانے والا | 28 | 1 | بادی |
| 20 | بہرام علی | ستارہ | 25 | 7 | بادی |
| 21 | تابش رضا | چمک، روشن | 21 | 3 | بادی |
| 22 | تاثیر حیدر | اثر، نشانی | 28 | 1 | بادی |
| 23 | تجمل علی | زینت، اختیار | 25 | 7 | بادی |
| 24 | تاجدین علی | دین کا تاج | 29 | 2 | بادی |
| 25 | تحسین عباس | تعریف کرنے والا | 40 | 4 | بادی |
| 26 | ثمال حیدر | کارگزاری | 27 | 9 | آبی |
| 27 | ثاقب علی | روشن | 20 | 2 | آبی |
| 28 | ثمر عباس | پھل | 27 | 9 | آبی |
| 29 | ثناءاللہ علی | اللہ کی تعریف | 34 | 7 | آبی |
| 30 | ثقلین عباس | دو جہاں | 31 | 4 | آبی |
| 31 | جاذب علی | پرکشش | 24 | 6 | خاکی |
| 32 | جازل علی | خوش و خرم | 25 | 7 | خاکی |
| 33 | جالب حسین | حاصل کرنے والا | 29 | 2 | خاکی |
| 34 | جلید حیدر | قوی، بہادر | 26 | 8 | خاکی |
| 35 | جمان حیدر | موتی | 28 | 1 | خاکی |
| 36 | جواد حیدر | سخاوت | 29 | 2 | خاکی |
| 37 | حر عباس | آزاد | 26 | 8 | خاکی |
| 38 | حماس حیدر | محافظ، بہادر | 34 | 7 | خاکی |
| 39 | حیدر علی | بہادر، شیر | 26 | 8 | خاکی |
| 40 | حمزہ علی | شیر | 35 | 8 | خاکی |
| 41 | خاور عباس | مشرق | 31 | 4 | خاکی |
| 42 | خریم علی | خوش باش | 24 | 6 | خاکی |
| 43 | خضر علی | سرسبز | 27 | 9 | خاکی |
| 44 | خورشید عباس | آفتاب، سورج | 38 | 2 | خاکی |
| 45 | خلیل حسین | دوست ولی | 33 | 6 | خاکی |
| 46 | داور حیدر | عزیز دوست | 28 | 1 | خاکی |
| 47 | دانش علی | عقل شعور | 24 | 6 | خاکی |
| 48 | دانیال حیدر | پیغمبر کا نام | 27 | 9 | خاکی |
| 49 | داران علی | موتی | 24 | 6 | خاکی |
| 50 | دلاور حسین | بہادر، قوی | 36 | 9 | خاکی |

10 صفر مجلس عزا و تابوت امام رضاؑ بعد از نماز مغربین بمقام امام بارگاہ فاطمیہ چھٹیاں ہٹیاں راولپنڈی



www.shiaqurantutors.com

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 51 | ذکی حیدر | زمین | 25 | 7 | آبی | 67 | سمیط علی | موتی کی لڑی | 31 | 4 | آبی | 84 | عاصف علی | تیز و تند | 36 | 9 | خاکی |
| 52 | زکوان علی | روشن | 32 | 5 | آبی | 68 | سہیم حیدر | شریک، ساتھی | 31 | 4 | آبی | 85 | عاکف علی | پابندی وقت | 29 | 2 | خاکی |
| 53 | ذوالکفل علی | ضامن | 40 | 4 | آتشی | 69 | شازب علی | تربیت یافتہ | 24 | 6 | آتشی | 86 | عباد حیدر | عبادت گزار | 29 | 2 | خاکی |
| 54 | راسغ علی | مضبوط، ماہر | 26 | 8 | خاکی | 70 | شبیر حیدر | نیک خوبصورت | 23 | 5 | آتشی | 87 | عبدان حسین | عبادت کرنے والا | 39 | 3 | خاکی |
| 55 | رامین حسین | محب | 33 | 6 | خاکی | 71 | مشکیب حیدر | صبر کرنے والا | 23 | 5 | آتشی | 88 | عبیر رضا | خوشبو | 23 | 5 | خاکی |
| 56 | رافع حسین | اٹھانے والا | 38 | 2 | خاکی | 72 | شماس حسین | خادم، روشن | 34 | 7 | آتشی | 89 | عدن عباس | جنت | 32 | 5 | خاکی |
| 57 | زرین حیدر | رہائش، پختہ | 30 | 3 | خاکی | 73 | شہیم علی | سمجھدار | 24 | 6 | آتشی | 90 | عسجد علی | سونا، جواہر | 31 | 4 | خاکی |
| 58 | رسیم علی | تحریر کرنے والا | 24 | 6 | خاکی | 74 | صائب علی | صحیح، درست | 24 | 6 | بادی | 91 | غفران علی | بخشش | 28 | 1 | خاکی |
| 59 | رضی عباس | پسندیدہ | 27 | 9 | خاکی | 75 | صادقین حیدر | سچا دوست | 36 | 9 | بادی | 92 | عمام علی | بادل | 27 | 9 | خاکی |
| 60 | زخرف علی | مزین، آراستہ | 34 | 7 | آبی | 76 | صابر حسین | صبر کرنے والا | 34 | 7 | بادی | 93 | قسیم حیدر | بانٹنے والا | 27 | 9 | آبی |
| 61 | زرعہ علی | کھیتی باڑی | 32 | 5 | آبی | 77 | علی شوزب | اونچا، بلند | 29 | 2 | خاکی | 94 | کحیل حیدر | سرمی آنکھ والہ | 29 | 2 | آبی |
| 62 | زرناب علی | خالص سونا | 27 | 9 | آبی | 78 | صفوان علی | مضبوط چٹان | 40 | 4 | بادی | 95 | کیان عباس | دونوں جہان | 25 | 7 | آبی |
| 63 | زمیر علی | خوبصورت | 25 | 7 | آبی | 79 | ضماد علی | معالج، ڈاکٹر | 28 | 1 | بادی | 96 | محیص علی | پناہ گاہ | 33 | 6 | آتشی |
| 64 | سحیم حیدر | برسنے والا | 34 | 7 | آبی | 80 | طالب حسین | طلب کرنے والا | 35 | 8 | آتشی | 97 | نقاش حیدر | نقش و نگار | 25 | 7 | بادی |
| 65 | مسلکان علی | مرتب کیا گیا | 28 | 6 | آبی | 81 | طریر علی | خوبصورت | 25 | 7 | آتشی | 98 | نہال حیدر | خوشی، خوشحالی | 29 | 2 | بادی |
| 66 | سمسام حیدر | تلوار | 36 | 9 | آبی | 82 | ظافر علی | کامیاب | 31 | 4 | آبی | 99 | نویر علی | روشنی والہ | 25 | 7 | بادی |
| | | | | | | 83 | ضرغام حیدر | قوت والا شیر | 31 | 4 | بادی | 100 | یوسف علی | حسین، پاک باز | 32 | 5 | بادی |

## لڑکیوں کے نام

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | فاطمہ بتول | بچانے والی | 42 | 6 | آتشی | 19 | صاحکہ بتول | خوش باش | 40 | 4 | بادی | 37 | مازیہ بتول | فضیلت، برتری | 33 | 6 | آتشی |
| 2 | زہرا بتول | چمک دمک | 30 | 3 | آبی | 20 | مومنہ بتول | ایمان والی | 39 | 3 | آتشی | 38 | سمل زہرا | خوبصورت | 28 | 1 | آبی |
| 3 | امل بتول | امید | 23 | 5 | آتشی | 21 | زکرا بتول | نصیحت | 27 | 9 | آبی | 39 | سائشہ بتول | عقیدت مند | 30 | 3 | آبی |
| 4 | انعمہ بتول | نعمت والی | 41 | 5 | آتشی | 22 | سندس بتول | باریک ریشم | 36 | 9 | آبی | 40 | انشیہ بتول | گہری سوچ | 30 | 3 | آتشی |
| 5 | ذروا بتول | برکت والی | 31 | 4 | آتشی | 23 | حمدہ بتول | تعریف والی | 36 | 9 | خاکی | 41 | زامیہ بتول | چمکتا ہوا پھول | 33 | 6 | آبی |
| 6 | عرویش زہرا | بلند، اعلیٰ مقام | 34 | 7 | خاکی | 24 | ناعمہ بتول | خوش باش | 37 | 1 | بادی | 42 | رنشا بتول | خوبصورت دل والی | 26 | 8 | خاکی |
| 7 | مصفیٰ بتول | صاف، شفاف | 37 | 1 | آتشی | 25 | صالحہ بتول | نیک، پاکیزہ | 41 | 5 | بادی | 43 | عنائزہ بتول | پاکیزہ روح | 40 | 4 | خاکی |
| 8 | منتہیٰ بتول | بلند مقام | 37 | 1 | آتشی | 26 | واسعہ بتول | وسعت والی | 40 | 4 | بادی | 44 | رحابہ بتول | وسعت کشادگی | 33 | 6 | خاکی |
| 9 | حریر زہرا | ریشم | 28 | 1 | خاکی | 27 | تائبہ بتول | توبہ کرنے والی | 27 | 9 | بادی | 45 | یشفہ بتول | شفاعت کرنے والی | 32 | 5 | بادی |
| 10 | دانیہ بتول | قریب، قرب | 31 | 4 | خاکی | 28 | عرفہ بتول | بلند اعلیٰ مقام | 37 | 1 | خاکی | 46 | منسا بتول | امن، سکون | 31 | 4 | آتشی |
| 11 | مسفرہ بتول | روشن | 37 | 1 | آتشی | 29 | کبیرہ بتول | بڑی عظمت والی | 27 | 9 | آبی | 47 | ریبا بتول | دل کا سکون | 21 | 3 | خاکی |
| 12 | شائل زہرا | گندم کے خوشے | 30 | 3 | بادی | 30 | عروہ بتول | سہارہ دینے والی | 35 | 8 | خاکی | 48 | سمائرہ بتول | حقیقی خوبصورتی | 33 | 6 | آبی |
| 13 | وثقیٰ بتول | قابل اعتماد | 28 | 1 | بادی | 31 | مسیرہ بتول | آسانی | 33 | 6 | آتشی | 49 | شائنہ بتول | خوشی، خوبصورت | 29 | 2 | آتشی |
| 14 | ہدیٰ بتول | ہدایت والی | 25 | 7 | آتشی | 32 | عنائشہ بتول | خوبصورت | 36 | 9 | خاکی | 50 | ارسیہ بتول | شاہی تخت | 30 | 3 | آتشی |
| 15 | ایلاف زہرا | محبت پیار | 26 | 8 | آتشی | 33 | نمیل زہرا | تحفہ | 28 | 1 | بادی | 51 | مرحا بتول | اللہ کا نور | 30 | 3 | آتشی |
| 16 | زنجبیل زہرا | چشمہ، جھرنا | 36 | 9 | آبی | 34 | دروہ بتول | اعلیٰ ترین | 32 | 5 | خاکی | 52 | مشائم زہرا | جنت | 27 | 9 | آتشی |
| 17 | ازکیٰ بتول | پاکیزہ | 26 | 8 | آتشی | 35 | پری زے | پیاری خوبصورت | 13 | 4 | بادی | 53 | ارشما بتول | آسمان کا چاند | 26 | 8 | آتشی |
| 18 | سانحہ بتول | عبادت گزار | 35 | 8 | آبی | 36 | زرش فاطمہ | پھول، سونا | 39 | 3 | آبی | 54 | اریحہ بتول | خوشبو | 24 | 6 | آتشی |

79 سالانہ [illegible] 4 تا 13 صفر بمقام پرانی کوٹ منڈی امام بارگاہ حیدری اوکاڑہ ✦ سالانہ مجالس [illegible] 10 صفر 6 بجے شب [illegible] 0321-4870392 [illegible] نقوی



www.shiaqurantutors.com

| | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 55 | عنایہ بتول | تحفہ | 34 | 7 | خاکی | 71 | حبہ بتول | محبت کرنے والی | 30 | 3 | خاکی | 87 | ارحا بتول | قابلیت | 27 | 9 | آتشی |
| 56 | زامیہ بتول | پھول | 33 | 6 | آبی | 72 | مائدہ بتول | دستر خوان | 29 | 2 | آتشی | 88 | ارشا بتول | آسمان کا چاند | 26 | 8 | آتشی |
| 57 | میراں زھرا | پیاری خوشبو | 26 | 8 | آتشی | 73 | خضرا بتول | ہری بھری | 32 | 5 | خاکی | 89 | قرت بتول | تسبیح کرنے والی | 23 | 5 | آبی |
| 58 | مریحہ زھرا | زندہ دلی | 35 | 8 | آتشی | 74 | مریم زھرا | پاک دامن | 26 | 8 | آتشی | 90 | عنیزہ بتول | مکہ کی وادی | 40 | 4 | خاکی |
| 59 | زیوا بتول | دلہن، چمک | 30 | 3 | آبی | 75 | آیت زھرا | نشانی | 21 | 3 | آتشی | 91 | نویرا بتول | پھول کی کلی | 30 | 3 | بادی |
| 60 | امامیہ بتول | رات کی بارش | 27 | 9 | آتشی | 76 | صفا بتول | اللہ کی نشانی | 33 | 6 | بادی | 92 | رفشہ بتول | کھلے دل والی | 33 | 6 | خاکی |
| 61 | انیم زھرا | دو بہاریں | 32 | 5 | آتشی | 77 | مصفرہ بتول | روشن، چمکدار | 43 | 7 | آتشی | 93 | عنیا بتول | بڑی آنکھ والی | 29 | 2 | خاکی |
| 62 | رعنین زھرا | نعمت | 35 | 8 | خاکی | 78 | انثی بتول | لڑکی | 27 | 9 | آتشی | 94 | رضوی بتول | راضی ہونے والی | 32 | 5 | خاکی |
| 63 | میرم زھرا | گلدستہ | 26 | 8 | آتشی | 79 | یسریٰ بتول | آسان خوشحال | 25 | 7 | بادی | 95 | حنزہ بتول | اللہ کا تحفہ | 40 | 4 | خاکی |
| 64 | علیحہ بتول | خوبصورت پھول | 31 | 4 | خاکی | 80 | زنیشہ بتول | تحفہ | 36 | 9 | آبی | 96 | مومل بتول | پیاری اچھی | 32 | 5 | آتشی |
| 65 | زمل زھرا | جنت کا دل | 29 | 2 | آبی | 81 | اریحہ بتول | خوشبو | 32 | 5 | آتشی | 97 | سرنیہ بتول | شہزادی | 34 | 7 | آبی |
| 66 | زوہا بتول | روشنی | 34 | 7 | آبی | 82 | ارضہ بتول | نیک، پاکیزہ | 31 | 4 | آتشی | 98 | نفشین زھرا | چمکدار ستارہ | 33 | 6 | آتشی |
| 67 | نور زھرا | پاک روشنی | 28 | 1 | بادی | 83 | برکہ بتول | برکت والی | 26 | 8 | بادی | 99 | سحاب بتول | ابر، بادل | 32 | 5 | آبی |
| 68 | عنیا بتول | چشمہ، آنکھ | 29 | 2 | خاکی | 84 | زمل زھرا | جنت کا پھول | 29 | 2 | آبی | 100 | ردا بتول | چادر، پردہ | 22 | 4 | خاکی |
| 69 | ثمن زھرا | قیمتی، انمول | 29 | 2 | آبی | 85 | روحہ بتول | روح، زندگی | 36 | 9 | خاکی | 101 | نایاب زھرا | نادر نا پید | 25 | 7 | بادی |
| 70 | عزہ بتول | عزت والی | 34 | 7 | خاکی | 86 | اسرہ بتول | قرآن پاک کی سورہ | 29 | 2 | آتشی | 102 | کائنات زھرا | دنیا جہان | 28 | 1 | آبی |

## نومولود کے حالات

◯ اگر کوئی بچہ اتوار کے دن یا جمعرات کی رات کو پیدا ہوا اور اسکی ولادت کی ساعت 1، 2، 3، 6، 8، 9 یا 10 ہو تو بڑے مرتبے والا شان وشوکت اور عزت والا ہوگا۔ امراء ورؤساء سے تعلقات رکھے گا۔ حکام میں عزت اور مرتبہ پائے گا۔

◯ اگر کوئی بچہ منگل کے دن یا جمعہ کی رات کو ساعت 2، 3، 6، 8، 9 یا 10 میں پیدا ہو تو نیک کام کرنے والا، فائدہ پہچانے والا دولت مند اور مقدر والا ہوگا۔

◯ اگر کوئی بچہ منگل کے دن یا ہفتہ کی رات کو ساعت 1، 5، 6، 8 میں پیدا ہو تو چھوٹی عمر میں قتل ہو جائے گا یا اس پر قتل کا الزام لگے گا۔ ایسے بچہ کی پیدائش پر اس پر سے فوراً صدقہ دینا چاہیے تاکہ اسکی بلائیں رد ہو جائیں۔

◯ اگر کوئی بچہ بدھ کے دن یا اتوار کی رات کو پیدا ہو اور ساعت 1، 4، 6، 8 ہو تو بڑا نیک اور بلند خیالات والا ہو، دولت خوب جمع کرے۔

بڑا عالم، ہنر مند، حکیم اور تاریخ دان ہو۔ دنیا کا آرام پائے۔

◯ اگر کوئی بچہ جمعرات کے دن یا پیر کی رات کو پیدا ہوا اور ساعت 1، 4، 8، 11 ہو تو بڑا عالم، عقلمند، خوش حال اور جاہ وجلال والا ہو۔ مذہبی کاموں میں بہت دلچسپی لے معزز ونامور ہو صاحب تدبیر اور حکام میں عزت پائے۔

◯ اگر کوئی بچہ جمعہ کے دن یا منگل کی رات کو پیدا ہو اور ساعت 1، 2، 5، 8، 9، 10 ہو تو دولت والا ہو، سیر وتفریح، کھیل کود، اور تماشے کا شوقین، مذہبی کاموں میں رغبت رکھے گا۔

◯ اگر کوئی بچہ ہفتہ کے دن یا بدھ کی رات کو پیدا ہوا اور ساعت 1، 2، 8، 10 ہو تو نحوست میں مبتلا ہو ممکن ہے کہ زندہ بھی نہ رہے اور اگر زندہ بچ جائے تو ہمیشہ بیمار رہے یا بدکاری کی زندگی بسر کرے۔ ایسے بچہ کی پیدائش کے فوراً بعد اس پر آیات قرآنی دم کرے اور سورۂ اخلاص اور سورۂ قل اعوذ برب الناس پانی پر دم کر کے اس سے غسل دینا چاہیے اور صدقہ بھی اتارنا چاہیے۔

**برائے حصول علم** عدۃ الداعی میں مذکور ہے کہ اگر بچہ کا دل علم کے حصول میں نہ لگتا ہو تو یہ درج ذیل آیات لکھ کر اسکے گلے میں ڈالیں اور پانی پر پڑھ کر پلائیں تو ذہین وعقل کی تیزی کے لیے مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ (سورۃ العلق: ۱ تا ۵)

**ترجمہ** اپنے پرودگار کا نام لیکر پڑھو جس نے پیدا کیا اسی نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا پڑھو اور تمہارا پرودگار بڑی عزت والا ہے جس نے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی اسی نے انسان کو وہ باتیں بتائی جن کو وہ جانتا ہی نہ تھا۔

0345-7609312


سہیل نیوز ایجنسی فوارہ چوک دریا خان
عمران عباس بک سیلر ملتان 0301-7411856
www.shiaqurantutors.com

زوار
ریاض حسین جعفری
(پامسٹ وعامل روحانی)

ادرکنی

# سیارہ زحل کی نحوست

## کے توڑ کے لیے نقش اسم اعظم نورانی

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

وَسَخر لکمُ اللیل والنهار و الشمس و القمر و النجوم مُسخرات بأمرہ إن فی ذالك لایتٍ لقوم یعقلون۔ (سورۂ نحل آیت نمبر 12)

ترجمہ: ہم نے تمہارے لیے رات دن سورج چاند اور کواکب کو خاص احکام سرانجام دینے کا حکم دیا ہے درحقیقت عقل مند قوموں کے لیے ان میں نشانیاں ہیں۔

قارئین کرام السلام علیکم! بے حد درود و سلام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حمد و ثناء اس رب کائنات کے لیے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں ہر سال کی طرح اس سال بھی سیارہ زحل کی نحوست کے توڑ کے لیے اور ہر قسم کی پریشانی کے لیے نقش اسم نورانی لے کر حاضر ہوا ہوں۔ سیارہ زحل کے نحس و سعد اثرات کے بارے میں ایک تحریر پیش کر رہا ہوں۔ جن قارئین کا سیارہ زحل ہے وہ اس نقش اسم اعظم نورانی کو حاصل کر کے اپنی مایوس زندگی کو خوشحالی کی طرف گامزن کر سکتے ہیں۔ سیارہ زحل کو نحس ترین سیارہ کہا جاتا ہے۔ عدد 8 کا تعلق بھی سیارہ زحل سے ہے۔

عدد 8 زوال اور عروج کا عدد ہے۔ جس شخص کا عدد 8 ہوتا ہے تو اس کو زندگی میں اپنے مقاصد کی کامیابی کے لیے جدوجہد کرنی پڑتی ہے۔ ایسے افراد کو اپنی زندگی میں ذہنی جسمانی اذیت سے وابستہ ہونا پڑتا ہے۔ زحل کے ناقص ہونے سے سحر جادو بھی جلد اثر انداز ہوتا ہے اور بعض اوقات غلط فیصلے بھی کرواتا ہے۔ کام ہوتے ہوتے بگڑ جاتے ہیں جس وقت سیارہ زحل شرف اُوج میں ہوگا تو اس شخص پر کسی قسم کا جادو اثر انداز نہیں ہوگا۔ سیارہ زحل جب نحس نظرات کا حامل ہوگا تو رزق کی بندش، کاروبار کی بندش، ترقی نہ ہونا، بچے اور بچیوں کا رشتہ نہ ہونا، بیرون ملک سفر میں ناکامی، مختلف امراض میں مبتلا ہونا اور ہر کام میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ سیارہ زحل کی نحوست سے محفوظ رہنے کے لیے سعد ترین نظرات شرف اُوج میں یا کسی بھی ستارہ کی نیک ساعت میں باوضو ہو کر نقش اسم اعظم نورانی کو گولڈن قلی و سبز کاغذ یا چاندی پر تیار کریں وقت تیاری اگربتی یا خوشبو ہائے خوشگوار روشن کریں نقش تیار کرنے کے بعد روزانہ عشاء کی نماز کے بعد 313 مرتبہ یا رزاقُ کا ورد کریں۔ 21 دن تک دم کریں۔ نقش پر اول آخر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ جب 21 اکیس دن پورے ہوجائیں تو **نقش اسم اعظم نورانی** کو کالے کپڑے یا چاندی میں مڑوا کر گلے یا بازو میں ڈالے یا گھر میں محفوظ جگہ پر کالے کپڑے میں لپیٹ کر رکھ دے یا پرس میں بھی رکھ سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حیرت انگیز نتائج کا ظہور ہوگا اور آپ کی دعا بارگاہ رب العزت میں قبول ہوگی جو لوگ تیار نہ کر سکے وہ ہم سے منگوا سکتے ہیں




نقش اسم اعظم نورانی میرے سینے کا راز جو میں نے قارئین کی خدمت میں پیش کیا۔ کسی بھی مشکل اور ہر مقصد کے لیے تیر بہدف ہے۔ آپ اس عظیم نقش سے فائدہ اٹھائیں۔ آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بیگم و آغا نثار احمد، آغا افتخار حسین اور ان کے اہلیہ مرحومہ کی مغفرت فرمائے آمین!

17 صفر قدیمی مجلس عزا بمقام نکال سیداں تحصیل کلر سیداں ضلع راولپنڈی۔ بانی ممتاز حسین مرحوم ✦ سالانہ جشن عید غدیر بمقام امام بارگاہ قصر ابوطالبؑ غالب کالونی ندیم شہید روڈ مسن آباد لاہور 0323 9997214



نیوز کارنر گول باغ گلگشت ملتان 0300-7309155 کتابستان چوک کمہاراں والا ملتان

www.shiaqurantutors.com

سائیں
عبداللطیف دامانی
(ماہر علوم فلکیات)

# زائچہ قسمت

کاشف الکرب

صاحب زائچہ کا برج، حالات زندگی اور شادی کا فارمولا

03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین علم نجوم بہت وسیع علم ہے۔ چار ہزار سال کا علم نجوم آسان علم نہیں ہے، بہت مشکل اور دقیق علم ہے اسلئے اسکی باریکیاں تحریر کرنا انسانی قوت سے بالاتر ہے۔ انسان کی قوت ختم ہوجائے گی لیکن علم کا کنارہ ہاتھ نہیں اائے گا۔ ہر شخص اپنی بساط و استبداد کے مطابق جستجو کر کے آنے والے کیلئے رستہ چھوڑ جاتا ہے۔ میں اپنی قوت و تجربہ و مشاہدہ، تحقیق اور مطالعہ کے بعد آپکو یہ تحفہ پیش کر رہا ہوں۔ یہ بات ہمیشہ مدنظر رکھیں اس علم کے لئے پرہیزگاری، صوم و صلوۃ کی پابندی، رزق حلال، سچ بولنا، مذہب کے اصولوں کی پابندی کرنا اشد ضروری ہے۔ انسانی خدمت کرنا سب سے بڑی عبادت ہے۔ میرا سینہ بے کینہ ہے۔ نجوم کے بارہ گھروں سے آپ ہر سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ ہر گھر کے منسوبات کو یاد رکھیں۔ جس گھر کے متعلق سوال ہو اس پر نظر رکھیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں اس گھر میں کونسا برج قابض ہے۔ اس برج کا مالک کہاں ہے۔ وہ سعد حالت میں ہے یا نحس حالت میں۔ وہ شرف میں ہے یا ہبوط میں، دوست ہے یا دشمن۔ ہمیشہ برجوں اور سیارگان کی خاصیتوں پر نظر رکھنی چاہیے۔ زائچہ بنانے کیلئے درج ذیل چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

① نام ② ولدیت ③ تاریخ پیدائش ④ وقت پیدائش
⑤ مقام پیدائش

**پہلا گھر:**۔ خانہ نمبر ا۔ سے حالات زندگی، ذاتی حالات کے متعلق معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال**۔ سائل نے سوال کیا میری زندگی کے حالات آج کل کیسے ہیں؟

**جواب**:۔ وقتی زائچہ بنائیں اور جنتری معہ سیارگان اور زائچہ مطلوبہ کی خانہ پری معہ درجات سیارگان کریں اور صاحب طالع کو تلاش کریں وہ خانہ نمبر ا خانہ نمبر ۴، ۷ یا ۱۰ میں ہو ۲۔ خانہ شرف میں یا خانہ اوج میں ہو تو سائل کو اس وقت خوش نصیب اور بیدار بخت کہا جائے گا۔

۳۔ اگر صاحب طالع نحس سیارگان منحرف ہو کر نیک سیارگان منتقل ہونے والا ہو تو ہم سائل کو خوشخبری دیں گے کہ پہلے تو بہت مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا تھا اب اللہ تعالی اپنی قدرت کاملہ سے تیری پریشانی دور کر دے گا۔ اور تجھے خوشی اور آرام ملے گا۔ ۴۔ اگر صاحب طالع سعد سیارگان سے منصرف ہو کر نحس سیارگان سے متصل ہونے والا ہو تو ہم سائل کو کہیں گے تیرا خوشی کا وقت گذر گیا ہے اور تیرے راستے میں پریشانیاں اور غم کی آندھیاں آنے والی ہیں۔

۵۔ اگر صاحب طالع خانہ نمبر ۲ میں سعد حالت میں ہو تو مال و دولت کی زیادتی ہو۔ اگر نحس ہو تو سائل مالی پریشانی میں مبتلا ہوگا اگر خانہ نمبر ۵ میں سعد حالت میں ہو تو سائل کو اولاد سے سکھ ملے۔ محبوبہ سے خوشی حاصل ہو، سٹہ ولاٹری یا انعام ملے۔

نمبر ۴ سے سائل کی تعلیم دیکھی جاتی ہے۔ اور خانہ نمبر ۶ سے سائل کی ملازمت تلاش کی جاتی ہے۔ اور خانہ نمبر ۱۰ سے سائل کی عزت و شہرت، وقار معلوم کی جاتی ہے۔ مذکورہ بالا خانوں میں سعد سیارے قابض ہوں اور نظرات بھی سعد ہوں تو ملازمت اور شہرت حاصل ہوگی۔ نحس سیارے ہوں تو ملازت، عزت و وقار میں پریشانی ہوگی۔

**دوسرا گھر**:۔ خانہ نمبر ۲ سے مال و دولت، تجارت خرید و فروخت، مالی معالات، آمدنی، جائیداد کے متعلق معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال**۔ سائل نے سوال کیا کہ میں اس وقت مالی پریشانیوں میں مبتلا ہوں۔ میری حالت کب درست ہوگی؟

**جواب**۔ وقتی زائچہ میں خانہ نمبر ۲ پر نظر رکھیں جب خانہ نمبر ۲ کا مالک سعد سیارگان مشتری و زہرہ سے مقرون یا نظر تثلیث و تسدیس بنائے گا اس وقت سائل کی مالی حالت اچھی ہوجائے گی۔ ۲۔ خانہ نمبر ۲ کا مالک خانہ نمبر ۱۰ کے ساتھ خانہ نمبر ا، ۴، ۷ اور ۱۰ میں ہو یا خانہ نمبر ۵ یا خانہ نمبر ۹ میں ہو تو سائل کی بہت جلد مالی پریشانی دور ہوگی۔ آمدنی کیلئے قمر کا خاص خیال رکھیں اسکی نظر اور سعد حالت ہو۔

**تیسرا گھر**:۔ خانہ نمبر ۳ سے عزیز و اقارب، چھوٹے بھائی بہن،، ذرائع آمد و رفت کے متعلق معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال** سائل کا سوال ہے کہ میں بیرون ملک جانا چاہتا ہوں کیسا رہے گا۔

**جواب**۔ وقتی زائچہ میں تیسرے گھر کو دیکھیں۔ خانہ نمبر ۳ میں منقلب برج حمل سرطان، میزان جدی قابض یا ان بروج کے مالک سیارگان



www.shiaqurantutors.com

خانہ نمبر ۳ پر قابض ہوں تو سائل سفر کرئے گا۔خانہ نمبر ۳ کے سیارے کے ساتھ کسی دوسرے سیارے کی نظرات صحیح ہوں تو سفر میں کامیابی ہو گی۔ان شاء اللہ اگر سعد سیارہ ہوگا تو سفر میں نفع ملے گا اور اگر نحس سیارہ ہو گا تو پریشانی اور نقصان ملے گا۔

**چوتھا گھر**:۔خانہ نمبر ۴ سے ماں، ممتا، رشتہ دار، خاندان، نسل، کامیابی و ناکامی، عزت و شہرت کے بارے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

**سوال**۔سائل نے سوال کیا میری قسمت میں ملازمت ہے یا نہیں۔ میں زندگی میں کیا کروں گا۔

**جواب**۔اسکا جواب خانہ نمبر ۴، خانہ نمبر ۶ اور ۱۱ سے دیا جائے گا۔خانہ نمبر ۴ سے سائل کی تعلیم دیکھی جاتی ہے۔اور خانہ نمبر ۶ سے سائل کی ملازمت تلاش کی جاتی ہے۔اور خانہ نمبر ۱۰ سے سائل کی عزت و شہرت، وقار معلوم کی جاتی ہے۔مذکورہ بالا خانوں میں سعد سیارے قابض ہوں اور نظرات بھی سعد ہوں تو ملازمت اور شہرت حاصل ہوگی۔نحس سیارے ہوں تو ملازت، عزت و وقار میں پریشانی ہوگی۔

**پانچواں گھر**:۔خانہ نمبر ۵ سے اولاد، تعویزات، پیار و محبت، حصول مال بذریعہ لاٹری، انعامی بانڈز کے متعلق معلوم کیا جا سکتا ہے۔

**سوال**۔محبوب کو سائل کے ساتھ محبت ہے یا نہیں

**جواب** اگر صاحب پنجم خانہ ۱، ۴ یا ۷، ۱۰ میں قوی حالت میں ہو تو محبوب سائل کی محبت میں مبتلا ہو چکا ہے اور اگر صاحب پنجم ان خانوں میں ہو یا رجعت پذیر ہو تو محبوب کو سائل سے چنداں محبت نہیں ہے۔بلکہ طالب و مطلوب کے مابین کشد گی پیدا ہو سکتی ہے۔

**چھٹا گھر**:۔خانہ نمبر ۶ سے بیماریاں، بیت المرض، روگ، سحر و جادو، حادثات کے بارے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

**سوال**۔سائل نے سوال کیا تشخیص کر کے بتلائیں کہ مرض ہے جادو یا آسیب کا اثر ہے۔

**جواب**۔وقتی زائچہ میں خانہ نمبر ۶ کو غور سے دیکھیں اگر خانہ نمبر ۶ میں زحل ہو تو مریض دماغی امراض میں مبتلا ہے۔۲۔اگر خانہ نمبر ۶ میں مریخ ہو تو خرابی خون تپ صفراوی، یا یرقان جانیں۔۳۔مشتری قابض ہو تو جگر کی خرابی ہے، اگر عطارد ہو تو مریض کو کھانسی کا مرض ہے، اگر زہرہ ہو تو درد گردہ کی تکلیف ہے۔اور اگر خانہ نمبر ۸ میں زحل اور قمر آ جائے تو آسیب یا جادو کا اثر جانیں۔اور اگر شمس خانہ نمبر ۱ اور خانہ نمبر ۸ یا خانہ نمبر ۱۲ میں قابض ہو تو مریض آسیبی ہے یا کسی دشمن نے جادو کیا ہے۔جو مریض میں جن یا جادو دفن ہے مکان کو فوراً تبدیل کر دینا چاہیے شفا ہوگی۔

**ساتواں گھر**:۔خانہ ہفتم سے شریک حیات، شادی بیاہ، چوری، معشوقہ، شراکت، شوہر کے تعلقات بارے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

**سوال**:۔سائلہ نے سوال کیا میری شادی کیوں نہیں ہوتی؟

**جواب**:۔وقتی زائچہ بنائیں ۱۔طالع میں برج حمل ہو اور ساتویں گھر میں میزان اور اس میں ستارہ زحل یعنی اگر خانہ نمبر ۷ میں زحل آ جائے اور اسکی حالت شرف کی سی ہو اور قوت اور طاقت بھی رکھتا ہو زحل رکاوٹ اور مزاحمت کو ظاہر کرتا ہے یعنی یہ شادی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ ۲۔اگر خانہ نمبر ۳ میں مشتری ہو تو سائلہ کی شادی میں رکاوٹ ہوگی۔ ۳۔اگر زحل کی نظر زہرہ پر ہو تو بھی شادی میں رکاوٹ ہوگی۔

**سوال**۔سائلہ نے پھر سوال کیا میری شادی کب ہوگی؟

**جواب**۔وقتی زائچہ بنائیں پھر خانہ نمبر ۷ کو غور سے دیکھیں اگر سائل مرد ہے تو مالک خانہ نمبر ۷ کا کب قمر کے مقام پر آتا ہے جونہی اس برج میں قمر سے مقرون ہوا تو سائل کی اسی وقت شادی ہو جائے گی۔اگر عورت ہے تو قمر کی بجائے شمس کا استخراج کو مدنظر رکھیں انشاءاللہ اسی وقت شادی کا امکان ہے۔

**سوال**۔سائل نے سوال کیا میری ازدواجی زندگی کیسی گذرے گی؟

**جواب**:وقتی زائچہ میں شمس خانہ نمبر ۷ میں آ جائے تو شادی دیر سے ہوتی ہے لیکن شریک زندگی مغرور خود پسند ملے۔اگر قمر خانہ نمبر ۷ میں آ جائے تو گھریلو زندگی اچھی گذرے گی۔لیکن غیر مستقل مزاج ہوگی۔اگر مریخ خانہ نمبر ۷ میں آ جائے تو بیوی شر پسند ہوگی۔۔اگر عطارد، مشتری اور زہرہ خانہ نمبر ۷ میں آ جائیں تو شریک زندگی اعلیٰ اور گھریلو زندگی بہشت نما ہوگی لیکن عورت ضدی ہوگی۔اگر زحل خانہ نمبر ۷ میں آ جائے تو شاید بدقسمتی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔اگر خانہ نمبر ۷ میں برج قوس، برج حوت، اور برج جوزا آ جائے تو سائل ایک سے زیادہ شادیاں کریگا۔وقتی زائچہ میں خانہ نمبر ۷ میں زحل اور قمر آ جائیں تو عورت بھی ایک سے زیادہ شادیاں کرئے گی۔میرا مشاہدہ ہے کہ نکاح کے وقت قمر برج حمل، سرطان، میزان، جدی میں بحالت نحس ان بروج میں قابض ہو تو طلاق ہو جاتی ہے۔اگر سعد حالت میں قمر ہو تو فراق یا جدائی ہو جاتی ہے۔خانہ نمبر ۷ کو جتنے سعد ستارے دیکھتے ہیں یا خانہ نمبر ۷ میں جتنے ستارے بیٹھے ہوں اتنی شادیاں ہوتی ہیں۔

**آٹھواں گھر**:۔خانہ نمبر ۸ سے موت، میراث، سسرال، جنسی

14 شعبان المعظم ... 0308-4952031



www.shiaqurantutors.com

خواہشات، وراثت، روحانی قوت بارے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال۔** سائل نے سوال کیا کہ مجھے مال میراث میں ملے گا یا نہیں؟

**جواب۔** اسکا جواب آٹھویں خانہ سے پیش کیا جائے گا۔ دیکھیں طالع کا مالک خانہ نمبر ۸ کے مالک سے متصل ہونے والا ہو تو جدوجہد اور وسیع بلیغ سے وراثت ملے گی۔ اگر خانہ نمبر ۸ کا مالک طالع کے مالک کے ساتھ اتصال کرنے والا ہو تو وراثت بغیر کوشش کے دستیاب ہو جائے گی۔

**نواں گھر:۔** خانہ نمبر ۹ سے علم اور طویل سفر، حج و زیارات، معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال۔** سائل نے سوال کیا میں بیرون ملک جانا چاہتا ہوں مجھے اس سے فائدہ ہوگا یا نہیں؟

**جواب۔** وقتی زائچہ بنائیں اس روز کے سیارگان کی خانہ پُری کریں۔ طالع معلوم کرکے اسے خانہ اول میں رکھیں پھر خانہ نمبر ۹ کو دیکھیں اگر اس میں زہرہ، مشتری، قمر یا شمس میں سے کوئی ایک ستارہ موجود ہو اور سعد سیارے ناظر ہوں تو سائل کو بیرون ملک سفر سے بہت فائدہ ہوگا اور اگر نحس سیارے ہوں تو نقصان ہوگا۔

**سوال۔** سائل نے سوال کیا کہ میں غیر ملک جاؤں یا نہیں؟

**جواب۔** وقتی زائچہ میں خانہ نمبر ۹ کو غور سے دیکھیں ۱۔ اگر خانہ نمبر ۹ میں منقلب بروج ہو تو سفر غیر ممالک کا ضرور ہوگا۔ ۲۔ اگر خانہ نمبر ۹ میں برج ثور، اسد، عقرب، اور دلو ہو تو سفر سائل کا غیر ملک کا نہیں ہوگا۔
۳۔ جب مالک نمبر ۹ اپنے گھر میں داخل ہوگا اس وقت سائل کو سفر کرنا ہوگا۔

**دسواں گھر:۔** خانہ نمبر ۱۰ سے عزت و وقار، ملازمت، ذریعہ روزگار، کاروبار، تجارت کے متعلق معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال۔** سائل نے سوال کیا کہ مجھے ملازمت کب ملے گی؟

**جواب۔** وقتی زائچہ بنائیں اس میں خانہ نمبر ۱۰ کے مالک کو دیکھیں وہ اپنے نواشہ کی طرف مائل ہے یا اتصال ہے۔ تو جلد ملازمت مل جائے گی۔ بلکہ مالک خانہ نمبر ۱۰ اپنے نواشہ میں داخل ہوگا تو سائل کو ملازمت مل جائے گی۔

**گیارھواں گھر:** خانہ نمبر ۱۱ سے امیدیں، تمنائیں، خواہشات، چھوٹی بیماریاں، دولت، جائداد کے بارے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال۔** سائل نے سوال کیا میری امیدیں پوری ہونگی یا نہیں؟

**جواب۔** وقتی زائچہ میں خانہ نمبر ۱۱ میں مقیم سیارہ اور صاحب خانہ نمبر ۱۱ کی منسوبات اور دلائل پر غور کریں اگر طالع اور صاحب خانہ نمبر ۱۱ اور سیارہ قمر و مشتری کی نظر دوستی سے اتصال ہو تو ہر قسم کی امیدیں بحکم خدا بطفیل محمد و آل محمد پوری ہونگی۔ اگر نظر تربیع یا مقابلہ کے ساتھ اتصال درج بالا سیارگان کا ہو تو سائل کی امیدیں پوری نہ ہونگی بلکہ پریشانی ہوگی۔

**بارھواں گھر:۔** خانہ نمبر ۱۲ سے قید و بند، خفیہ دشمن، ہسپتال کے خرچے، مشکلات، رکاوٹیں، قرض کے بارے معلوم کیا جاسکتا ہے۔

**سوال۔** سائل نے سوال کیا کہ میرے مخالف کامیاب ہونگے یا میں کامیاب ہوجاؤنگا؟

**جواب۔** وقتی زائچہ بنائیں اگر خانہ نمبر ۱۲ میں قوی سیارہ ہو اور اس پر سعد سیارے کی نظر ہو تو سائل دشمنوں پر فتح یاب ہونگے۔ اور اگر موجودہ خانہ میں نحس سیارہ ہو اور اس پر سعد سیارے کی نظر نہ ہو تو سائل دشمنوں کے نرغے میں پھنس جائے گا۔ اور تکلیف پہنچنے کا احتمال ہے۔ اگر اس زائچہ میں خانہ نمبر ۱۲ میں مریخ بیٹھا ہوا ہو تو سائل کو تیز آلہ کی دھار سے نقصان پہنچے گا۔ اگر خانہ نمبر ۱۲ میں زحل ستارہ قابض ہو تو سائل جھوٹی گواہی دلوا کر قید کرادیں گے۔ خانہ نمبر ۱۲ میں نحس ستارہ ہو یا نحس سیاروں کی نظر ہو تو قدم قدم پر دولت کا نقصان ہوتا ہے کسی کام میں کامیابی نہیں ہوگی۔ **نوٹ** کسی بھی مسئلہ کی رہنمائی کیلئے میری خدمت کی ضرورت ہو تو بذریعہ فون مشاورت کرسکتے ہیں یا خط و کتابت کے ذریعے اسکے علاوہ زائچہ بنوانے کیلئے رابطہ کرسکتے ہیں۔ آپکے مسائل پر علم النجوم زائچہ کی روشنی میں بھرپور رہنمائی کی جائے گی۔ میری دعا ہے اللہ تعالیٰ آپکو محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے اپنی حفظ و ایمان میں رکھے امین۔

## 7 سلام جناب سیّدہ الکونین حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

☆ سلام ہو آپؑ پر اے کنیز خدا۔ ☆ سلام ہو آپؑ پر تمام مومنینؑ کی والدہ اے فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا۔ ☆ سلام ہو آپؑ پر اے بنتِ رسولؐ خدا و جناب خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا۔ ☆ سلام ہو آپؑ پر اے تمام جہانوں کی عورتوں کی سردار۔ ☆ سلام ہو آپؑ پر اے امیر المومنینؑ کی زوجہ۔ ☆ سلام ہو آپؑ پر اے خاتون جنت۔ ☆ سلام ہو آپؑ پر اے ہماری آقازادی۔

**حل مشکلات:** جب آپ گھر سے باہر نکلیں جناب سیّدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی ذات اقدس پر سلام پڑھیں۔ آپ اللہ کی حفظ و امان میں ہوجائیں گے۔ جب بھی سخت اور انتہائی مشکل ہو۔ دو رکعت نماز سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا برائے حاجت بجالائیں۔ اور آقازادی کے حضور سات سلام پیش کریں، فوری مشکل حل ہوگی۔

0321-3210955



www.shiaqurantutors.com

اوراق و وظائف

# اسرار آلمٓر

راجہ افتخار حسین
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ بانیان امامیہ جنتری بیگم و آغا نثار احمد مرحوم بیگم و آغا افتخار حسین مرحوم کے لیے سورۂ فاتحہ کی درخواست ہے۔ قارئین! قرآن پاک کی 29 سورتوں میں جو حروف مقطعات آئے ہیں ان میں سے قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں گوہر گراں اور نایاب "آلمٓر" کے رموز و اسرار باطنی پیش کر رہا ہوں۔ جو قرآن پاک کی سورۃ الرعد کی ابتداء کا مظہر ہے تحقیق و عمیق نظر حامل عقدہ کشاء سے اگر دیکھا جائے تو (آلمٓر) کا باطن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و علی علیہ السلام ہیں

## مثال: آلمٓر

| اعداد | باطن | ظاہر |
|---|---|---|
| 110 | ل ف | ا |
| 41 | ا م | ل |
| 50 | ی م | م |
| 1 | ا | ر |

کل میزان = 202 = رَبُّ

علیؑ محمدؐ

202= 92 + 110

جس جس نے رب کی معرفت پائی ہو وہ لازماً محمدؐ و علیؑ کا دامن تھام لے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا باطن اسلام اور علی علیہ السلام کا باطن ایمان ہے۔

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

| اعداد | باطن | ظاہر |
|---|---|---|
| 50 | ی م | م |
| 1 | ا | ح |
| 50 | ی م | م |
| 31 | ال | د |

کل میزان = 132

اسلام کے اعداد = 132

اس طرح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باطن میں اسلام ہے۔ کلمہ توحید میں محمدؐ اور رسول اللہ پڑھنے سے اسلام ملتا ہے

علی علیہ السلام

| اعداد | باطن | ظاہر |
|---|---|---|
| 60 | ی ن | ع |
| 41 | ا م | ل |
| 1 | ا | ی |

کل میزان = 102

اسلام کے اعداد =102

اسطرح علیؑ کا باطن ایمان ہے علی ولی اللہ کے اقرار سے ہر شخص مومن بنتا ہے۔ اس ہی سلسلہ تحقیق کو اگر بڑھایا جائے تو اسلام کا باطن علیؑ امین ناطق بنتا ہے۔

اسلام

| اعداد | باطن | ظاہر |
|---|---|---|
| 110 | ل ف | ا |
| 60 | ی ن | س |
| 41 | ا م | ل |
| 110 | ل ف | ا |
| 60 | ی م | م |

کل میزان = 371

علی امین ناطق

371= 140+101+110

ایمان

| اعداد | باطن | ظاہر |
|---|---|---|
| 110 | ل ف | ا |
| 60 | ا | ی |
| 41 | ی م | م |
| 110 | ل ف | ا |
| 60 | و ن | ن |

کل میزان = 327

علیؑ مولا بل حق

327=108+32+77+110

گو کہ مظہر کُن فیکون یَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ اس سے ماسوا ہے جو کہ مجھے انسان ظاہری پیرایوں میں سمجھے ہوئے ہے۔ چونکہ آلمٓر سورۃ الرعد کی ابتداء میں آیا ہے اس لئے مکمل سورۃ الرعد میں الف = 625 مرتبہ، لام 479 مرتبہ، م = 260 مرتبہ، را = 137 مرتبہ آئے ہیں۔ جن کا کل میزان 625 + 479 + 260 + 137 = 1501 حاصل ہوا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے حروف 19 ہیں۔ پنجتن پاک علیہم السلام کے اسماء کے حروف 19، مولا علیؑ امیر المومنین کے بھی حروف 19 ہیں۔ اگر 1501 کو 19 پر تقسیم کیا جائے تو 79 مرتبہ پورا پورا تقسیم ہوگا۔ 19 اور 7 کے عدد بھی اپنے اسرار و سیر میں یگانہ روزگار ہیں۔ 9 عدد جناب سیدہ فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا کا ذاتی عدد ہے اور 7 جناب سرکار وفا ابوالفضل عباسؑ کا ذاتی عدد ہے۔ 79 عدد اسم اعظم هُوَ الۡاَوَّلُ کے ہیں اور یہ اسم اعظم بے نقطہ بھی ہے۔ آلمٓر کی لوح اسراری باموکل وہ درج ذیل ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷ 9 | ۳۸ 6 | ۲۰۲ 3 | ۴ 16 |
| ۳۹ 7 | ل 12 | ا 13 | ۲۰۱ 2 |
| ۲ 14 | ر 1 | م 8 | ۲۹ 11 |
| ۲۰۳ 4 | ۳ 15 | ۲۸ 10 | ۳۷ 5 |

هُوَ الۡاَوَّلُ یا طشائیل بحق آلمٓر



www.shiaqurantutors.com

**فوائد لوح:** تسخیر خلق، محبت زن وشوہر، حصول دولت، الفت خصوصاً تاجر اور دکاندار حضرات کیلئے از حد کارآمد ہے۔ تسخیر افسران ملازمت پیشہ حضرات اس لوح سے فوائد حاصل کرسکتے ہیں چاندی پر یا سات دھاتیں مخلوط تختی پر اس کو کندہ کریں، لوح کندہ کرنے کا بہترین وقت شرف قمر ہے جو ہر ماہ ڈھائی دن کا ہوتا ہے امامیہ جنتری سے آپ یہ سعد وقت دیکھ سکتے ہیں۔ نقش کے دنوں پر نقش کی چال درج ہے اس کے مطابق لوح کندہ کریں لوح کندہ کرنے کے بعد یہ عزیمت **ھوالاول یاطشائیل بحق یا آلمٓ** 350 مرتبہ پڑھ کر لوح پر دم کریں اور یہی ورد ہر نوچندی جمعرات کو کرتے رہیں تاکہ تاثیر جاری رہے۔ آپ قارئین سے التماس ہے کہ اگر آپ یہ لوح تیار کرنے میں کامیاب ہوجائیں تو بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد، آغا افتخار حسین کیلئے دعائے مغفرت کریں اور مجھ ناچیز حقیر اور فرزند آغا افتخار حسین علی فرزاد کیلئے صحت سلامتی اور درازی عمر کیلئے دعا کریں۔


وقتی زائچہ بنوائیں اور عمل جفر اور علم نجوم کی روشنی میں ہر مسئلہ کا حل تلاش کریں۔

ہر ستارے کی شرف واوج کے الواح تیار کروائیں۔



ماہر عملیات ظہیر عباس

آپ کی شفاء

ہماری کامیابی کی ضمانت ہے 03 111 888 668






خود آگاہی



علی سلطان

(لائف کوچ)

دیکھیے صرف

Imamiajantri Official

یوٹیوب چینل پر


# فضائل تسبیح فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

حضرت محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی تسبیح سے بڑھ کر کوئی اور تسبیح نہیں اگر اس سے افضل کوئی اور عمل ہوتا تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کو وہی عطا فرماتے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی تسبیح ہر نماز کے بعد بجالانا میرے نزدیک روزانہ ایک ہزار رکعت نافلہ سے زیادہ محبوب ہے ☆ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ یہ تسبیح زبان کے ساتھ سو مرتبہ ہے لیکن میزان اعمال میں اس کا ثواب ہزار تسبیح کے برابر لکھا جاتا ہے۔ ☆ اس تسبیح سے اللہ خوش ہوتا ہے اور شیطان دور بھاگتا ہے۔ ☆ روایات میں ہے کہ خاک شفا کی تسبیح کا عام تسبیح سے بہت زیادہ ثواب ہے ☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کوئی مومن خاک شفا کی تسبیح پر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے چار سو نیکیاں عطا کرتا ہے اور اس کے چار سو گناہ بخش دیتا ہے اور اسکی چار سو حاجتیں پوری کرتا ہے آسمانوں کے دروازے قبولیت نماز کے لیے کھول دیتا ہے ☆ سید مرتضیٰ علم الھدیٰ علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ مشہور تسبیح جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا میں 34 مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ پڑھے۔ ☆ جو شخص تبرکاً تسبیح فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے بعد ایک مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے گا تو اس کا ثواب سب سے زیادہ ہے کہ جس کا کوئی شمار ہی نہیں۔ تسبیح کے اول وآخر تین، تین مرتبہ صلوات پڑھے۔ ☆ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تسبیح فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے آخر میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا پڑھنا موجب مغفرت ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے جو شخص ہر فریضہ نماز کے بعد اپنی جگہ چھوڑنے سے پہلے ان تسبیحات اربعہ کو چالیس مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے وہ اسے عطا فرمائے گا۔

## نماز وسعت رزق

**طریقہ نماز** یہ دو رکعت نماز ہے جو بوقت فجر ادا کی جائے گی

1۔ سب سے پہلے نیت کریں، نماز وسعت رزق پڑھتا/ پڑھتی ہوں قربتاً الی اللہ

2۔ پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد تین بار سورۃ الکوثر تلاوت کریں اور دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد 3 بار سورۃ الفلق اور 3 بار سورۃ الناس کی تلاوت کریں اور نماز مکمل کرنے کے بعد تسبیح جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا پڑھیں اور اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ حضرت آمنہ سلام اللہ علیہا کا وسیلہ دے کر دعا کریں

0333 5289675



www.shiaqurantutors.com

# عمل تسخیر محبت

سیدہ زہرا
بتول کاظمی
(ماہر عملیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

حمد و ثناء کے لائق ہے وہ ذات جس نے انسان کی رہنمائی کے لئے چہاردہ معصومین کو بھیجا۔ قارئین امامیہ جنتری کے لئے مجرب عمل لیکر حاضر خدمت ہوں۔ یہ عمل برسوں سے میرے مجربات میں سے ایک ہے۔ اس عمل کے کرنے سے مردہ دل میں بھی محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی محکم و اکمل کتاب قرآن مجید کی آیت مبارکہ جو کہ حب و تسخیر کے لئے لاجواب ہے کا عمل پیش کر رہی ہوں سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 165 ☆ سب سے پہلے آیت کو بسط حروفی میں کریں۔

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔

ی۔ح۔ب۔و۔ن۔ھ۔م۔ک۔ح۔ب۔ا۔ل۔ل۔ہ۔و۔ا۔ل۔ذ۔ی۔ن۔ا۔م۔ن۔و۔ا۔ش۔د۔ح۔ب۔ا۔ل۔ل۔ہ

☆ اب ان حروف کو تخلیص کریں یعنی جو حروف دو بار یا سہ بار آئے انکو کاٹ دیں۔ تخلیص کے بعد جو حروف برآمد ہوئے وہ یہ ہیں۔

ی۔ح۔ب۔و۔ن۔ہ۔م۔ک۔ا۔ل۔ذ۔ش۔د

| نمبر شمار | ورد اس طرح کریں | تعداد |
|---|---|---|
| 100 بار | یا یسیرُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 1 |
| 90 بار | یا حقُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 2 |
| 86 بار | یا بدیعُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 3 |
| 101 بار | یا ودودُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 4 |
| 40 بار | یا نافعُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 5 |
| 101 بار | یا ھادیُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 6 |
| 102 بار | یا مبینُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 7 |
| 90 بار | یا کریمُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 8 |
| 100 بار | یا اوّلُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 9 |
| 119 بار | یا لطیفُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 10 |
| 100 بار | یا شفیعُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 11 |
| 100 بار | یا ذکیُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 12 |
| 110 بار | یا دیانُ بحق يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِينَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ | 13 |

## لوح مبارک یہ ھے

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| مبین۔کریم۔اوّل۔لطیف۔شفیع۔ذکی۔دیان | محمد عرفان بن یاسمین | یسیر۔حق۔بدیع۔ودود۔نافع۔ھادی | سکینہ بی بی بنت فاطمہ بی بی |
| ٧١٥ | ٧٨١ | ١٠٨٩ | ٧١٧ |
| ٧٨٢ | ٧١٨ | ٧١٤ | ١٠٨٨ |
| ٧١٥ | ١٠٨٧ | ٧٨٣ | ٧١٧ |

یا رحمٰن یا رحیم کر محمد عرفان بن یاسمین کو سکینہ بی بی بنت فاطمہ کا مسخر و مہربان کر

اب ان حروف سے عمل تیار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ میں سے ہر حرف کا اسم اعظم لیں۔

ی سے یسیرُ۔ ح سے حق۔ ب سے بدیع۔ و سے ودود۔ ن سے نافعُ۔ ہ سے ھادیُ۔ م سے مُبینُ۔ ک سے کریمُ۔ ا سے اوّل۔ ل سے لطیفُ۔ ذ سے ذکیُ۔ ش سے شفیع۔ د سے دیان۔

عروج ماہ میں جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں نقش زعفران کی سیاہی سے اور انار کے قلم سے تیار کریں یا پھر چاندی کے پترے پر کندا کریں۔ نقش یا لوح کو سامنے رکھ کر مسلسل 14 یوم ورد کریں۔ بعد ورد نقش کو گلے میں ڈال لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چہاردہ معصومین کے صدقے کامیابی حاصل ہوگی۔ **نوٹ** ورد کرنے سے پہلے دو رکعت نماز برائے حاجت ادا کریں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم اور قبلہ آغا افتخار حسین کی مغفرت فرمائے

تاریخ سالانہ مجلس عزا 8 ربیع الاول شہادت امام حسن عسکریؑ۔ بمقام دندہ شاہ بلاول۔ سید علی اصغر شاہ ہمدانی + سالانہ عرس مبارک سید احمد کبیر ہمدانی ہر سال 28 مارچ۔ بمقام دندہ شاہ بلاول۔ سید علی اصغر شاہ ہمدانی



www.shiaqurantutors.com

مسئلہ کیا ہے؟

# شادی اور نکاح کی بندش کا شرطیہ توڑ

مخدوم
سید مبارک علی شمسی
(روحانی سکالر)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

آج کل پاکستان سمیت پورے برصغیر بلکہ پوری دنیا کو جس مسئلے نے پریشان کر رکھا ہے وہ بچے اور بچیوں کے رشتوں کا نہ ہونا ہے (یعنی شادی/نکاح اور منگنی کی بندش) جس کی وجہ سے تمام غیرت مند والدین پریشانی کا شکار ہیں اور ان کی مشکلات میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ شادی بیاہ اور نکاح و منگنی اور رخصتی کی بندش کی بہت ساری وجوہات ہیں مگر درج ذیل پیراگراف میں ہم چند ایک اہم اور بنیادی وجوہات کا تذکرہ کریں گے۔ اور وہ یہ ہیں ☆ ستاروں کے نحس اثرات ☆ سفلی و کالے جادو کی وجہ سے ☆ ساڑھ ستی کی وجہ سے ☆ نظام قدرت۔

مندرجہ بالا تینوں وجوہات میں سے سفلی و کالے جادو کے ذریعے شادی کی بندش انتہائی خطرناک ثابت ہوئی ہے جسکا بروقت روحانی علاج از حد ضروری ہے گزشتہ برسوں کی طرح امسال بھی اپنے کرم فرماؤں اور عقیدت مندوں، مریدین کے پرزور اصرار پر امامیہ جنتری کے پلیٹ فارم سے رشتوں کی بندش کے خاتمے کے لیے اپنے مجرب اور آزمودہ عملیات کے ساتھ حاضر خدمت ہوں اور پُرامید ہوں کہ قارئین اس سے بھرپور استفادہ کریں گے اور بندہ احقر کے حق میں دعا کریں گے اور بانی ادارہ و امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم اور آغا افتخار حسین مرحوم کے درجات کی بلندی کے دعائے مغفرت فرمائیں گے۔

**شادی پسند کے مطابق ہو:** اگر کوئی مرد و زن خواہش رکھے کہ اس کی شادی جہاں وہ چاہے وہیں ہو تو اُسے چاہیے کہ نوچندی جمعہ کے روز غسل کرے اور سفید پوشاک معطر کر کے پہنے اور نماز فجر ادا کرنے کے بعد اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درور پاک پڑھے اور درمیان میں 121 مرتبہ درج ذیل آیت کریمہ کی تلاوت کرے۔ بفضل خدا شادی پسند کے مطابق ہوگی۔ واضح رہے کہ اس عمل کا چلہ مکمل کرے تب فائدہ ہوگا، شروع کرنے سے پہلے اجازت ضرور طلب کریں آیت کریمہ درج ذیل ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

**لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔**

## سفلی و کالے جادو کی بندش رفع ہو

(لوح خاص): اگر کسی لڑکی/لڑکے پر کسی دشمن نے سفلی و کالے جادو سے نکاح و شادی وغیرہ کی بندش لگا دی ہو اور وہ رشتہ نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نوچندی جمعرات کو غسل کرے اور نماز فجر ادا کرے اور سفید پوشاک معطر کر کے پہنے، اور پھر دو رکعت نماز نوافل ادا کرے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ اور پھر مشک و زعفران اور کستوری کی روشنائی آب زم زم ڈال کر تیار کرے۔ اور پھر 4 مربع انچ 4*4 کالے ہرن کی کھال کی جھلی سے لوح تیار کرے (لوح چوکور ہونی چاہیے) اور پھر کچے سرکنڈے سے قلم تیار کرے اور 20 محرم کے نقش کی چال کے مطابق لوح پر نقش مکمل کرے اور روزانہ اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر درمیان میں 3 مرتبہ سورہ جن کی تلاوت کر کے لوح پر پھونکے اور پھر ساتھ رکھے پانی پر (جو پہلے سے کسی صاف برتن میں پاس رکھا ہو) دم کرے اور عمل سے فراغت کے بعد روزانہ وہ پانی پیے اور قدرے دوسرے پانی میں شامل کر کے گھر میں چھڑکاؤ کرے۔ یہ عمل اسی ترتیب کے ساتھ روزانہ بلاناغہ کرے اور 41 دن مکمل کرے۔ آخری دن کسی سرخ رنگ کی مٹھائی پر موکلات کی نیاز دلا کر اسے چھوٹے بچوں میں تقسیم کرے اور لوح کو پلاسٹک کوٹڈ کرا کر اپنے پاس رکھے (پرس کا رنگ سرخ ہو) اور ہر جمعرات کو الکوحل سے پاک خوشبو لگاتے رہیں۔ ان شاء اللہ اس لوح خاص کی برکت سے نکاح و منگنی اور شادی و رخصتی میں بندش دور ہوگی اور اچھی جگہ رشتہ ہوگا اور تمام مرادیں بر آئیں گی۔ جو خواتین و حضرات خود عمل کرنے چاہیں وہ اجازت ضرور لیں۔ اور جو یہ لوح خود نہ تیار کر سکتے ہوں وہ ہم سے ہدیہ بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ ہدیہ لوح خاص -/9800۔ نوٹ لوح خاص بذریعہ پاکستان پوسٹ بھیجی جائے گی۔ کوریئر سروسز منگوانے پر ڈیلیوری چارجز الگ سے دینا ہوں گے اور آڈر دینے کے بعد 7 دن کے اندر یہ لوح مطلوبہ پتہ پر ڈیلیور ہوگی۔ جو لوگ ہرن کی جھلی خود بھیجیں ان کے لیے ہدیہ -/2250 روپے

سٹاکسٹ امامیہ جنتری
صابری دارالکتب اردو بازار لاہور
042-37320770

0300 4377967

راہِ خدا

# قرآن پاک سے مسائل کا حل

ڈاکٹر و حکیم
محمد ثنا اللہ
(ماہر روحانیت)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

معزز قارئین اسلام علیکم صدق دل سے دعا گو ہوں کہ خُدا ئے بزرگ و برتر آپ سب کو اور ٹیم امامیہ جنتری سب کو عزت، صحت والی زندگی عطا فرمائے شرِ شیطان، شرِ جنات، شرِ انسان سے اپنی حفاظت میں رکھے آمین۔ معزز قارئین آپ سے گزارش ہے کہ اول و آخر 3 مرتبہ درودِ پاک اور سورہ فاتحہ پڑھ کر آغا افتخار حسین اور انکی اہلیہ مرحومہ کو ایصالِ ثواب کردیں۔ نیز بانی امامیہ جنتری کے مرحومین کے لیے سورہ فاتحہ کی درخواست ہے۔ معزز قارئین آپکی خدمت میں اپنے دل کی کتاب سے 2 عمل پیش کر رہا ہوں جو کہ آپ کریں گے تو مجھ بندہ ناچیز کو اپنی دُعا میں یاد کریں گے۔ نمبر 1 تشخیص کا عمل نمبر 2 پسند کی شادی میاں بیوی کی محبت کا خاص تعویذ ہے۔ شرعی اور جائز کام کے لیے میری طرف سے اجازت ہے۔

**تشخیص کرنے کا طریقہ:** سب سے پہلے دو نفل خاتون جنت کو ہدیہ کریں اور 9 روپیہ غریب کو صدقہ دیں۔ اس کے بعد شیشے کا گلاس لیں اس میں دو گھونٹ پانی ڈال لیں۔ اول آخر 11 مرتبہ درودِ ابراہیمی 21 مرتبہ سورۃ الناس 110 مرتبہ یا علیؑ'' پڑھ کر پانی کو دم کردیں اسکے بعد پانی پی لیں۔ 10 منٹ نہ کوئی چیز کھائیں اور نہ گفتگو کریں صرف اپنے منہ کا ذائقہ چیک کریں۔ اگر منہ کا ذائقہ پھیکا ہو جاوے تو سمجھ جائیں مجھ پر جادو ہے۔ اگر منہ خشک ہو جاوے تو پھر بھی جادو ہے۔ اگر منہ کڑوا ہو جاوے تو سایہ آسیب سفلی شیطانی گندا عمل ہے۔ یہ خطرناک علامت ہے۔ فوری ہمارے نمبر پر رابطہ کریں اگر نمکین ہو جاوے تو نظر بد ہے۔ اگر منہ میں کوئی مٹی کے ذرات آئیں تو سمجھ جائیں کہ ہمارے رشتہ داروں نے تعویز گنڈا کروا رکھا ہے۔ اگر منہ میں کوئی عرق کا ذائقہ آئے تو سمجھ جائیں کہ یہ عمل ہمارے والدین کی طرف سے ہمارے اندر داخل ہوا ہے۔ اسکے علاوہ اور بھی علامات ہیں جو ضروری تھی وہ میں نے تحریر کردی ہیں۔

**نوٹ** اگر پانی ذائقہ تبدیل نہ کرے تو سمجھ جائیں مجھ پر قدرتی بیماری ہے تو اپنے ڈاکٹر یا حکیم سے اپنا علاج کروائیں آپ صحت مند ہو جائیں گے۔

## پسند کی شادی میاں بیوی کی محبت کا خاص تعویز: نقش لکھنے کا طریقہ:

شروع چاند کی 9 چندی، جمعرات یا جمعہ کو سب سے پہلے 3 کلو آٹا غریب کو صدقہ دیں 2 نفل خاتونِ جنت کو ہدیہ کریں سورج کے طلوع ہونے کے 10 منٹ کے بعد یہ 2 نقش سورہ اخلاص اور پندری کا تحریر کریں۔ زعفران سے سبز یا سفید کپڑے میں رکھیں۔ 7 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنا حصار کریں۔ رجال الغیب کی دعا پڑھ کر اور رجال الغیب کی طرف کمر کرکے تحریر کریں رجال الغیب آپکے منہ اور سیدھے ہاتھ کی طرف نہ آئے ایک نقش گلے میں ڈالیں اور ایک نقش کو پینے میں استعمال کریں فوری کام ہو جاوے۔ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو فون پر معلوم کرلیں اگر آپ پریشان ہیں تو اپنا استخارہ بذریعہ قرآنِ پاک فی سبیل اللہ کروائیں نقش کی چال ساتھ دی ہے۔ نقش پر روزانہ 21 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر دم کرتے رہیں۔

### نقش سورۂ اخلاص — چال

| | | |
|---|---|---|
| 6 | 1 | 8 |
| 7 | 5 | 3 |
| 2 | 9 | 4 |

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٣٣٥ | ٣٣٠ | ٣٣٧ |
| ٣٣٦ | ٣٣٤ | ٣٣٢ |
| ٣٣١ | ٣٣٨ | ٣٣٣ |

### نقش پندری

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

الا = ۱۱۱۹ = ۱۱۱۹الا = ۱۱۱ محطے

**نوٹ:** اپنے گھر بیٹھے اپنی تشخیص کریں اور جعلی عاملوں سے بچیں۔ علم کے قریب رہیں اور جہالت سے دور ہو جائیں۔ اپنی رائے سے مطلع کریں۔ مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے فون کریں۔ دعا گو

03 111 888 668

12 محرم بوقت 5 بجے شام بعد سوم ماتم شبیہ ذوالجناح برآمد ہوگی بمقام ... سیال دربار سید چراغ شاہ پاک ۔ پنجاب: ذاکران سید بہادر سلطان، تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ



www.shiaqurantutors.com

روشنی کا راستہ

# کامل عملیات

خضر عباس پیاسی
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ آپ نے دل سے دعا مانگی ہو اور وہ قبول ہوگئی ہو۔ آپ کہیں گے ایسا ایک بار نہیں کئی بار ہوا ہے کہ آپ نے خدا سے گڑگڑا کر کوئی مراد پوری ہونے کی آرزو کی اور پھر اسباب خودبخود ایسے پیدا ہوتے چلے گئے کہ آپ کی خواہش حقیقت مجسم بن گئی۔ ایسا ہونا بھی چاہیے۔ بحیثیت مسلمان خدا تعالیٰ پر ہمارا ایمان ہے کہ وہ ہم سب کی سنتا ہے۔ اور شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ دعا مسلمان کیلئے ایک بہت بڑا سہارا ہے جب انسان بالکل مایوس ہوجائے تو دعا ہی اسے مایوسی کی اتھاہ گہرائیوں سے نکال کر ایک نئے عزم اور حوصلے سے ہمکنار کرتی ہے۔ اسلامی نظام حیات میں قدم قدم پر خدا سے دعا مانگنے میں مطمئن اور کامیاب زندگی گزارنے کا راز پنہاں ہے۔ لیکن آپ فرد واحد نہیں ہیں جو مایوسی کے وقت خدا سے رجوع کرتے ہیں یا جس کے دل میں آرزوئیں اور خواہشات مچلتی رہتی ہیں۔ دنیا میں لاکھوں کروڑوں افراد مشکل کے وقت یا بیماری میں اللہ تعالیٰ سے رجوع کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی سنتا ہے۔

خداوند تعالیٰ مسبب الاسباب ہے اِس پُرآشوب دور میں سچے دل سے خدائے قدوس کو ہی چارہ ساز بناؤ۔ وہ ہی رحم کرے تو سب کچھ ہے۔ ہر شخص آرام کی زندگی بسر کرنے کا خواہش مند ہے۔ مگر قدرت کے مقابلے پر کون غالب آسکتا ہے۔ غیب سے امداد ہو تو سب مسائل حل ہوں۔ خدا کے خزانے بھرپور ہیں، وہی مدد فرمائے تو کام بنے اور کسی کے بس کا روگ نہیں ہے۔ اگر ہم خدائے قدوس کے حضور عاجزی وانکساری سے درخواست کریں تو اس ذاتِ بابرکت کیلئے ذرا بھر بھی مشکل نہیں ہے کہ وہ غیب کے خزانے اور فتوحات کے تمام دروازے کھول دے۔ قرآنِ پاک کی ایک عظیم سورۃ مبارکہ سورۃ نصر میں حضور پرنور حضرت محمد ﷺ کی فتوحات عظیمہ کی بشارت دی گئی ہے۔ اس عظیم سورۃ مبارکہ اور مقدس دعا سے لوحِ فتوحات عظیمہ تیار کرنے کا مجرب ولاثانی طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔

امیر المومنین وساقی کوثر چشمہ صاف وشیریں، باب العلم مولا مشکل کشا شیر خدا حضرت علی علیہ السلام ابن ابی طالب علیہ السلام کے علم کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے کہ اثرات وبرکات اس لوح میں پنہاں ہیں خدائے بزرگ وبرتر کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگیں۔ خدا تعالیٰ اس لوح کی برکت سے آپکو ہر مقصد میں کامیابی عطا فرمائے گا۔ یہ لوح مبارکہ ایک چلتا جادو ہے جس کے طلسماتی اثرات بہت قلیل مدت میں حامل لوح پر ظاہر ہوتے ہیں۔

✪ حامل لوح پر فتوحات کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں۔

✪ جن کیلئے ترقی کے راستے معدوم ہو چکے ہیں اگر لوح پاس رکھیں تو ترقی کے تمام دروازے ان کیلئے کھلنے کے اسباب پیدا ہوجاتے ہیں۔

✪ ایسے لوگ جن کی دنیا عزت نہیں کرتی، اگر لوح پاس رکھیں تو خاندان، عزیز واقارب اور اپنے حلقہ احباب میں عزت وتوقیر بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہ لوح سریع العزت ہے۔ ✪ اگر کوئی بہو بیٹی لوح اپنے پاس رکھے تو خاوند مسخر ہو اور سسرالی لوگوں کی آنکھوں کا تارا بنے، تمام لوگ اس کی عزت کریں۔ ✪ ہمہ قسم کی بندش اس لوح مبارکہ کی برکت سے کشادہ ہوتی ہے۔ ✪ اگر لڑکیوں کی شادی نہ ہوتی ہو، یا رشتوں کے پیغام آکر ختم ہوجاتے ہوں۔ اور عمر بڑھتی جارہی ہو تو اس لوح کی برکت سے جلد شادی، نکاح ونسبت کے اسباب پیدا ہوجاتے ہیں۔

✪ کاروبار کی بندش ختم ہوکر رزق اور خیر وبرکت پیدا ہونے لگتی ہے۔

✪ قرض کی واپسی وصولی اور قرض جلد ادا ہونے کے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔ ✪ مقدمات میں کامیابی اور بیرون ملک جانے کے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔ ✪ حصول ملازمت میں کامیابی، حصول مراتب، حصول تسخیر خلائق غرضیکہ ہر طرح کی ناکامیاں، کامیابیوں میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔ ✪ ہر شکست فتوحات میں بدل جاتی ہے۔ حتیٰ کہ حامل لوح تھوڑے ہی عرصہ میں عروج کمال حاصل کرلیتا ہے۔

جو مومن بہن بھائی اس لوح کو تیار کرکے اپنے پاس رکھیں گے اس لوح کے فیض وبرکات سے بہرہ ور ہوں گے اور اس کی قدر وقیمت ان پر ظاہر ہوگی۔ اور وہ بھی میری طرح اس کی تعریف کریں گے۔

**طریقہ تیاری لوح**: لوح تیار کرنے کا تفصیلاً طریقہ ایک مثال سے سمجھاتا ہوں۔ تاکہ ہر مومن بہن بھائی اسے تیار کرکے فائدہ عظیم حاصل کرسکے۔ اول بسم اللہ کے اعداد قمری نکالیں۔ دوم حروف کی تعداد

0300-4377967

سوم نقاط کی تعداد تحریر کریں۔ تینوں تعدادوں کو جمع کریں اور مجموعہ کو یاد رکھیں۔ پھر اول سورۃ مبارکہ نصر پارہ 30 کے اعداد قمری نکالیں۔ دوم حروف کی تعداد، سوم نقاط کی تعداد تحریر کریں۔ پھر جمع کریں اور مجموعہ کو یاد رکھیں۔ اب اول اس دعائے مقدسہ کے اعداد قمری نکالیں، دوم حروف کی تعداد، سوم نقاط کی تعداد تحریر کریں اور جمع کر کے مجموعہ کو یاد رکھیں۔

اعداد بسم اللہ = 786، تعداد حروف = 19، تعداد نقاط = 4
مجموعہ اول = 809

اعداد سورۃ نصر = 6124، تعداد حروف = 80، تعداد نقاط = 36
مجموعہ دوم = 6240

دُعائے فتوحات: اَللّٰھُمَّ یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِی اَبْوَابَ فَتْحِكَ یَا فَتَّاحُ ترجمہ: اے اللہ! اے کھولنے والے، میرے فتوحات کے دروازے کھول دے، اے فتح دینے والے۔

اعداد دُعائے فتوحات = 2155، تعداد حروف = 32، تعداد نقاط = 20
مجموعہ سوم = 2207

اب تینوں مجموعوں کو جمع کر کے یاد رکھیں مجموعہ اول = 809، مجموعہ دوم = 6240، مجموعہ سوم = 2207، میزان اول 9256

اب نام طالب معہ والدہ کے اعداد قمری نکالیں، مثلاً ظہیر احمد بن بلقیس کے لئے لوحِ فتوحات تیار کرنی ہے۔

ظہیر احمد بن بلقیس کے اعداد = 1270، تعداد حروف = 13، تعداد نقاط = 8، مجموعہ اول = 1291

اب اس مجموعہ کو چار سے ضرب دیں۔ مثلاً 1291×4=5164 یہ میزان دوم ہوئی۔ اب میزان اول سے میزان دوم کے اعداد تفریق کریں میزان اول = 9265، تفریق میزان دوم = 5164، باقی اعداد = 4092۔ ان باقی اعداد کو لوح کے خانہ اول میں تحریر کریں۔ اب ہر خانہ میں اعداد طالب 1291 کا اضافہ کرتے ہوئے لوح کے تمام خانے پر کریں۔ مثلاً خانہ اول کے اعداد = 4092 ہوں گے۔ اب خانہ دوم میں 4092 + 1291 = 5383 تحریر کریں۔ اب خانہ سوم میں، خانہ دوم کے اعداد طالب جمع کر کے تحریر کریں۔ اسی طرح ہر خانہ میں اعداد طالب کا اضافہ کرتے ہوئے تمام خانے پُر کریں۔ مثالی لوح ظہیر احمد بن بلقیس کیلئے تیار ہوئی۔ اپنے نام کے حروف اول سے اپنا ستارہ معلوم کریں بس اپنے ستارہ کے متعلقہ دن اسی ستارہ کی ساعت میں سفید کاغذ پر زعفرانی روشنائی جو ماالورد سے تیار کی گئی ہو لوح تحریر کر کے تہہ کرلیں اور اپنے ستارہ کے منسوبی رنگ کا کاغذ یا ریشمی کپڑا لپیٹ کے خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھیں۔ ہر دن طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد اُسی ستارہ کی ساعت ہوتی ہے۔ اب روزانہ نماز فجر کے بعد صرف ایک تسبیح دُعائے فتوحات پڑھ کر خدائے بزرگ و برتر کے حضور عجز و انکساری سے گڑگڑاتے ہوئے دُعا کریں۔ ان شاء اللہ صدقہ معصومینؑ بہت جلد اپنے مقصد کو پاؤ گے۔ دعا پڑھتے ہوئے ترجمہ کو ذہن میں رکھیں۔ اپنے نام سے ستارہ معلوم کرنے کی جدول یہ ہے

| ایام | کواکب | سرنام حروف | منسوبی رنگ |
|---|---|---|---|
| ہفتہ | زحل | ا ب ج د | سیاہ |
| جمعرات | مشتری | ھ و ز ح | سبز |
| منگل | مریخ | ط ی ک ل | سرخ |
| اتوار | شمس | م ن س ع | طلائی |
| جمعۃ المبارک | زہرہ | ف ص ق ر | نیلا و سبز |
| بدھ | عطارد | ش ت ث خ | فیروزی |
| سوموار | قمر | ذ ض ظ غ | سفید |

## مثالی لوح ظہیر احمد بن بلقیس

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۰۹۲ | ۲۰۸۷۵ | ۱۷۰۰۲ | ۱۳۱۲۹ |
| ۱۸۲۹۳ | ۱۱۸۳۸ | ۵۳۸۳ | ۱۹۵۸۴ |
| ۱۰۵۴۷ | ۱۴۴۲۰ | ۲۳۴۵۷ | ۶۶۷۴ |
| ۲۲۱۶۶ | ۷۹۶۵ | ۹۲۵۶ | ۱۵۷۱۱ |

قلم آپ کا۔۔۔۔ اشاعت ہماری!

اگر آپ فلکیات، علم جفر یا علوم ہائے روحانیات جیسے علوم میں مہارت رکھتے ہیں تو امامیہ جنتری آپ جیسے اہل قلم حضرات کو خوش آمدید کہتی ہے اور یہ موقع فراہم کرتی ہے کہ آئیے اور اپنے علم کو ہماری اشاعت کے ذریعے عوام الناس میں آشکار کیجئے۔



ابھی کال کیجئے۔ +92 3111 888 668

0300-5322857

سالانہ مجلس عزا و ماتم داری بسلسلہ شہادت امام سجادؑ 26 محرم الحرام (بعد از نماز عشاء) بمقام زرنال ہاؤس، حیدری مطب سلطان روڈ محلہ گنگ: زوار حکیم محمد ابصار حیدر (حیدری) 03125900293

التجا

# عمل سورۂ اخلاص

اکرام عباس کاظمی
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

ہر ذی روح کا حسب و نسب ہوتا ہے، خداوند قدوس کا جو خالق ارواح حسب و نسب سورۃ الاخلاص ہے۔ سورۃ توحید تین بار پڑھنے والوں کو ایک قرآن کا ثواب ملتا ہے اس سورۃ میں صرف خدا کا ذکر ہے۔ یہ ایک حیرت انگیز بات ہے کہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے حروف 19 ہیں اور سورۃ الاخلاص کے حروف 47 ہیں اگر ہم 19 + 47 کو جمع کریں تو اللہ کے نام کے اعداد 66 بنیں گے۔ خدائے رب العزت نے اس سورۃ کو اپنی طرف منسوب کیا ہے لہٰذا ان اللہ علیٰ کُلِّ شَيْءٍ قَدِیر ہونے کے ناطے تمام بیماریوں کی شفاء، رزق، دولت، پیار، محبت اور ہر مشکل کا حل اسی کے ورد میں ہے۔ امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام سے منقول ہے کہ سورۃ الاخلاص لوح محفوظ پر اس طور پر مرقوم ہے۔ "اللہ نام تعریف کا مستحق ہے وہ واحد یکتا ہے، قادر مطلق ہے کسی کا محتاج نہیں اس کے بعد احسان محمد و آلِ محمد کا جنہوں نے اللہ کے احکام ہم تک بہت تکلیفیں اٹھا کر پہنچائے اور ہمیں دین کا درست راستہ بتایا اور ان ہی کے طفیل اللہ ہماری دعاؤں اور حاجتوں کو پورا کرتا ہے۔

اس عمل میں سورۃ کی ہر آیت کے الگ الگ موکلات ہیں جو ہمارے امور انجام دیتے ہیں یہ ایسا عمل ہے اگر انسان چاہے تو اپنے تمام مسائل کو حل کروا سکتا ہے۔ یہ عمل روزگار میں برکت، ملازمت میں مدد، محبت میں کامیابی، پیار محبت میں گہرائی، شادی، نکاح، منگنی کے علاوہ ترقی عہدہ، فتح یابی، شفائے امراض کے علاوہ میاں بیوی کی ناراضگی، بہن بھائیوں میں پیار، خاندان کی ناراضگی کے علاوہ جو بھی کام، جملہ مسائل کے حل کیلئے کرنا چاہیں ان شاء اللہ خدا کامیابی دے گا۔ کوئی بھی شخص محمد و آل محمد کی شمع دل میں روشن کر کے اس عمل کو کر سکتا ہے۔ یہ عمل چار فرشتوں سے منسوب الگ الگ کام ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

❶ **حضرت جبرائیلؑ:** علم، امتحان میں کامیابی، روزی میں برکت، کشادگی ذہن، حج کرنا یا زیارات کرنا، علم اور لکھنے پڑھنے کے تمام امور شامل ہیں۔ ❷ **حضرت میکائیلؑ:** ملازمت، قرض کی ادائیگی، ترقی، تبدیلی۔ مال و دولت میں اضافہ، کامیابی، کاروبار میں اضافہ سب ان سے منسوب ہیں۔ ❸ **حضرت اسرافیلؑ:** محبت، شادی، فتح یابی، مقدمات، اولاد، عزت، شہرت، عظمت۔

❹ **حضرت عزرائیلؑ:** عداوت، دشمنوں پر فتح، صحت، تندرستی، شفاء اور تمام امراض۔

**عمل:** یہ عمل 20 دن کا ہے آپ یہ عمل کسی بھی جمعرات کی شام کو شروع کر سکتے ہیں۔ بہتر ہے عشاء کی نماز کے بعد کریں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد شروع کر سکتے ہیں پہلے ایک تسبیح درود پاک کی بعد میں 100 مرتبہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اجب یا جبرائیلؑ بحقِ قل هو الله احد ، اجب یا اسرافیلؑ بحقِ اللهُ لصمد ، اجب میکائیلؑ بحق لم یلد ولم یو لد ، اجب یا عزرائیلؑ بحقِ ولم یکن له کفواً احد، اس کے بعد چند بار درود شریف پڑھیں اور دعا مانگ لیں۔

دعا اس طرح بھی مانگ سکتے ہیں جو خدا جلد سنتا ہے الٰہی بحقِ زہرا سلام اللہ علیہا، بہ نور زہرا، بہ شرف زہرا میری حاجت پوری فرما۔

سورۃ توحید کے متعلق امام جعفر صادق فرماتے ہیں جس نے بھی سورۃ توحید 100 مرتبہ تلاوت کی اس نے ایک قرآن، توریت، انجیل اور زبور کو پڑھا۔ لا علاج مریض ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اگر نماز کے بعد 100 مرتبہ عمل کے بغیر بھی پڑھیں تو رزق میں اضافہ، عذاب قبر سے پناہ، فقر و فاقہ دور ہو۔ امام کا ارشاد ہے کہ جو کوئی سورۃ توحید ہر واجب نماز کے بعد 12 مرتبہ پڑھے اس کے ذمے کوئی گناہ نہ ہوگا۔

اہلبیت قرآن سنٹر نجف اشرف
مومنین کیلئے خوشخبری
نجف اشرف سے آن لائن کلاسز
کلاسز
ناظرہ وتلاوت | علم اخلاق
تجوید وقراءت | توضیح المسائل
تفسیر قرآن | عربی گرامر
عقائد شیعہ | فارسی
مختلف کورسز
حدیث کساء، دعاء کمیل، دعاء توسل اور مختلف ادعیہ قراءت اور ترجمہ کے ساتھ حفظ کریں۔
صحیفہ کاملہ کی دعائیں قراءت اور ترجمہ کے ساتھ حفظ کریں۔
زیارت عاشورہ اور باقی زیارات قراءت اور ترجمہ کے ساتھ حفظ کریں۔
aqurancanter
A Quran
+9647515970990/+9647719093735

زیرِ فلک

# قرآن مقدس میں سے مجرب عملیات

امیر حیدر
(ماہر عملیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

**برائے ادائیگی قرض** یہ دعا امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے اپنے ایک صحابی کو لکھ کر بھیجی تھی جو مقروض تھا ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف 7 بار درمیان میں یہ دعا تین بار پڑھے اور پڑھنے سے پہلے کسی سے بات نہ کرے۔ان شاء اللہ جلد قرض ادا ہوگا۔

اللھم انی اسئلك یالاالہ الا انت بحق لاالہ الا انت ان ترحمنی بلاالہ الا انت اللھم انی اسئلك یالاالہ الا انت بحق لاالہ الا انت ان ترض عنی بلا الہ الاانت اللھم انی اسئلك یالاالہ الا انت بحق لاالہ الاانت ان تغفر لی بلا الہ الا انت۔

**برائے شادی دختران** والد یا والدہ سورہ احزاب ہاتھ سے لکھی ہوئی کو ایک ڈبیہ میں بند کر کے اپنے گھر میں بحفاظت رکھ دیں اور اس سورہ کو روزانہ ایک بار پڑھ کر دعا مانگیں صبح کی نماز کے بعد تو ان کی لڑکیوں کے لیے حسب منشا رشتہ آجائے گا۔نماز صبح کے بعد اول و آخر درود شریف پانچ مرتبہ پڑھ کر یہ آیت مجیدہ بارہ مرتبہ بلا ناغہ بارہ دن تک پڑھیں انہی دنوں میں رشتہ میسر آئیگا۔سورہ آل عمران آیت 73-74

قل ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ واسع علیم یختص برحمتہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم

**برائے روزگار:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص یہ دعا صبح شام 3 مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اسے اس قدر مال و دولت سے نوازے گا کہ اسکی سات پشتیں بھی محتاج نہ ہونگی حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی یہ دعا 3 مرتبہ دن رات میں کسی بھی وقت پڑھے اللہ پاک اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا کہ اس کے وہم و گماں میں نہ ہوگا بہتر ہے اس دعا کو صبح اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھے۔

یا اللہ یا اللہ یارب یارب یاحی یاقیوم یاذاالجلال والاکرام اسئلك باسمك العظیم الاعظم ان ترزقنی رزقاً واسعاً حلالاً طیّباً برحمتك یاارحم الراحمین۔

**دفع جادو آسیب جنات:** ایک ایسا آزمودہ عمل ہے۔ جنات آسیب کے آزار کیلئے یہ آیات پڑھ کر دم کرنا یا پانی پر پڑھ کر پلانا اور لکھ کر گلے میں ڈالنا جمیع خطرات و آفات و جان و مال اور ایمان کی حفاظت کا موجب ہے۔

ویرسل علیکم حفظة وحفظاً من کل شیطن مارد۔ ان کل نفس لما علیها حافظ۔ فاللہ خیر حفظاً وھوارحم الرحمین۔ ان ربی علیٰ کل شیء حفیظ۔ وحفظنها من کل شیطن رجیم۔ وان علیکم لحفظین۔

حوالہ جات (الانعام 61،الصافات آیت نمبر 7 سورہ الطارق آیت نمبر 4 سورۂ یوسف آیت نمبر 64 سورۂ ہود 57 سورۂ الحجر آیت نمبر 17 سورہ الانفطار آیت نمبر 10

**برائے ترقی عھدہ:** حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس سورہ کی روزمرہ باقاعدگی سے تلاوت کریگا تو اس کو پورے قرآن کے ختم کا ثواب ملے گا۔ ہر روز پڑھنے والا شخص بروز محشر حضرت امام علی علیہ السلام کے ساتھ محشور ہوگا۔ اگر کوئی اس سورہ کو حضرت علیؑ کے نام کے اعداد کے مطابق 110 مرتبہ پڑھے تو اسے غیب سے روزی ملے گی۔عہدہ میں ترقی ہوگی۔ خوش کرداری اور پاکیزگی شرط ہے قرضدار سات دن متواتر 7 بار اس سورہ کو لکھ کر آٹے کی گولیوں میں بند کر کے دریا یا نہر یا کنویں میں ڈالے تو اللہ تعالیٰ اس سورہ کے توسل سے اسکے قرض کی ادائیگی کا انتظام فرمائے گا۔ لکھ کر پاس رکھنا بھی اکسیر الاثر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ العادیات والعدیت ضبحاً۔ فالموریت قدحاً۔ فالمغیرات صبحاً۔ فاثرن بہ نقعا۔ فوسطن بہ جمعا۔ ان الانسان لربہ لکنود۔ وانہ علی ذلك لشھید۔ وانہ لحب الخیر لشدید۔ افلا یعلم اذابعثر مافی القبور۔ وحصل مافی الصدور۔ ان ربھم بھم یومئذ لخبیر۔

فوائد نقش سورہ عادیات: یہ نقش کاروبار میں ترقی، حفاظت جان و مال کیلئے حرز کا درجہ رکھتا ہے۔ مرتبہ میں اضافہ اور بااختیار بناتا ہے۔ فرائض کی ادائیگی میں استقلال اور تفکرات سے نجات دیتا ہے

مجلس عزا و ماتم داری بسلسلہ چہلم 15 صفر المظفر 2 بجے دن بمقام امام بارگاہ آغا طالب علی نمبردار 38 چک درپور تحصیل و ضلع فیصل آباد ● سالانہ مجلس عزا 29 محرم الحرام بمقام قصر امام زمانہ ساعت 8 بجے دن بمقام موضع ... شریف ضلع شیخوپورہ


العصر اسلامک بک اینڈ C.D سنٹر جامع مسجد صاحب الزمان ڈالہ سیداں دینہ 0301 5861438
علی جنرل سٹور اینڈ ایزی پیسہ شاپ کمیٹی چوک جنڈ (اٹک)
www.shiaqurantutors.com

8-7 ہاڑ مجالس عزا بمقام پچلی راجن سادات ضلع بہاولپور۔ انجمن علی ولی اللہ۔ سید مدثر عمران نقوی بخاری ✸ سالانہ مجلس عزا 23 ذیقعد۔ بمقام: سیدانوالہ ضلع جہلم۔ بانی حاجی سید نذیر حسین شاہ کاظمی

## نقش سورہ عادیات

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۳۳۱ | ۳۳۴۴ | ۳۳۴۱ | ۳۳۳۸ |
| ۳۳۴۲ | ۳۳۳۷ | ۳۳۳۲ | ۳۳۴۳ |
| ۳۳۳۶ | ۳۳۳۹ | ۳۳۴۶ | ۳۳۳۳ |
| ۳۳۴۵ | ۳۳۳۴ | ۳۳۳۵ | ۳۳۴۰ |

**تسخیر خلق کا 100 فیصد مجرب عمل** جو شخص محبوب۔ مطلوب۔ افسران۔ اولاد۔ میاں بیوی خلق خدا کو مسخر تابع فرمان اور پکا دوست بنانے کا متمنی ہو اور کوئی لوح نہ بنوا سکتا ہو۔ تو اپنے نام مع والدہ۔ مطلوب کا نام مع والدہ کے اعداد قمری بنا کر مجموعہ کرے۔ اسی مجموعہ تعداد میں حسب ذیل دعا 21 شب تک تنہا جگہ پر اگربتی جلا کر یکسوئی سے ورد کرے تو مطلوب تابع ہوگا۔ یہ عمل شائقین کی فرمائش پر شائع کیا جارہا ہے۔ میرا ہزاروں بار کا ذاتی مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انت ولی مخلوق ونوامیھم بیدك فاعطف علی قلوب عبادك وسخرھم لی کما سخرت البحر لموسیٰ والحدید لداؤد والجن والریح والوحوش لسلیمان والبراق لمحمد صلی اللہ علیہ وآلہ والطیبین الطاھرین المعصومین علیھم السّلام بحق یا ارحم الرحمین عمل عروج ماہ میں شروع کریں

## نقشہ ابجد قمری

| غ ۱۰۰۰ | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | پ ب | چ ج | ڈ د | ھ | و | ژ ز | ح | ط |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| ی | گ ک | ل | م | ن | س | ع | ف | ص |
| ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ | ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ |
| ق | ڑ ر | ش | ٹ ت | ث | خ | ذ | ض | ظ |
| ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ |

ہمزہ، زیر۔ زبر۔ پیش۔ مد۔ کھڑی مد کا کوئی عدد نہیں ہوتا۔

ب۔ پ / ج۔ چ / د۔ ڈ / ک۔ گ / ر۔ ڑ / ت۔ ٹ کے برابر ہوتے ہیں۔ (ب) کا 2 تو (پ) کا بھی 2

**مغلوبی دشمن کے لیے** کثرت سے اس دعا کا پڑھنا مغلوبی دشمن کیلئے اکسیر ہے

اَللّٰھُمَّ رَبِّ اکْفِنِیْ اَعْدَآئِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَکْفِیْنِیْ اَعْدَائِیْ اِلَّآ اَنْتَ

# وجدان

## قرآن پاک سے مسائل کا حل

پیر سید حیدر شیرازی (ماہر تعویزات ونفسیات)
03 111 888 668

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام انسانیت کی ہدایت کے واسطے نازل فرمایا اور تا قیامت تمام انسانوں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کسی اور مذہب سے تمام کے لیے باعث ہدایت ہے۔ آج کل بہت سے جعلی عاملوں نے لوگوں کو بلند وبالا دعوے کر کے دھوکہ دے رکھا ہے جس وجہ سے لوگ عدم اعتماد کا شکار ہیں۔ مگر قرآن پاک ہر انسان کو پورا اعتماد دیتا ہے۔ ہمارے بزرگان نے پشتوں سے ہمیں جو علم سکھایا وہ قرآن سے استفادہ ہے۔ حالانکہ بہت سے لوگ قرآن سے عملیات بتاتے ہیں مگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی اسکی اصل وجہ علم الاعداد کو مخلوط نہ کرنا ہے۔ ہم پورے سال میں قرآنی آیات کو علم الاعداد سے مخلوط کر کے مختلف کاموں کے واسطے آزماتے ہیں جس میں کامیابی ہو صرف اس کو فلاح انسانیت کے لیے شائع کرواتے ہیں۔

**حصول رشتہ یا شادی کے لیے:** پارہ 10 سورہ توبہ آیت نمبر 71 والمومنون سے عزیز حکیم تک و+م=6+40 46 اسکا مفرد ہے صلح کے لیے اس آیت کو سات مرتبہ کسی میٹھے پانی یا شربت پر پڑھ کر دونوں فریقین کو پلا دیں یا رشتہ کے لیے کسی صاف کاغذ پر روشنائی یا زعفران سے لکھ کر سرسبز درخت کی ٹہنی کے ساتھ لٹکا دیں۔

**نظر بد، بے برکتی اور وسعت رزق کے لیے:**

پارہ 16 سورہ طہٰ آیت نمبر 131 ولا تمدن سے خیر و البقی تک و+ی=6+10 اسکا مفرد 7 ہے۔ مفرد عدد کے مطابق 7 عدد مرچ یا 7 چھوٹے ٹکڑے پھٹکری کو اس شخص کے سر سے وار کر جلا دیں یا وسعت رزق کے لیے اس آیت کو 7 الگ کاغذوں پر لکھ کر کسی محفوظ شاپر میں لپیٹ کر کسی اونچی جگہ وزن کے نیچے رکھ دیں۔

**روحانیات وشب وجدان کے لیے**

پارہ 14 سورہ النحل آیت نمبر 125 ادع الی سبیل سے بالمھتدین تک ا+ن=1+50 اسکا مفرد 6 ہے۔ منگل کو چھوڑ کر باقی 6 دن اس آیت کی ایک ایک تسبیح صبح شام پڑھیں اور اپنی روحانیات کے لیے دعا کریں شب وجدان کا طریقہ پوچھ کر کر سکتے ہیں کیونکہ وہ ہر مقصد کے لیے الگ ہے



www.shiaqurantutors.com

امید رونق افروز

# دنیاوی مسائل اور زوّاری

روحانی خدمت و مشورہ کیلئے
علی احمد کاشف

03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

محترم قارئین کرام السلام علیکم: امامیہ جنتری میں ہر سال شائع ہونیوالی میری تحریروں سے روحانی علاج اور مشوروں سے مقدس مقامات سے جمع کئے اور دم کئے پانی آبِ شفاء سے دم کئے ہوئے تیل روغن شفاء سے لوح اور تعویزات سے مستفید ہونے والے مومنین کو مبارکباد اور پذیرائی کرنے والے خواتین وحضرات کا شکریہ۔

زیارتِ قبر امام حسین علیہ السلام کے ذریعہ بے حدوحساب ثواب، تمام گناہوں سے مغفرت، دعا کی قبولیت کیلئے معصومین علیہم السلام کی احادیث پر مبنی تحریر پیش خدمت ہے۔ زیرِ نظر ہوبہو احادیث یا ترجمہ نہیں ہے بلکہ مفہوم ہے۔ (حوالہ: ثواب الاعمال و عقاب الاعمال، شیخ الصدوق) اللہ پاک سب کو زیارات پر جانے کی ہمت طاقت توفیق حالات اور وسائل عطا فرمائے آمین۔ اپنا ذاتی تجربہ اور مشورہ پیش ہے کہ روزانہ زیارت وارثہ اور تمام مومنین ومومنات کو ایصال کرنے کیلئے روزانہ نماز وحشت قبر پڑھا کریں۔ مولا حسینؑ خود بلالیں گے۔ وسائل بھی بن جائیں گے، امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں زیارت عاشورہ کو مسلسل پڑھتے رہو زیارت کی قبولیت کا میں ضامن ہوں ایسے شخص کا جو دور یا نزدیک سے پڑھے گا اس کا سلام امامؑ تک پہنچے گا۔ حاجت پوری ہوگی بیشک خدا اور رسولؐ وعدے کے خلاف نہیں کرتے، امام جعفر صادقؑ نے فرمایا جو شخص ہمارے ساتھ نیکی نہ کر سکے وہ ہماری ولایت کے صالح معتقدین کے ساتھ نیکی کرے، جو ہماری زیارت کرنے پر قادر نہ ہو اسے چاہیے کہ ہماری ولایت کے صالح معتقدین کی زیارت کرے تو اسکے لئے ہماری زیارت کرنے کا ثواب لکھا جائے گا۔ امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا امام علی رضاؑ کی قبر پر آنے والے کیلئے ثواب بخدا جنت ہے، امام علی رضاؑ کی کتاب میں تحریر پڑھی کہ میرے حامیوں تک یہ بات پہنچاؤ کہ میری زیارت اللہ پاک کے نزدیک ہزار حج کے برابر ہے، امام حسینؑ فرماتے ہیں قسم بخدا ایک لاکھ حج کا ثواب ہے اس شخص کیلئے جو انکے حق کی معرفت رکھتے ہوئے زیارت کرے، امام علی رضاؑ اور امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جو شخص ہم میں سے کسی ایک کی زیارت کرے تو وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے امام حسینؑ کی زیارت کی۔ فاطمہ بنت موسیٰ بن جعفرؑ (معصومہ قم سلام اللہ علیہا) کی زیارت کرنے والے زائر کیلئے جنت ہے۔ زمین وآسمان میں ہر فرشتہ قبر حسینؑ کی زیارت کیلئے اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہے پس فرشتوں کی ایک فوج نازل ہوتی ہے اور ایک فوج اوپر جاتی ہے ہر شام کے وقت آسمان سے 70 ہزار فرشتے نازل ہوکر بیت اللہ کا طواف کرتے ہیں پھر قبر نبیؐ پر حاضر ہوکر پھر قبر امیر المومنینؑ پر پھر قبر امام حسینؑ پر حاضر ہوکر سلام پیش کرتے ہیں پھر امام حسینؑ کی قبر پر حاضر ہوتے ہیں اور سورج طلوع ہونے سے پہلے آسمان پر پہنچ جاتے ہیں اسی طرح 70 ہزار فرشتے صبح نازل ہوتے ہیں وہ بھی اسی طرح ترتیب سے طواف کے بعد سلام پیش کرتے ہیں قبر حسینؑ اور ساتویں آسمان کے درمیان فرشتوں کی آمد ورفت جاری رہتی ہے قبر امام حسینؑ کے اطراف میں 4 ہزار فرشتے پراگندہ غبار آلود حالت میں قیامت تک روتے رہیں گے، قبر امام حسینؑ کی زیارت بھی حج عمرہ اور مسجد الحرام میں 2 ماہ اعتکاف اور روزے رکھنے کے مساوی ثواب ہے زائر یعنی زیارت کرنے والے سے فرشتے مصافحہ کرتے ہیں زائر کا کوئی گناہ قابل سزا باقی نہیں رہتا، زائر سے رسول خداؐ مصافحہ کریں گے، قبر حسینؑ کا زائر ایسا ہے جیسے 100 حج رسول خدا کے ساتھ کئے ہوں اللہ پاک 80 مقبول حج کا ثواب لکھے گا، زائر جب زیارت کیلئے نکلتا ہے تو پہلا قدم اٹھاتے ہی اسکی مغفرت ہوجاتی ہے، ہر قدم پر پاکیزہ کیا جاتا ہے یہاں تک کہ زیارت پر پہنچ جاتا ہے اور جب واپس ہونے لگتا ہے تو زائر کا اللہ تعالیٰ پر حق ہوتا ہے کہ وہ اپنے وعدے کے مطابق اس زائر کو بخش دے، جو مومن عید پر آتا ہے اسے 100 حج، 100 عمرے اور حضورؐ کے ساتھ 100 غزوات میں حصہ لینے کا ثواب ملتا ہے جو مومن عید کے علاوہ زیارت پر آتا ہے اسے 20 حج، 20 عمرے اور 20 غزوات نبی مرسل یا امام عادل کیساتھ حصہ لینے کا ثواب ملتا ہے، جو زائر عرفہ کے دن آتا ہے اسے 1000 حج، 1000 عمرے اور 1000 غزوات میں حصہ

80 سالہ قدیمی سالانہ مجلس عزا بسلسلہ شہادت خاتون جنت 7 جمادی الثانی۔ بمقام بستی بلوچاں موضع روشن احمد پور شرقیہ۔ زوار غوث بخش مرحوم 0300-6412509



www.shiaqurantutors.com

لینے کا ثواب ملتا ہے اور اگر زائر فرات سے غسل کر کے قبر حسینؑ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو ہر قدم پر حج، عمرہ اور غزوہ کا ثواب ملتا ہے، فضائل و احادیث تو بہت ہیں لیکن طوالت کی وجہ سے انہی پر اکتفا کرتا ہوں، حج و عمرے پر جانے والوں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے والدہ نہیں ہوتے جنہیں وہ سمجھتے ہیں لیکن معرفت کے ساتھ زیارت پر جانے والوں میں کوئی مجہول النسب نہیں ہوتا اسلئے زیارت پر جانے کا ثواب کثیر ہے۔ قبہ کے نیچے دعا ضرور قبول ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ اہل کل ایمان کو زیارت حج و عمرہ کی ہمت طاقت توفیق اور اپنی مدد عطا فرمائے ہم خوش قسمت ہیں دو، تین اور چار بار زیارت قبر امام حسینؑ پر جاتے ہیں ورنہ 70 ہزار فرشتے صبح اور 70 ہزار فرشتے شام کو زیارت پر جو آتے ہیں ان کا نمبر دوبارہ نہیں آتا۔

**تا حیات فالج نہ ہونا** معزز قارئین کرام فالج ایسا خطرناک حملہ ہے جس سے جسم یا جسم کا کچھ حصہ مفلوج ہو جاتا ہے اس پر انسان کا کنٹرول نہیں رہتا یوں بھی یہ جسم اور جسم کے تمام حصے اور ہماری ہر چیز جسے ہم اپنا سمجھتے ہیں یہ سب اللہ عزوجل کی ہیں، مال، دولت، اولاد، گھر، گاڑی، عزیز و اقارب، آنکھ، ناک، کان، ہاتھ، پیر، دماغ، دل الغرض سب کچھ اللہ کا ہے، کچھ بھی ہمارا نہیں ہے، ہمیں یہ سب کچھ عارضی طور پر دیا گیا ہے، کسی بھی وقت کچھ بھی مالک واپس لے سکتا ہے، انتہائی لو یا ہائی بلڈ پریشر، انتہائی ہائی یا کم شوگر ہو جانے سے فالج ہو سکتا ہے، قدرتی آفت ہے اللہ رب العزت محفوظ رکھے۔ آمین۔ تمام انسانوں خصوصاً بلڈ پریشر یا شوگر کے مریضوں کیلئے اللہ تعالیٰ کا ایسا تحفہ پیش کرتا ہوں کہ آپکو زندگی بھر فالج نہیں ہوگا۔ ہر روز سونے سے پہلے آیت الکرسی پڑھ لیا کریں

**نوٹ** اگر کوئی فالج کا مریض ہو یا کوئی روحانی مسئلہ ہو فی سبیل اللہ رجوع فرمائیں۔ **علی احمد کاشف** (ماہر روحانی علوم)




## دستک
## مجرب و مقبول عمل

مسز نقوی (روحانی مشیر)

**03 111 888 668**

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم ! میں ایک مرتبہ پھر ایسا آزمودہ ہدیہ پیش کر رہی ہوں کہ جس سے اس سال بھی امامیہ جنتری کے قارئین مستفید ہو سکتے ہیں، میرا اور امامیہ جنتری کا ساتھ تقریباً 12 سال کا ہے جس میں میں نے اولاد نرینہ اور بچوں، بچیوں کی شادی وغیرہ کے مسائل کو مولائے کائنات حضرت علیؑ کے عطا کردہ علم کے مطابق حل کیا اور یہ سلسلہ جاری ہے تاکہ خواہشمند افراد اپنے مقاصد کو حاصل کر سکیں۔

شادی ہر انسان مرد، عورت کی اہم ضرورت زندگی ہے۔ ایسی بہت سی نوجوان لڑکیاں ہیں جو تعلیم اور حسن و جمال رکھنے کے باوجود شادی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں۔ جن بیٹیوں کی عمریں حد سے گزر چکی ہیں کوئی رشتہ نہیں آ رہا تو وہ تنہائی میں 110 مرتبہ یا علیؑ اور یا مطعیؑ 129 مرتبہ اول و آخر درود شریف 11-11 مرتبہ پڑھے ان شاءاللہ غیب سے سبب بن جائے گا۔

**برائے طلب اولاد:** معتبر روایت میں ہے کہ طلب اولاد کے لیے درج ذیل آیات کو ہر روز اول و آخر صلواۃ کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھے اور لکھ کر پاس رکھے تو اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾ (آل عمران ۳۸)

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ (الانبیاء۔ ۸۹)

☆ اگر کوئی ذیل کی آیت کو زعفران سے لکھ کر عورت کی قمر میں باندھے تو اس کے ہاں اولاد ہوگی۔

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ (سورۃ ہود: ۴۴)

**نوٹ** اگر آپ کو اپنے بچوں یا بچیوں کے رشتے میں کسی بھی قسم کی بندش یا رکاوٹ کا سامنا ہے یا آپ اولاد نرینہ کے خواہش مند تو اپنے مقاصد کے حل امامیہ جنتری کے دیئے گئے نمبر کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔ **مسز نقوی** (روحانی مشیر)

دارال استخارہ

# خاص الخاص ورد حیرت انگیز تاثیر

محمد علی کمیلی
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

معزز قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! امامیہ جنتری کے مدیر اعلیٰ کا شکر گزار ہوں جنھوں نے مجھے موقع عطا فرمایا۔ میں ایک مرتبہ پھر مولائے کائناتؑ کے عطا کردہ سلالہ امر کے مجرب اور نایاب عمل برائے حاجات قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ اس سال آپ کے لیے شدید مشکلات کے حل کے لیے ایک نادر و نایاب و پر اسرار وردیاآعلیٰ بحقِ علیؑ بطور تحفہ خاص الخاص لیکر حاضر خدمت ہوں۔ میری کوشش یہی ہے لکھے جانے والے عمل کو آسان اور بافہم لکھوں اسطرح بڑے سے بڑے مسائل کے حل کے لیے مستند روایات کے مطابق بیان کروں۔

## برائے حصول عزت و دولت

جو شخص اس ورد خاص اسم یاآعلیٰ بحقِ علیؑ کی تلاوت کرے اگر ذلیل ہو تو عزیز و اعلیٰ مرتبہ حاصل کرے ☆ اگر فقیر ہو تو مالدار و غنی ہو جائے۔ ☆ اگر غریب الوطن ہو تو وطن واپسی کا سامان مہیا ہو جائے ☆ دشمن پر تسلط ہو، ☆ مملوک و سلاطین افسران کا عزت و تقرب حاصل ہو ☆ اگر اس اسم کا نقش انگشتری میں پہنے اور اسکا ورد روزانہ کرے تو ایسے عجیب و غریب اثرات ملاحظہ فرمائے کہ خود حیران رہ جائے ☆ اگر حاکم، افسر و بادشاہ ہے تو لشکر و رعایا ماتحت و اطاعت میں سر تسلیم خم کر دیں ☆ اگر کوئی اس اسم اعظم کی کندہ انگشتری اس لڑکی کو پہنائیں جس کی شادی نہ ہوتی ہو تو بابرکت اس ورد خاص اس اسم اعظم پیغام آنا شروع ہو جائیں گے۔ بہتر ہے اس ورد سے پہلے آیت الکرسی تین مرتبہ پڑھ لیں اول و آخر 110 مرتبہ درود پاک پڑھ لیں۔ سب سے پہلے برائے حاجت 2 رکعت نماز حاجت ہدیہ حضرت مولائے کائنات علی ﷺ ادا کریں۔ اسکے بعد یہ ورد خاص کریں۔

**برائے نجات غم** اگر کوئی شخص غسل کر کے باطہارت روزانہ 1100 مرتبہ پڑھے اسکے سب غم کافور ہوں زندگی سنور جائے۔

**برائے حصول مقصد** اگر کوئی شخص کسی حلال مقصد کے لیے مسجد میں یا کسی جائے خلوت میں 12000 مرتبہ یاآعلیٰ بحقِ علیؑ پڑھے اپنے مطلب پر فائز ہوگا اور ضرور مراد کو پہنچے گا۔

**برائے نجات جادو** اگر کوئی اس اسم مذکور کو روزانہ 1000 مرتبہ پڑھے خدا اسکے دشمن کو ہلاک کریگا اور سحر و جادو سے خلاصی پائیگا اور کنویں ،نل کے پانی پر دم کر کے پلائیں اور اس پانی سے غسل کریں جادو کا اثر جاتا رہے گا۔ اس عمل کو روزانہ کا معمول بنالیں تو تاثیر بے حد ہوگی۔

**برائے حصول مطلب** اگر کوئی شخص کسی حلال مقصد کے لیے مہمات کے سرانجام اور واسطے افتتاح کے ہر روز 110 مرتبہ پڑھے تو اسرار کے دروازے مفتوح ہو جائیں گے۔

**دشمن کے فرمانبردار ہونے کے لیے** جو شخص 70 مرتبہ روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھے تو دشمن پر فتح پائے، نیز حج و زیارات کے لیے 1100 مرتبہ بعد نماز عشاء روزانہ پڑھ کر سو جائے تو حج و زیارت نصیب ہوں۔ **جن و آسیب سے نجات کے لیے** جو شخص 500 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ شخص کو پلائیں اور چھینٹا دیں ان شاء اللہ دفع ہو جائیں گے۔ **برائے شفا یابی** جو مریض زندگی سے مایوس ہو چکا ہو 101 مرتبہ سورہ الحمد اور 110 مرتبہ یاآعلیٰ بحقِ علیؑ اول و آخر 41 مرتبہ درود پاک پانی پر پڑھ کر پلائیں تو ان شاء اللہ صحت پائے گا۔ **برائے حصول دولت** اگر کوئی حصول دولت، غنا، جاہ و حشمت روزانہ 500 مرتبہ اول و آخر ایک تسبیح درود پاک پڑھے جلد کامیابی ہوگی بشرطیکہ رزق حلال صدق مقال ہو۔ **برائے حفاظت** 110 مرتبہ ورد خاص الخاص پڑھ کر سفر پر جائے تو سفر آسان و کامیاب ہو اگر یہی ورد خاص ماتھے پر خشک انگلی سے لکھ کر روانہ ہوں تو کامیاب واپس لوٹے۔ اگر کسی پر کوئی جھوٹی تہمت یا الزام لگائے تو ہر نماز کے بعد 110 مرتبہ پڑھ لیا کرے اور اپنے او پر دم کر لیا کرے تو تہمت سے بری ہوگا۔

**برائے حصول علم** حصول علم کے لیے بعد نماز ظہر و عشا 110 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود پاک ایک تسبیح۔ علم و حکمت کے دروازے کھل جائیں گے۔ یہ عملیات کم از کم 21 دن یا 41 دن روزانہ کریں اس میں کسی ڈر یا خوف کی ضرورت نہ ہوگی۔ اس میں صحیح عقیدہ اور خلوص اختیار کریں۔ مولائے کائنات آپ کو کامیاب و سرفراز فرمائے۔ آمین

اسلامی تہوار کے بروقت نوٹیفکیشن حاصل کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

کشکول عمل

# تحفہ امامیہ برائے جمیع حاجات

زاہد حسین جعفری

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! دعا ہے کہ پروردگار عالم ہم سب کو اپنی حفظ وامان ورکھے اور جملہ آفات وبلیات سے محفوظ رکھے۔ اس سے پہلے کہ مضمون کی ابتدا کی جائے آپ سے امامیہ جنتری کے بانی بیگم وآغا نثار احمد مرحوم اور امامیہ جنتری کے روح رواں بیگم وآغا افتخار حسین مرحوم کے لیے سورۃ فاتحہ کی درخواست ہے۔ اپنی دعاؤں میں مجھ ناچیز اور ٹیم امامیہ جنتری کو یاد رکھیں۔ قارئین کے لیے چند مجرب عملیات حاضر خدمت ہیں۔

**حرز بی بی فاطمة الزهرا** سلام اللہ علیہا: یہ حرز جانی و مالی حفاظت کا ضامن ہے اور چاردیواری کا کام دیتا ہے جو کوئی اس کو جان کی ضمانت وحفاظت کے لیے سر سجدے میں رکھ کر پڑھے تو وہ ان شاء اللہ ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔

يَامَولاتِي يَافاطِمَةُ اَغِيثِينِي سجدے میں 100 مرتبہ پڑھے۔

حرز یہ ہے۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيثُ فَاَغِثْنِي وَلَا تَكِلْنِي اِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِي شَاْنِي كُلَّهُ ۔ **ترجمه** اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے۔ اے زندہ اے پائندہ تیری رحمت کے ذریعے فریاد کر رہا ہوں پس میری فریاد رسی کیجئے اور مجھے حوالے نہ کرنا میرے نفس کے پلک جھپکنے جتنے (وقت) تک بھی اور میرے تمام حالات میں بہتری پیدا فرما۔

**دعا حضرت امام حسین** علیہ السلام: یہ دعا سلطان کربلا، نواب کربلا، غریب کربلا، سید الشہدا، شہید ابن شہید، شہید اعظم حضرت امام حسین علیہ السلام سے منسوب ہے۔ تحفۃ العوام (افتخار بک ڈپو) آخری صفحے پر درج ہے۔ جو شخص اس دعا کو پڑھے گا۔ وہ قیامت کے دن حضرت امام حسینؑ کے ساتھ محشور ہوگا، نبی آخر حضرت محمد ﷺ اسکے شفاعت کرنے والے ہوں گے۔ آخرت میں اللہ کے فضل وکرم سے سختی دور ہوگی، غیب سے قرض ادا ہوگا اور سینہ اسکا کشادہ ہوگا، ہر مشکل امر میں کامیابی ہوگی۔ خاص کر ہمارے مشہور ذاکرین واعظین، مقررین خطبہ سے پہلے فضائل ومصائب کی کامیابی کے لیے یہ دعا اسم اعظم مجالس کی کامیابی کے لیے پڑھتے ہیں تاکہ فضائل ومصائب زیادہ پر اثر ہو۔ اس دعا کو نماز کے فوراً بعد پڑھنا چاہئے، اللہ بے نیاز خالق اکبر موت کے وقت تلقین فرمائے گا۔ اپنی کامیابی پر بندہ ناچیز کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ وَمَعَاقِدِ عَرْشِكَ وَسُكَّانِ سَمٰوٰتِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ اَنْ تَسْتَجِيبَ لِي فَقَدْ رَهِقَنِي مِنْ اَمْرِي عُسْرٌ فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ لِي مِنْ اَمْرِي فَرَجًا وَّمَخْرَجًا ۔ **ترجمه** اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے اللہ میں تجھ سے تیرے کلمات اور تیرے عرش کے پایوں کے ذریعے سے تیرے آسمانوں میں رہنے والوں اور نبیوں اور رسولوں کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ میری دعا قبول فرما یقیناً گھیر لیا ہے میرے معاملات نے مجھ کو پس میں سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمد پر رحمت نازل فرما اور میرے کشائش اور نکلنے کا راستہ مہیا فرما۔

**غیب سے رزق کی فراوانی**: رزق کی فراوانی کے لیے یہ بہت ہی مجرب اور پُرتاثیر عمل ہے۔ رزق کے بند دروازے کھل جاتے ہیں یہ عمل پیغمبر اعظم حضرت محمد ﷺ اور مولا علی علیہ السلام سے فرمودہ ہے۔ یہ دعا رزق کے لیے اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے اس دعا کے اثر سے سات پشتوں تک رزق کی فراوانی ہوتی ہے روزانہ 3 مرتبہ پڑھیں معتین مرتبہ درود پاک۔

يَااللهُ يَا اللهُ يَااللهُ يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِي رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

Go Organic Hair Oil




کیجئے ہربل کنسلٹنٹ سے بات۔

خریدنے کے لئے ابھی رابطہ کیجئے! 03 111 888 668

# ہفتہ وار اسم اعظم

**بندگی**

جابر علی
المعروف شایان علی
(ماہر علوم مخفی)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! گذشتہ سے پیوستہ کا تسلسل قائم رکھتے ہوئے جدید تحقیق حاضر ہے۔ میری روزمرہ تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ علم العداد میں اعداد کی قوت یقینی اور اٹل ہے۔ ایک طریقہ قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں حاضر ہے۔ انتہائی قوی الاثر ہے اس سے آنیوالے سائل کو لاحق بیماریوں کے متعلق درست معلومات حاصل ہوتی ہیں اور ہفتہ کے حاصلہ برج کے عدد قسمت کے اسم اعظم کو ایک ترتیب سے ورد کرنے سے بہت سے مسائل سے بھی خلاصی ممکن ہوتی ہے اس کی وضاحت پیش خدمت ہے۔ قاعدہ 1 اپنے نام سے برج معلوم کریں جو کہ قبل ازیں ایک گذشتہ کالم میں بتایا جاچکا ہے قاعدہ 2 ہفتہ کا مجموعی عدد حاصل کریں جس کا طریقہ یہ ہے کہ اتوار سے آئندہ ہفتہ تک تاریخیں مع یوم نوٹ کریں اور ہر تاریخ کا جمل اس کے سامنے لکھ دیں پھر اس کے بعد ان حاصلہ اعداد سے تمام ہفتہ کا مجموعی عدد حاصل کریں اور اس حاصلہ مجموعی عدد کو اپنے معروف نام کے برج کے عدد قسمت میں جمع کریں جو عدد مفرد حاصل ہو وہ آپ کا اس ہفتہ کا عدد قسمت ہوگا بعد ازاں جدول اسماالحسنیٰ سے اس مفرد عدد کا کوئی اسم الٰہی جو آپ کے نام کے ابتدائی حرف کے مزاج سے موافقت رکھتا ہو کو اپنا ورد بنالیں تمام ہفتہ وہ ورد جاری رکھیں خاص کر جب کوئی خاص مقصد ہو تو اپنے برج کے عدد قسمت کے مطابق تاریخ کا عدد قسمت دیکھیں مطابقت کررہا ہو تو اس میں مطابق مقصد ورد کی کثرت کریں ان شااللہ سو فیصد مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

| تاریخ کا مفرد عدد | مقاصد ورد و اسماء الحسنیٰ بمطابق مفرد عدد |
|---|---|
| ۱ | اختلاج قلب ودیگر امراض قلب۔ حصول مراتب۔ پرموشن۔ نمایاں پوزیشن کا حصول |
| اسماء الحسنیٰ | الرحمن، المومن، المهيمن، المقيت، الجليل، المجيب، الولی، الواحد، الاول، الرشيد، الصبور |
| ۲ | امراض جگر سے شفایابی۔ دشمنی کو دوستی میں بدلنا۔ من پسند شادی |
| اسماء الحسنیٰ | الخالق، الرزاق، الخبير، العلی، الواسع، الودود، المبدی، الوالی، المتعالی، ذوالجلال والاکرام، المقسط، المغنی، الضار، الهادی، المنعم |
| ۳ | امراض معدہ ولبلبہ سے شفایابی۔ حصول مال ودولت۔ کاروبار میں اضافہ۔ بیرون ملک سفر |
| اسماء الحسنیٰ | الله، المصور، الغفار، الفتاح، القابض، اللطيف، العظيم، المجيد، الوكيل، القيوم، الماجد، العفو، النافع |
| ۴ | بلڈ پریشر سے تحفظ۔ اعلیٰ عہدہ کا حصول۔ نئی تحقیق میں کامیابی |
| اسماء الحسنیٰ | العزيز، الشكور، الشهيد، المحصی، المميت، الاحد، المقدم، البر، التواب، النور، الستار |
| ۵ | ذہنی عوارض کا خاتمہ۔ سیاست میں کامیابی۔ مقدمات میں فتح ہونا۔ بہترین عالم بننا۔ حصول تعلیم۔ |
| اسماء الحسنیٰ | السلام، المتكبر، الوهاب، الخافض، المذل، البصير، الحكم، العدل، المتين، المحی، الواجد، مالك الملك، الباقی، الوارث، البديع |
| ۶ | امراض گردہ سے شفایابی۔ صاحب اولاد ہونا۔ حصول محبت۔ اتفاق زوجین |
| اسماء الحسنیٰ | الرحمن، الباری، العليم، الرقيب، الحكيم، الباعث، المقتدر، الجامع |
| ۷ | امراض چشم سے نجات جادوٹونہ سے حفاظت۔ روحانی مسائل کا حل۔ زیارات مقدسہ |



Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally
www.shiaqurantutors.com

| | |
|---|---|
| اسماء الحسنیٰ | الحلیم۔ الکبیر۔ المعید۔ الرؤف۔ المغنی۔ |
| ۸ | امراض گھٹنہ وجلد سے نجات۔ کینسر سے شفایابی۔ پراپرٹی کی خرید وفروخت میں حصول نفع۔ فقرا مرشد خانہ سے حصول روابط۔ |
| اسماء الحسنیٰ | القدوس، الجبار، الغفور، الحسیب، القوی، الحمید، الصمد، القادر، الظاہر، الباطن، المانع |
| ۹ | خونی عوارض سے شفایابی۔ بواسیر کا خاتمہ۔ مقدمات کے ختم ہونے۔ کامیاب آپریشن کے لیے۔ |
| اسماء الحسنیٰ | الملک، القہار، الباسط، الرافع، المعز، السمیع، الکریم، الحق، الموخر، الاخر، المنتقم۔ |

**مثال برائے تفہیم:** مثال کے طور پر ہم نے جنوری 2025 کے پہلے ہفتہ کا عدد قسمت معلوم کرنا ہے تو اس کے لیے یہ دیکھنا ہے کہ جنوری کا پہلا اتوار کس تاریخ کو بن رہا ہے وہ نوٹ کر لیں

30 مجموعی مفرد عدد 3 حاصل ہوا اب نام سے برج استخراج کیا معروف نام شانی بن نزہت ش 360ا 111ن 106ی 11 میزان 588ن 106ز 8ھ 6ت 401 میزان 588521 +521=12÷1109= باقی 5 بچ گیا جو کہ برج اسد ہے برج اسد کا لکی عدد 1 ہے اس میں ہفتہ کا مجموعی عدد 3 شامل کیا تو عدد 4 حاصل ہوا یعنی یکم جنوری بروز اتوار سے 7 جنوری بروز ہفتہ تک برج حمل والوں کا لکی عدد 4 ہوگا اس لیے اس عدد کے مطابق جدول کے اسما میں سے التواب نام کے اول حرف ش آتشی سے اسم الٰہی کا اول حرف ت بادی موافق ہے اس کو روزانہ 4۔40 یا 400 مرتبہ پڑھنا ہے اب عدد 4 کی تاریخ 5-1-2023=2029=4 ہے اس لیے اس روز ورد کثرت سے کریں

**9=2025=1-1-2025**
**1=2026=2-1-2025**
**2=2027=3-1-2025**
**3=2028=4-1-2025**
**4=2029=5-1-2025**
**5=2030=6-1-2025**
**6=2031=7-1-2025**
30 میزان

اس طرح کرنے سے بلڈ پریشر سے نجات ہوگی۔ اعلیٰ عہدہ کا حصول ممکن ہوگا۔ نئی تحقیق خاص کر سائنس کے طلبا وطالبات کو نمایاں کامیابی حاصل ہوگی۔

## جدول برج، لکی اعداد

| حمل | ثور | جوزا | سرطان | اسد | سنبلہ | میزان | عقرب | قوس | جدی | دلو | حوت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 9 | 6 | 5 | 2 | 1 | 5 | 6 | 9 | 3 | 8 | 4 | 7 |

## عدد قسمت ہفتہ وار سال 2023

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمل | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 6 |
| ثور | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 3 |
| جوزا | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 2 |
| سرطان | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 8 |
| اسد | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 7 |
| سنبلہ | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 2 |
| میزان | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 3 |
| عقرب | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 6 |
| قوس | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 1 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 9 |
| جدی | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 5 |
| دلو | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 1 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 1 |
| حوت | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 5 | 4 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 4 |
| تاریخ ہفتہ وار | 1-1-2023 7-1-2023 | 8-1-2023 14-1-2023 | 15-1-2023 21-1-2023 | 22-1-2023 28-1-2023 | 29-1-2023 4-2-2023 | 5-2-2023 11-2-2023 | 12-2-2023 18-2-2023 | 19-2-2023 25-2-2023 | 26-2-2023 4-3-2023 | 5-3-2023 11-3-2023 | 12-3-2023 18-3-2023 | 19-3-2023 25-3-2023 | 26-3-2023 1-4-2023 | 2-4-2023 8-4-2023 | 9-4-2023 15-4-2023 | 16-4-2023 22-4-2023 | 23-4-2023 29-4-2023 | 30-4-2023 6-5-2023 | 7-5-2023 13-5-2023 | 14-5-2023 20-5-2023 | 21-5-2023 27-5-2023 | 28-5-2023 3-6-2023 | 4-6-2023 10-6-2023 | 11-6-2023 17-6-2023 | 18-6-2023 24-6-2023 | 25-6-2023 1-7-2023 |

معلوماتی ویڈیوز کے لیے امامیہ جنتری کا آفیشل یوٹیوب چینل وزٹ کیجئے



سید راہب علی شاہ نزد امام بارگاہ پ تعلقہ نیو سکھر 0311-3460621
شیخ قیصر جاوا مسلم بازار سیالکوٹ 0321-6815354
www.shiaqurantutors.com

# تربیت اولاد

مادحہ بتول

اس دور پرفتن میں سب سے مشکل مرحلہ تربیت اولاد ہے۔ تربیت سے مراد انسان کے اندر پوشیدہ صلاحیتوں کی بہترین نشوونما کرنا اور انہیں مقام کمال تک پہنچانا ہے، اگر اولاد کی تربیت اسلام کے بہترین اصولوں اور آئمہ معصومین علیہم السلام کی تعلیمات کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جائے تو اس کا مطلب ہے کہ ایک اچھے اور مضبوط معاشرے کی بنیاد ڈال دی گئی ہے۔

کیونکہ ایک اچھا پودا ہی مستقبل میں تناور درخت بن سکتا ہے۔

تربیت دو قسم کی ہوتی ہے ☆ ظاہری تربیت ☆ باطنی تربیت

ظاہری اعتبار سے تربیت میں اولاد کی ظاہری وضع قطع، اس کا لباس، اس کا میل جول اس کے مشاغل، اس کے تعلیمی کوائف شامل ہیں جبکہ باطنی تربیت میں اس کا اسلامی عقیدہ اور اس کے اخلاق کی اصلاح شامل ہے۔

اولاد کی تربیت تین ادوار کو مدنظر رکھتے ہوئے کرنی چاہیے ۔ اس میں بچے کی عمر کا لحاظ رکھنا بہت اہم ہے ہر عمر کے بچے کیلئے مکتب اہل بیت نے درجہ بدرجہ تربیتی روش اپنانے کی تعلیم دی ہے اور اس روش کو اپنا کر ہم بچوں کو زندگی کے بہترین اصول وضوابط سکھا سکتے ہیں۔

امسال ہم اپنے قارئین کی خدمت میں اولاد کی تربیت واصلاح کے متعلق کچھ ایسے مجرب عملیات پیش کر رہے ہیں جن کے بجالانے سے آپ انشاء اللہ استفادہ حاصل کریں گے۔

1۔ والدین کو چاہیے کہ اولاد کے لائق اور خوش کردار ہونے کیلئے ہر نماز کے بعد درج ذیل آیات کی تین بار تلاوت کریں۔

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ (سورہ الاحکاف 15) رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ، رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ (سورۃ ابراہیم 40)

2۔ نافرمان بیٹے کو اپنا فرمانبردار بنانے اور اس کی اصلاح کیلئے جب وہ سو رہا ہو تو سورۃ البروج کی 21ویں اور 22ویں آیت

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ. فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ، ایک بار تلاوت کر کے دم کریں، یہ عمل لگاتار 11 روز تک کریں، انشاءاللہ بیٹا فرمانبردار ہوجائے گا۔

3۔ اولاد کی اصلاح واخلاق حسنہ اور ان کو بری عادات سے دور رکھنے کیلئے یہ وظیفہ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا وَدُوْدُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ يَا شَهِيْدُ کسی بھی وقت ان کی پیشانی، دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور درمیانی انگلی سے پکڑ کر اکیس مرتبہ پڑھ کر پھونک دیں۔

4۔ نماز فجر کے بعد یَا تَوَّابُ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھا کریں اور بد چلن بیٹے کیلئے دعا مانگا کریں۔ تو خواہش پوری ہوگی۔ 7۔ اولاد کے نیک اور صالح بنانے کیلئے دس مرتبہ اَلْبِرُّ پڑھیں۔

ان عملیات کو شرعی پابندی کے ساتھ انجام دینے سے والدین انشاء اللہ بہترین فوائد حاصل کریں گے۔

جانیے ہر اسلامی ماہ کے اعمال امامیہ جنتری آئی فون کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

بقیہ ہفتہ وار اسم اعظم

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمل | 7 | 2 | 6 | 1 | 8 | 6 | 1 | 5 | 3 | 1 | 5 | 9 | 4 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 1 | 4 | 8 | 3 | 7 |
| ثور | 4 | 8 | 3 | 7 | 5 | 3 | 7 | 2 | 9 | 7 | 2 | 6 | 1 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 7 | 1 | 5 | 9 | 4 |
| جوزا | 3 | 7 | 2 | 6 | 4 | 2 | 6 | 1 | 8 | 6 | 1 | 5 | 9 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 6 | 9 | 4 | 8 | 3 |
| سرطان | 9 | 4 | 8 | 3 | 1 | 8 | 3 | 7 | 5 | 3 | 7 | 2 | 6 | 5 | 9 | 4 | 8 | 9 | 4 | 8 | 3 | 3 | 6 | 1 | 5 | 9 |
| اسد | 8 | 3 | 7 | 2 | 9 | 7 | 2 | 6 | 4 | 2 | 6 | 1 | 5 | 4 | 8 | 3 | 7 | 8 | 3 | 7 | 2 | 2 | 5 | 9 | 4 | 8 |
| سنبلہ | 3 | 7 | 2 | 6 | 4 | 2 | 6 | 1 | 8 | 6 | 1 | 5 | 9 | 8 | 3 | 7 | 2 | 3 | 7 | 2 | 6 | 6 | 9 | 4 | 8 | 3 |
| میزان | 4 | 8 | 3 | 7 | 5 | 3 | 7 | 2 | 9 | 7 | 2 | 6 | 1 | 9 | 4 | 8 | 3 | 4 | 8 | 3 | 7 | 7 | 1 | 5 | 9 | 4 |
| عقرب | 7 | 2 | 6 | 1 | 8 | 6 | 1 | 5 | 3 | 1 | 5 | 9 | 4 | 3 | 7 | 2 | 6 | 7 | 2 | 6 | 1 | 1 | 4 | 8 | 3 | 7 |
| قوس | 1 | 5 | 9 | 4 | 2 | 9 | 4 | 8 | 6 | 4 | 8 | 3 | 7 | 6 | 1 | 5 | 9 | 1 | 5 | 9 | 4 | 4 | 7 | 2 | 6 | 1 |
| جدی | 6 | 1 | 5 | 9 | 7 | 5 | 9 | 4 | 2 | 9 | 4 | 8 | 3 | 2 | 6 | 1 | 5 | 6 | 1 | 5 | 9 | 9 | 3 | 7 | 2 | 6 |
| دلو | 2 | 6 | 1 | 5 | 3 | 1 | 5 | 9 | 7 | 5 | 9 | 4 | 8 | 7 | 2 | 6 | 1 | 2 | 6 | 1 | 5 | 5 | 8 | 3 | 7 | 2 |
| حوت | 5 | 9 | 4 | 8 | 6 | 4 | 8 | 3 | 1 | 8 | 3 | 7 | 2 | 1 | 5 | 9 | 4 | 5 | 9 | 4 | 8 | 8 | 2 | 6 | 1 | 5 |
| تاریخ ہفتہ وار | 2-7-2023 8-7-2023 | 9-7-2023 15-7-2023 | 16-7-2023 22-7-2023 | 23-7-2023 29-7-2023 | 30-7-2023 5-8-2023 | 6-8-2023 12-8-2023 | 13-8-2023 19-8-2023 | 20-8-2023 26-8-2023 | 27-8-2023 2-9-2023 | 3-9-2023 9-9-2023 | 10-9-2023 16-9-2023 | 17-9-2023 23-9-2023 | 24-9-2023 30-9-2023 | 1-10-2023 7-10-2023 | 8-10-2023 14-10-2023 | 15-10-2023 21-10-2023 | 22-10-2023 28-10-2023 | 29-10-2023 4-11-2023 | 5-11-2023 11-11-2023 | 12-11-2023 18-11-2023 | 19-11-2023 25-11-2023 | 26-11-2023 2-12-2023 | 3-12-2023 9-12-2023 | 10-12-2023 16-12-2023 | 17-12-2023 23-12-2023 | 24-12-2023 30-12-2023 |

منظور حسین بک سٹال اسلام آباد 0315-4147214

حسن رضا کاظمی سٹال اسلام آباد 0303-0556873

www.shiaqurantutors.com

# ہدیہ اعمال

# بارگاہ لم یزل تاثیر بے مثل

سید تجمل حسین
شیرازی
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! امید کرتا ہوں کہ آپ بصدقہ محمد و آل محمدؑ بخیر و عافیت ہوں گے۔ سب سے پہلے بانیانِ امامیہ جنتری کیلئے ڈھیروں دعائیں کہ جن کی شب و روز کی محنت سے اہل ایمان کیلئے بے شمار آسانیاں پیدا ہوئی ہیں۔ قارئین سے خصوصی التماس ہے کہ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم و مغفور کیلئے سورۃ الفاتحہ ضرور تلاوت فرما دیں۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی چند مفید اور مُجرب المجرب اعمال قرآنی اور وظائف پیش خدمت ہیں، جو مومنین مستفید ہوں وہ مجھ حقیر کو ضرور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ ان وظائف اور اعمال کو نہایت توجہ اور محنت سے شائع کیا جاتا ہے تاہم کسی بات کی سمجھ نہ آ رہی ہو تو بذریعہ ٹیلیفون مجھ سے رابطہ قائم کر کے رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

## تنگ دستی اور غربت و افلاس سے نجات کیلئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اس پر اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہو اور اسے حلال و پاکیزہ روزی فراوانی سے ملتی رہے اور ہر قسم کی تنگ دستی اور پریشانی دور ہو جائے تو بروز جمعۃ المبارک نماز جمعہ کے بعد (خواتین نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد) گھر میں یا مسجد میں بیٹھ کر اس دعا کو 70 مرتبہ، اول و آخر 11 مرتبہ درود کے ساتھ پڑھے تو ان شاء اللہ مختصر عرصے میں اس کے مال و رزق میں برکت آئے گی اور ہر طرح کی پریشانی و تنگ دستی دور ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا عَلِیُّ یَا حَمِیۡدُ یَا مُبۡدِئُ یَا مُعِیۡدُ یَا مُفِیۡدُ یَا غَفُوۡرُ یَا رَحِیۡمُ یَا وَدُوۡدُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَغۡنِنِیۡ بِحَلَالِكَ عَنۡ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنۡ مَعۡصِیَتِكَ وَ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ سِوَاكَ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

## حصولِ مرتبہ و الیکشن میں کامیابی کیلئے۔

(سورۃ البقرہ آیت 106-107) مَا نَنۡسَخۡ مِنۡ اٰیَۃٍ سے وَّلَا نَصِیۡرٍ تک۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ لوگ دیوانہ وار اس کی طرف کھنچے چلے آئیں اور اپنے علاقے میں اس کا رعب و دبدبہ قائم ہو جائے یا کوئی الیکشن میں کھڑا ہو اور چاہے کہ لوگ اس کو کامیاب بنائیں تو درج بالا آیات کو بعد از نماز فجر 100 مرتبہ اول و آخر 3 مرتبہ درود کے ساتھ تلاوت کرے تو ان شاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی، بہتر ہے کہ ان آیات کو تلاوت کرنے کے بعد یَا مَلِكَ الۡمُلۡكِ بھی 111 مرتبہ تلاوت کرے۔

## قرض کی ادائیگی کیلئے

سورۃ آل عمران آیت نمبر 26 تا 27 قُلِ اللّٰھُمَّ سے بِغَیۡرِ حِسَابٍ تک۔ اگر کوئی شخص قرض میں مبتلا ہو اور ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آ رہی ہو تو اسے چاہیے کہ بعد از نماز عشاء ان آیات مبارکہ کو 313 مرتبہ اول و آخر 13 مرتبہ درود کے ساتھ تلاوت کیا کرے تو ان شاء اللہ قرض کی ادائیگی کی کوئی نہ کوئی صورت نکلے گی۔ نیز اگر کوئی ان آیات کو ہر نماز کے بعد تلاوت کیا کرے گا تو کبھی غربت و افلاس میں مبتلا نہ ہوگا۔ اگر 14 مرتبہ اس طرح پڑھے گا تو اس کی حاجات پوری ہوں گی، اگر سونے سے پہلے 5 مرتبہ پڑھ کر سوئے گا تو اچھے اچھے خواب دیکھے گا۔

## قید سے رہائی کیلئے

سورۃ النساء آیت نمبر 75 وَمَا لَكُمۡ سے نَصِیۡرًا تک۔ اگر کوئی شخص قید و بند میں ہو اور رہائی کی کوئی صورت نظر نہ آ رہی ہو تو اسے چاہیے کہ بعد از نماز فجر اور عشاء 100 مرتبہ اول و آخر 11 مرتبہ درود کے ساتھ تلاوت کرتا رہے تو ان شاء اللہ جلد رہائی نصیب ہوگی اور اگر قید کئے جانے کا خطرہ ہوگا تو وہ خطرہ بھی ٹل جائے گا۔

## 5۔ خاوند کی توجہ کیلئے

سورۃ مائدہ آیت نمبر 100 قُلۡ لَّا یَسۡتَوِی سے تُفۡلِحُوۡنَ تک۔ اگر کسی عورت کا خاوند گھر پر توجہ نہ دیتا ہو یا دیگر اخلاقی یا معاشرتی برائیوں میں مبتلا ہو جن کی اصلاح اشد ضروری ہو چکی ہو تو اس عورت کو چاہیے کہ اپنے شوہر کی اصلاح کیلئے درج بالا آیت مبارکہ کو 313 مرتبہ اول و آخر 13 مرتبہ درود کے ساتھ تلاوت کرے اور اس عمل کو 40 روز تک جاری رکھے اور آخری دن پانی پر دم کر کے وہ پانی شوہر کو پلا دے اور اگر پلا نہ سکے یا یہ عمل کرنے سے قاصر ہو تو اس آیت مبارکہ کو کچی پنسل سے لکھ کر نیچے خاوند کا نام معہ والدہ کا نام لکھ کر اس کاغذ کو کسی بڑی نہر یا دریا کے پاک صاف پانی میں بہا دے تو ان شاء اللہ اس کے خاوند کی اصلاح ہو جائے گی اور وہ اپنے گھر اور بچوں پر توجہ دے گا۔

قرآن پاک کا ترجمہ اور تلاوت کے ساتھ پڑھنے کے لیے امامیہ جنتری کی آفیشل موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔



www.shiaqurantutors.com

فریاد عبد

# حروف تہجی کے اسرار و فوائد

سید علی رضا
رضوی (ماہر عملیات)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

8 سال سے امامیہ جنتری کے ساتھ منسلک رہنے کے بعد جو عوام کے مسائل اور پریشانیاں مجھ تک پہنچی ہیں۔ ان کا نتیجہ ایک ہی نکالا ہے کہ ہم کالمسٹ جو جنتری میں لکھ رہے ہیں انہیں اپنے مضامین کو اتنا آسان لکھنا چاہیے کہ ہر بندہ اس کو پڑھ کر استفادہ کر سکے۔ ہر بندہ پریشان ہے اور وہ اپنی پریشانی کے حل کیلئے کچھ بھی کرنے کو تیار ہوتا ہے۔ میری ہر سال کی طرح اس سال کے مضمون میں بھی یہی کوشش کی گئی ہے کہ اس کو اتنا آسان کر کے بیان کروں کہ جو بھی پڑھے وہ اس کے فوائد کو حاصل کرے۔ حروف بہت قدیم ہیں ان کا بھی ایک عالم ہے جیسے عالم نفوس عالم ارواح عالم صوت عالم صور۔۔۔ ہم جس عالم میں رہ رہے ہیں وہ ان حروف کے مقابلہ میں ایسا ہے جیسے دریا کے مقابلہ قطرہ۔ امیر المومنین علیہ السلام کہتے ہیں جو الف کی حقیقت کو سمجھ گیا وہ معرفت کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہوگیا۔ حرف کو لیکر میں نے اس مضمون میں 28 حروف تہجی کے ہر حرف کی فضیلت اس کا مقصد اور اس کے فوائد کو بہت آسان الفاظ میں آپ کے حوالے کرنے کی ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے۔ جو بندہ بھی کسی مشکل میں ہو وہ لکھے گئے حروف کو اس کی تعداد کے مطابق ورد کر سکتا ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ہر حرف کو عربی زبان میں ادا کرنا ہے نا کہ اردو زبان میں۔ جیسے الف ہے با ہے ایسے ہر حرف کو عربی لہجہ میں پڑھنا ہے۔ یہ تحریر آپ کے حوالے کرتے ہوئے میں ابھی کربلا کیلئے نکل رہا ہوں۔ میری امامیہ جنتری سے وابستہ ہر انسان کے لئے اور اس کے قارئین کیلئے خصوصی دعا ہے کہ مولا آپ سب کی دلی دعاؤں کو قبولیت کے شرف سے مشرف کریں۔ اور بلندی درجات میں آغا افتخار حسین مرحوم جو کہ امامیہ جنتری کے روح رواں تھے اور میرے والد صاحب ان کو دعا میں نہ بھولیے گا۔

**حرف الالف:** اگر کوئی بندہ فجر کی اول ساعت میں کسی سے بات کرنے سے پہلے 1000 دفعہ پڑھے۔ نعمت بھی ملے گی اور مال بھی ملے گا۔ کہ وہ توقع سے زیادہ ہوگا اور اگر یہی چیز وہ لکھ کر پاس رکھ لے یا جیب میں رکھ لے۔ اور اگر جیل میں ہو تو 1500 پڑھے تو اس کو رہائی مل جائے گی اور اس کی مشکل آسان ہوجائے گی۔

**حرف الباء:** اگر کوئی 200 مرتبہ اس حرف کو لکھے اور پاس رکھ لے تو اس کو کوئی بھی حیوان نقصان نہیں پہنچائے گا

**حرف التاء:** اگر کوئی بندہ 100 دفعہ یہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے تو ہر ایک آنکھ عزیز ہوگا۔ اور 1000 دفعہ پڑھے اور جس محفل میں جائے تو وہ کامیاب ہوگا۔ اور اس محفل کا حاکم بھی ہو سکتا ہے۔

**حرف الثا:** جو بندہ 60 مرتبہ پڑھے تو آپ کیلئے ہر طرف محبت ہوگی اور اگر لکھ کر بچے کے تکیہ کے نیچے رکھ دو تو اس بچہ کو خوف نہیں ہوگا وہ صبح تک سکون سے سویا رہے گا

**حرف الجیم:** اگر کوئی بندہ 1000 دفعہ روزانہ رات کو پڑھے اور کسی ہستی کو خواب میں دیکھنا مقصود ہو تو یہ عمل سات راتوں تک کرنا ہے۔ ان شاء اللہ جس ہستی سے بھی ملاقات مقصود ہوگی وہ 7 دن کے اندر اندر ہوگی۔ اور اگر کسی لاعلاج بیماری کا شکار ہو تو روزانہ اتنی تعداد میں جیم کو لکھ کر رکھ لے ان شاء اللہ بیماری سے شفا حاصل ہوگی

**حرف الحاء:** اگر ہاتھ میں مٹی لیکر 200 دفعہ اس پر یہ پڑھے اور جس دشمن کی طرف پھینکیں گے وہ آپ کا دوست بن جائے گا۔ اور اگر 70 دفعہ پڑھ کر درد والی جگہ پر دم کرے تو درد کا فوری آرام آجائے گا۔

**حرف الخا:** اگر کوئی بندہ گم ہوجائے اور اس کا پتہ چلانا مقصود ہو۔ عشا کی نماز کے بعد اپنے مکان کی چھت پر جائے اور اس حرف کی تکرار 70 مرتبہ کرے اور آپ کو جس جگہ کا شک ہو اس جگہ پر پھونک مار دے۔ ایسا کرنے سے آپ کو جلدی ہی اس کا پتہ چل جائے گا۔ اور اگر جہت کا پتہ نہ ہو تو آپ نے اس حرف کو لکھ لینا ہے 70 مرتبہ اور اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ اس سے آپ کو اس کی خبر مل جائے گی۔ ظاہر ہو جائے گا اور آپ کو پتہ چل جائے گا۔

**حرف الدال:** اگر کوئی بندہ کسی کے شکنجہ میں ہو یا کسی کی قید میں ہو۔ وہ بندہ طلوع فجر کے بعد گھر کی چھت پر جائے اور کسی سے بات کیے بغیر وہ آسمان کی طرف ستاروں کو دیکھے اور اس حرف کو 70 دفعہ پڑھے تو اس کو اس کی مراد مل جائے گی۔ اور اگر وہ اس لفظ کی تکرار 1000 دفعہ کرے تو دشمن دوست میں بدل جائے گا اور لوگوں میں بہت مقبول ہو گا۔

**حرف الذال:** جو بندہ اس لفظ کی تکرار کرتا رہے وہ اپنے خاندان

اسلامی تہوار کے بروقت نوٹیفیکیشن حاصل کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے

میں عزیز ہوگا۔ اگر کسی دفتر میں کام کر رہا ہے اور مالک سے خوف ہو دفتر جانے سے پہلے اس لفظ کو پڑھتا جائے۔ سب سے امان ہوگی

**حرف الرا:** اگر کسی نے کوئی چیز رکھی اور وہ بھول گیا ہو۔ یا کوئی چیز کسی جگہ پر دفن کی ہو اور جگہ بھول جائے۔ تو سفید رنگ کا مرغا لیکر اس کے کان میں اس حرف کو 700 دفعہ اس کے کان میں بولیں گے تو وہ مرغا بالکل اسی جگہ پر جا کر کھڑا ہو جائے گا جہاں پر آپ کی گمشدہ چیز ہے۔

**حرف الزا:** اگر کوئی بندہ اس حرف کو 500 دفعہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے یا 100 دفعہ لکھ کر رکھ لے تو جہاں جائے گا کامیاب ہوگا اور معاشرہ میں عزت اور وقار میں اضافہ ہوگا۔

**حرف السین:** کوئی مشکل ہو اور اس کا حل نظر نہ آ رہا ہو تو ہر روز نماز فجر کے بعد 80 مرتبہ اس حرف کو پڑھے تو اس کیلئے آسانیاں پیدا ہوں گی، اور اگر کوئی بچہ بولنے میں مسئلہ ہو تو اس کے سر کے نیچے اس حرف کو 100 مرتبہ لکھ کر رکھ دیں بچہ جلدی بولنے لگ پڑے گا اور اس کا لہجہ بہت کمال کا ہوگا۔

**حرف الشین:** جو کوئی دیکھنا چاہتا ہو کہ زوجہ کا حمل لڑکے کا ہے یا لڑکی کا تو وہ رات کے وقت 200 مرتبہ تکرار کرے اس لفظ کی تو اسے خواب میں پتہ چل جائے گا۔ اور اگر حمل میں پیچیدگی ہو تو اتنی تعداد میں ہی اس حرف کو کسی کھانے والی چیز پر پڑھ کر کھلائے تو بچہ کی ولادت میں آسانی ہو جائے گی۔ یعنی عورت آپریشن سے بچ جائے گی۔

**حرف الصاد:** کسی کو اپنے مقصد میں فورا کامیابی چاہیے۔ وہ اس حرف کا بار بار ورد کرتا رہے۔ یعنی اگر ایمبیسی میں کاغذ جمع کروانے جا رہا ہے تو گھر سے ایمبیسی تک اس ورد کا تکرار کرتا رہے۔ اور شرط یہ ہے کہ وضو میں ہو

**حرف الضاد:** اگر کوئی بندہ اس حرف کو 90 مرتبہ کسی کھانے والی چیز پر لکھ کر کے کسی لاعلاج مریض کو کھلائے تو اللہ اس کو شفا عطا کرے گا۔

**حرف الطاء:** اگر بیوی نافرمان ہو یا شوہر نافرمان ہو یا اولاد نافرمان ہو تو 1200 دفعہ اس پر پڑھ کر پھونک مار دیں۔

**حرف الظا:** اگر کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو تو فجر کی نماز کے بعد اس کے ظلم سے نجات کیلئے اس حرف کو روزانہ 1000 دفعہ پڑھے اور نیت جو بھی رکھے گا کامیاب ہوگا۔

**حرف العین:** اگر کوئی کسی سے محبت کرتا ہو اور اگلا بندہ بالکل اس کو گھاس نہ ڈالتا ہو۔ تو اس کے دل میں محبت پیدا کرنے کیلئے وہ اس حرف کو 7 دفعہ لکھ کر پاس رکھے اور 7 دفعہ پڑھ کر اس کی طرف پھونک مار دیں اس کی نفرت محبت میں بدل جائے گی۔ اور اگر 7 دفعہ کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کرے اور اس بندہ کو کھلائے تو وہ اس سے محبت کرنے لگ جائے گا

**حرف الغین:** اگر کسی سے جان چھوڑانی ہو اور کسی کے ظلم سے بھی بچنا ہو تو آپکو 7 دن تک اس حرف کو 70 دفعہ پڑھنا ہوگا۔ اس سے آپ کی جان چھوٹ جائے گی۔ اور اگر دشمن سے نجات حاصل کرنی ہو تو 60 مرتبہ اس حرف کو لکھ کر اس کے گھر میں پھینک آئیں۔ دشمن سے نجات حاصل ہوگی۔

**حرف الفا:** اگر کسی انسان کو قابو کرنا ہو تو اس حرف کو 9 ہزار دفعہ کسی کاٹن کے کپڑے پر لکھ کر اس بندہ کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ کر آگ میں جلا دے۔ وہ بندہ جہاں پر بھی ہوگا اس کا مطیع ہو جائے گا۔ اور اگر کوئی 70 دفعہ اس کو پڑھے اور کسی پر جادو ہوا ہو اس پر دم کرے تو اسے فوراً امان حاصل ہوگی۔

**حرف القاف:** اگر کسی بندہ کی کوئی حاجت اٹکی ہوئی ہو اور اس کو کوئی شکل نظر نہ آ رہی ہو تو وہ اس حرف کا ورد 400 مرتبہ روزانہ کرے۔

**حرف الکاف:** جو بندہ گھر سے نکلے اور اس کو خطرہ ہو کہ کہیں کوئی مجھے نقصان نہ پہنچا دے، یا کوئی حادثہ نہ ہو اس کے ساتھ یا کوئی انسان اسے تکلیف نہ دے تو وہ اس حرف کو 700 دفعہ پڑھ کر خود پر دم کر کے نکلے

**حرف اللام:** کھدر کے کپڑے پر اس حرف کو ایک دفعہ لکھ کر وہ ٹکڑا پاس رکھ لے۔ اس پر نظر بد یا حسد وغیرہ اثر نہیں کرے گا

**حرف المیم:** اکثر لوگ فون کر کے پوچھتے ہیں کہ ہم ادھار دیتے ہیں اور لوگ واپس نہیں کرتے۔ اگر کسی شخص نے کسی کو ادھار دیا ہو یا کوئی امانت دی ہو اور وہ واپس کرنے سے انکاری ہو تو وہ شخص 700 دفعہ اس حرف کو پڑھے ان شاء اللہ ادھار یا امانت جو بھی ہوگی واپس مل جائے گی

**حرف النون:** جس بندہ کو نیند نہ آتی ہو پریشانی ہو یا ڈپریشن کا مریض ہو وہ ایک کاٹن کا کپڑا یا سلک کا کپڑا لیکر اس پر 100 دفعہ اس حرف کو لکھ کر پاس رکھ لے۔ دماغ کے حوالے سے سارے مسائل ختم ہو جائیں گے۔

**حرف الواوا(و):** اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہو اور رضامندی کا کوئی حل نظر نہ آ رہا ہو تو جو صلح کرنا چاہتا ہو وہ کسی خشک درخت کے پتہ پر اس حرف کو لکھے اور کسی چشمہ یا نہر پر لے جائے اور اس پتھر کے نیچے رکھ دے جس کے اوپر سے پانی گذر رہا ہو۔ میاں بیوی کی ناراضگی ختم ہو جائے گی۔

**حرف الھاء:** اگر کوئی بندہ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو رہا ہو، اور ہر کام میں رکاوٹ ہو جادو ہو بندش ہو یا آسیب ہو وہ اس حرف کو 60 دفعہ ہرمل پر دم کر کے اس کا دھواں پورے گھر میں دے۔ پریشانی ختم ہو جائے گی۔

**حرف الیاء:** اگر کسی کوئی حق سچ پر ہو اور فیصلہ اپنے حق میں کروانا چاہتا ہو تو نیت کر کے 60 مرتبہ اس کو پڑھ کر گھر سے نکل جائے۔ فیصلہ اس کے حق میں ہوگا۔ اور اگر وہ سلک کے کپڑے پر 60 مرتبہ اس کو لکھ کر ساتھ رکھ لے تو جس طرف جائے گا، کامیابی آپ کی منتظر ہوگی۔

اپنے علاقے کے اوقات نماز جاننے کے لیے امامیہ جنتری کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے



www.shiaqurantutors.com

# یک سالہ زائچے 2025



ایم غلام رضا عسکری
(ماہر علوم فلکیات)

03 111 888 668

**نوٹ** مندرجہ ذیل دعا 9 مرتبہ روزانہ مقررہ وقت پر مع اول وآخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہونگیں۔

**دعاء رد نحوست سیارگان** بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا كَافِيْ يَا غَنِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِحْفَظْنِيْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعَطَارِدِ وَالزُّهَرَةِ وَالْمِرِّيْخِ وَالْمُشْتَرِيْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنْبِ بِحَقِّ يَا اَللهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسٰى ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ ابْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

## حمل — ARIES

21 Mar - 20 Apr

**ستارہ:** مریخ



**دن:** منگل **عدد:** 9 **حروف:** ا،ل،ع،ی

**رنگ:** گلابی، ہلکا نیلا

**عنصر:** آتشی

**جواھر:** مرجان، یاقوت، اوپل، عقیق یمنی

**بہترین شریک حیات:** اسد، قوس

**ناموافق ساتھی:** سرطان، میزان، جدی

**بیماریاں:** تیز بخار، اعصابی تناؤ، السر، شدید سر کا درد، درد شقیقہ

**ستاروں کی گردش و اہم معاملات** زحل دسویں اور گیارہویں گھر کا حاکم ہو کر اس سال 23 مارچ کو برج حوت میں داخل ہو جائے گا۔ اکیس سال تک پلوٹو کا قیام گیارہوں گھر میں رہے گا۔ یہاں پلوٹو حمل والوں کو نئی سمت میں کاروباری معاملات میں بہتری لانے کا سبب بنے گا جبکہ دوست احباب اور ٹریڈ یونین سے منسلک حمل افراد کو اعلیٰ منصب امید بھی کی جاسکتی ہے۔ پلوٹو کی تربیع دوسرے گھر کے ساتھ مالی معاملات میں اتار چڑھاؤ کو بھی ظاہر کرتی ہے جب کہ زحل اس سال 07 مارچ کو برج حوت میں داخل ہوگا جو کہ آپکا بارھواں برج ہے۔ خفیہ تعلقات معاملات پر آپ کو محتاط رہنا ہوگا روحانیت سے دلچسپی رکھنے والوں کو اعلیٰ اساتذہ کی خدمات حاصل کرنے کا بہترین موقع میسر آئے گا۔ بیرون ملک تجارت یا سفر میسر آئیں گے تاہم صحت کے معاملات میں آپ کو خیال رکھنا ہوگا۔

**برج حمل والوں کی ساڑھ ستی کا آغاز اس سال 07 مارچ سے ہوجائے گا** آنے والے ساڑھے سات سال نہایت مشکلات لاسکتے ہیں۔ مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں لگن میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور مالیات کے گھر میں داخل ہو جائے گا یہاں مشتری مالی استحکام کے ساتھ آپ کے روپیہ پیسہ دولت اور ذہنی سکون میں بہتری کا باعث بنے گا۔ اس سال دو گرہن ایک شمسی اور ایک قمری گرہن برج حمل میں لگیں گے صحت سلامتی اور عزت وقار کے حوالہ سے آپ کو نہایت محتاط رہنا ہوگا۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** مریخ اس سال برج جوزا سے برج قوس تک گردش کرے گا اوائل سال کے ساتھ ہی جوزا میں مریخ کا قیام بہن بھائیوں کے ساتھ اختلافات کی صورت میں پریشان کن حالات پیدا کر سکتا ہے ذاتی ستارہ مریخ 25 مارچ تا 20 مئی چوتھے گھر میں نحس حالت میں ہوگا اہل خانہ کے ساتھ گھریلو سطح پر عزت وقار کے حوالہ سے مشکل وقت ہوگا۔ مریخ کی طالع پر نظر شخصی وقار اور معاشرتی مقام میں کمی لانے کا باعث بن سکتی ہے۔ اسی طرح 27 اگست تا 22 اکتوبر مریخ کا میزان میں ساتویں گھر قیام مشکل وقت ہوگا ان ایام میں محتاط رہیں اور اہل خانہ اہل محلہ و دیگر شریک زندگی افراد کے ساتھ معاملہ فہمی کا رویہ اختیار کریں۔ 20 مئی تا 10 جولائی برج اسد میں قیام اور 12 اکتوبر تا 24 نومبر تک عقرب میں قیام معاشرتی سماجی و ذاتی عزت عزت وقار کے حوالہ سے نیک ترین ایام ہونگے ان ایام میں کئے گئے کام اچھے نتائج

دنیا بھر کی تازہ ترین خبروں کے لیے امامیہ جنتری کی آفیشل موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔



www.shiaqurantutors.com

کے حامل ہونگے۔مارچ تا 20 اپریل شمس کا طالع میں شرف یاب ہونا بھی نیک نامی میں اضافہ کا باعث بنے گا تاہم دیگر ایام میں معمول کے مطابق نتائج ملیں گے۔

**معاشی و مالی استحکام** مشتری 16 مئی تک حمل میں رہے گا مشتری ذاتی طور پر سعد ستارہ ہے سال گذشتہ سے مالی معاملات میں آپ پر قدرت مہربان رہی ہے اور مالی طور پر کشادگی حاصل رہی تاہم اس سال بھی مشتری کا 16 مئی کو دوسرے گھر میں داخل ہونا مالی معاملات میں بہتری اور نئے مالی ذرائع حاصل ہونے کے حوالہ سے اہم وقت ہوگا دوسرے گھر کا حاکم ستارہ زہرہ 27 جنوری تا 20 فروری شرف کے گھر میں رہتے ہوئے مالی معاملات میں معاون رہے گا۔4 ستمبر تا 31 دسمبر تک مشتری کی رجعت دوسرے مالیات کے گھر میں ہوگی ان ایام میں نئی سرمایہ کاری میں محتاط رہیں روپیہ پیسہ اور قرض کے لین دین میں محتاط رہیں۔ان ایام میں مالی مسائل پیدا ہوسکتے ہیں کیونکہ زحل کی ساڑھ ستی کا آغاز بھی ہوچکا ہے لہذا آپکو نہایت محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی

**منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری** شمس 20 مارچ تا 20 اپریل پہلے گھر میں شرف میں رہے گا۔جبکہ زہرہ 5 جون تا 9 اکتوبر پانچویں گھر میں رہتے ہوئے منگنی نسبت اور رشتہ طے کرنے کے حوالہ سے سعد تاریخین ہونگیں،اس کے ساتھ ہی 8 نومبر تا 4 دسمبر زہرہ کا میزان میں قیام بھی نیک اور سعد ایام ہونگے غیر شادی شدہ افراد کے ان دنوں میں رشتہ ہونے کے بہترین امکانات ہیں اسکے ساتھ ہی انعامی بانڈز اور اسٹاک مارکیٹ سے منسلک افراد کو ان ایام کے ساتھ ساتھ 21 جولائی تا 21 اگست شمس کے پانچویں گھر میں قیام کی وجہ سے قسمت آزمائی کے مواقع میسر آئیں گے۔ 20 ستمبر تا 20 اکتوبر اور 4 دسمبر تا 30 دسمبر شمس و زہرہ کے نحس ایام ہونگے ان ایام میں منگنی یا نسبت طے کرنے کی کوشش نا کریں اسکے ساتھ ہی سرمایہ کاری اور انعامی بانڈز میں پیسہ لگنا کسی فائدے کا باعث نا ہوگا۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** آپ کے چوتھے گھر کا مالک قمر ہر ماہ اوج شرف و تخفیض کی منازل سے گزرتا ہے اسکے ساتھ ہی قمر در عقرب کے ایام کو خاص طور پر ذہن میں رکھیں ان ایام میں گھریلو معاملات میں گڑ بڑ اور اتار چڑھاؤ ہوسکتا ہے۔بہتر ہوگا قمر در عقرب کا صدقہ دیا کریں تا کہ آپ کے گھریلو امور پرسکون رہ سکیں۔

**شراکتی ازدواجی و معاملات و شادی بیاہ** ساتویں کا مالک زہرہ آغاز سال کے ساتھ ہی 27 جنوری تا 20 فروری شرف کے گھر میں ہوگا 17 مارچ تا 11 اپریل برج ثور اور 07 مئی تک جوزا میں سعد قیام ازدواجی و شراکتی معاملات کے حوالہ سے اہم ایام ہونگے ان ایام میں شادی بیاہ و شراکتی معاملات خوش اسلوبی سے انجام پائیں گے۔جبکہ مئی سے مشتری کا دوسرے گھر قیام بھی غیر شادی شدہ افراد کے لئے اچھے اثرات مرتب کرے گا خصوصا کاروباری شراکت داروں کے ساتھ تعلقات اور سرمایہ کے حصول میں یہ ایام معاون ثابت ہونگے۔20 فروری تا 17 مارچ،19 اکتوبر تا 8 نومبر،اور 4 دسمبر تا 30 دسمبر زہرا اچھا نا ہوگا جبکہ 27 اگست تا 12 اکتوبر مریخ کا ساتویں گھر قیام اور 20 ستمبر تا 20 اکتوبر شمس کا ساتویں گھر میں قیام شراکتی و ازدواجی مسائل کے حوالہ سے اچھے ایام نہ ہونگے ان تاریخوں میں شادی بیاہ کرنے سے گریز کریں اگر کسی نئی شراکت داری کی بنیاد رکھ رہے ہیں تو ان ایام سے کنارہ کرنا اچھا ہوگا ۔23 جولائی تا 4 ستمبر آپکے ساتویں گھر کا مالک زہرہ رجعت میں وبال کے گھر میں ہوگا ان ایام میں بھی محتاط رہیں۔اور جاری شراکت داری میں موجود شکوک شبہات کو نظر انداز کریں ورنہ شراکت داری ٹوٹ سکتی ہے۔

**تعلقات عامہ ،سفر و نزدیکی تعلقات** عطارد آپ کے لئے نحس ستارہ ہے 21 اپریل تا 15 مئی،24 اگست تا 16 ستمبر اور 13 دسمبر تا سال کے آخر تک عطارد کی رجعت سفر میں پریشانیاں اور نزدیکی تعلقات میں خرابیاں لا سکتی ہے اہل محلہ و دیگر چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں۔ان ایام میں بنا ضرورت سفرات سے گریز کرنا بہتر ہوگا،بنا سوچے سمجھے کوئی بات آپ کے لئے وبال جان بن سکتی ہے محتاط رہیں جبکہ بیرون ملک سفرات اور لمبے سفرات کے حوالہ سے مئی کے بعد مشتری کی دوسرے گھر آمد خاصے بہتر اوقات مہیا کرے گی ان ایام میں لمبے سفرات یا دور دراز کے تعلق و رشتہ دار افراد کے ساتھ سفرات ہوسکتے ہیں۔3 مارچ تا 19 مارچ کی تواریخ بھی احتیاط طلب ہونگیں تاہم باقی ماندی ایام میں آپ کو تعلقات عامہ کے لحاظ سے کسی قسم کی خرابی کا سامنا ہوگا۔11 جون تا 27 جون اور 29 جولائی تا 5 اکتوبر کے ایام تعلقات میں بہتری لانے اور روٹھے یا ناراض رشتوں کو منانے کے حوالہ سے کام کرنا بہتر نتائج دے گا۔

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات** 12 اکتوبر تا 24 نومبر مریخ کی آٹھویں گھر موجودگی وراثتی معاملات کے لحاظ سے اہم ہوگی وراثتی معاملات میں قانونی یا پنچائتی سطح پر کسی بھی طرح سے آپ کو کامیابیاں ملنے کی امید ہے لیکن انہی ایام میں 20 ستمبر تا 20 اکتوبر شمس کی ساتویں گھر میں موجودگی کچھ الجھنیں پیدا کرسکتی ہے خصوصا شراکتی معاملات میں آپ کو الجھنوں کا سامنا ہوگا۔انہی دنوں مشترکہ جائیداد کے مسائل بھی سر اٹھائیں گے اور مشترکہ کاروبار کرنے والے افراد کو بھی مسائل کا سامنا ہوگا کچھ افراد ان دنوں الگ کاروبار بنانے کی جانب قدم اٹھائیں گے لیکن ایسا کرنا حماقت ہوگی مسائل کو افہام و تفہیم سے حل کریں۔

**حج زیارات بیرون ملک سفرات و اعلیٰ تعلیم** اعلیٰ

تعلیم کے خواہش مند افراد کو مشتری کی دوسرے گھر میں سعادت مندانہ قیام کی بدولت طبیرون ملک یا ملکی اعلی تعلیمی اداروں میں داخلے مل سکیں گے 16 مئی کو مشتری کی دوسرے گھر میں آمد بیرون ملک سفرات کرنے والے افراد جو کہ امپورٹ ایکسپورٹ کے کاموں سے منسلک ہیں انہیں بیش بہا فوائد کا حصول ممکن ہوگا۔ 7 مارچ سے زحل کا بارہویں امیگریشن کے گھر میں قیام بیرون ملک قیام رکھنے کے خواہش مند افراد کو بھی ویزہ ملنے اور سفرات کرنے کے مواقع دے گا ممکن ہے کہ کچھ حمل افراد روزگار کی تلاش میں بیرون ملک سفرات کرتے ہیں تو انہیں نا صرف سفر میسر آئیں گے بلکہ قیام کے خواہش مند طویل قیام بھی کر سکیں گے۔

**امیدیں خواہشات و دوست احباب** گذشتہ ڈھائی سال سے گیارہیوں گھر میں زحل کا قیام رہا ہے جسکی وجہ سے گذشتہ سالوں میں آپ کو امیدوں و خواہشات کی تکمیل میں آسانیاں ملتی رہی ہیں اسکے ساتھ دوست احباب میں اضافہ عزت وقار اور پذیرائی بھی ملی۔ 7 مارچ سے زحل کا بارہویں گھر میں داخلہ ہو جانے سے اب آپ کو کچھ مسائل کا سامنا ہوگا بہتر ہوگا دوست احباب میں سے مطلب پرست دوست احباب کو الگ کریں اور کام کے دوستوں کے ساتھ تعلقات قائم رکھنے کی کوشش کریں۔ زحل کے بارہویں آجانے سے آپکی ساڑھ ستی کا آغاز بھی ہو جائے گا جسکی وجہ سے دوست احباب کی غلط رائے آپ کو نقصان دے سکتی ہے ہر صائب مشورے پر سوچ سمجھ کر عمل کریں ورنہ دوستوں کے ہاتھوں پریشانیاں اٹھا سکتے ہیں۔

**امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور** نویں گھر کا مالک مشتری دوسرے گھر میں روحانی امور اور روحانیت سے منسلک کاموں میں رغبت لائے گا۔ جبکہ زحل کا داخلہ برج حوت میں 7 مارچ کو ہوگا خفیہ علوم اور روحانیت کی جانب رغبت میں اضافہ ہوگا لیکن اس کے ساتھ ہین 3 مارچ کو عطارد بھی برج حوت میں داخل ہوگا پندرہ روز کتے لئے عطارد کا یہاں قیام غلط استاد کی وجہ سے آپ کو راستے سے بھٹکا سکتا ہے۔ محتاط رہیں اور عبادات کی جانب رجحان زیادہ رکھیں۔ ورد وظائف کرنے والے افراد 17 جون تا 4 نومبر زحل کی رجعت کے ایام میں محتاط رہیں چلہ کشی سے گریز کریں اور بنا کسی استاد کے کوئی وظیفہ نا کریں بلکہ بہتر ہوگا روحانیت کے حصول کی خاطر ان ایام میں وظائف اور چلوں سے گریز کریں۔

**قمری و شمسی گرھن** اس سال ایک شمسی اور قمری گرہن برج حمل میں لگے گا جبکہ ایک شمسی گرہن ساتوین میزان میں اور گرہن آٹھویں عقرب میں لگے گا۔ شخصی وقار میں کمی اسکینڈل یا آپ کی ذات پر تہمت اور وقار میں کمی کا سامنا ہو سکتا ہے گرہن کے ایام میں صدقات دیں اور نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کریں۔ اللہ محفوظ رکھے گا گرہن کی تاریخیں جنتری کے صفحات پر درج ہیں نوٹ کرلیں۔

**صدقات ،وظائف اور جواھرات** کالی چیزوں کا صدقہ دینا معمول بنالیں خصوصاً ہفتہ کے روز 800 گرام کالی ماش یا کالا نمک 8 کلو صدقہ کریں نمک پانی میں بہادیں اور ماش پرندوں کو یا مستحق افراد کو دیں۔

اس سال آپ کو زرد پکھراج اور یاقوت کا نگینہ پہننا مفید رہے گا۔ یا فتاح یا رزاقُ کا ورد 797 مرتبہ کرنا معمول بنالیں اللہ آسانیاں پیدا کرے گا۔

مزید تفصیلات جاننے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

**ثور — TAURUS — 21 Apr - 21 May — سیارہ: زہرہ**



**دن:** جمعہ **عدد:** ٦ **حروف:** ب، و

**رنگ:** ______ گہرا نیلا

**منصر:** ______ خاکی

**جواھر:** ______ الماس، نیلم، فیروزہ

**بہترین شریک حیات:** ______ سنبلہ، جدی

**ناموافق ساتھی:** ______ اسد، عقرب، دلو

**بیماریاں:** حلق اور کانوں کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

**ستاروں کی گردش واھم معاملات** زحل نویں اور دسویں گھر کا حاکم ہو کر اس سال 07 مارچ کو برج حوت گیارہویں گھر میں داخل ہو جائے گا۔ پلوٹو 23 مارچ کو دسویں گھر برج دلو میں داخل ہوگا اکیس سال تک پلوٹو کا قیام دسویں گھر میں رہے گا۔ یہاں پلوٹو ثور والوں کو نئی سمت میں کاروباری معاملات میں بہتری لانے کا سبب بنے گا نئے کاروبار کی تلاش اور انقلابی تبدیلیاں لائے گا جبکہ دوست احباب اور ٹریڈ یونین سے منسلک ثور افراد کو اعلی منصب امید بھی کی جا سکتی ہے۔ پلوٹو کی تربیع پہلے گھر کے ساتھ ما شخصی وقار میں اضافہ اور کبھی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ جب کہ زحل اس سال 07 مارچ کو برج حوت میں داخل ہوگا جو کہ آپکا گیارہواں گھر ہے آبی بروج میں زحل اچھا نہیں ہوتا لیکن مشتری کا گھر ہونے کی وجہ سے کافی حد تک یہاں زحل اچھا کردار ادا کرے گا کاروباری افراد کا لین دین اور دیگر معاملات میں کاروباری رفقاء کے ساتھ بہتر تعلقات قائم رکھنے کی کوشش کرنا ہوگی جبکہ ملازمت پیشہ افراد کو بھی یہاں آفس میں سیاست کا سامنا ہو سکتا ہے۔ مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں بارہویں گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور پہلے گھر میں داخل ہو جائے گا یہاں مشتری شخصی وقار معاشرے میں عزت اور ذاتی زندگی میں ذہنی سکون میں بہتری کا باعث بنے گا۔ مشتری آپ کے زائچہ میں آٹھویں اور گیارہویں گھروں کا مالک ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست پانچویں اور نویں گھروں پر ہوگی۔ جس کے ثمرات آپ کو اس سال ملیں گے۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** آپ کا ذاتی ستارہ زہرہ آغاز سال سے ہی 3 جنوری کو دسویں گھر میں ہوگا جہاں کام کاروبار پر ملازمت پر سعد

اسلامی تہوار کے بروقت نوٹیفکیشن حاصل کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔


خورشید کتاب گھر چوک زرگراں کوہاٹ 0922517655
انجمن لائبریری ڈاکخانہ شیر کوٹ کوھاٹ
www.shiaqurantutors.com

اثرات مرتب کرے گا۔ 27 جنوری کو برج حوت میں شرف کے گھر میں داخل ہوکر ملازمت پیشہ اور کاروباری دونوں قسم کے لوگوں کو فائدہ دے گا۔ کیرئیر کا آغاز کرنے والوں کے لئے یہ بہترین وقت ہوگا کچھ ہی دن بعد 17 مارچ برج ثور اور 11 اپریل برج جوزا میں بھی سعد اثرات مرتب کرتا ہوا ابتدائی چار ماہ تک اچھے اوقات ہو نگے ۔ 29 جولائی تا 8 نومبر زہرا کا قیام وبال کے گھر برج سنبلہ میں ہوگا اسی دوران زہرہ کی رجعت 23 جولائی تا 4 ستمبر ہوگی ان ایام میں آپ کی شخصیت اور عزت وقار دونوں ہی نہایت نازک حالات سے دو چار ہو سکتے ہیں۔ اسکے ساتھ ہی 4 دسمبر تا 30 دسمبر زہرہ کا عقرب میں قیام بھی عزت وقار اور معاشرتی مقام میں مشکلات لاسکتا ہے تاہم 16 مئی کو مشتری کے برج ثور میں آجانے سے آپ معاشرے میں بہتر عزت وقار حاصل کر پائیں گے۔

**معاشی و مالی استحکام** عطارد آپ کے مالی استحکام کا مالک ستارہ ہے 11 جون تا 27 جون، 29 جولائی تا 16 ستمبر اور 22 اکتوبر تا 24 نومبر عطارد کی اچھے گھروں میں مضبوطی مالی معاملات میں اچھے اثرات مرتب کرے گی ۔ان دنوں میں سرمایہ کاری اور لین دین کے کام فائدہ بخش ہونگے اس کے ساتھ ہیں اسٹاک مارکیٹ میں کام کرنے والے حضرات کو بھی اچھے ثمرات ملیں گے لیکن عطارد کی رجعت اوائل سال تا 18 جنوری، 1 2 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک رہے گی ان ایام میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا۔ 16 مئی سے مشتری کا لگن میں آجانا بھی اس سال آپ پر روپیہ پیسہ کی بارش کردے مالی آسودگی کے لحاظ سے یہ سال اچھا سال ثابت ہوگا۔

**منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری** عطارد کی گردش اور مریخ کے اثرات آپکی نسبت شادی بیاہ کے معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ 11 جون تا 27 جون، 29 جولائی تا 16 ستمبر اور 22 اکتوبر تا 24 نومبر عطارد کی گردش منگنی اور شادی بیاہ کے لحاظ سے اچھی رہے گی ان ایام میں نسبت یا منگنی رشتہ طے کرنا بہتر ثابت ہوگا انعامی بانڈز میں ان دنون میں سرمایہ کاری آپ کو کوئی بڑا انعام لگوا سکتی ہے لیکن عطارد کی رجعت اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک وہ ایام ہونگے جن میں رشتے جوڑنا منگنی کرنا مناسب نا ہو ان ایام میں آپ کو انعامی بانڈز اور اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کی طرف بھی نہیں جانا چاہئے۔ جبکہ مشتری کی پانچویں گھر پر نظر اور پہلے گھر میں قیام بھی اچھے اثرات مرتب کرے گا۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** شمس آپکے زائچہ میں ہر سال شرف وہبوط اور اوج وزوال کی منازل سے گزرتا ہے۔ گذشتہ ڈھائی سالوں سے زحل کی دسویں موجودگی گھریلو مسائل پر براہ راست اثر انداز ہوتی رہی ہے تاہم اس سال 7 مارچ کو زحل گیارہویں گھر داخل ہونے سے گھریلو مسائل میں خاصی کمی واقع ہوگی، دوسری جانب شمس ہر سال دو مرتبہ گرہن سے بھی دوچار ہوتا ہے جس کہ وجہ سے والدہ کے تعلقات صحت اور اہل خانہ کے ساتھ معاملات میں اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے۔ 20 اپریل تا 20 مئی شمس کا لگن میں قیام اور 21 جولائی تا 21 اگست چوتھے گھر میں شمس کا قیام رہائش اور جائیداد بنانے کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے ان ایام میں اہل خانہ کے ساتھ تعلقات میں بہتری اور صحت اچھی رہے گی جائیداد و گھر بنانے کے حوالہ سے اہم ایام ہونگے۔ شمسی گرہن کے اوقات جنتری سے نوٹ کرلیں اور اپنا و اہل خانہ کا صدقہ لازمی دیں

**شراکتی ازدواجی ومعاملات و شادی بیاہ** :۔ مریخ اس سال جوزا سے قوس کے درمیان گردش کرتا ہوا آپکے ساتویں برج عقرب سے بھی گزرے گا۔ 12 اکتوبر تا 24 نومبر شادی بیاہ کے یا رشتہ طے کرنے کے حوالہ سے موزوں اوقات ہونگے تاہم ان دنوں میں نکاح کرنے سے گریز کریں۔ مشتری کی لگن میں موجودگی بھی غیر شادی شدہ ثور افراد کے لئے اس سال شادی بیاہ کے راستے کھول دے گی اور آپ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گے۔ پسند کی شادی کرنے والے افراد کے لئے ستمبر اور اکتوبر کے ایام اچھے ثابت ہونگے انہی ایام میں شراکتی بنیادوں پر کام کرنے والے افراد کے لئے کاروباری یا نجی شراکت کے لیئے سرمایہ حاصل کرنا منافع بخش ہوگا

**تعلقات عامہ سفرات و نزدیکی تعلقات** قمر آپکے تیسرے گھر کا حاکم ہوکر بہن بھائیوں اقرباء اور محلہ یا کالونی کی سطح پر تعلقات کی ترجمانی کو ظاہر کرتا ہے، سریع الرفتار سیارہ ہونے کی وجہ سے ہر ماہ عروج و زوال کی منازل سے گذرتا ہوا تعلقات میں بہتری اور برائی لاتا رہتا ہے۔ سفر اور تعلقات کی بہتری کے حوالہ سے آپ قمر کی سعد تاریخوں کو نوٹ کریں جو کہ جنتری میں موجود ہیں اور عملی زندگی میں ان تاریخون پر اگر آپ عمل کریں گے تو نا صرف تعلقات میں بہتری پائیں گے بلکہ بہن بھائیوں کے ساتھ دیرینہ اور دیرپا تعلقات بھی بن سکیں گے۔ قمر کو اس سال دو گرہن لگلیں گے جو کہ تعلقات میں خرابیاں یا تعطل لاسکتے ہیں ان تاریخوں میں سدقات دیں اور کوشش کریں ہر قمر در عقرب پر دو سو گرام چاول پرندوں کو ڈال دیا کریں آپکے تعلقات مستحکم رہیں گے

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات** مشتری کا سال گذشتہ سے بارہویں گھر میں قیام ممکن ہے کچھ ثور افراد کے قرضوں میں اضافہ اور بیماری کی وجہ سے مالی حیثیت کمزور ہوئی ہو اس سال 16 مئی سے مشتری کے برج ثور میں داخل ہونے سے آپ کو مالی و وراثتی معاملات میں بہتری ملے گی وراثت کے حصول کے لئے آپ قانونی یا اخلاقی دونوں طریقوں سے کام کریں کامیابی ملے گی اسکے ساتھ ہی 30 دسمبر سے زہرہ کے آٹھویں گھر آجانے سے

ہر اسلامی ماہ کے اعمال امامیہ جنتری کی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے

وراثتی معاملات حل کرنے میں مزید آسانایں پیدا ہونگی۔ 25 مارچ تا 20 مئی شراکت کا حاکم مریخ نحس ہوگا ان دنوں میں شراکتی معاملات میں الجھنیں پیدا ہوسکتی ہیں کاروباری یا مشترکہ کاروباری شراکت داروں میں شکوک شبہات پیدا ہوسکتے ہیں۔ نئی شراکت داری بنانے یا مشترکہ کام کاروبار کا آغاز کرنے کے حوالہ سے یہ مناسب وقت نہ ہوگا۔

**حج زیارات بیرون ملک سفرات واعلیٰ تعلیم** زحل 7 مارچ سے گیارہویں برج حوت میں داخل ہوجائے گا اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند بیرون ملک تعلیمی اداروں میں داخلوں کے خواہش منداس سال بیرون ملک سفرات کرسکیں گیا ور اعلیٰ تعلیم جاری رکھ سکیں گے جبکہ حج عمرہ وزیارات کے خواہش مند افراد کو بھی سعادت نصیب ہوگی ایک زحل کا بیت الامید میں قیام اور 16 مئی سے مشتری کا ثور میں داخلہ اور براہ راست نویں گھر پر سعد نظر آسانیاں پیدا کرے گی ،یہ سال امپورٹ ایکسپورٹ سے منسلک افراد اور دیگر کاروباری حضرات جو بیرون ملک سفرات کرنا چاہتے ہیں وہ کامیاب ہوسکیں گے۔

**امیدیں خواھشات و دوست احباب** گیارہویں گھر میں زحل کا قیام اس سال 7 مارچ سے ہوجائے گا زحل سینئر اور تجربہ کار لوگوں کا ستارہ ہے اپنے سینئر اور تجربہ کار دوست احباب کی مشاورت حاصل کریں اور کام کاروبار کو بہتر بنائیں کاروباری حضرات کے لئے یہ ایک سنہرا دور ہوگا جبکہ ملازمت پیشہ افراد کا تعلق بھی دیگر دوست احباب اور افسران کے ساتھ اچھا رہے گا۔ زحل سست رفتار ستارہ ہے ممکن ہے امیدوں کی تکمیل میں کچھ تاخیر نظر آئے تاہم امیدوں کی تکمیل ضرور ہوگی۔ یاد رکھیں ہر مشورہ قابل عمل نہیں ہوتا مخلص اور منافق دوست احباب کی تخلیص کریں اور اچھے دوستوں کے ساتھ صلاح مشورہ کریں کامیاب رہیں گے۔ زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر کے درمیان بعض موقع پرست دوست غلط مشورے دے سکتے ہیں محتاط رہیں افسران بالا اور دیگر کاروباری رفقاء کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں ورنہ ملازمت پیشہ افراد کو تبدیلی کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔

**امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور** مریخ کا اوج اس سال ہوگا روحانیت کے شوقین افراد کے لئے بہترین اوقات ہونگے اسکے ساتھ ہی ثور میں 16 مئی سے مشتری کا قیام بھی روحانیت کی جانب کامیابیاں دے گا آنے والے سال کی جون تک اگر آپ کسی بہتر استاد کی راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں تو یقینا روحانیت کی منازل طے کر سکیں گے۔ 20 مئی تا 7 جولائی مریخ کی سعادت امیگریشن کے حوالہ سے ایک اہم وقت ہوگا ان اوقات میں امیگریشن کے کاموں کا آغاز کامیابیاں لائے گا۔ 25 مارچ تا 20 مئی مریخ کا وبال تیسرے گھر میں امیگریشن کے کاموں میں التوا کے ساتھ خفیہ ہاتھ متحرک ہوگا جسکی وجہ سے بہن بھائیوں کے ساتھ اختلافات ولڑائی جھگڑے رونما ہو سکتے ہیں۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے ایام میں وظائف یا چلہ کرنا نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔

**قمری وشمسی گرھن** دو شمسی گرہن بارہویں اور چھٹے گھر میں لگیں گے جو صحت سلامتی اور خفیہ وظاہری دشمنوں سے آپ کو تکلیف پہنچا سکتے ہیں جبکہ ایک گرہن ثور اور عقرب میں قمر کا لگے گا جو آپ کے شخصی وقار عزت اور نیک نامی میں کمی باعث بن سکتا گرہن کی تاریخیں جنتری سے نوٹ کریں نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی کے ساتھ گرہن کے صدقات سے آپ خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں

**صدقات وظائف اور جواھرات** موتی چور کے لڈو بروز جمعرات اور چینی سوجی بروز جمعہ حسب توفیق غریب غرباء میں تقسیم کریں یا کیڑے مکوڑوں کو ڈال دیں۔ پکھراج اور نیلم کا استعمال آپ کر سکتے ہیں۔

اللہ نور السمٰوت والارض 222 مرتبہ ورد کرنا معمول بنالیں

مزید تفصیلات جاننے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل ایپ ڈاون لوڈ کریں۔

## جوزا GEMINI
22 May - 21 Jun
سیارہ: عطارد



**دن:** بدھ **عدد:** ۵ **حروف:** ق، ک

**رنگ:** پیلا زرد

**عنصر:** بادی

**جواھر:** زمرد، زبرجد، زرد عقیق

**بھترین شریک حیات:** میزان، دلو

**ناموافق ساتھی:** سنبلہ، قوس، حوت

**بیماریاں:** نمونیہ، سینے کے عوارض، کمر اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

**ستاروں کی گردش واھم معاملات** زحل آٹھویں اور نویں گھر کا حاکم ہوکر اس سال 07 مارچ کو برج حوت دسویں گھر میں داخل ہوجائے گا۔ پلوٹو 23 مارچ کو نویں گھر برج دلو میں داخل ہوگا اکیس سال تک پلوٹو کا قیام نویں گھر میں رہے گا۔ یہاں پلوٹو جوزا والوں کو مذہب روحانیت اور دین کے حوالہ سے نئی سوچ اور انقلابی تبدیلیاں لائے گا جبکہ امپورٹ ایکسپورٹ سے منسلک افراد بہترین مواقع ملیں گے بیرون ملک قیام اور سیاحت کے حوالہ سے سفرات کے خواہش مند افراد پلوٹو کی وجہ سے کامیاب ہوسکیں گے۔ جب کہ زحل اس سال 07 مارچ کو برج حوت میں داخل ہوگا جو کہ آپکا دسواں گھر ہے آبی بروج میں زحل اچھا نہیں ہوتا لیکن مشتری کا گھر ہونے کی وجہ سے کافی حد تک یہاں زحل اچھا کردار ادا کرے گا کاروباری افراد کا لین دین اور دیگر معاملات میں کاروباری رفقاء کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے ملازمت پیشہ افراد کو ترقی ملنے کا امکان ہوگا۔ تاہم کاروباری افراد کو سخت مشکلات کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔

اسلامی تہوار کے بروقت نوٹیفکیشن حاصل کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

ایسے افراد کو جن کے زائچہ میں قمر یا زحل چوتھے اور ساتویں گھر میں ہو۔ مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں گیارہویں گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور بارہویں گھر میں داخل ہو جائے گا مشتری آپ کے زائچہ میں ساتویں اور دسویں گھروں کا مالک ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست چوتھے اور آٹھویں گھروں پر ہوگی۔ ملازمت پیشہ افراد کو ترقی ملنے کے امکانات ہونگے ٹرانسفر بھی ہو سکتی ہے۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** عطارد آپ کی شخصیت اور عزت وقار پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک رہے گی ان ایام میں بہت محتاط رہنا ہوگا کوئی ایسی بات یا کام نا کریں جس کی وجہ سے آپ کے وقار پر کوئی حرف آئے۔ 2 مارچ تا 19 مارچ، 24 نومبر سے سال کے آخر تک برج قوس میں قیام بھی احتیاط طلب ایام ہونگے، اسکے ساتھ ہی عطارد کو دوبار شرف 9 اگست اور 25 ستمبر کو آپ کے لئے کسی نایاب وقت سے کم نا ہوگا ان ایام میں سماجی معاشرتی و خاندانی عزت وقار میں اضافہ ہوگا جبکہ زہرہ کا 11 اپریل سے 7 مئی تک کا قیام آپکے برج میں اور ملازت پیشہ افراد 22 اکتوبر تا 10 نومبر تک ایک سنہرا وقت ہوگا ان دنوں میں آپ کا معاشرتی مقام عروج پر ہوگا۔ زندگی میں درپیش مسائل اور ناراض دوست احباب آفس یا نوکری میں جاری مسائل وبہن بھائیوں یا خاندان میں ناراض لوگوں کو منانے یا معاملات سلجھانے کے کام کریں کامیاب ہونگے

**معاشی و مالی استحکام** قمر آپ کی مالیات و معاشی استحکام کا ستارہ ہے ہر ماہ عروزوال اوج وحضیض اور شرف وہبوط کی کیفیات سے گذرتا ہے مالی معاملات میں اتار چڑھاؤ رہتا ہے یہاں گیارہویں گھر کو بھی دیکھا جاتا ہے مریخ اس سال قوج یافتہ ہوگا آغاز سال سے ہی مریخ آپ کے برج میں رجعت میں ہوگا اور یہاں 25 مارچ تک رہے گا۔ مزاج میں تیزی عکلت اور غلط مالی منصوبہ بندی آپ کے لئے مسائل پیدا کرسکتی ہیت امید کا حاکم مریخ 25 مارچ تا 20 مئی دوسرے مالیات کے گھر میں رہتے ہوئے مالی مشکلات لا سکتا ہے اخراجات میں اضافہ نقصانات یامال، بے ضابطگی آپ کو معاشی طور پر کمزور کرسکتی ہے۔ تاہم 20 مئی کے بعد مریخ کی کیفیات اچھی رہیں گی اور مالی معاملات بھی درست ہو جائیں گے۔

**منگنی اولاد انعامی بانڈز ولاٹر** 27 جنوری تا 20 فروری، 17 مارچ تا مئی، 8 نومبر تا 4 دسمبر ان دنوں میں منگنی یا نسبت طے کرنے کی کوشیش کامیاب ہونگی بے اولاد جوڑوں کو ان دنوں اولاد کی خوشیاں نصیب ہو سکتی ہیں جبکہ صاحب اولاد افراد ان دنوں میں اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کی بنیاد رکھنے کے حوالہ سے تعلیم یا کاروبار کی بنیاد رکھیں نہایت سعد اور اچھے ایام ہونگے۔ اسٹاک مارکیٹ اور سرمایہ کاری انعامی بانڈز کے حوالہ سے اچھے ایام آپ کو مل رہے ہیں ہوسکتا قدرت آپ پران دنوں مہربان ہو خصوصا نومبر اور دسمبر سعد ہونگے

**گھر والدہ رھائش و جائیداد** گھریلو مسائل ماحول اور اہل خانہ کے ساتھ تعلقات عطارد کی وجہ سے اتار چڑھاؤ کا شکار ہوتے ہیں۔ مارچ تا 19 مارچ اور 10 نومبر تا یکم دسمبر عطارد کے وبال اور نحوست کے ایام ہونگے اسکے ساتھ ہی عطارد کی رجعت اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک گھریلو ماحول میں تناؤ اور اہل خانہ کے ساتھ اختلافات پیدا کرسکتی ہے ان دنوں میں گھر یا رہائش کے لئے جائیداد خرید نا نقصان دہ ہوگا بہتر ہوگا ان دنوں رہائش کی تبدیلی یا نئی جگہ خریدنے کے حوالہ سے گریز کریں۔ 10 جولائی تا 27 اگست مریخ کا چوتھے گھر قیام لڑائی جھگڑوں اور صحت کے مسائل کو پیدا کرسکتا ہے۔

**شراکتی ازدواجی ومعاملات و شادی بیاہ** آپکے شراکتی معاملات کا حاکم مشتری اس سال 16 مئی تک گیارہویں برج حمل میں رہے گا اوائل مئی تک دوست احباب اور تعلق داروں کی مدد سے آپ ازدواجی مسائل حل کر سکتے ہیں جنکی شادی یا منگنی طے نہیں ہوسکی انہیں ان ایام تک کوششیں تیز کر دینا چاہئیں شراکتی معاملات مئی تک نہایت اچھے چلیں گے اگر آپ نئی شراکت داری کرنا چاہتے ہیں تو مئی تک کرلیں ورنہ اسکے بعد حالات سازگار نا ہونگے۔ ازدواجی معاملات میں جو افراد جو تلخیوں یا لڑائیوں کا شکار ہیں ان میں خفیہ ہاتھ یا دشمنوں کی وجہ سے علیحدگی یا طلاق کی نوبت آسکتی ہے۔ غیر شادی شدہ افراد ان دنوں اگر شادی کریں تو مناسب وقت کا انتخاب لازمی کریں ورنہ مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ دسویں گھر میں زحل کی موجودگی کاروباری شراکت داروں کے لئے مزید مسائل پیدا کرسکتی ہے۔

**تعلقات عامہ سفرات و نزدیکی تعلقات** عروج سال کے ساتھ ہی جنوری اور فروری تعلقات کے حوالہ سے کچھ خاص اچھے نا ہونگے تاہم مارچ کی 20 سے اپریل کی 20 تک شرف شمس تعلق داروں میں آپ کو عزت وقار میں اضافے اور تلخیوں کو ختم کرنے کے حوالہ سے نہایت اہم وقت ہوگا ان دنوں میں دوست احباب اور سسرالی رشتوں میں آنا جانا لگا رہے گا، چھوٹے یا قریبی سفرات ہونگے۔ بہن بھائیوں اور تعلقات عامہ میں آپ کو عزت وقار اور کامیابیاں ملنے کی امید ہوگی، شمس کے گرہن کی تاریخوں کو مدنظر رکھیں اس سال دو شمسی گرہن پانچویں اور گیارہویں گھروں میں لگے گئے ان ایام میں آپ کو نہایت محتاط رہنا چاہئے بہن بھائیوں کی جانب سے کوئی بڑی خبر سامنے آسکتی ہے

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات** قرض لینے کے

اقوال زریں اور احادیث پڑھنے اور دوست احباب کو بھیجنے کے لیے امامیہ جنتری کی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے



www.shiaqurantutors.com

حوالہ سے آپ کو اوائل سال سے ہی مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے مریخ آغاز سال سے رجعت میں ہوگا 13 جنوری کو مستقیم ہوکر 20 مئی تک پہلے اور دوسرے گھروں میں رہتے ہوئے آپ کو قرضہ لینے کی نوبت آنے کے امکانات ظاہر کرتا ہے۔ 16 مئی تک مشتری دوست احباب سے تعاون اور قرضوں کے حصول کے لئے معاون ثابت ہوگا لیکن اس کے بعد مشتری کا بارہویں داخلہ حکومتی قرضوں کی ادائیگی کے حوالہ سے نہایت اہم ہوگا۔ بروقت ادائیگی آپ کو قانونی مسائل سے بچا سکتی ہے۔ یا پھر عدالتی کاروائیوں سے بھی وراثت کے حصول کے لئے یہ وقت معاون ثابت ہوگا۔ زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر کے درمیان مصالحتی کوششیں وراثت اور شراکت کے حوالہ سے کامیاب نا ہوسکیں گی جبکہ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر قرضہ جات کے حصول اور شراکتی معاملات کے ساتھ ساتھ حکومتی ٹیکسز اور قرضوں کے حوالہ سے نہایت نازک وقت ہوگا محتاط رہیں۔

**امیدیں خواهشات ودوست احباب** آغاز سال سے 25 مارچ تک مریخ کا قیام جوزا میں رہے گا۔ 13 جنوری تک رجعت میں رہے گا جبکہ 13 جنوری سے مارچ تک دوست احباب آپ سے مدد حاصل کریں گے امیدوں اور خواہشات کی تکمیل کے لئے جلد بازی اور عجلت میں فیصلہ نا کریں نقصان اٹھا سکتے ہیں۔ 25 مارچ تا 20 مئی دوست احباب کی وجہ سے مالی نقصانات ہو سکتے ہیں ممکن ہے کہ متوقع منافع یا آمدنی میں کمی واقع ہو جسکی وجہ سے لگائی گئی امیدیں پوری نا ہوسکیں۔ تاہم 20 مئی کے بعد بہن بھائیوں اور دوست احباب سے وابسطہ امیدیں پوری ہونا شروع ہوجائیں گی کاروباری یا ملازمت پیشہ دونوں قسم کے افراد کو کامیابیاں ملیں گی۔ 27 اگست تا 12 اکتوبر اسٹاک مارکیٹ میں کام کرنے والے سرمایہ کار متوقع منافع حاصل نا کرسکیں گے بچوں کی جانب توجہ زیادہ رہے گی ان دنوں صحت سلامتی کا خیال رکھیں بیماری یا صحت کی خرابیاں سامنے آسکتی ہیں۔

**امیگریشن خفیہ معاملات وروحانی امور:** اچھے روحانی استاد کا ملنا اس سال ممکن ہوسکے گا نویں کا مالک زحل دسویں گھر میں اس سال 7 مارچ کو داخل ہوجائے گا باقاعدہ روحانی تعلیم یا مشاورت کا آغاز کریں کامیاب ہونگے زحل دسویں گھر میں اچھے استاد ملنے کی توقعات پوری کرے گا زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر کے درمیان آپ کو روحانی وظائف کرنے کے حوالہ سے احتیاط کرنے کا وقت ہوگا اسکے ساتھ ہی 16 مئی سے مشتری کا بارہویں گھر میں آنا امیگریشن کے معاملات کے حوالہ سے نیک ہوگا مشتری بیرون ملک سفرات یا سکون کے حوالہ سے امیگریشن کے کاموں میں پیش رفت لائے گا۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے ایام میں امیگریشن کے کاموں میں التوا آسکتا ہے مشتری بارہویں گھر میں آپ کو خفیہ معاملات پر گرفت مظبوط ہونے اور خفیہ دشمنوں سے تحفظ حاصل ہونے میں معاون ثابت ہوگا۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے درمیان خفیہ تعلقات رکھنے والے افراد محتاط رہیں دشمنوں کی جانب سے آپ کو پریشانیوں کا سامنا ہوسکتا ہے

**قمری و شمسی گرهن** دو شمسی گرہن گیارہویں اور پانچویں گھر میں لگیں گے جو بچوں کی صحت سلامتی کے ساتھ اسٹاک مارکیٹ اور انعامی اسکیموں کے حوالہ سے دوست احباب کے حوالہ سے نقصان دہ ہو سکتے ہیں جبکہ ایک گرہن ثور اور عقرب میں قمر کا لگے گا جو آپ کے ظاہرہ وخفیہ دشمنوں کے ساتھ ملازمت پیشہ افراد کے لئے پریشانی کا باعث بن سکتا ہے اگرہن کی تاریخیں جنتری سے نوٹ کریں نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کے ساتھ گرہن کے صدقات سے آپ خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

**صدقات وظائف اور جواهرات** زمرد اور موتی کا استعمال آپ کر سکتے ہیں۔ صدقات میں چاول باجرہ حسب توفیق پرندوں کو ڈالیں۔

یا اللہ یا کریم یا غنی کا ورد 140 مرتبہ ہر نماز کے بعد یا کم ازکم فجر کے بعد ضرور پڑھیں۔ مزید تفصیلات اور معلومات کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی ایپ ڈاؤن کریں

**سرطان — CANCER — سیارہ: قمر**

22 Jun - 23 Jul



**دن:** پیر **عدد:** ۲ **حروف:** ح، ہ

**رنگ:** سفید دودھیا

**عنصر:** آبی

**جواهر:** پکھراج، موتی، زمرد، عقیق

**بهترین شریک حیات:** عقرب، حوت

**ناموافق ساتهی:** حمل، جدی، میزان

**بیماریاں:** پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکالیف

**ستاروں کی گردش و اهم معاملات:** زحل ساتویں اور آٹھویں کا حاکم ہوکر اس سال 07 مارچ کو برج حوت نویں گھر میں داخل ہو جائے گا۔ پلوٹو 23 مارچ کو آٹھویں گھر برج دلو میں داخل ہوگا اکیس سال تک پلوٹو کا قیام آٹھویں گھر میں رہے گا۔ یہاں پلوٹو سرطان والوں کو تحقیق جستجو اور علم کی جانب لے جائے گا ایسے سرطان جن کا زحل یا راہو آٹھویں ہے خوف میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ ۔ جب کہ زحل اس سال 07 مارچ کو برج حوت میں داخل ہوگا جو کہ آپکا نواں گھر ہے یہاں زحل براہ راست بارہویں اور تیسرے گھر کو متاثر کرے گا۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک سفرات اور مذہب کی جانب رجحان میں اضافہ ہوگا بیرون ملک تجارت پیشہ افراد کے لئے یہ ایک اچھا وقت ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کو ترقی ملنے کا

اپنے علاقے کے اوقات نماز جاننے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔



www.shiaqurantutors.com

امکان ہوگا۔ تاہم کاروباری افراد کو سخت مشکلات کا سامنا بھی ہوسکتا ہے ایسے افراد کو جن کے زائچہ میں قمر یا راہو نویں اور پہلے گھر میں ہو۔مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں دسویں گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور گیارہویں گھر میں داخل ہوجائے گا مشتری آپ کے زائچہ میں چھٹے اور نویں گھروں کا مالک ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست تیسرے اور ساتویں گھروں پر ہوگی۔ بہن بھائیوں تعلقات عامہ معاشرتی وسماجی معاملات اور شراکت داروی و ازدواجی معاملات میں بہتری کے امکانات ہوسکتے ہیں۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** آپ کا ذاتی ستارہ قمر ہر ماہ عروج و زوال کی منازل طے کرتا ہوا اتار چڑھاؤ لاتا رہتا ہے فطرتاً آپ متلون مزاج اور رحم دل شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ 25 مارچ تا 20 مئی مریخ طالع میں وبال میں ہوگا ان دنون مزاج میں تیزی اور غصہ کی شدت زیادہ ہوگی بے جا تلخیاں اور بے وجہ لڑائیاں پیدا ہوسکتی ہیں جسکی وجہ سے آپ کی شخصیت اور وقار میں کمی آ سکتی ہے انہی دنوں زحل بھی اوائل سال سے 7 مارچ تک آٹھویں گھر میں رہتے ہوئے ان بن میں اضافہ کرے گا گذشتہ ڈھائی سالوں سے جو سسرالی تعلقات میں خرابیاں آئیں اس ماہ وہ عروج پر ہوسکتی ہیں تاہم 20 مئی تا 10 جولائی مریخ کی دوسرے گھر موجودگی اور زحل پر آٹھویں نظر ایک بار پھر تلخ حالات کو سامنے لا سکتے ہیں ان ایام میں آپ کو صبر و تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کرنا چاہیئے ورنہ آپ اپنی عزت اور وقار میں کمی کا باعث خود بن سکتے ہیں۔قمری گرہن کے ایام میں آپ کو نہایت محتاط رہنا ہوگا ان تاریخوں میں صدقات لازمی دیں۔

**معاشی و مالی استحکام** شمس آپ کی مالی حیثیت میں کمی بیشی لانے میں کردار ادا کرتا ہے مریخ کا دوسرے گھر میں اوج یافتہ ہونا 20 مئی تا 10 جولائی کے درمیان مالی انتظامی امور میں بہتری لانے کی کوششیں کامیاب ہونگی اس کے ساتھ ہی ان دنوں میں کاروباری افراد کو مالی معاملات میں بہتر حالات کا سامنا ہوگا ، مالیاتی نظام کو از سر نو ترتیب دینے کی کوشش ان دنوں میں کریں یقیناً آپ اپنی موجودہ آمدنی سے بہتر طریقے سے نظام چلا سکیں گے۔شمس کے دو گرہن اس سال یکدم کسی قسم کا مالی بحران لانے کا سبب بن سکتے ہیں ان دنوں میں بہتر منصوبہ بندی ہی آپ کو بچا سکتی ہے 5 جون تا 10 جولائی زہرہ کا قیام دوسرے گھر میں ایک اور سعد وقت ہوگا مالی اور معاشی آسودگی حاصل کرسکیں گے۔ان دنوں دوست احباب کا مالی تعاون حاصل کرنے کی کوششیں کامیاب ہونگی، مالی خسارہ کم کرنے یا ادائیگیوں کو بہتر بنانے کی کوششیں کریں۔

**منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری** پانچویں گھر کا حاکم مریخ 20 مئی تا 10 جولائی، 12 اکتوبر تا 24 نومبر کی تاریخوں کے درمیان منگنی اور نسبت طے کرنے کے حوالے سے اہم اور سعد اوقات ہونگے ان دنوں میں طے کئے گئے رشتے اچھے رہیں گے۔ بے اولاد جوڑوں کو اولاد کی خوشیاں ان دنوں مل سکیں گی۔انعامی اسکیموں اور اسٹاک مارکیٹ سے منسلک افراد کو ان دنوں میں منافع کا حصول ممکن ہوگا بلکہ ان دنوں کی گئی سرمایہ کاری آنے والے دنوں میں بہتر اور منافع بخش ہوگی۔شمس کے گرہن کی تاریخوں کو ملحوظ خاطر رکھیں اور احتیاط کریں

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** زہرہ 27 جنوری سے 20 فروری اور 17 مارچ تا 7 مئی ثور اور جوزا میں رہتے ہوئے گھریلو ماحول میں بہتری لائے گا رہائش جائیداد یا کسی قسم کی پراپرٹی کی خرید وفروخت ان دنوں میں بہتر رہے اہل خانہ کے ساتھ تعلقات میں نہایت اچھا اضافہ ہوگا۔8 نومبر تا یکم دسمبر کے درمیان زہرہ اپنے ہی گھر میں رہتے ہوئے رہائش کی تبدیلی گاڑی سوری یا موٹر سائیکل کی خرید وفروخت یا تبدیلی کے حوالہ سے سعد ترین وقت ہوگا۔شمس 20 ستمبر تا 20 اکتوبر اور مریخ 27 اگست تا 12 اکتوبر میزان میں قیام کریں گے یہ سب تاریخیں صحت سلامتی میں خرابی گھر میں تلخیاں اور لڑائی جھگڑے پیدا ہو سکتے ہیں صحت کا بہت بہت خیال رکھیں۔

**شراکتی ازدواجی و معاملات و شادی بیاہ** ساتویں کا حاکم زحل جو کہ برج دلو میں گذشتہ ڈھائی سالوں سے موجود تھا اس سال 7 مارچ کو نویں گھر میں داخل ہوجائے گا نئی شراکتی معاہدے ہونے کے امکانات کم ہو جائیں گے جاری شراکتی معاہدوں میں مشکلات یا شکوک وشبہات پیدا ہوسکتے ہیں انہیں سنبھالنے کی کوشش کریں۔تاہم ازدواجی معاملات میں بہتری آئے گی شادی میں موجود تاخیر کا خاتمہ ہوگا اور اس سال اکثر سرطان افراد شادی کے بندھن میں بندھ جائیں گے شادی بیاہ کے حوالہ سے مارچ کے بعد تقریباً سارا سال اچھا رہے گا تاہم زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر کے ایام کے دوران شادی بیاہ نا کرنا بہتر ہوگا۔

**تعلقات عامہ سفرات و نزدیکی تعلقات** عطارد اوائل سال سے ساتویں گھر جدی میں رجعت میں ہوگا جبکہ 3 مارچ تا 19 مارچ، یکم دسمبر تا آخر سال اور 10 نومبر تا یکم دسمبر تک رطارد نحس ہوگا ان ایام میں تحریری معاہدوں یا زبانی لفظی جمع خرچ سے گریز کریں۔ان ایام میں بہن بھائیوں اور قریبی تعلق داروں کے ساتھ معاملات خراب ہوسکتے ہیں اسکے ساتھ ہی مریخ کا 10 جولائی سے 27 اگست تک تیسرے گھر میں قیام لڑائی جھگڑوں میں اضافہ تلخیاں اور ناراضگیاں پیدا ہوسکتی ہیں عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک عطارد کی رجعت کے ایام کے دوران کسی قسم کے تحریری کاموں میں نہایت محتاط رہیں ان دنوں بے جا سفرات سے گریز کریں۔

Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally



www.shiaqurantutors.com

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات** زحل جو کہ گذشتہ ڈھائی سالوں سے وراثتی معاملات میں سرد مہری اور التوا لاتا رہا ہے اس سال 7 مارچ کو نویں گھر چلا جائے گا جس سے وراثتی معاملات میں پیش رفت آئے گی قانونی معاملات میں الجھے افراد کو وراثتی مسائل میں اس سال بہتر فیصلے اور وراثت کا حصول ممکن ہوگا۔ شراکتی معاملات کے حوالہ سے عطارد کا اوائل سال سے رجعت میں ہونا اور 11 فروری تک ساتویں رہنا شراکتی معاہدوں میں التوا شکوک وشبہات اور عدم اطمینان کا سامنا ہوسکتا ہے۔ ایسا ہی کچھ یکم دسمبر سے سال کے آخر تک ہوگا۔ تحریری معاہدوں کی تکمیل ان دنوں نہایت احتیاط سے کریں ورنہ پھنس سکتے ہیں۔

**حج زیارات بیرون ملک سفرات واعلیٰ تعلیم** نویں گھر میں زحل کی آمد 7 مارچ سے مذہبی سفرات حج عمرہ زیارات کے حوالہ سے نیک ثابت ہوگی۔ اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو بیرون ملک یونیورسٹیز میں داخلوں میں مشکلات کا سامنا ہوگا۔ 27 جنوری تا 29 فروری سعد ترین اوقات ہونگے ان ایام میں اگر آپ بیرون ملک سفرات ک کام کریں گے تو کامیاب ہو سکیں گے، مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر جو کہ نویں گھر کا حاکم ہے دوست احباب کی جانب سے مدد سے انکار یا رکاوٹ والتوا کی صورتحال پیدا ہوگی۔

**امیدیں خواہشات ودوست احباب** زہرہ گیارہویں گھر کا حاکم ہوکر 27 جنوری تا 29 فروری نویں گھر شرف یاب ہوگا دوست احباب سے والسطہ امیدیں مکمل ہونے کے ساتھ نیک خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے سعد وقت ہوگا۔ 17 مارچ تا 11 اپریل کا وقت نہایت ہی موزوں ہوگا ان دنوں آپ کی ذات دوست احباب کے تعاون سے ترقی کی جانب گامزن ہوگی جبکہ 16 مئی کو مشتری گا بیت الامید گیارہویں گھر میں ایک سال کے لئے داخل ہونا مزید کامیابیاں اور ترقی کے لئے سعد وقت آپ کو میسر آئے گا مشتری کے قیام کے دوران ملازمت پیشہ وکاروباری افراد کو کامیابیاں ملیں گی ملازمت میں ترقی ملنے افسران بالا کے ساتھ اچھے تعلقات اور محکمے میں عزت وقار میں اضافہ ہوگا۔

**امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور** عطارد اوائل سال سے رجعت میں برج جدی میں ہوگا 11 فروری تک عطارد کی کمزور موجودگی امیگریشن کے کاموں میں التوا لاسکتی ہے خفیہ معاملات اسکینڈل کی صورت میں زبان زد عام ہوسکتے ہیں۔ عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک روحانی امور اور امیگریشن کے کاموں کے حوالہ سے اچھی نا ہوگی ان تاریخوں کا خاص خیال رکھیں۔

**قمری و شمسی گرہن** دو شمسی گرہن دسویں اور چوتھے گھر میں لگیں گے جو گھر رہائش پراپرٹی اور زمین جائیداد کے حوالہ سے نحس ثابت ہونگے دوسرا شمسی گرہن کیتو کے ساتھ لگے گا جو صحت کو شدید خراب کرسکتا ہے نہایت محتاط رہیں۔ دو قمری گرہن پانچویں اور گیارہویں گھر میں لگیں گے بچوں کے حوالہ سے پریشانیاں گرہن کی واجہ سے لاحق ہوسکتی ہیں اچانک مالی نقصانات ہوسکتے ہیں جبکہ دوسرا گرہن دوست احباب اور کاروباری افراد کے ساتھ معاملات میں خرابیاں پیدا کرسکتا ہے۔ گرہن کی تاریخیں جنتری سے نوٹ کریں نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کے ساتھ گرہن کے صدقات سے آپ خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

**صدقات وظائف اور جواہرات** پکھراج اور یاقوت اور موتی کا استعمال آپ کرسکتے ہیں۔ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم کا ورد 200 مرتبہ کیا کریں صدقات میں آپ کالے ماش 350 گرام بروز ہفتہ اور چاول 200 گرام بروز پیر دیا کریں۔ مزید معلومات اور تفصیلات کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

**اسد** | **LEO** 24 Jul - 23 Aug | **ستارہ:** شمس



**دن:** اتوار **عدد:** ا **حروف:** م، ٹ

**رنگ:** گولڈن، نارنجی

**عنصر:** آتشی

**جواہر:** ہیرا، الہنیا

**بہترین شریک حیات:** حمل، قوس، ثور

**ناموافق ساتھی:** عقرب، دلو

**بیماریاں:** ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

**ستاروں کی گردش واہم معاملات** زحل چھٹے اور ساتویں گھر کا حاکم ہوکر اس سال 07 مارچ کو برج حوت آٹھویں گھر میں داخل ہو جائے گا۔ پلوٹو 23 مارچ کو ساتویں گھر برج دلو میں داخل ہوگا اکیس سال تک پلوٹو کا قیام ساتویں گھر میں رہے گا۔ یہاں پلوٹو اسد والوں سماجی معاشرتی سطح پر نئے کاموں کے آغاز اور سماجی معاملات میں عزت وقار اور معاشرے میں نام نمود سے نوازے گا ایسے اسد افراد جو سماجی یا معاشرتی تنظیموں یا این جی اوز سے منسلک ہوں انہیں پلوٹو کے فوائد ملیں گے۔ جب کہ زحل اس سال 07 مارچ کو برج حوت میں داخل ہوگا جو کہ آپکا آٹھواں گھر ہے یہاں زحل براہ راست گیارہویں اور دوسرے گھر کو متاثر کرے گا وراثتی مسائل میں اضافہ قرضون کے لین دین میں مشکلات سسرالی تعلقات اور معاشرتی مشکلات میں اضافہ ہوسکتا ہے جبکہ مالی معاملات میں کمی آمدنی میں کمی اخراجات میں اضافہ

دنیا بھر کی تازہ ترین خبروں کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔



www.shiaqurantutors.com

آپکے مالی معاملات کو متاثر کرسکتا ہے۔ مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں نویں گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور دسویں گھر میں داخل ہو جائے گا مشتری آپ کے زائچہ میں پانچویں اور آٹھویں گھروں کا مالک ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست دوسرے گھر اور چھٹے گھر پر ہوگی۔ مئی کے بعد مالی معاملات میں بہتری ملازمت پیشہ افراد کو ترقی کے امکانات بچوں کی خوشیاں حاصل ہونے اور بچوں کے اعلیٰ مستقبل کی سوچ پیدا ہوگی آفس کے معاملات میں بہتری اور دوست احباب کے ساتھ اچھے تعلقات متوقع ہوسکتے ہیں۔ اس سال دو سورج گرہن لگیں گے ایک نویں برج حمل میں اور ایک تیسرے برج میزان میں لگے گا۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** آپ کا ذاتی ستارہ شمس اوائل سال تا 19 فروری جدی اور دلو میں مقیم ہوگا۔ ان ایام میں آپ کو عملی زندگی میں عزت وقار اور معاشرتی مقام میں کمی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ شراکت داری اور ازدواجی رشتوں میں ان بن ہوسکتی ہے جبکہ سسرالی تعلقات بھی خراب ہوسکتے ہیں۔ تاہم 20 مارچ تا 20 اپریل ذاتی ستارہ شمس کا شرف نویں گھر میں کھوئی ہوئے مقام اور عزت وقار میں اضافہ لائے گا۔ شمس کا اوج 20 جون تا 20 جولائی بارہویں گھر میں خفیہ دشمنوں کے قلع قمع کرنے اور ان پر سبقت حاصل کرنے کے بہترین ایام ہونگے 20 اگست تک اپنے ہی گھر میں شمس آپکی عزت وقار میں اضافہ کا باعث بنے گا خاندان سماج دوست احباب اور معاشرے میں آپ کو پذیرائی حاصل ہوگی۔

**معاشی و مالی استحکام** 18 جنوری تک چھٹے گھر عطارد کی رجعت اور 11 فروری تک چھٹے گھر میں قیام مالی معاملات کے حوالہ سے مشکلات لاسکتا ہے 2 مارچ تا 19 مارچ عطارد کی آٹھویں گھر موجودگی مالی امور کو شدید متاثر کرسکتی ہے تاہم 20 مارچ تا 20 اپریل شمس کا شرف آپ کو آسانیاں فراہم کرے گا۔ عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک کے ایام میں کسی قسم کا قرض دینے اور زائد آمدنی کی توقع رکھنے کی امیدوں میں کامیابی نا ہوگی ان دنوں مالی شراکت سے گریز کرنا بہتر ثابت ہوگا

**منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری** 16 مئی تک مشتری نویں برج حمل میں موجود رہے گا گو کہ مشتری کی نویں موجودگی اچھی ثابت ہوتی ہے لیکن حمل میں مشتری کی کمزوری آپ کو مطلوبہ نتائج نا دے سکی انعامی اسکیموں سے فوائد کا حصول اور منگنی نسبت کے معاملات میں بھی التوا سامنے آیا 16 مئی کو مشتری دسویں گھر میں داخل ہوجائے گا۔ جس کے بعد انعامی اسکیموں اور اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرنے والے افراد کو کثیر منافع ملنے کا امکان ہے اسکے ساتھ ہی ذخیرہ اندوزی کرنے والے بھی اس سال بیش بہا فوائد حاصل کرسکتے ہیں۔ مئی کے بعد منگنی یا نسبت اعلیٰ اور اچھے خاندان میں طے ہونے کے وسیع امکانات ہیں اسد بچے اور اسد افراد ان دنوں کاروبار کی ابتدا کریں آنے والے دنوں اور جاری وقت میں کاروبار کے لئے مشتری کی سعادتیں آپ کو بیش بہا فوائد دیں گی۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر دسویں گھر میں کاروباری و ملازمتی امور اور منگنی نسبت کے حوالہ سے نہایت حساس وقت ہوگا ان اوقات میں محتاط رہیں اور کسی جلد بازی کا مظاہرہ کرنے سے گریز کریں

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** مریخ آپکے زائچہ میں چوتھے اور نویں گھر کا مالک ہو کر نہایت متبرک ستارہ ہے اوائل سال سے 25 مارچ تک مریخ گیارہویں موجود ہوگا جوزا میں مریخ کی موجودگی اہل خانہ کے ساتھ اچھے تعلقات اور گھر میں اچھا ماحول بنانے کی کوششیں ناکام ہوسکتی ہیں پاپرٹی زمین جائیداد کی خرید وفروخت نقصان دہ ثابت ہوگی 20 مئی تک نہایت محتاط رہیں تاہم 20 مئی کے بعد 10 جولائی تک حالات نہایت سازگار رہیں گے ان دنوں زمین جائیداد کی خریداری فروخت گاڑی یا گھر میں تزئین و آرائش کا کام کروانا مناسب ہوگا۔ 12 اکتوبر کے بعد مریخ کا چوتھے گھر میں قیام گھریلو ماحول بہتر بنانے کی کوششیں کامیاب ہوسکیں گی۔ زمین جائیداد کی خرید وفروخت اور جائیداد کے مسائل میں کامیابیاں اور والدین کے ساتھ و اہل خانہ کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم ہونگے۔

**شراکتی ازدواجی ومعاملات وشادی بیاہ** زحل کی گذشتہ ڈھائی سالوں سے ساتویں گھر موجودگی ازدواجی شراکتی معاملات میں خرابیاں اور شادی بیاہ میں التوا کا باعث بنی رہی ہے۔ اس سال 7 مارچ کو زحل کے آٹھویں گھر داخل ہوجانے سے معاملات کچھ بہتر ہونگے ازدواجی وشادی بیاہ کی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہیں تاہم شراکتی امور میں آپ کو مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے کاروباری شراکت رکھنے والے افراد ان دنوں مشکلات کا سامنا کریں گے قرضوں میں اضافہ ممکن ہوسکتا ہے اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے شراکت داروں کے ساتھ مالی معاملات میں مشکلات آئیں گی۔

**تعلقات عامہ سفرات و نزدیکی تعلقات** زہرہ 27 جنوری تا 20 فروری کے ایام آٹھویں گھر زہرہ کا شرف سسرالی رشتوں میں اور کاروباری سفرات درپیش آسکتے ہیں اسکے ساتھ ہی شمس نحس ہونے کی وجہ سے آپ کو کچھ مسائل کا سامنا دوران سفرات ہوسکتا ہے 20 فروری تا 17 مارچ ،9 اکتوبر تا 8 نومبر اور 4 دسمبر تا 30 دسمبر کے ایام میں زہرہ نحس گھروں میں مقیم ہوگا ان دنوں میں نزدیکی تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں جبکہ سفرات میں مشکلات درپیش آسکتی ہیں چھوٹے بہن بھائیوں اور اہل محلہ کے ساتھ تعلقات پر خاص نگاہ رکھیں۔

جعلی ایپلی کیشن سے ہوشیار رہیں اصلی امامیہ جنتری کی ایپ انسٹال کرنے کے لیے امامیہ جنتری کی آفیشل ایپ گوگل سے سرچ کریں ... امامیہ جنتری کی آفیشل ایپ گوگل پلے اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیجئے۔



www.shiaqurantutors.com

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات** مشتری جو کہ آٹھویں گھر کا حاکم ستارہ ہے سال گذشتہ سے نویں گھر نحس حالت میں موجود ہونے کی وجہ سے وراثتی مسائل میں تاخیر اور قرضوں میں اضافہ کا باعث بنتا رہا ہے اس سال 16 مئی کو دسویں برج ثور میں آ جانے سے کاروباری قرضوں میں کمی واقع ہونے اور وراثتی مسائل حل ہونے کے امکانات بڑھ جائیں گے۔ 3 اپریل تا 11 جون عطارد کی دسویں موجودگی مالی امور اور کاروباری امور قرضوں کی ادائیگی اور نئے قرضوں کے حصول کے لئے اچھے اوقات ہونگے یہاں 7 مارچ کو زحل کا آٹھویں گھر میں قیام ڈھائی سالوں میں آپ کو قرضوں میں الجھا سکتا ہے اور کثیر قرضے یا بڑی شراکتی سرمایہ داری آپ کو مالی پیچیدگی میں مبتلا کر سکتی ہے۔ زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے ایام کے دوران مالی وشراکتی معاملات مین الجھنیں پیدا ہونے اور تاخیر ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں

**حج زیارات بیرون ملک سفرات و اعلیٰ تعلیم**

16 مئی تک مشتری کا نویں گھر میں قیام اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو مسلسل التوا اور تاخیر دے سکتا ہے لیکن حج زیارات اور عمرہ کے سفرات میں یہاں مشتری معاون ثابت ہوگا۔ 20 مارچ تا 20 اپریل ذاتی ستارہ شمس نویں گھر شرف یاب ہونے اور مشتری کے ساتھ قران کرنے سے بیرون ملک سفرات میں جاری رکاوٹوں کے خاتمہ کا باعث بنے گا۔ اعلیٰ تعلیم یا مذہبی سفرات یا کاروباری سفرات کے حوالہ سے یہ ایک اہم وقت ہوگا۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے درمیان اور شمس کا 20 ستمبر تا 20 اکتوبر کے درمیان میزان میں ہونا سفرات میں التوا اور قانونی پیچیدگیوں کو سامنے لا سکتا ہے ان دنوں سفرات کرنے والے محتاط رہیں۔

**امیدیں خواہشات ودوست احباب** اوائل سال تا 3 مارچ امیدوں خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے اہم ثابت ہونگے جبکہ 11 جون تا 27 جون اور 29 جولائی تا 5 اکتوبر عطارد کا گیارہویں اور دوسرے گھر میں قیام دوست احباب کا تعاون حاصل رہنے اور ان سے واسطہ امیدیں مکمل ہونے کے لحاظ سے سعد اوقات ہونگے۔ عطارد کی رجعت اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک امیدیں مکمل نا ہونا خواہشات کو ترک دینا اور دوست احباب کے ساتھ تعلقات میں کمی یا ان بن سامنے آ سکتی ہے۔

**امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور** مریخ 25 مارچ تا 20 مئی بارہویں گھر ہبوط میں ہوگا انہی دنوں قمر در عقرب اور قمر کی نحوستوں کی وجہ سے امیگریشن کے کاموں میں التوا اور قانونی مسائل پیدا ہونگے خفیہ عشق ومحبت اور دیگر خفیہ امور لوگوں کے سامنے آ سکتے ہیں۔ تاہم 20 مئی تا 10 جولائی کے درمیان امیگریشن کے کاموں میں پیش رفت ہوگی۔ ان دنوں میں رکے ہوئے کام ہو سکیں گے۔ عطارد 27 جون تا 11 جولائی بارہویں گھر ہوگا دوست احباب آپ کے راز کھول سکتے ہیں۔ روحانی امور اوائل سال تا مئی نہایت سازگار رہیں گے ان ایام تک روحانی سفرات اور علم حصول کامیابیاں لا سکتا ہے۔

**قمری و شمسی گرہن** دو شمسی گرہن نویں اور تیسرے گھر میں لگیں گے جو سفرات میں مشکلات کے ساتھ بیرون ملک مقیم افراد کو قانونی پیچیدگیاں دے سکتے ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ اختلافات سامنے آ سکتے ہیں۔ دوسرا شمسی گرہن کیتو کے ساتھ لگے گا جو چھوٹے بہن یا بھائی کے حوالہ سے بری خبر سامنے آنے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ دو قمری گرہن چوتھے اور دسویں گھر میں لگیں گے اہل خانہ خصوصا والدہ کی صحت کا خیال رکھیں پراپرٹی اور زمین جائیداد کے مسائل کے ساتھ کاروباری نقصانات ہو سکتے ہیں گرہن کی تاریخیں جنتری سے نوٹ کریں نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کے ساتھ گرہن کے صدقات سے آپ خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

**صدقات وظائف اور جواہرات** گندم باجرہ حسب توفیق بروز اتوار دینا معمول بنا لیں جبکہ اس سال ہفتہ کو 350 گرام کالے ماش اور جمعرات کو 300 گرام مونگ کی دال کا صدقہ دینا آپ کے لیئے فائدہ مند ہوگا یا اللہ یا مسھل یا کریم 100 مرتبہ پڑھنا ہر نماز کے بعد فوائد دے گا۔ پکھراج اور یاقوت کا استعمال آپ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات اور تفصیلات کے لیے امامیہ جنتری کی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں یا ہمارے نمبر پر رابطہ کریں

اصلی معیاری اور سرٹیفائیڈ نگینے




خریدنے کے لئے ابھی رابطہ کریں۔ 03 111 888 668

جانیے ہر اسلامی ماہ کے اعمال امامیہ جنتری کی آفیشل موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

## سنبلہ VIRGO سیارہ: عطارد
24 Aug - 23 Sep



دن: بدھ عدد: 5 حروف: پ، غ

رنگ: گہرا زرد، پیلا

عنصر: خاکی

جواہر: گومیدک زرد، عقیق، فیروزہ

بہترین شریک حیات: جدی، ثور

ناموافق ساتھی: قوس، حوت، جوزا

بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریوں، السر، کان کی تکالیف

**ستاروں کی گردش واہم معاملات** زحل چھٹے اور ساتویں گھر کا حاکم ہو کر اس سال 07 مارچ کو برج حوت ساتویں گھر میں داخل ہو جائے گا۔ گھریلو و کاروباری معاملات میں اور آپ کے شخصی وقار میں کچھ مسائل رونما ہونگے آپ کو اس سال معاشرتی و سماجی سطح پر دباؤ اور انگشت نمائی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ تاہم ازدواجی سماجی و معاشرتی سطح پر آپ مضبوط ہونگے۔ لیکن اسکے ساتھ ہی یہ مسائل آپ کی شخصیت اور سوچ میں مثبت تبدیلی کا باعث بھی بنیں گے۔ پلوٹو 23 مارچ کو چھٹے گھر برج دلو میں داخل ہوگا ایکسں سال تک پلوٹو کا قیام چھٹے گھر میں رہے گا۔ پلوٹو یہاں آپ کو صحت کے مسائل سے دوچار کر سکتا ہے جبکہ ملازمت پیشہ افراد اور کاروباری افراد کو از سر نو کاروباری معاملات کی تشکیل اور آنے والے دنوں کے لئے خود کو تیار ہونے کا موقع فراہم کرے گا۔ مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں آٹھویں گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور نویں گھر میں داخل ہو جائے گا مشتری آپ کے زائچہ میں چوتھے اور ساتویں گھرون کا مالک ستارہ ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست پانچویں اور پہلے گھر پر ہوگی۔ نویں گھر میں مشتری مذہبی و روحانی معاملات کے ساتھ قسمت میں بہتری لائے گا امپورٹ ایکسپورٹ بیرون ملک سفرات لین دین اور تجارت فائدہ مند ثابت ہوگی اس کے ساتھ ہی مشتری کی نظرات آپکی ذات میں نکھار وقار میں اضافہ اور بچوں سے منسلک مسائل میں بہتری لانے کا باعث بنے گی۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** عطارد جو کہ آپ کے زائچہ میں دسویں اور پہلے گھروں کا مالک ستارہ ہے اوائل سال سے ہی رجعت میں ہوگا اور 11 فروری کو چھٹے گھر میں داخل ہوگا اور 3 مارچ کو حوت میں داخل ہوگا ملازمت پیشہ افراد اور کاروباری افراد دونوں کسی غلطی کی بناء پر متاثر ہوسکتے ہیں 17 مارچ سے حالات سنبھلنے لگیں گے اور جولائی تک اتار چڑھاؤ آئے گا لیکن حالات آپکے قابو میں رہیں گے۔ زہرہ کا وبال 9 اکتوبر تا 8 ستمبر اور عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک کے ایام میں اپنی عزت وقار پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نا کریں تلخیوں ان بن اور لڑائیوں سے گریز کریں ورنہ مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔

**معاشی و مالی استحکام** زہرہ مالی معاملات کا ستارہ 27 جنوری کو ساتویں گھر میں شرف یاب ہوگا شراکتی امور میں بہتری مالی معاملات اور فیلڈ ورک سے منسلک لوگوں کو مالی طور پر آسانیاں اور فوائد کا حصول ہوگا۔ 17 مارچ تا 11 اپریل اور 8 نومبر تا 4 دسمبر زہرہ کا نویں گھر اور دوسرے گھر میں قیام مالی معاملات کے حوالہ سے اچھا ہوگا۔ انہی اوقات میں مشتری کی نویں گھر میں موجودگی 16 مئی کے بعد آپ کے مالی معاملات میں بہتری اور خوش قسمتی کے لیئے بہترین اوقات ہونگے۔ زہرہ کا وبال 9 اکتوبر تا 8 ستمبر اور 4 دسمبر تا 30 دسمبر کے درمیان مالیاتی نظام میں خرابی یا نقصانات اور اچانک اخراجات بھی رونما ہوسکتے ہیں ان ایام میں محتاط رہیں۔

**منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری** 7 مارچ کو زحل کا داخلہ آٹھویں گھر میں ہوجائے گا اولاد کے خواہشمند افراد کو یہاں زحل تاخیر دے سکتا ہے بچوں کی صحت اور اولاد کے معاملات کے حوالہ سے پریشانیوں میں اضافہ ممکن ہوسکتا ہے۔ اس سال زحل کی نشست انعامی اسکیموں یا لاٹری میں سرمایہ لگانے والوں کے لئے اچھی ثابت نا ہوگی۔ لیکن اسکے ساتھ ہی زہرہ جب آنے والے سال جدی میں داخل ہوگا اور مشتری کی نویں نظر سے آپ کو انعام لگنے اور لاٹری لگنے یا مالی معاملات کے حوالہ سے اور اسٹاک مارکیٹ کے حوالہ سے سرمایہ کاری میں بہترین وقت میسر آئے گا۔ منگنی یا نسبت طے کرنے والے افراد زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر کے درمیان محتاط رہیں۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** مشتری چوتھے گھر کا مالک ہو کر اوائل سال 16 مئی تک آٹھویں گھر میں رہے گا رہائش و زمین جائیداد سے متعلق مسائل میں قدرے بہتری آنے کا امکان ہوگا خصوصا وراثتی جائیداد کو حصول ان اوقات میں آپ کو ہوسکتا ہے لیکن اسکے ساتھ ہی مشتری کی آٹھویں موجودگی اہل خانہ و والدہ کی صحت کے حوالہ سے منفی ثابت ہوگی۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت اگر آپ کرنا چاہتے ہیں تو بہتر ہوگا 16 مئی تک خریداری روک دیں۔ مئی کے بعد مشتری کا نویں گھر میں داخلہ زمین جائیداد سے منافع کے حصول اور اچھی جائیداد کی خریداری ہونے کے امکانات زیادہ ہوسکتے ہیں۔ ان دنوں پراپرٹی میں سرمایہ کاری آنے والے وقتوں میں آپ کے لیے اچھے منافع کا باعث بن سکتی ہے۔

**شراکتی ازدواجی و معاملات و شادی بیاہ** مشتری ساتویں گھر کا مالک ہو کر اوائل سال 16 مئی تک آٹھویں گھر میں رہے گا شراکتی معاملات خصوصا کاروباری و مالی شراکت داری کے لحاظ سے یہ وقت سازگار ہوگا ایسے افراد جنکی شادیاں کسی وجہ سے رکی ہوئی ہیں انہیں ان ایام میں شادی کر لینی چاہئے۔ 3 مارچ تا 19 مارچ کے درمیان عطارد کی ساتویں گھر میں

اقوال زریں اور احادیث پڑھنے اور دوست احباب کو بھیجنے کے لیے امامیہ جنتری کی آفیشل ایپ ڈاؤن لوڈ کیجئے



www.shiaqurantutors.com

موجودگی کسی قسم کے بھی شراکتی معاہدون کے لئے سازگار ط وقت نا ہوگا ان ایام میں شادی بیاہ کرنے سے گریز کریں اور کسی سعد اور مناسب وقت کا انتخاب کریں۔ شراکت داروں میں ان دنوں میں شکوک شبہات اور عدم اعتماد شراکت داری ختم ہونے کا باعث بن سکتی ہے۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے درمیان شراکتی کاروباری وازدواجی معاملات کی بنیاد رکھنے سے گریز کریں

**تعلقات عامہ سفرات و نزدیکی تعلقات** مریخ تعلقات عامہ اور نزدیکی سفرات کا حاکم ستارہ ہو کر ابتدائے سال سے 13 جنوری تک رجعت میں ہوگا دسویں گھر میں مریخ کی رجعت کاروباری سفرات میں التوا اور تاخیر کا باعث بن سکتی ہے جبکہ 25 مارچ تا 20 مئی مریخ کی گیارہویں گھر وبال یافتہ موجودگی دوست احباب اور کاروباری لوگوں کے ساتھ تعلقات کے حوالہ سے اچھی نا ہوگی۔ بے جا سفرات سے گریز کریں۔ 12 اکتوبر تا 25 نومبر کے درمیان کا وقت نہایت سعد ہوگا بہن بھائیوں سے ناراضگیاں ختم کرنے کی کوششیں کامیاب ہونے کے ساتھ تعلقات کی از سر نو تشکیل کے حوالہ سے سعد وقت ہوگا ان دنوں میں کئے گئے سفرات حوصلہ افزا اور نتائج کے حصول کے حوالہ سے اہم ثابت ہونگے۔

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات** 7 مارچ کو زحل کے ساتویں گھر آنے اور 16 مئی تک مشتری کی آٹھویں گھر موجودگی شراکتی معاملات میں سستی اور تاخیر لائے گی ان ایام میں وراثتی معاملات بھی سرد مہری کا شکار رہیں گے۔ سال گذشتہ سے اکثر سنبلہ افراد کے قرضوں میں اضافہ ہوا ہے لیکن مشتری کے نویں گھر 16 مئی کو داخل ہوجانے سے قرضوں میں کمی اور ادائیگی کے لئے مالی معاملات میں بہتری پیدا ہوگی، کاروبار میں اضافہ کے خواہش مند حضرات کو مئی کے بعد نئے شراکت دار ملنے اور کاروباری معاملات کو وسعت دینے کے واضح امکانات ہیں۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر نویں گھر میں عارضی تعطل اور تاخیر کا باعث بن سکتی ہے ممکن ہے ان دنوں آپ کو شراکت داروں کی جانب سے مالی و ذاتی معاونت نا مل سکے۔

**حج زیارات بیرون ملک سفرات و اعلیٰ تعلیم** زہرہ 27 جنوری تا 20 فروری ساتویں شرف یاب ہوگا بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند ان دنوں میں کاغذی کاروائیوں کا آغاز کردیں حج زیارات و عمرہ کی ادائیگی کے خواہش مند بھی ان ایام میں کاغذی کاروائیوں کا آغاز کردیں۔ لیکن 16 مئی کو مشتری کے نویں گھر داخل ہوجانے سے 13 ماہ کے لئے اعلیٰ تعلیم و مذہبی سفرات کے حوالہ سے نہایت سازگار ہونگے ان ایام میں اکثر افراد تعلیم کے حوالہ سے ملکی و غیر ملکی اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ حاصل کرسکیں گے۔ غیر ملک تجارت سے منسلک افراد کو بھی مشتری یہاں فوائد دے گا اور اسکے ساتھ ہی بیرون ملک مقیم سنبلہ افراد کے لئے یہ سال کسی سنہرے سال سے کم نا ہوگا۔

**امیدیں خواہشات و دوست احباب** قمر آپکی امیدوں اور خواہشات کی تکمیل میں معاون ستارہ ہے ہر ماہ نوویں گھر شرف، گیارہویں گھر فرح اور پہلے گھر میں اوج یافتہ ہوکر دوست احباب سے واسطہ امیدوں کی تکمیل میں معاون ثابت ہوتا اسی کے ساتھ ہر ماہ قمر کا وبال تیسرے گھر میں معاملات خراب ہونے کو بھی ظاہر کرتا ہے اگر آپ اپنی امیدوں اور خواہشات کی تکمیل میں بہتری لانا چاہتے ہیں تو ہر پیر کو 200 گرام چاول کا صدقہ پرندوں کو یا پانی میں ڈالنا معمول بنالیں۔

**امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور** 16 مئی کو مشتری کی نویں گھر میں آمد اور اور پہلے گھر پر پانچویں نظر آپ کو عبادات مذہب اور روحانیت کی جانب لے جائے گی۔ روحانی درجات میں اضافہ ممکن ہوگا اسکے ساتھ ہی آپکو مذہبی سفرات حج عمرہ یا زیارات کو شرف بھی حاصل ہوگا۔ امیگریشن کے حوالہ سے 21 جولائی تا 21 اگست کا وقت نہایت سازگار ہوگا مشتری نویں اور شمس بارہویں اپنے گھروں میں موجود رہ کر آپ کو امیگریشن کے کاموں میں کامیابیاں ملنے کے امکانات ہونگے روحانی معاملات ان دنوں میں عروج پر رہیں گے۔ 20 ستمبر تا 20 اکتوبر میزان میں شمس کا قیام خفیہ معاملات سامنے آنے کے واقعات رونما ہوسکتے ہیں۔

**قمری و شمسی گرہن** دو شمسی گرہن آٹھویں اور دوسرے گھر میں لگیں گے جو مالی مسائل پیدا کرنے اور مالی نظام میں مشکلات لا سکتے ہیں دوسرا شمسی گرہن کیتو کے ساتھ لگے گا جو خصوصا مالی طور پر آپ کو کمزور کرسکتا ہے صحت کے مسائل اور سینہ و دل کے امراض پیدا کرسکتا ہے۔ دو قمری گرہن تیسرے اور نویں گھر میں لگیں گے بہن بھائیوں میں اختلافات یا بہن بھائیوں کی جانب سے کسی قسم کی بری خبر ملنے کا امکان اور امپورٹ ایکسپورٹ و تجارت سے منسلک افراد کو اچانک مالی نقصان قمری گرہن کی وجہ سے ہوسکتے ہیں۔ گرہن کی تاریخیں جنتری سے نوٹ کریں نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی کے ساتھ گرہن کے صدقات سے آپ خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

**صدقات وظائف اور جواہرات** زمرد اور زرد عقیق پکھراج یا زرقون کا پتھر آپ استعمال کرسکتے ہیں۔ صدقات میں کالی ماش 350 گرام بروز ہفتہ اور سبز چارہ 5 کلو یا 500 گرام ثابت مونگ کی دال کا صدقہ دینا معمول بنالیں۔ **یا اللہ یا علیم یا عظیم** کا ورد 140 مرتبہ روزانہ ہر نماز کے بعد کریں۔ مزید تفصیلات یا معلومات کے لیے امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر پر کال کریں۔ اور امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپ ڈاون لوڈ کریں۔

**انمول تسبیح:** ہر مصیبت سے خلاصی کے لئے 11 مرتبہ ہر نماز کے بعد مع اول و آخر درود تین مرتبہ پڑھیں۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ



Imamia Jantri Application www.imamiajantri.com/share
www.shiaqurantutors.com

## میزان LIBRA

24 Sep - 23 Oct

سیارہ: زہرہ



**دن:** جمعہ **عدد:** ۶ **حروف:** ر، ت، ط

**رنگ:** ________ نیلا، زردی مائل سبز، نارنجی

**عنصر:** ________ ہوا

**جواہر:** ________ ہیرا، اوپل

**بہترین شریک حیات:** ________ دلو، جوزا

**ناموافق ساتھی:** ________ جدی، حمل

**بیماریاں:** نزلہ، زکام، سر درد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریاں

**ستاروں کی گردش واہم معاملات** زحل چوتھے اور پانچویں گھر کا حاکم ہوکر اس سال 07 مارچ کو برج حوت چھٹے گھر میں داخل ہو جائے گا۔ آپ کو ظاہری مخالفتوں اور دشمنیوں کا سامنا ہوسکتا ہے صحت کی خرابی خصوصا پیٹ اور آنتوں کی تکالیف کا خیال رکھیں جبکہ ملازمت پیشہ افراد کو آفس میں اسکینڈلز اور پریشانیوں کے ساتھ دباؤ کا سامنا ہوسکتا ہے۔ پلوٹو 23 مارچ کو پانچویں گھر برج دلو میں داخل ہوگا اکیس سال تک پلوٹو کا قیام پانچویں گھر میں رہے گا۔ پلوٹو یہاں آپ کو تخلیقی کاموں کی جانب لے جائے گا اولاد سے متعلق سوچ میں مثبت تبدیلی کے ساتھ اولاد کی جانب دھیان زیادہ ہوگا اسٹاک مارکیٹ والوں کو فوائد کے ساتھ عشق ومحبت کرنے والوں کو نئی محبت مل سکے گی ۔مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں ساتویں گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور آٹھویں گھر میں داخل ہو جائے گا مشتری آپ کے زائچہ میں تیسرے اور چھٹے گھروں کا مالک ستارہ ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست بارہویں اور چوتھے گھر پر ہوگی۔ آٹھویں گھر میں مشتری کی موجودگی ازدواجی معاملات میں بہتری کے ساتھ سسرالی تعلقات میں اضافہ اور بہتری لائے گی علوم مخفی کی جانب رجحان میں اضافہ کے ساتھ شراکتی معاملات ووراثتی معاملات میں بہتری آنے کی توقع ہوگی اس کے ساتھ ہی مشتری کی نظرات امیگریشن اور روحانی امور میں معاون ثابت ہوگی جبکہ پراپرٹی اور زمین جائیداد سے فوائد کا حصول ممکن ہوسکتا ہے۔ 17 جولائی کو کیتو کا داخلہ پہلے گھر میں ہو جائے گا جو ذہنی دباؤ نیند میں کمی اور اعصابی تکالیف لاسکتا ہے۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** 27 جنوری تک زہرہ پانچویں گھر رہتے ہوئے اولاد اور بچوں کے ساتھ بہترین تعلقات دیگا جبکہ عشق ومحبت میں کامیابی اور معاشرتی مقام میں اضافہ کا باعث بنے گا 27 جنوری سے 20 فروری تک ملازمت پیشہ افراد کو اور ملازمین کے ساتھ آپکے شخصی وقار میں اضافہ اور دفتری امور میں عزت وقار میں اضافہ سامنے آئے گا۔ 11 اپریل سے 7 مئی تک زہرہ کا اوج یافتہ ہونا بڑے بہن بھائیوں اور بزرگوں کے ساتھ اہل خانہ کے ساتھ اچھے تعلقات قائم ہونے کا وقت ہوگا 5 جون تا 19 کتوبر زہرہ کا اسد میں قیام کاروباری لوگوں میں آپکی شخصیت مرکز نگاہ بن سکے گی 8 نومبر تا 4 دسمبر زہرہ میزان میں قیام کرتے ہوئے آپ کے معاملات زندگی میں بہتری عزت وقار میں اضافہ اور معاشرے میں اچھے مقام کو قائم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

**معاشی و مالی استحکام:** مریخ آپکے مالی معاملات کا ستارہ ہے اور مریخ کا دشمن قمر ہر ماہ ڈھائی دن کے لئے آپکے دوسرے گھر میں قیام کرتے ہوئے مالی معاملات میں اکھاڑ پچھاڑ کا باعث بنتا ہے ۔مریخ 13 جنوری تک رجعت میں رہتے ہوئے قسمت اور مالی معاملات میں پریشانیاں لانے کا باعث بنے گا ہی لیکن یہ پریشانی 25 مارچ تک آپ کے مالی معاملات کو ہلکا پھلکا متاثر کرے گی لیکن 25 مارچ سے 20 مئی کے درمیان مریخ دسویں سرطان میں ہبوط یافتہ ہوکر کاروبار سے آمدنی میں کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ تاہم 20 مئی تا 10 جولائی گیارہویں گھر مریخ کا قیام روپیہ پیسہ اور مالی معاملات سے وابستہ امیدیں تکمیل کی جانب بڑھیں گی اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہوسکے گا۔ 10 جولائی تا 17 اکتوبر مریخ کی بارہویں اور پہلے گھر موجودگی اچھی نا ہوگی تاہم 17 اکتوبر تا 24 نومبر مریخ کا مال کے گھر میں قیام مالی معاملات میں جاری رکاوٹوں میں خاتمہ کا باعث بنے گا۔

**منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری** گزشتہ ڈھائی سال سے زحل کی پانچویں گھر میں موجودگی منگنی نسبت کے معاملات میں کسی نا کسی قسم کی تاخیر لاتی رہی ہے ان سالوں میں بچوں کی جانب سے معاملات صحت اور تعلیم میں رکاوٹ یا تاخیر رہی ہوگی بے اولاد جوڑوں کو البتہ یہاں اولاد کی خوشیاں زحل کے قیام کے درمیان ملی ہونگی ۔دوسری جانب مشتری کا آٹھویں گھر میں داخلہ 16 مئی کو ہوجانے سے شادی بیاہ میں جاری رکاوٹوں میں کمی آنے کا امکان ہوگا ۔اسٹاک مارکیٹ اور انعامی اسکیموں میں گذشتہ سالوں سے اس سال کے مارچ تک خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوا ہوگا لیکن زحل کے نکل جانے سے اب آپ کی سرمایہ کاری میں فوائد آنا شروع ہوجائیں گے۔ زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر کے درمیان منگنی نسبت طے کرنے سے ٹوٹنے کے امکانات ہوسکتے ہیں محتاط رہیں۔

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** چوتھے گھر کا حاکم ستارہ زحل 7 مارچ تک پانچویں گھر رہتے ہوئے اہل خانہ کے ساتھ سرد مہری اور رویہ میں خرابی کا باعث بنتا رہا ہے تاہم مارچ کے بعد زحل کا داخلہ چھٹے گھر ہوجانے سے اہل خانہ کا رویہ نارمل ہونا شروع ہوجائے گا۔ والدہ کی صحت میں اب بہتری آنا شروع ہوجائے گی ۔ پراپرٹی اور زمین جائیداد زحل کے پانچویں قیام کی وجہ سے اپنی کم قدر پر رہی اور ان دنوں میں زمین جائیداد کی فروخت سے آپ کو متوقع دام نا ملنے کا سامنا کرنا پڑا اس میں بھی بہتری آنے کا امکان ہے۔

Iftikhar Book Depot is the registered copyright owner of Imamia jantri. We haven't authorized anyone to publish its content digitally


سپر بک ڈپو اینڈ سٹیشنری علمدار چوک اسکردو بلتستان
اسلامی کتب خانہ قتل گاہ مارکیٹ اسکردو 0347-7766644
www.shiaqurantutors.com

## شراکتی ازدواجی ومعاملات وشادی بیاہ

مشتری 16 مئی تک ساتویں گھر میں قیام کرے گا شادی بیاہ وازدواجی معاملات میں جاری مسائل کے خاتمہ کا سبب بنے گا جبکہ مشتری یہاں شراکتی معاملات کے حوالہ سے بھی نیک ثابت ہوگا میزان افراد جن کی شادی نہیں ہوسکی ان ایام میں شادی بیاہ کی کوششیں تیز کردیں۔ناراض جوڑوں کے درمیان صلح جائی کی کوششیں طلاق اور علیحدگی کی نوبت سے بچا سکتی ہیں جبکہ شمس کا 20 مارچ تا 20 اپریل اعلیٰ خاندان سے رشتے آنے اور تعلق بننے کے امکانات ہوسکتے ہیں۔16 مئی کو مشتری آٹھویں گھر برج ثور میں داخل ہوکر سسرالی ناراضگیوں میں کمی کا باعث بنے گا سسرالی رشتوں میں عزت وقار میں اضافہ ہوگا یہاں مشتری شراکتی امور میں بھی بہتر حالات لائے گا۔مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے ایام میں شراکتی معاملات میں احتیاط برتیں۔

## تعلقات عامہ سفرات ونزدیکی تعلقات

مشتری تیسرے گھر کا حاکم ہوکر مئی تک بیوی بچوں کے ساتھ سفرات درپیش آسکتے ہیں جبکہ 16 مئی تک سسرالی رشتوں اور تعلق داروں کے ساتھ ساتھ دوست احباب کی جانب بھی سفرات میں اضافہ ممکن ہوسکتا ہے سماجی و معاشرتی تعلقات مین اضافہ ہوگا فیلڈ ورک کے کاموں سے منسلک لوگوں کو مشتری کی ساتویں ار آٹھویں گھر میں موجودگی زیادہ راس آئے گی ممکن ہے کہ نوکری پیشہ افراد کو تبادلہ کسی دوسرے قریبی شہر میں ہوجائے اور روزانہ سفرات درپیش آئیں مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر مشتری کی رجعت کے ایام کے درمیان سفرات سے متوقع اہداف کا حصول ہونا مشکل ہوسکتا ہے۔

## وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات

زہرہ وراثتی معاملات کا حاکم ہوکر 27 جنوری تا 20 فروری چھٹے گھر میں شرف یاب ہوگا ظاہری مخالفین ان دنوں راضی ہوسکتے ہیں وراثت میں جاری رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا قرضوں کے حصول کے خواہش مند حضرات کو ان دنوں متوقع قرضے مل سکیں گے شراکت داروں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی دوست احباب اور تعلق داروں کی مدد سے آپ وراثتی مسائل حل کرنے کی کوشش کریں۔کامیاب ہونگے۔زہرہ کی نحوست کے ایام 20 فروری تا 17 مارچ، 9 اکتوبر تا 8 نومبر اور 4 دسمبر تا 30 دسمبر کے درمیان قرضوں کی ادائیگی میں تاخیر نا کریں ورنہ معاملات میں مشکلات اور الجھنیں پیدا ہونے اور قانونی چارہ جائی کا بھی سامنا ہوسکتا ہے۔

## حج زیارات بیرون ملک سفرات و اعلیٰ تعلیم

عطارد نویں گھر کا مالک ہوکر 3 مارچ تا 19 مارچ 10 نومبر تا کم دسمبر نحس ہوگا اسکے علاوہ عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک کے ایام میں بیرون ملک سفرات کے لئے کی گئی کاوشیں کامیابی سے ہمکنار نہ ہونگی قانونی اعتراضات کاغذی کاروائیوں میں لگ سکتے ہیں۔11 اپریل تا 7 مئی، 9 نومبر تا 4 دسمبر کے ایام اور عطارد کا شرف جوکہ 9 اگست اور 25 ستمبر دوبار شرف میں ہوگا ان ایام میں آپ بیرون ملک سفرات خواہ کاروباری یا اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے کریں یا مذہبی سفرات کریں کامیاب رہیں گے اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو ان دنوں میں داخلے اندرون یا بیرون ملک اعلیٰ تعلیمی اداروں مین مل سکتے ہیں۔سال کے باقی ایام میں معاملات ملے جلے رہیں گے

## امیدیں خواہشات ودوست احباب

شمس گیارہویں گھر کا حاکم ہوکر 20 مارچ تک جدی اور دلو میں ہوتے ہوئے دوست احباب سے وابسطہ کاموں میں تاخیر لائے گا ان دنوں میں دوست احباب کی مشاورت کسی قسم کے نقصان کا باعث بھی بن سکتی ہے تاہم 20 مارچ تا 20 اپریل شمس کا شرف اور 21 جولائی تا 21 اگست شمس کا اسد میں قیام دوست احباب کی جانب سے صائب مشاورت اور ہمت افزائی کے ساتھ مالی وجسمانی دونوں قسم کا تعاون حاصل رہے گا۔مریخ کا یہاں اوج دوست احباب کی جانب سے سماجی ومعاشرتی سطح پر آپ کے ساتھ چلنا اور کام کاروبار سے وابسطہ امیدوں کی تکمیل کے حوالہ سے نہایت اہم وقت ثابت ہوگا۔

## امیگریشن خفیہ معاملات وروحانی امور

عطارد کا نویں اور بارہویں گھروں میں قیام جوزا میں 11 جون تا 27 جون اور 29 جولائی تا 5 اکتوبر امیگریشن کے حوالہ سے سعد اوقات ہونگے۔اس سال دوبار عطارد کا شرف 9 اگست اور 25 ستمبر امیگریشن کے حوالہ سے نہایت سعد ثابت ہونگے۔روحانی معاملات کے حوالہ سے جوزا میں 11 جون تا 27 جون کے درمیان روحانی ومذہبی رجحان میں اضافہ ہوگا علوم مخفی کی جانب رغبت اور کسی روحانی مرشد یا استاد کی مشاورت ان دنوں میں آپ کو حاصل ہوسکے گی۔

## قمری وشمسی گرہن

دو شمسی گرہن ساتویں اور پہلے گھر میں لگیں گے۔جو ازدواجی شراکتی ومعاشرتی معاملات میں مشکلات لانے کے ساتھ سماجی سطح پر آپ کو کمزور کر سکتے ہیں دوسرا شمسی گرہن کیتو کے ساتھ پہلے گھر لگے گا عزت وقار میں کمی کا باعث بن سکتا ہے صحت میں اچانک کسی بیماری کا ظاہر ہونا اور جسم میں کمزوری اور توانائی میں کمی کا باعث سکتا ہے ۔دو قمری گرہن دوسرے اور آٹھویں گھر میں لگیں گے۔مالی معاملات میں خرابی اچانک اخراجات اور قرضوں میں اضافہ ہونے کے ساتھ ذہنی دباؤ میں اضافہ ممکن ہو سکتا ہے۔گرہن کی تاریخیں جنتری سے نوٹ کریں نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کے ساتھ گرہن کے صدقات سے آپ خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

## صدقات وظائف اور جواہرات

چینی اور سوجی 600 گرام ملا کر

اقوال زریں اور احادیث پڑھنے اور دوست احباب کو بھیجنے کے لیے (16) امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

بروز جمعہ کیڑے مکوڑوں کو صدقہ دینا اور بھنے چنے 300 گرام کا صدقہ بروز جمعرات دینا معمول بنالیں۔ پتھر آپ ہیرا اور نجف سفید پکھراج عمومی طور پر پہن سکتے ہیں جب کہ سفید مرجان کا استعمال اس سال آپ کو لازم کرنا چاہئے ۔ یا اللہ یا کریم یا متعال ۃ کا ورد 222 مرتبہ کیا کریں ہر نماز کے بعد ورد کرنا خصوصاً نماز فجر کے بعد ورد کرنا اچھا ثابت ہوگا۔ مزید تفصیلات یا معلومات کے لیے امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر پر کال کریں۔ اور امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

## عقرب SCORPIO سیارہ: مریخ

24 Oct - 22 Nov



**دن:** منگل **عدد:** ۹ **حروف:** ن، ذ، ض، ظ

**رنگ:** نیلا، سرخ

**عنصر:** آبی

**جواھر:** پکھراج، عقیق، موتی

**بھترین شریک حیات:** حوت، سرطان

**ناموافق ساتھی:** دلو، ثور، اسد

**بیماریاں:** سر، حلق و ناک کی بیماریاں، بچپش، نزلہ، معدہ

**ستاروں کی گردش واھم معاملات** زحل تیسرے اور چوتھے کا حاکم ہوکر اس سال 07 مارچ کو برج حوت پانچویں گھر میں داخل ہوجائے گا۔ بچوں سے متعلق پریشانیاں لاحق ہوسکتی صحت سلامتی بچوں کی متاثر ہوگی جبکہ انعامی اسکیموں اور اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ ڈوبنے کے امکانات ہوسکتے ہیں۔۔ پلوٹو 23 مارچ کو چوتھے گھر برج دلو میں داخل ہوگا اکیس سال تک پلوٹو کا قیام چوتھے گھر میں رہے گا۔ زمین جائیداد اور پراپرٹی سے منسلک فوائد کا حصول اہل خانہ سے اچھے تعلقات گھر میں نئی تحریک یا انقلابی اقدامات کی جانب جائیں گے زمین جائیداد میں اضافہ ہوگا لیکن صحت کے مسائل رونما ہوسکتے ہیں۔ مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں چھٹے گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور ساتویں گھر میں داخل ہوجائے گا مشتری آپ کے زائچہ میں دوسرے اور پانچویں گھروں کا مالک ستارہ ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست گیارہویں اور تیسرے گھر پر ہوگی۔ ساتویں گھر میں مشتری کی موجودگی ازدواجی معاملات میں اور سسرالی تعلقات میں اضافہ اور بہتری لائے گی سماجی و معاشرتی سرگرمیوں سے وابستہ لوگوں کو کامیابیاں ملنے اور معاشرہ میں عزت افزائی ملنے کا امکان ہوگا اس کے ساتھ ہی مشتری کی نظرات دوست احباب کے ساتھ اچھے تعلقات ملازمت و کاروباری معاملات میں رفقاء کے ساتھ اچھے معاملات اور بہن بھائیوں وقریبی تعلق داروں کے ساتھ اچھے تعلقات کا امکان ہوگا۔۔ 17 جولائی کو کیتو کا داخلہ بارہویں گھر میں ہوجائے گا جو ذہنی دباؤ نیند میں کمی اور برے خوابوں کا باعث بن سکتا ہے راہو کی وجہ سے شدید بیماری لاحق ہونے کے امکانات ہوسکتے ہیں۔ ستاروں کی گردش امور زندگی میں کیا ثمرات دے گی اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

**عزت وقار و معاشرتی مقام** مریخ ذاتی ستارہ اس سال جوزا سے قوس کے درمیان گردش کرے گا۔ 13 جنوری تک مریخ رجعت میں آٹھویں گھر ہوگا اور 3 اپریل تک آٹھویں گھر میں رہتے ہوئے مخالفین اور دیگر سماجی و معاشرتی حوالوں سے اچھا ثابت نا ہوگا ان دنوں میں آپ کو عزت وقار اور شخصیت میں بہتری کے حوالہ سے کسی ایسے کام سے گریز کرنا ہوگا جو نقصان دہ ہو۔ 3 اپریل تا 20 مئی سرطان نویں گھر میں ذاتی ستارہ کا ہبوط بڑے بہن بھائیوں والد اور دیگر بزرگوں کی جانب سے آپ کے عزت وقار میں کمی لانے کا باعث بن سکتا ہے 4 دسمبر تا 30 دسمبر زہرہ کا عقرب میں قیام ایک اور مشکل وقت ہوگا۔ تاہم مریخ 20 مئی تا 10 جولائی اسد میں اور 24 نومبر تا آخر سال تک ذاتی برج میں رہتے ہوئے آپکی معاشرتی ذاتی عزت وقار میں اضافہ اور بہتری لانے کا باعث بنیں گے

**معاشی و مالی استحکام** مشتری اس سال 16 مئی تک برج حمل میں چھٹے گھر رہتے ہوئے مالی معاملات میں اتار چڑھاؤ کا باعث بنے گا ملازمت پیشہ افراد کو تنزلی یا تنخواہ میں کٹوتی کا سامنا ہوسکتا ہے دفتری امور میں مخالفین آپکے لئے مشکلات کا باعث بن سکتے ہیں کاروباری افراد کے لحاظ سے دسویں کا مالک شمس چھٹے گھر میں 20 مارچ تا 20 اپریل شرف میں رہتے ہوئے مشتری کے ساتھ اچھے اوقات لائے گا مالی معاملات میں اضافہ ہونے اور بہتری کے امکانات ہونگے۔ 16 مئی کو مشتری ساتویں گھر برج ثور میں داخل ہو جائے گا فیلڈ ورک اور سماجی تنظیموں کے ساتھ کام کرنے والے حضرات کے لئے مالی پوزیشن بہتر بنانے کا ایک سنہرا وقت ہوگا۔ مشتری یہاں مشترکہ مالی مفادات کے حوالہ سے بھی اہم ثابت ہوگا۔

**منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری** پانچویں کا حاکم مشتری ہے جو کہ اوائل سال سے 16 مئی تک چھٹے گھر میں رہے گا اور زحل 7 مارچ تک چوتھے گھر دلو میں رہتے ہوئے گھریلو اختلافات اور اہل خانہ کے مختلف نظریات کی وجہ سے آپ کی منگنی نسبت رکی ہوئی تھی لیکن اس سال 7 مارچ کو زحل پانچویں گھر میں داخل ہوجائے گا اور یہاں زحل کی موجودگی کچھ عقربی افراد کی نسبت طے ہونے میں معاون ثابت ہوگی اور کچھ میں تاخیر ہوگی وہ افراد جنکا زحل پیدائش میں نحس ہے انہیں تاخیر کا سامنا ہوگا ۔تاہم 16 مئی کو مشتری کے ساتویں آجانے سے منگنی اور نسبت طے ہونے کے امکانات روشن ہوجائیں گے ایسے افراد جنکی اب تک منگنی یا رشتہ طے نہیں ہوا انہیں کامیابی ملنے کا امکان ہے۔ اولاد کے خواہش مند افراد کو ان دنوں اولاد کی خوشیاں ملنے کی امید ہوگی آنے والے سال میں انعامی اسکیموں کے حوالہ سے کثیر روپیہ مل سکتا ہے اس سال انعام کا امکان نا ہونے جیسا ہے۔

جعلی ایپلی کیشن سے ہوشیار اصلی امامیہ جنتری ایپ انسٹال کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کا مونوگرام ضرور دیکھیں امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔



ماڈرن سٹیشنری مارٹ نیا بازار اسکردو
بلتستان بک ڈپو نیا بازار اسکردو 05815455166
www.shiaqurantutors.com

**گھر والدہ رہائش و جائیداد** گذشتہ ڈھائی سالوں سے زحل کا چوتھے گھر میں قیام رہا ہے جسکی وجہ سے والدہ اور اہل خانہ کی صحت میں خرابیاں سامنے آتی رہی ہیں اسکے ساتھ گھر میں بے سکونی اور نیند کی کمی بھی ان دنوں رہی ہوگی۔ زمین جائیداد اور پراپرٹی متوقع دام پر نا بکنے اور تاخیر یا التوا رہا ہوگا تاہم اس سال زحل کے پانچویں گھر 7 مارچ کو داخل ہو جانے سے رہائش زمین جائیداد پراپرٹی اور صحت سلامتی کے حوالہ سے بہتری آنا شروع ہو جائے گی سکون میں اضافہ اور اہل خانہ کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے والدہ کی صحت بہتر رہے گی۔ 21 جنوری تا 19 فروری شمس کا وبال چوتھے گھر میں زمین جائیداد اور والدہ کی صحت کے حوالہ سے اچھا نا ہوگا۔ زحل کی رجعت 17 جون تا 4 نومبر کے ایام میں زمین جائیداد گھر رہائش کی تبدیلی میں احتیاط برتیں ورنہ نقصان کا سامنا ہو سکتا ہے۔

**شراکتی ازدواجی ومعاملات و شادی بیاہ** زہرہ 27 جنوری تا 20 فروری پانچویں گھر میں شرف یاب ہوگا پسند کی شادی کرنے والے کامیاب ہو سکیں گے محبت چاہت عشق ان دنوں عروج پر ہوگا۔ 16 مئی کو مشتری ساتویں گھر داخل ہو کر شادی بیاہ میں موجود رکاوٹوں میں کمی کا باعث بنے گا تیرہ مہینے کے لئے مشتری کی سعادت شراکتی معاملات میں بھی آپکو اچھے اثرات دے گی جب کہ نئے شراکتی کام کاروبار کرنے والے افراد 20 جولائی تا 20 اگست کے درمیان شراکتی کام کی بنیاد رکھیں انتہائی سعد و موزوں اوقات ہونگے ان دنوں میں شادی بیاہ کی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہونگی۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر ساتویں گھر میں شراکتی معاملات کے حوالہ سے اچھی ثابت نا ہوگی محتاط رہیں۔

**تعلقات عامہ سفرات و نزدیکی تعلقات** زحل تیسرے گھر کا حاکم ہو کر چوتھے گھر میں 7 مارچ تک موجود رہے گا ان ایام میں بہن بھائیوں اور قریبی تعلق داروں میں معاملات خراب ہو سکتے ہیں۔ سفرات میں دشواری یا مشکلات درپیش آسکتی ہیں۔ تعلقات عامہ مشتری کی ساتویں گھر موجودگی سے بہتر ہونگے 16 مئی کے بعد معاشرتی شراکتی ازدواجی و سماجی تعلقات میں بہتری آنے کا امکان ہے۔

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات** وراثتی امور میں اس سال تاخیر کا امکان ہے خصوصاً زحل کی چوتھی نظر آٹھویں گھر پر ہونے کی وجہ سے شراکتی امور میں تاخیر کا امکان ہے دوسری جانب عطارد 3 مارچ تا 19 مارچ پانچویں گھر رہتے ہوئے مشترکہ مالی مفادات اور شراکتی امور میں بھی مشکلات لائے گا بی شراکت داریاں ٹوٹ سکتی ہیں ان دنوں قرضوں میں اضافہ کا امکان ہوگا۔ 11 جون تا 27 جون عطارد آٹھویں گھر رہتے ہوئے قرضوں کے حصول کے حوالہ سے اچھا ثابت ہوگا شراکتی معاہدے کرنے اور جاری شراکتی معاملات میں بہتری لانے کی کوششیں کامیاب ہونگی۔ 29 جولائی تا 5 اکتوبر کے درمیان عطارد گیارہویں گھر شرف یاب ہوگا دوست احباب کی معاونت اور اعلیٰ عہدیداروں کی معاونت سے آپ وراثتی و شراکتی امور میں بہتری لا سکتے ہیں۔

**حج زیارات بیرون ملک سفرات و اعلیٰ تعلیم** قمر نویں گھر کا مالک ہو کر ہر ماہ عروج زوال سے گزرتا ہوا آپ کے مذہبی رجحان میں کمی بیشی کا باعث بنتا ہے مشتری جو کہ فطرتاً دین مذہب اور مذہبی رجحان کا ستارہ ہے گذشتہ سال چھٹے گھر اور اس سال ساتویں گھر 16 مئی کو داخل ہو جائے گا، کالج اور یونیورسٹیز میں اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو اچھے تعلیمی اداروں میں داخلہ ملنے کا امکان ہوگا تاہم بیرون ملک تعلیمی اداروں میں اس سال قسمت یاوری کرتی نظر نہیں آتی، حج زیارات و عمرہ کے سفرات اس سال درپیش آسکتے ہیں۔

**امیدیں خواہشات و دوست احباب** عطارد گیارہویں گھر کا مالک ہو کر 3 مارچ تا 19 مارچ پانچویں گھر میں نحس ہوگا اسکے ساتھ ہی عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا آخر سال تک کے ایام دوست احباب کے ساتھ افسران بالا کے ساتھ تعلقات میں خرابیاں اور ناراضگیاں لائے گا ان ایام میں امیدوں و خواہشات کی تکمیل نا کام ہوتی نظر آئے گی۔ جبکہ زہرہ 9 اکتوبر تا 8 نومبر کے درمیان گیارہویں گھر ہبوط یافتہ ہو کر اور مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ مریخ 10 جولائی تا 27 اگست کے درمیان گیارہویں گھر رہتے ہوئے سعد ہوگا ان ایام میں دوست احباب افسران بالا اور کاروباری رفقاء کے ساتھ تعاون اور تعلقات بہتر رہیں گے 29 جولائی تا 5 اکتوبر عطارد سنبلہ میں قیام کرتا ہوا دو بار شرف یاب ہو کر دوست احباب اور امیدوں کی تکمیل کے لحاظ سے اہم وقت ثابت ہوگا۔ عطارد کی رجعت کے اوائل سال تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر ،13 دسمبر تا آخر سال تک کے ایام میں محتاط رہنا بہتر ہوگا۔

**امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور** زہرہ اوائل سال 27 جنوری تا 20 فروری کے درمیان پانچویں شرف یافتہ ہو کر روحانی امور میں نئی تخلیق اور نئے جذبے کے ساتھ آپکے رجحان میں اضافہ ہوگا بچوں کو دنیاوی و دینوی تعلیم کے لحاظ سے ان دنوں توجہ دینا اچھا ثابت ہوگا۔ امیگریشن کے کام ان دنوں میں جلد ہو سکتے ہیں۔ 8 نومبر تا 4 دسمبر امیگریشن اور روحانی امور کے ساتھ خفیہ معاملات پر گرفت مضبوط کرنے اور خفیہ دشمنوں پر قابو پانے کے لحاظ سے اہم ایام ہونگے، 4 تا 30 دسمبر کے دوران زہرہ نحس ہوگا امیگریشن کے کام ان دنوں روک دیں اور خفیہ معاملات اور خفیہ دشمنوں پر توجہ دیں روحانی امور میں تعطل یا رکاوٹ سامنے آسکتی ہے۔

جانیے ہر اسلامی ماہ کے اعمال امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔



www.shiaqurantutors.com

## قمری وشمسی گرہن

دو شمسی گرہن چھٹے اور بارہویں گھر میں لگیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو آفس میں اچانک تنزلی یا محکمانہ کاروائیوں کا سامنا ہوسکتا ہے ظاہری وخفیہ دشمن ان دنوں میں پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔ دوسرا شمسی گرہن کیتو کے ساتھ بارہویں گھر لگے گا صحت میں اچانک کسی بیماری کا ظاہر ہونا اوڈر اور خوف میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ دو قمری گرہن پہلے اور ساتویں گھر میں لگیں گے۔ ماذہنی دباؤ میں اضافہ کا باعث بن سکتا ہے ازدواجی وسسرالی تعلقات میں خرابیاں اور پریشانیاں آسکتی ہیں۔ گرہن کی تاریخیں جنتری سے نوٹ کریں نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کے ساتھ گرہن کے صدقات سے آپ خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

## صدقات وظائف اور جواہرات

گوشت منگل کے روز 450 گرام دینا معمول بنالیں جمعرات کے دن مونگ یا چنے کی دال 300 گرام صدقہ دینا مالی معاملات کو بہتر بنانے میں اچھا رہے گا مرجان آپ پہن سکتے ہیں اور زرد پکھراج یا زرد عقیق اور زرقون آپ پہن سکتے ہیں۔ یا اللہ یا قدوس یا عزیز ۃ کا ورد 111 مرتبہ کرنا معمول بنالیں۔ مزید تفصیلات یا معلومات کے لیے امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر پر کال کریں۔ اور امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

**قوس SAGITTARIUS سیارہ: مشتری**
23 Nov - 22 Dec



**دن:** جمعرات **عدد:** ۳ **حروف:** ف
**رنگ:** سفید، سبز
**عنصر:** آتشی
**جواہر:** فیروزہ، حجر القمر
**بہترین شریک حیات:** حمل، اسد
**ناموافق ساتھی:** حوت، جوزا، سنبلہ
**بیماریاں:** عرق النساء، حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابیاں

## ستاروں کی گردش واہم معاملات

زحل دوسرے اور تیسرے کا حاکم ہوکر اس سال 07 مارچ کو برج حوت چوتھے گھر میں داخل ہو جائے گا۔ گھریلو ماحول میں بے سکونی کے ساتھ اہل خانہ میں اختلافات اور صحت خصوصا معدہ اور پیٹ کے امراض لاحق ہو سکتے ہیں زمین جائیداد پراپرٹی کالین دین خسارے کا باعث بن سکتا ہے۔۔ پلوٹو 23 مارچ کو تیسرے گھر برج دلو میں داخل ہوگا اکیس سال تک پلوٹو کا قیام تیسرے گھر میں رہے گا۔ تعلقات عامہ امیں اضافہ ہوگا بہن بھائیوں کے ساتھ معاملات بہتر رہیں گے جبکہ آپ کو ان دنوں میں کثیر سفرات اور قریبی علاقوں کا سفر درپیش ہوسکتا ہے۔ مشتری جو کہ سال گذشتہ سے برج حمل میں پانچویں گھر میں موجود تھا اس سال 16 مئی کو برج ثور چھٹے گھر میں داخل ہو جائے گا مشتری آپ کے زائچہ میں پہلے اور چوتھے گھروں کا مالک ستارہ ہے مشتری کی پانچویں اور نویں نظر براہ راست دسویں اور دوسرے گھر پر ہوگی۔ چھٹے گھر میں مشتری کی موجودگی ملازمت پیشہ افراد کو ملازمت میں ترقی دے کاروباری افراد کو کاروبار میں اضافہ کے ساتھ رفقاء اور دوست احباب کے ساتھ عزت افزائی ملنے کا امکان ہوگا۔ افسران بالا اور دفتری افراد کے ساتھ تعلقات بہتر رہنے کا امکان ہوگا قرض لینے میں جاری رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا ملازمت میں ترقی ملنے کا واضع امکانات ہوسکتے ہیں۔ 17 جولائی کو کیتو کا داخلہ گیارہویں گھر میں ہوجائے گا دوست احباب کے ساتھ تعلقات میں سردمہری اور تنہاپسندی کا عنصر دیکھنے میں آسکتا ہے جبکہ راہو کی وجہ سے بچوں اور اولاد سے متعلقہ مسائل صحت تعلیم اور کاروبار کے مسائل سامنے آسکتے ہیں۔

## عزت وقار ومعاشرتی مقام

آپ کا ذاتی ستارہ مشتری جو گذشتہ سال مئی سے پانچویں گھر میں موجود رہ کر معاملات میں کمی بیشی کا باعث بنتا رہا ہے اس سال مئی 16 تک پانچویں گھر میں قیام کرتا ہوا اوائل سال میں آپ کے لئے کچھ مسائل کا باعث بنے گا۔ معاشرتی عزت وقار کے حوالہ سے مئی تک معاملات بہتر رہیں گے۔ تاہم 16 مئی کے بعد مشتری کا داخلہ چھٹے گھر برج ثور میں ہوجائے گا یہاں مشتری کی موجودگی آپ کو حاسدین اور مخالفین سے محفوظ رکھنے کا باعث بنے گی ملازمت پیشہ افراد کو دفتری معاملات میں مخالفین سے تحفظ حاصل ہوگا افسران بالا کے ساتھ بہترین تعلقات استوار ہونگے آپکے کلاف کی گئی سازشیں ناکام ہونگی۔ مشتری کی رجعت 4 ستمبر تا 31 دسمبر کے درمیان آپ کو ملازمین اور ملازمت دونوں جانب سے نہایت محتاط رہنا ہوگا

## معاشی ومالی استحکام

زحل جو گذشتہ ڈھائی سالوں سے تیسرے گھر میں موجود تھا جسکی وجہ سے آمدنی کا بیشتر حصہ سفرات اور دیگر معاملات کی نظر ہوا اور مالی طور پر آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ بھی نہیں ہوسکا۔ زحل اس سال کی 7 مارچ کو چوتھے گھر برج حوت میں داخل ہوگئے گا اور براہ راست ساتویں اور پہلے گھروں کے ساتھ دسویں گھر کو متاثر کرے گا۔ ایک تو زحل کی وجہ سے گھریلو امور میں پیسہ زیادہ خرچ ہوگا اور صحت سلامتی کے مسائل بھی لاحق رہیں گے اسکے ساتھ ہی کاروباری معاملات میں بھی کمی واقع ہونے کے امکانات ہوسکتے ہیں اس لئے کہ زحل کی ساتویں نظر دسویں گھر پر کاروبار اور کیریئر میں کمی کا باعث بن سکتی ہے۔۔ ملازمت پیشہ وکاروباری دونوں افراد متاثر ہوسکتے ہیں لیکن 16 مئی کو مشتری کا چھٹے گھر میں داخلہ اور دوسری اور دسویں گھروں پر نظر آنے والے سال مئی تک آپ کو مالی تحفظ فراہم کرے گی۔ زحل کی نحوست کے صدقات دیتے رہیں اللہ محفوظ رکھے گا۔

قرآن پاک ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کے لیے امامیہ جنتری کی آفیشل موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔



www.shiaqurantutors.com

**منگنی اولاد انعامی بانڈز ولاٹری**

سال گذشتہ کی مئی سے مشتری کا پانچویں گھر میں قیام اور مریخ کا شرف آپ کو انعامی اسکیموں اور بانڈز وغیرہ کے لحاظ سے سعد وقت دیتا رہا ہے اس سال بھی آپ 16 مئی تک انعامی اسکیموں بانڈز اور لاٹری میں حصہ لے سکتے ہیں اسٹاک مارکیٹ اور سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اس ایک سال میں آپکی نسبت اور منگنی طے ہونے کے مواقع نہیں آئے تو آپ 16 مئی تک مشتری کی سعادت سے فائدہ اٹھائیں اور نسبت یا منگنی طے کرلیں، بے اولاد جوڑوں کو ان دنوں مین اولاد کی خوشیاں ملنے کی امید ہوگی مریخ کی نحوست 25 مارچ تا 20 مئی آٹھویں گھر میں انعامی اسکیموں اسٹاک مارکیٹ اور سرمایہ کاری میں مالی نقصانات کا باعث بنے گا۔

**گھر والدہ رہائش وجائیداد**

3 مارچ کو عطارد کا چوتھے گھر میں ہبوط گھریلو معاملات میں ان بن اور تلخیوں کا باعث بن سکتا ہے 19 مارچ تک عطارد کا یہاں قیام والدہ اور اہل خانہ کی صحت کی خرابی زمین جائیداد کے معاملات میں تاخیر اور اندرونی معاملات میں اختلافات لاسکتا ہے اسکے ساتھ ہی 7 مارچ کو زحل کا چوتھے گھر میں داخلہ ایک اور مشکل وقت ہوگا جو آنے والے ڈھائی سال تک گھریلو ماحول میں مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ زمین جائیداد کے متوقع اور مناسب دام نا ملنا رہائش کی تبدیلی اور گھریلو ماحول مین بے سکونی آپ کو متاثر کرسکتی ہے ذاتی طور پر آپ معدا اور پیٹ کی بیماریوں کا خاص خیال رکھیں اسکے ساتھ ہی آپ کو والدین اور اہل خانہ کی صحت کا بھی خاص خیال رکھنا ہوگا۔

**شراکتی ازدواجی ومعاملات وشادی بیاہ**

عطارد آپ کے ساتویں گھر کا مالک ہوکر اور قمر آٹھویں کا مالک ہوکر شراکتی وازدواجی مسائل میں اتار چڑھاؤ کا باعث بنتے ہیں۔ خصوصاً 3 مارچ تا 19 مارچ عطارد کو چھٹے گھر ہبوط جاری ازدواجی معاملات میں طوالت کا باعث بنے گا ان دنوں آپ کا سچ بھی جھوٹ ثابت ہوسکتا ہے۔ مشترکہ کاروباری یا خاندانی کاروبار میں معاملات خرابیوں کا شکار ہونگے، 11 اپریل تا 7 مئی زہرہ کا ساتویں قیام ناراض زوجین میں رضا مندی کی کوششوں میں کامیابی لائے گا۔ ازدواجی اور شراکتی معاملات میں جاری رنجشیں ختم کرنے کی کوششیں کامیاب ہوسکیں گی۔ 11 جون تا 27 جون اور 27 جولائی تا 5 اکتوبر عطارد کی ساتویں اور دسویں گھروں میں موجودگی شراکتی ازدواجی امور میں بہتری کا باعث بنے گی ان دنوں میں شادی بیاہ کی کوششیں کامیاب ہوسکیں گی۔ عطارد کا دوبار شرف 9 اگست اور 25 ستمبر کو ہوگا انتہائی سعد اوقات ہونگے۔

**تعلقات عامہ سفرات و نزدیکی تعلقات**

7 مارچ تک زحل کا قیام تیسرے گھر میں گذشتہ ڈھائی سال سے آپکو سفرات میں کمی اور بہن بھائیوں و دیگر اقرباء کے ساتھ تعلقات میں سرد مہری دیتا رہا ہے ممکن ہے ان دنوں میں کئی ایک ضروری سفرات بھی آپ نے ترک کیے ہوں اور بہن بھائیوں سے ناراضگیاں بھی ہوئی ہوں۔ تاہم یہ سب معاملات اس سال 7 مارچ کو زحل کے چوتھے گھر داخل ہو جانے سے بہتری کی جانب گامزن ہونگے بہن بھائیوں کے ساتھ حالات بہتر ہونگے اور قریبی سفرات بھی درپیش آئیں گے۔

**وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات**

قوس افراد کے ساتھ وراثتی مسائل قمر کی وجہ سے ہوتے ہیں خصوصاً والدین کی وراثت کے حوالہ سے قمر کی جلد بدلتی ہوئی صورتحال اچانک سے تبدیلیاں لاتی ہے اس طرح شراکتی معاملات میں بھی قوس افراد کو فوائد کا حصول کم ہوتا ہے بہت کم افراد برج قوس کے شراکتی کام کاروبار کرتے ہیں قرضے لینے کے حوالہ سے چھٹا گھر جہاں مشتری 16 مئی کو داخل ہوگا سعد ہو جائے گا جو افراد کام کاروبار یا گھر کے لئے قرضوں کا حصول چاہتے ہیں انہیں کامیابیاں ملیں گی۔ ملازمت پیشہ و کاروباری دونوں اقسام کے مرد و خواتین قرض لے سکیں گے۔ زحل 7 مارچ چوتھے گھر داخل ہوکر شراکتی مسائل پیدا ہونا شروع ہو جائیں گے بدنیتی اور بددیانتی سے گریز کر کے سچائی سے شراکت داری چل پائے گی ورنہ شراکت ٹوٹ سکتی ہے۔

**حج زیارات بیرون ملک سفرات واعلیٰ تعلیم**

شمس نویں گھر کا مالک ہوکر 20 جنوری تک دوسرے اور 19 فروری تک تیسرے گھر میں نحس ہوگا سفرات میں تعطل اور مشکلات آنے کا امکان ہوگا۔ جبکہ مشتری کی چھٹے گھر میں 16 مئی کو آمد دفتری معاملات میں سفرات درپیش آنا شروع ہو جائیں گے۔ مذہبی سفرات کے حوالہ سے شمس 20 مارچ تا 20 اپریل پانچویں گھر میں شرف یاب ہوکر اعلیٰ تعلیم اور حج زیارات کے حوالہ سے کی گئی سفر کی کوششیں بار آور ثابت ہوسکتی ہیں ان دنوں میں بیرون ملک سفرات خواہ نجی کاروباری یا مذہبی نوعیت کے ہوں کامیابیاں لائیں گے شمس 20 جولائی تا 20 اگست نویں گھر میں موجود ہوگا جبکہ مریخ بھی پانچویں کا مالک ہوکر نویں گھر میں 20 مئی سے 10 جولائی تک رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے خواہشمند افراد کو تعلیمی اداروں میں داخل ہونے کامیابیاں دے گا بیرون ملک اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلوں کے خواہشمند افراد ان دونوں اوقات سے فائدہ اٹھائیں گے۔

**امیدیں خواہشات ودوست احباب**

زہرہ گیارہویں اور چھٹے گھر کا مالک ہوکر قوس والوں کے لئے ملے جلے اثرات لاتا ہے 27 جنوری تا 20 فروری چوتھے گھر میں شرف دوست احباب کے ساتھ تعلقات، ملاقاتیں اور امیدوں خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے ایک سعد وقت ہوگا 17 مارچ تا 7 مئی چھٹے اور ساتویں گھروں میں زہرہ کا قیام معاشرتی سماجی

معلوماتی ویڈیوز کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کیجیے۔

شراکتی سطح پر بواسطہ امیدوں کی تکمیل کے حوالے سے ایک اہم وقت ہوگا ان دنوں دوست احباب کے ساتھ شراکتی معاملات بھی طے پا سکتے ہیں۔ 11 جون تا 9 اکتوبر زہرہ نویں گھر میں قیام کرے گا ان دنوں میں دوست احباب کے ساتھ قسمت آزمائی کرنے اور سفرات کرنے کے مواقع دستیاب ہو سکیں گے۔ 8 نومبر تا 4 دسمبر زہرہ گیارہویں گھر قیام کرتے ہوئے رکے ہوئے کاموں کی تکمیل اور امیدوں خواہشات کی تکمیل کے حوالے سے ایک اہم وقت ہوگا۔

